وانہ لکتب عزیز ۝ (القرآن)

# عزیز القاری

## (قرأت سبعہ کا آسان کورس)


استاذ القرا حضرت قاری احمد جمال قادری اعظمی

شیخ القراءۃ والتجوید الجامعۃ الامجدیہ، گھوسی مئو (یوپی)



احمد ضیاء اشرفی

قرأت اکیڈمی خیریہ روڈ، مداپور گھوسی مئو یوپی (انڈیا)



https://alislami.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ (القرآن)

# عَزِیْزُ الْقَارِی

(قرأتِ سبعہ کا آسان کورس)

مُرَتِّب

استاذ القرا حضرت قاری احمد جمال قادری اعظمی

شیخ القراۃ والتجوید الجامعۃ الامجدیہ، گھوسی مئو (یوپی)

باہتمام

محسن قوم وملت عالی جناب الحاج مختار صفی (عرف مسٹر صاحب)

بانی ومہتمم مرکزی دار القرأت، ذاکر نگر، شہر جمشید پور

ناشر
احمد ضیاء اشرفی
قرأت اکیڈمی خیریہ روڈ، مداپور گھوسی مئو، یوپی (انڈیا)

https://alislami.net

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ کِتَابِ رَبِّکَ (القرء ان)

اِنَّ ھٰذَا الْقُرْءٰنَ اُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُ وا ما تَیَسَّرَ مِنْہُ (الحدیث)

# عَزِیْزُ الْقَارِیْ

قراءت سبعہ کا آسان کورس

(اصول۔فروش۔اجرائے قراءت سبعہ۔جمع وقفی)

**﴿مرتب﴾**


استاذ القراء حضرت قاری احمد جمال قادری اعظمی شیخ القراءت والتجوید

الجامعۃ الامجدیہ گھوسی مئو (یو۔پی)


**﴿باہتمام﴾**

محسن قوم وملت عالیجناب الحاج مختار صفی (عرف مسٹر صاحب)

بانی ومہتمم مرکزی دار القراءت ذاکر نگر شہر جمشید پور


**﴿ناشر﴾**

احمد ضیاء اشرفی قراءت اکیڈمی خیریہ روڈ مداپور گھوسی ضلع مئو (یوپی) انڈیا

Mob.9936680707



https://alislami.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


| | |
|---|---|
| نام کتاب | **عزیز القاری** |
| نام مرتب | استاذ القراء حضرت قاری مقری احمد جمال قادری عزیزی مصباحی |
| باہتمام | محسن قوم وملت عالیجناب الحاج مختار صفی (عرف مسٹر صاحب)<br>بانی ومہتمم مرکزی دار القراءت ذاکر نگر شہر جمشید پور |
| بحسن سعی | قاری محمد عیسیٰ گجراتی وقاری محمد محبوب راجستھانی |
| پروف ریڈنگ | قاری انور علی امجدی گھوسی۔ قاری خوشنواز خان گھوسی |
| کمپوزنگ | دانش کمپیوٹر سینٹر بڑا گاؤں (امجدی روڈ) گھوسی، مئو |
| قیمت | 300/= |

## ﴿ناشر﴾

احمد ضیاء اشرفی قراءت اکیڈمی مداپور خیریہ روڈ گھوسی مئو

Mob.9936680707


## ﴿المنسوب﴾

امام الفقہاء سیدنا حضور صدر الشریعہ علیہ الرحمہ والرضوان (مصنف بہار شریعت)

امام العلماء جلالت العلم حضور سیدی استاذی مرشدی حافظ ملت علیہ الرحمہ والرضوان مرادآبادی
بانی الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور

امام القراء سیدی استاذی قاری مقری ابن ضیاء محب الدین احمد علیہ الرحمہ والرضوان الٰہ آبادی
مصنف کتب کثیرہ فن علم قراءت وتجوید ووقف ورسم

---

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہ وسلم**

خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ . اِنَّ اَفْضَلَکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (الحدیث)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن مقدس سیکھے سکھائے
افضلیت تم میں سے اس شخص کو حاصل ہے جو قرآن مقدس سیکھے سکھائے

https://alislami.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ کِتَابِ رَبِّکَ (اَلْقُرْاٰن)

# جامع القراءت

مع حاشیہ

# جمال القراءت

مَاتِنْ فخر القراء حضرت علامہ قاری احمد ضیاء صاحب ازہری علیہ الرحمہ

مُحَشِّی استاذ القراء حضرت مولانا قاری احمد جمال صاحب قادری اعظمی

شیخ التجوید والقراءت

جامعہ امجدیہ۔ گھوسی۔ مئو۔ یو، پی

بانی

دار العلوم امام عاصم مدینہ جامع مسجد حسین پور

گھوسی۔ مئو

https://alislami.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحمدُہٗ وَ نُصَلِّیْ علیٰ رَسُولہ الکریمْ

امابعد قاریٔ مقرّی کیلئے جس طرح علم تجوید، علم وقف، علم رسم قرآنی حاصل کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح علم قراءت کا جاننا بھی ضروری ہے۔ کیوں کہ دراصل قاری ہونا اسی علم کے جاننے پر موقوف ہے چنانچہ بلا علم قراءت حاصل کئے کوئی شخص مکمل قاری نہیں ہوسکتا۔ اور علم قراءت کی مستقلاً دو حیثیت ہیں ایک قراءت سبعہ دوسرے قراءت عشرہ لیکن چوں کہ کبھی روایت پر بھی قراءت کا اطلاق ہوتا ہے اس وجہ سے تحصیل قراءت کے تین درجے ہیں چنانچہ قاری کی تکمیل انہیں درجات کے مطابق ہوتی ہے۔

## جمال القراءت (حاشیہ جامع القراءت)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ الذی انزل علی سبعۃ احرف قرءاناً عظیما علی حبیبہ المصطفیٰ والصّلوٰۃ والسلام علیٰ نبیہ المجتبیٰ وعلیٰ الہٖ واصحابہ وائمۃ القرّاء

۱ مصنف صاحب نے جامع القراءت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع فرمایا اسکی دو وجہیں ہیں ایک یہ کہ قرآن عظیم کی ابتداء بھی بسم اللہ سے ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ حدیث مقدس میں ہے کہ جب کوئی کتاب لکھنی شروع کی جائے تو سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنا چاہئے۔ حدیث مقدس یہ ہے اول ما کتب القلم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یعنی جب تم لوگ کتاب لکھو تو شروع میں بسم اللہ لکھا کرو ایک حدیث مقدس یہ ہے۔ کل امر ذی بال لم یبدأ ببسم اللہ الرحمٰن الرحیم فھو اقطع ہر نیک کام جو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع نہ کیا جائے وہ کام پورا نہیں ہوتا بلکہ ناقص رہ جاتا ہے۔ صاحب جامع القراءت نے قرآن عظیم اور اسی حدیث مقدس کی اتباع کرتے ہوئے بسم اللہ کو سب سے پہلے تحریر فرمایا۔

۲ مصنف نے بسم اللہ کے بعد حمد وصلوٰۃ تحریر فرمایا قرآن عظیم کی اتباع کرتے ہوئے۔ اور حدیث مقدس میں یہ بھی ہے کل امر ذی بال لم یبدأ بحمد اللہ والصلوٰۃ علی فھو اقطع اب چوں کہ حدیث بسم اللہ وحمد وصلوٰۃ تینوں ابتدا کیلئے ثابت ہیں اس وجہ سے اسکی تطبیق علماء عظام اس طور پر دیتے ہیں کہ روایت بسم اللہ میں ابتدائے حقیقی حمد وصلوٰۃ میں ابتدائے اضافی یا عرفی مراد ہے۔ یا دونوں جگہ ابتدائے عرفی ہے۔ اب دونوں روایتوں میں جو بظاہر تعارض ہورہا تھا وہ رفع ہوگیا۔ ابتدائے حقیقی جو سب سے مقدم ہو۔ ابتدائے اضافی جو بعض سے مقدم اور بعض سے مؤخر ہو۔ ابتدائے عرفی جو مقصود سے مقدم ہو۔

۳ بعد بسم اللہ وحمد وصلوٰۃ کے مصنف صاحب یہاں سے کتاب کی ابتداء فرمارہے ہیں۔

۴ قرآن عظیم کو تجوید واوقاف کی رعایت سے پڑھنے والے کو کہتے ہیں۔

۵ ترتیل واختلاف قراءت پڑھانیوالے کو کہتے ہیں۔ بقیہ صفحہ نمبر ۴ پر

https://alislami.net

پہلا درجہ قراءت حفص۔ دوسرا درجہ قراءت سبعہ۔ تیسرا درجہ قراءت عشرہ

قراءت حفص کی حیثیت اگر چہ ایک روایت کی ہے لیکن چوں کہ اس روایت کے مطابق صحیح کلام اللہ پڑھنے پڑھانے کی اجازت اور سندِ فراغت دی جاتی ہے اس وجہ سے قراء نے اس کو پہلے درجہ میں رکھا ہے چونکہ اس سے پورے علم قراءت کا علم نہیں ہوتا اس وجہ سے قراءت حفص کے فارغین کو علم قراءت بھی جاننا چاہئے۔ تاکہ پورے اختلاف قرأت کا علم حاصل ہونے پر مکمل قاری ہو جائے۔ دراصل علوم قرآنیہ میں سے علم قراءت ہی ایسا علم ہے کہ بلا اس کے علم تفسیر بھی مکمل نہیں ہوسکتا چنانچہ ایسے علماء بھی ہیں کہ بلا حصول علم قراءت کے تفسیر پڑھاتے ہیں۔ لیکن بلا اختلاف قراءت بتائے انکی تفسیر کامل نہیں ہوتی۔

---

بقیہ صفحہ ۳ کا ۶ علم تجوید ایسے قواعد (مخارج وصفات لازمہ وعارضہ) کے جاننے کو کہتے ہیں جن سے حروف قرآنیہ کی صحت ہوتی ہے۔

۷ علم وقف ایسے علم کو کہتے ہیں جس کے ذریعے محل وقف (وقف کرنے کی جگہ) کیفیت وقف (کس طرح وقف کیا جاتا ہے) کے قواعد بجھ سکیں۔

۸ علم رسم ایسے علم کو کہتے ہیں جسکے ذریعہ قرآن عظیم کی لکھاوٹ کا حال معلوم ہو سکے۔

۹ علم قراءت ایسے علم کو کہتے ہیں جسکے ذریعہ قراء ورواۃ وطرق کیلئے قرآن عظیم کے اختلافی کلمات پڑھ سکیں۔

فائدہ۔ ان چار علموں کے جاننے والے کو قاری کہتے ہیں۔ (علم تجوید، علم وقف، علم رسم، علم قراءت)

۱ قراءت حفص علیہ الرحمۃ اصل میں ایک روایت ہے۔ کیوں کہ امام حفص علیہ الرحمہ امام عاصم علیہ الرحمہ کے ایک راوی ہیں (دوسرے راوی امام شعبہ علیہ الرحمہ ہیں) امام عاصم علیہ الرحمہ قراء سبعہ میں سے پانچویں امام ہیں۔ امام حفص علیہ الرحمہ انہیں سے روایت کرتے ہیں۔ چونکہ انکی روایت اکثر ممالک میں پڑھی پڑھائی جاتی ہے۔ انکی روایت پر کثرت عمل کی وجہ سے انکو قراء کے درجے میں رکھدیا گیا۔ اس لئے انکی روایت ہی کو قراءت کہنے لگے۔ ان کی روایت ہی کی تکمیل پر سند فراغت دی جانے لگی۔ عوام وخواص انھیں فارغ شدہ کو قاری کہنے لگے حالانکہ اصطلاحی قاری وہی ہوسکتا ہے جو چاروں علموں پر عبور رکھے۔ (علم تجوید، علم وقف، علم رسم عثمانی، علم قراءت یعنی اختلاف قراءت)

۲ ساتوں اماموں کیلئے اختلاف قراءت کے ساتھ قرآن عظیم پڑھنے کو کہتے ہیں۔ وہ ساتوں اماموں کے اسماء یہ ہیں۔ امام نافع مدنی۔ امام ابن کثیر مکی۔ امام ابوعمرو بصری۔ امام ابن عامر شامی۔ امام عاصم کوفی۔ امام حمزہ کوفی۔ امام کسائی کوفی۔ ہر ایک کے دو دو راوی ہیں۔ اور ہر راوی کے طریق ہیں مصنف نے آگے چل کر اماموں اور راویوں کے حالات کو تفصیل سے تحریر فرمادیا ہے۔

۳ قراءت عشرہ میں تین اماموں کا اضافہ ہوتا ہے۔ امام جعفر مدنی۔ امام یعقوب حضرمی۔ امام خلف بزار یہ خلف وہی ہیں جو امام حمزہ کے پہلے راوی ہیں۔ ان کے بھی دو راوی ہیں امام جعفر کے دو راوی امام عیسٰی امام جماز امام یعقوب حضرمی کے دو راوی رُویس اور روح۔ امام خلف بزار کے دو راوی۔ اسحاق اور ادریس۔ ان تینوں اماموں کے اختلاف قراءت کو ساتوں اماموں کے ساتھ ملا کر پڑھنے کو عشرہ کبیر کہتے ہیں جو کتاب طیبہ سے ہے۔ ان تینوں اماموں کے اختلاف قراءت کو قراء سبعہ سے الگ کرکے پڑھنے کو عشرہ صغیر کہتے ہیں جو کتاب درہ سے ہے جو قراءت

https://alislami.net

بلکہ جس مقام پر اختلاف قراءت کا تذکرہ آجاتا ہے تو وہ سکوت کر جاتے ہیں۔ لہٰذا عالم و فارغ ہونے والے طلباء کو اس کی طرف توجہ[2] کرنی چاہئے۔

جس طرح صحت کلام اللہ کیلئے تجوید واجب ہے اسی طرح صحت قراءت اور تلاوت کیلئے کسی نہ کسی روایت کی پابندی ضروری[3] ہے ورنہ کلام اللہ موافق نزول کے نہ پڑھا جا سکے گا نیز اگر کلام اللہ پڑھنے والا کسی ایک روایت کی بھی پابندی نہیں کرتا تو قراء کے نزدیک اس کی قراءت معتبر نہ ہوگی۔ چنانچہ اگر کسی نے ایک روایت کی بھی پابندی نہیں کی اگرچہ کلام اللہ پڑھنے والا بڑا خوش الحان ہو لیکن ایسے کو قاری نہیں کہیں گے عموماً ایسا ہوتا ہے کہ خوش الحانی کے ساتھ کلام اللہ پڑھنے والے کو لوگ قاری کہہ دیا کرتے ہیں یہ صحیح نہیں[5]۔"

---

ثلٰثہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس اعتبار سے اختلاف قراءت کی چار حیثیتیں ہوئیں۔ قراءت حفص۔ قراءت سبعہ۔ قراءت ثلٰثہ (عشرۂ صغیر) قراءت عشرۂ کبیر۔

1 مفسرین حضرات بلکہ یہ کہتے ہیں کہ اسکی ادائیگی کسی ماہر قاری سے معلوم کر لیں۔

2 بلکہ مفسرین عظام کو بھی اختلاف قراءت کے علم کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔ آج کل اکثر علمائے عظام فن تجوید و قراءت سے غفلت برتتے ہیں۔ بلکہ بعض تو ایسے کورے ہوتے ہیں کہ ان کے پیچھے نماز پڑھنے میں کراہت بلکہ نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں ایسے علماء کو تجوید و قراءت کی طرف زیادہ توجہ دینی چاہئے تاکہ صحیح نماز پڑھ پڑھا سکیں۔ اور قرآن عظیم کے حکم پر ورتل القرءان ترتیلا کے موافق عمل کر سکیں۔ اسکی تفسیر مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے یوں فرمائی۔ تجوید الحروف ومعرفۃ الوقوف یعنی حرفوں کو صحیح مخارج وصفات (لازمہ و عارضہ) کے ساتھ اور نیز محل وقف اور کیفیت وقف کے ساتھ ادا کرنا۔ قرآن عظیم کا حکم عام ہے چاہے عالم ہو یا غیر عالم قاری ہو یا غیر قاری۔ ہر ایک کیلئے عمل کرنا ضروری ہے۔

3 تجوید کا سیکھنا فرض کفایہ ہے عمل کرنا فرض عین ہے۔

4 قراءت سبعہ میں سے کسی نہ کسی ایک روایت کی پابندی ضروری ہے۔ پڑھنے والے کو یہ نہ چاہئے کہ امام حفص علیہ الرحمہ کی روایت کو بالالتزام پڑھ رہا تھا پڑھتے پڑھتے امام شعبہ کی روایت پڑھنے لگا۔ یہ جائز نہیں ہے کیوں کہ خلط فی الروایت لازم آئے گا۔

5 بلکہ قاری وہ ہے جو تجوید، وقف، رسم، قراءت (اختلاف قراءت) وغیرہ پر نظر رکھتے ہوئے قرآن عظیم کی تلاوت کرے۔ خوش آوازی تو امر زائد اور مستحسن ہے۔ تجوید سے خارج ہے۔ مگر تجوید کے ساتھ ساتھ آواز کو حزین کرنا مستحب و مستحسن ہے۔ جیسا کہ حدیث مقدس میں ہے زینوا القرءان باصواتکم جب تم لوگ قرآن عظیم کی تلاوت کرو تو اپنی آوازوں سے قرآن مقدس کو حزین کر لیا کرو دوسری جگہ یہ بھی ہے زینوا اصواتکم بالقرءان یعنی حزین کرو اپنی آوازوں کو قرآن مقدس سے بہرحال تجوید مقدم ہے اس کے بعد آواز کو حزین کرنا ہے

https://alislami.net

اگر چہ بزبان عربی علم قراءت میں التیسیر[۱]، شاطبیہ[۲]، طیبہ[۳] جیسی بلند پایہ کتابیں موجود ہیں اور پڑھی پڑھائی جاتی ہیں۔ لیکن یہ کتابیں طلبا کو علم قراءت میں اتنی مشکل معلوم ہوتی ہیں کہ ابتداءً[۴] پڑھنے والے طلبا گھبرا جاتے ہیں اور بعض تو چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ لہٰذا ان کی دشواریوں کو دیکھتے ہوئے

خیال ہوا کہ بزبان اردو قراءت سبعہ میں کم از کم اصول قراءت بطریق شاطبی ہی میں کوئی ایسی کتاب لکھی جائے جو اُن کتابوں سے پہلے پڑھائی[۵] جاسکے۔

---

۱ التیسیر: قراءت سبعہ میں علامہ دانی علیہ الرحمہ کی (نثر) میں مشہور و معروف کتاب ہے۔ علامہ دانی علیہ الرحمہ چوتھی۔ پانچویں صدی کے قراءت کے امام ہیں۔ آپ کا اسم گرامی ابوعمرو عثمان ابن سعید ہے۔ آپ ۳۷۱ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے بہت سی کتابیں علم قراءت علم رسم و علم وقف وغیرہ ہم میں تصنیف و تالیف فرمائی ہیں۔ التیسیر علم قراءت میں۔ المقنع علم رسم میں مشہور ہے آپ کی وفات ۴۴۴ھ میں ہوئی۔

۲ الشاطبیہ۔ قراءت سبعہ میں علامہ شاطبی علیہ الرحمہ کی نظم میں مشہور و معروف کتاب ہے۔ آپ چھٹی صدی کے قراءت کے امام ہیں آپ کا اسم گرامی قاسم ابن فیرہ ہے کنیت ابومحمد ہے مگر علامہ شاطبی سے مشہور ہیں آپ ۵۳۸ھ میں اندلس بستی شاطبیہ میں پیدا ہوئے اس وجہ سے آپ کی شہرت علامہ شاطبی علیہ الرحمہ سے ہے۔ آپ نے بھی علامہ دانی کی طرح بہت سی کتابیں علم قرأت و رسم میں تصنیف و تالیف فرمائی ہیں مشہور کتاب شاطبیہ قصیدہ لامیہ (اصلی نام حرز الامانی فی وجہ التہانی) علامہ دانی علیہ الرحمہ کی التیسیر سے نظم فرمایا ہے۔ رائیہ علم رسم اور دوالیہ وغیر ہم۔ ۲۸ جمادی الاخری ۵۹۰ ہجری میں قاہرہ (مصر) میں آپ کی وفات ہوئی اور قاہرہ ہی میں آپ مدفون ہوئے آج بھی آپ کے مزار مقدس پر لوگ فیض پا رہے ہیں۔

۳ طیبہ: قراءت عشرہ کبیر میں علامہ جزری علیہ الرحمہ کی نظم میں مشہور و معروف کتاب ہے اور بالکل شاطبیہ کے طرز پر ہے۔ آپ آٹھویں صدی ہجری کے قراءت کے امام ہیں۔ آپ اس فن میں اپنے وقت کے محقق تھے آپ کا اسم گرامی محمد ہے کنیت ابوالخیر لقب شمس الدین ہے۔ ۲۵ رمضان المبارک شنبہ کی رات میں ۷۵۱ھ میں جزیرۂ ابن عمر میں پیدا ہوئے اسی وجہ سے علامہ جزری سے زیادہ مشہور و معروف ہیں۔ آپ نے علم قرأت وغیرہ میں بہت سی کتابیں تصنیف و تالیف فرمائیں علم قراءت (نظم) میں یہی طیبۃ النشر ہے۔ اس کا پورا نام طیبۃ النشر فی قراءات العشر ہے۔ اور نثر میں النشر فی قراءات العشر ہے۔ مقدمۃ الجزریہ علم تجوید میں الاہتداء الی معرفۃ فی الوقف والابتداء علم وقف ابتدا میں اور بھی بہت ساری کتابیں ہیں جو دیگر فنون میں تصنیف فرمائی ہیں بیاسی سال کی عمر میں ۵ ربیع الاول شریف جمعہ کے دن دوپہر کے وقت شیراز میں ۸۳۳ ہجری میں وفات ہوئی اور شیراز ہی میں دار القراء میں مدفون ہوئے۔

۴ اسکا مشاہدہ تو میں نے بھی کیا ہے کیوں کہ کورس روایت حفص علیہ الرحمہ میں ہم بیس ساتھی تھے کورس قراءت سبعہ میں ابتداءً سبھی ساتھی تھے چند دنوں کے بعد اکثر ساتھیوں نے چھوڑ دیا اور قراءت عشرۂ صغیر و کبیر میں سبھی ساتھی چھوڑ بیٹھے میں تنہا رہ گیا تھا

۵ اب مولی تبارک و تعالیٰ جل شانہ کا لاکھوں لاکھ شکر ہے کہ اب تو قرأت سبعہ و عشرہ میں اردو کی کتابیں منظر عام پر بہت سی آگئی ہیں۔ ہندوستان میں قراءت سبعہ کی تعلیم اکثر اداروں میں شروع ہوگئی ہے۔ اس جامعہ نعیمہ سے ہر سال تقریبا ۱۰-۱۲ طلبا قراءت سبعہ میں فارغ ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

جس سے فن کے طلبا کو سہولت اور مناسبت ہو جائے اور قراءت حفص کے طلبا بھی مستفیض ہو سکیں چنانچہ میں نے قراءت سبعہ کے اصولی اختلافات اور علم قراءت کے ضروری اصطلاحات وشاطبیہ کے رموز وغیرہ لکھ کر مخدومی وابی وشیخی حضرت مولانا قاری ابن[1] ضیاء محب[2] الدین احمد صاحب قبلہ کی خدمت میں پیش کر کے ضروری ہدایات حاصل کیں۔

چنانچہ یہ جو کچھ بھی پیش کر رہا ہوں یہ حضرت ہی کے فیض وکرم کا نتیجہ ہے۔ فَالْحَمْدُ لله علیٰ ذٰلکَ.

چوں کہ اس کتاب میں کل قراء سبعہ کے کل اصولی اختلافات بیان کئے گئے ہیں لہذا اس کتاب کا نام میں نے "جامع القرأءت"، رکھا اللہ تعالیٰ اس کو شرف قبولیت بخشے۔ اور شائقین فن کو اس سے نفع پہونچاوے۔ آمین۔

اگر طلبا کے ذوق وشوق نے وفا کی تو ان شاء اللہ تعالیٰ اجراء قرأت میں ایک مستقل کتاب لکھ کر فرشی اختلافات بھی بیان کروں گا۔ جس سے طلبا کو اجراء کرنے میں سہولت ہو اللہ تعالیٰ ارادہ میں استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

خادم القراء

قاری احمد ضیا[3] ء الہ آبادی

مدرس شعبۂ تجوید وقراءت

مدرسہ تجوید الفرقان۔ لکھنؤ یکم مئی ۱۹۶۱ء

---

[1] امام الفن سیدی استاذی علیہ الرحمہ کی کنیت ہے۔

[2] مخدوم القراء ابن ضیا محب الدین الہ آبادی علیہ الرحمہ۔ فاضل مصنف کے جسمانی وروحانی باپ تھے اور میرے روحانی۔ مخدوم القراء علیہ الرحمہ کے حالات میرے حاشیہ جامع التجوید میں مختصراً تحریر ہیں وہاں نظر فرمالیں۔ تفصیلی حالات جامع الترتیل میں تحریر ہوں گے۔ صبح چار بجے ۱۹۰۳ء ضلع الہ آباد قصبہ نارا میں حضرت پیدا ہوئے۔ ۱۰ اگست ۱۹۸۲ء ۱۰ اشوال المکرم ۱۴۰۲ھ دھلی میں وفات ہوئی۔ اور دھلی ہی میں مدفون ہوئے۔ فن علم تجوید وقراءت میں بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں معارف ثلثہ، جامع الوقف، حواشی مرضیہ حاشیہ فوائد مکیہ وغیرہم اور سیکڑوں شاگردوں میں مشہور ومعروف شاگرد یہ ہیں قاری محمد عثمان اعظمی صاحب مصنف مصباح التجوید۔ قاری محمد حسین صاحب مصنف تیسیر الحق قاری محمد یحییٰ صاحب اور احقر بھی ۳ سال تک حضرت کی جوتیوں کو سیدھی کرتا رہا۔

[3] یہ نام واقعی اسم بامسمٰی ہے۔ بقیہ صفحہ ۸ پر

بقیہ صفحہ ۷ کا ۴ دعاء ہی کا نتیجہ ہے کہ یہ کتاب قراءت سبعہ میں بیحد مقبول ہوئی ہر ادارے میں داخل نصاب ہے اور الشاطبیہ سے پہلے پڑھائی جاتی ہے

۵ فروشی اختلاف وطریقہ اجراء کی کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہی کیوں کہ میرے استاذ بھائی استاذ القراء قاری مقری محمد حسین صاحب اشرفی نے اس فن میں مفصل کتاب تیسیر الطبع فی اجراء السبع جو دو ضخیم جلد وںمیں تصنیف فرما دی ہے اکثر مدارس میں داخل نصاب ہوگئی ہے۔ اسی وجہ سے برادر معظم حضرت مصنف صاحب نے اب ارادہ ملتوی فرمادیا کہ اب تیسیر الطبع کے بعد فروش واجراء کی کتاب کی ضرورت باقی نہ رہی۔

۶ یہ جملہ انکسارًا تحریر کیا جاتا ہے حالانکہ اس دور میں فاضل مصنف صاحب مخدوم القراء ہیں۔

۷ حضرت علامہ قاری احمد ضیاء صاحب قبلہ ازہری مخدومی شیخی استاذی سیدی قاری ومقری ابن ضیاء محب الدین صاحب علیہ الرحمۃ مصنف معارف ثلثہ تنویر المرآت وغیرہم کے بڑے صاحبزادے ہیں۔ انھوں نے اپنے والد مکرم علیہ الرحمہ سے قراءت عشرہ کبیر کی تکمیل کی اس کے بعد جامع ازہر مصر تشریف لیگئے وہاں تقریبا ۳ سال قیام فرما کر مختلف فنون کی تکمیل فرمائی خصوصا عربی ادب میں کافی زور دیا۔ وہاں کی واپسی کے بعد مدرسہ تجوید الفرقان محلہ دریائی ٹولہ شہر لکھنؤ میں شعبۂ تجوید وقراءت کے مدرس رہے اسی مدرسہ کے قیام کے دوران جامع القراءت تصنیف فرمائی وہاں سے ہٹنے کے بعد رائے پور کچھ دنوں قیام رہا وہاں کی واپسی کے بعد لکھنؤ تشریف لائے اور اپنا ذاتی مدرسہ قائم فرمایا جو مرکزی دار القراءت کے نام سے مشہور ومعروف ہے اُس وقت یہ مرکزی دار القراءت محلہ پاٹا نالہ شہر لکھنؤ میں تھا احقر نے بھی دو سال تک تعلیمی دور کے وقت روایت حفص علیہ الرحمۃ اور قراءت سبعہ کی خدمت کی اور ساتھ ہی ساتھ حضرت مصنف صاحب بھی اپنا فیض جاری فرماتے رہے۔ اب اسکے بعد مچھلی محل دار العلوم وارثیہ میں کئی سال منصب شیخ التجوید والقراءت پر فائز رہے۔ اب دس پندرہ یوم کیلئے دار العلوم تنویر الاسلام قصبہ امرڈوبھا ضلع بستی، یوپی کے ناظم اعلیٰ نے کوشش کر کے حضرت مصنف کو شعبۂ تجوید وقراءت کے فروغ کے لئے راضی کرلیا اب حضرت کا فیض دس پندرہ یوم امرڈوبھا پندرہ بیس یوم مرکزی دار القراءت لکھنؤ میں جاری ہے۔ اپنے والد معظم علیہ الرحمہ کے نقش قدم پر تجوید وقرأت کے فروغ میں دل وجان سے لگے ہوئے ہیں۔ اسی فن سے زیادہ دلچسپی ہے۔ مولا تبارک وتعالیٰ جل شانہ برادر معظم کو علم وعمل میں ترقی عطا فرمائے۔ ان کا سایہ ہملوگوں کے اوپر تا قیامت باقی رکھے۔ آمین ثم آمین۔ بجاہ سید المُرسَلینَ عَلَیْہِ التحیۃ والتسلیم

۸ یہ وہی مدرسہ ہے جسمیں امام الفن محقق تجوید وقرأت حضور قاری محب الدین احمد صاحب علیہ الرحمۃ والرضوان عرصۂ دراز تک شیخ التجوید والقرأت تھے۔ احقر نے اسی مدرسہ میں (حضور ہی کی خدمت میں) تین سال رہ کر قراءت عشرہ کبیر کی تکمیل کی۔ اور حضور ہی سے دعاء لیتا رہا۔ یہ حضور ہی کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ تجوید وقراءت کی خدمت میں لگا ہوا ہوں نہیں تو اس لائق کہاں تھا۔ مولیٰ تبارک وتعالیٰ جل شانہ حضور کے روحانی فیض کو تا قیامت جاری رکھے۔ آمین ثم آمین۔ بجاہ سید المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم۔

---

قال جبریل علیہ السلام للنبی صلی اللہ علیہ وسلم

**اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکَ اَنْ تَقْرَاَ اُمَّتُکَ الْقُرْءَ انَ عَلیٰ سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ فَاَیُّ مَا حَرْفٍ قَرَءُوْا عَلَیْہِ فَقَدْ اَصَابُوْا (الحدیث)**

حضرت جبریل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ کی امت قرآن سات طریقوں سے پڑھے تو جس طریقے پر آپ کی امت قرآن پڑھے گی صحیح و درست ہوگا۔

https://alislami.net

# ﴿پہلی فصل﴾

## علم قراءت کی تعریف واصطلاحات وغیرہ

بموجب[1] حدیث[2] شریف أُنزِلَ الْقُرانُ عَلٰى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ[3] حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم پر مختلف طریقوں اور کیفیتوں کے ساتھ قرآن مجید نازل ہوا جو قراء سبعہ اور قراء عشرہ سے ہم تک پہونچا ہے ان سب کی قراءت جاننے کو علم قراءت کہتے ہیں۔

---

### پہلی فصل

[1] بمعنی موافق [2] امام بخاری علیہ الرحمہ نے بخاری شریف میں وامام مسلم علیہ الرحمہ نے اپنی مسلم شریف میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہٗ نے قرآن عظیم کو سات حروف میں نازل کیا۔ حدیث مذکورہ کئی صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے روایت کی گئی جن میں حضرت سیدنا عمر ابن خطاب وسیدنا عثمان بن عوف وسیدنا ابی بن کعب وغیرہم رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اسمائے گرامی بھی ہیں یہاں تک کہ ابو یعلی الموصلی نے اپنی مسند کبیر میں فرمایا ہے کہ سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ممبر پر کھڑے ہو کر خطبہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ میں اس شخص کو اللہ کی قسم دلاتا ہوں جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ ان هٰذا القران انزل على سبعة احرف چنانچہ ہر جانب سے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کھڑے ہوئے یہاں تک کہ ان کی تعداد کوئی گن نہیں سکتا تھا ہر شخص کہتا تھا کہ میں نے اسے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرماتے ہوئے سنا تو حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی فرمایا کہ میں نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا ہی فرماتے ہوئے سنا ہے۔ ابو عبیدہ اور ان کے علاوہ دوسرے حفاظ حدیث نے کہا ہے کہ یہ حدیث احادیث متواترہ میں سے ہے اس پر قراء متقدمین ومتاخرین نے بہت سی کتابیں تصنیف وتالیف فرمائی ہیں۔ محقق فن حضرت سیدنا جزری علیہ الرحمہ نے النشر میں بہت تفصیل سے اس حدیث کے متعلق تحریر فرمایا ہے۔

[3] سبعہ احرف میں علمائے عظام کے مختلف اقوال ہیں جنکی تعداد تقریباً چالیس تک پہونچتی ہے ان میں زیادہ تر خلط ملط ہیں اور بہت سے اقوال غیر صحیح ہیں جنکی تفصیل اور بیان کی اس حاشیہ میں گنجائش نہیں ہے (جن کو تفصیل دیکھنی ہو تو النشر وغیرہ میں دیکھ لیں) محقق فن حضرت علامہ جزری جو آٹھویں صدی کے امام ہیں جنکے حالات پیچھے گذر چکے ہیں وہ تحریر فرماتے ہیں کہ میں اس حدیث کو بہت مشکل سمجھتا تھا اور غور وفکر کرتا تھا میرے غور وفکر کا سلسلہ تقریباً تیس سال سے زیادہ تک جاری رہا یہاں تک کہ مولیٰ تبارک وتعالیٰ جل شانہٗ نے اس مشکل کو حل فرمادیا ان شاء اللہ تعالیٰ اس حل کا درست ہونا ممکن ہے اسکی کیفیت اس طرح ہوئی کہ میں نے تمام قراءتوں کی چھان بین کی، صحیح، شاذ، ضعیف، منکر، سب ہی کو دیکھ ڈالا تو ان کا اختلاف سات طریقوں تک پہونچا۔ پہلا۔ یہ اختلاف حرکات میں ہو۔ معنی اور صورت میں کوئی تبدیلی نہ ہو۔ جیسے اَلْبُخْلُ. اَلْبَخَلُ یَحْسَبُ. یَحْسِبُ وغیرہ۔ دوسرا۔ حرکات کی تبدیلی سے صرف معنی کی تبدیلی ہو صورت کی تبدیلی نہ ہو جیسے وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ. أَمَهٍ تیسرا حرف کی تبدیلی سے صرف معنی کی تبدیلی ہو۔ صورت کی تبدیلی نہ ہو جیسے تَبْلُوْا سے تَتْلُوْا۔ فَتَبَيَّنُوْا سے فَتَثَبَّتُوْا۔ چوتھا صورت کی تبدیلی سے معنی کی تبدیلی نہ ہو جیسے الصراط سے السراط۔ بصطة سے بسطة۔ پانچواں معنی اور صورت دونوں کی تبدیلی ہو بقیہ صفحہ ۱۰ پر

https://alislami.net

علم قراءت اگرچہ مستحب ہے لیکن اگر فقدان کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں اسکا حاصل کرنا واجب ہے بلکہ فرض کفایہ کہا گیا ہے۔

قراءت سبعہ کے تواتر میں کسی کا اختلاف نہیں لہذا اسکے متواتر ہونے میں کسی کو شک نہ کرنا چاہئے اسکا انکار واستہزا موجب کفر ہے کیوں کہ قراءت سبعہ میں جس کسی قرأت وروایت کے ساتھ پڑھا جائے وہ قرآن ہے اسی وجہ سے قراءت سبعہ میں کسی ایک روایت میں قرآن مجید نماز میں پڑھنے سے بلا تکلف نماز ہو جاتی ہے

قراءت ثلثہ کے تواتر میں اگرچہ بعض نے اختلاف کیا ہے لیکن قول اصح یہی ہے کہ یہ بھی متواترہ ہے اس بنا پر قراءت ثلثہ میں سے بھی کسی ایک روایت کے موافق نماز میں پڑھا گیا تو نماز صحیح ہوگی، قراءت سبعہ کے ساتھ قراءت ثلثہ ادا کرنے کو قراءت عشرہ کہتے ہیں۔ یہ اگر بطریق شاطبی[1] ودرّہ ہے تو عشرۂ صغیر کہیں گے اور اگر بطریق طیبہ ہے تو عشرۂ کبیر کہیں گے۔

قراءت سبعہ کی تکمیل کے بعد طلباء میں بفضلہ تعالیٰ اتنی صلاحیت ہو جاتی ہے کہ وہ تھوڑے ہی عرصہ میں کتاب دُرّہ پڑھ کر کم از کم عشرۂ صغیر کی تکمیل بخوبی کر سکتے ہیں مگر افسوس اپنی عدم توجہی کی بدولت وہ ایک بڑی دولت اور فضیلت سے محروم رہتے ہیں۔ اس زمانے میں جب کی قراءت عشرہ کا فقدان ہو رہا ہے قراءت سبعہ کے ساتھ قراءت ثلثہ کی تکمیل از بر ضروری ہے۔

---

بقیہ صفحہ ۹ کا۔ جیسے اشد منکم سے اشد منھم۔ لایاتل سے لا یتألّ چھٹا کلمہ کے تقدیم وتاخیر کا اختلاف ہو جیسے و قتلوا وقاتلوا سے وقاتلوا و قتلوا۔ ساتواں۔ کسی حرف کی کمی وزیادتی میں اختلاف ہو۔ جیسے وٰعدنا سے وٰاعدنا۔ چالیس اقوال میں سے قراء اسی قول کو ترجیح دیتے ہیں بعض سات احکام مراد لیتے ہیں۔ ناسخ۔ منسوخ۔ حلال۔ حرام۔ محکم۔ متشابہ۔ امثال۔ بعض نے یہ بھی کہا کہ کلمے میں سات سے زیادہ اختلافات نہیں ہو سکتے جیسے اَرْجِئْہُ میں چھ قراء تیں ہیں اَمَّنْ لَّا یَھِدِّیْ میں بھی ایسے ہی کسی کلمے میں چار اختلاف ہیں علیٰ ھذا القیاس یہ قول بہتر نہیں کیوں کہ ایسے کلمات بہت کم ہیں جسمیں پانچ سات کا اختلاف ہو۔ بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ کلمے سات وجھوں سے زیادہ نہیں نکل سکتے ہیں۔ پہلی وجہ۔ اختلاف اسماء کا مفرد تثنیہ۔ جمع۔ مذکر۔ مؤنث وغیرہم۔ دوسری وجہ۔ اختلاف افعال کی گردانیں۔ ماضی۔ مضارع وغیرہ۔ تیسری وجہ۔ اعراب کی تبدیلی۔ کلماتٌ۔ کلماتٍ۔ چوتھی وجہ۔ زیادتی وکمی۔ وٰعدنا۔ واعدنا۔ پانچویں وجہ۔ تقدیم وتاخیر جیسے وقتلوا وقاتلوا سے وقاتلوا وقتلوا۔ چھٹی وجہ۔ ابدال۔ فتبینوا سے فتثبتوا۔ ساتویں وجہ۔ اختلاف لغات۔ فتح امالہ وغیرہ۔ مگر سب اقوال سے بہتر وعمدہ وہی قول ہے جسکو تفصیل سے اوپر ذکر کیا اسی پہلے ہی کو اکثر علماء وقراء نے ترجیح دی ہے۔

مصحف عثمانی غیر معرب وغیر منقوط تھا فتبینوا۔ فتثبتوا کی صورت یکساں ہے صرف نقطہ کا فرق ہے ۔۱۲ جمال القادری

[1] شاطبی درّہ کتاب کے نام ہیں۔ شاطبی قراءت سبعہ میں علامہ شاطبی علیہ الرحمہ کی۔ درّہ، طیبہ علامہ جزری کی ہے

https://alislami.net

قراءت عشرہ کے کل قراء جن سے قراءت ہم تک پہونچی ہے ان کو امام کہتے ہیں اور جو مسائل[1] ان کی طرف منسوب ہوں ان کو قرأت کہتے ہیں اور جو ان ائمہ سے روایت کرتے ہیں ان کو راوی کہتے ہیں اور جو مسائل[2] ان راویوں کی طرف منسوب ہوں ان کو روایت کہتے ہیں اور جو ان راویوں سے روایت کرتے ہیں انکو طریق کہتے ہیں اور جو مسائل ان طُرق[3] کی طرف منسوب ہوں ان کو وجہ کہتے ہیں۔ اور جن سے قراءت حاصل کرے انکو شیخ کہتے ہیں اور جن کیفیتوں کے ساتھ قراءت ادا کی جائے ان کیفیتوں کو ادا کہتے ہیں لہذا یہ ادا کسی نہ کسی وجہ اور روایت و قراءت کے ضرور موافق ہوگی ورنہ ادا ہی غیر معتبر ہوگی۔

اس زمانے میں کل قراءت خواہ سبعہ ہوں یا عشرہ تمام ممالک میں صرف دو ہی طریق سے پڑھی پڑھائی جاتی ہیں ایک طریق شاطبی دوئم جزری۔ طریق شاطبی[4] زیادہ مشہور ہے اور طریق جزری وہ ہے جو کتاب طیبہ سے حاصل ہو اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس سے قراء کے اکثر و بیشتر طرق کا علم ہو جاتا ہے طیبہ پڑھنے پر اساتذہ دیگر طرق سے پڑھنے کی بھی اجازت دیدیتے ہیں بہر حال ہر قراءت و روایت کے تحفظ کیلئے کسی نہ کسی طریق کا التزام ضروری ہے

---

[1] یعنی جس کلمہ کا اختلاف ان ساتوں قاریوں میں سے کسی قاری کی طرف منسوب ہو۔

[2] یعنی جس کلمہ کا اختلاف ان چودہ راویوں میں سے کسی راوی کی طرف منسوب ہو۔

[3] یعنی کلمہ کا اختلاف ان راویوں کے نچلے طبقوں میں سے کسی طریق کی طرف منسوب ہو۔

**فائدہ**۔ مثلاً جو اس وقت ہندوستان و اکثر ممالک میں قراءت رائج ہے وہ سیدنا امام عاصم علیہ الرحمہ کی قراءت ہے سیدنا امام حفص علیہ الرحمہ کی روایت اور سیدنا شاطبی علیہ الرحمہ کے طریق سے ہے۔ سیدنا امام حفص علیہ الرحمہ سیدنا امام عاصم علیہ الرحمہ سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں سیدنا امام شاطبی علیہ الرحمہ سیدنا امام حفص علیہ الرحمہ سے بالواسطہ روایت کرتے ہیں اسی طرح ہر امام و راوی و طریق کو قیاس کرلیں کہیں بالواسطہ کریں گے کہیں بلا واسطہ۔

**نوٹ**۔ امام کے جن شاگردوں سے روایت شائع ہو چاہے بلا واسطہ شاگرد ہوں یا بالواسطہ ان کو راوی کہتے ہیں راوی کے جن شاگردوں سے روایت شائع ہو چاہے بلا واسطہ یا بالواسطہ اسکو طریق کہتے ہیں جیسا کہ اوپر کی مثال سے واضح ہے۔

[4] جو کتاب شاطبیہ سے حاصل ہو۔

https://alislami.net

**قواعد اجراء** ۔ اگر کل قراء و رواۃ[1] کے اختلافات میں کلام اللہ من اولہ الیٰ آخرہٖ پڑھا جائے جس سے ہر اختلاف کی ادا زبان پر جاری ہو جائے اور خود پڑھ کر اپنے شیخ[2] کو سنا دے تو اسکو اجراء کہتے ہیں۔ اجراء کرنے کرانے کی دو صورتیں ہیں ایک بطور قراءت منفردہ۔ دوسرے بطور جمع کہیں گے۔

۱۔ اگر ہر امام کی ہر ایک روایت کو الگ الگ علی الترتیب پڑھا جائے اگرچہ کسی وجہ میں رواۃ کا اتحاد ہو تو اس کو قراءت منفردہ کہتے ہیں۔

۲۔ اگر جمیع قراء و جمیع رواۃ کے اختلافات کو جمع کر کے پڑھا جائے تو اسکو جمع الجمع کہتے ہیں۔

**فائدہ** ۔ جمع الجمع میں اگر کسی کیلئے مبداء[3] سے موقف[4] تک عبارت موافق قراءت ہو تو اسکو شریک اور مُندَرِج[5] قراءت کہا جائے گا۔ لہذا شریک ہونے والے قراء و رواۃ میں سے پھر کسی کیلئے نہ پڑھا جائے گا پس عدم شرکت کی صورت میں ہر اختلاف کرنے والے حضرات کیلئے ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔ جمع الجمع کی تین صورتیں ہیں۔

**(الف)** جمع وقفی یعنی ہر اختلاف کرنے والے امام اور راوی کیلئے مبداء سے موقف تک ہر بار پڑھنا اسکو جمع وقفی کہتے ہیں۔

**فائدہ** ۔ جمع وقفی اور قراءت منفردہ میں فرق یہ ہے کہ جمع وقفی میں جن حضرات کی قراءت بوجہ شرکت اور موافقت پڑھی ہوئی قراءت میں مُندَرِج ہو جائے گی ان کیلئے دوبارہ نہ پڑھا جائیگا اور قراءت منفردہ میں باوجود موافقت اور اتحاد قراءت سے کوئی قراءت مندرج نہ سمجھی جائے گی لہذا باوجود اتحاد قراءت کے قراءت منفردہ میں ہر ایک کے لئے ہر بار پڑھنا ضروری ہے

---

[1] قراء قاری کی جمع رواۃ راوی کی جمع۔ [2] استاذ معظم کو کہتے ہیں۔ [3] جس کلمہ سے پڑھنا شروع کرے۔ [4] جس کلمہ پر ٹھہر جائے۔ [5] یعنی قراءت میں شامل سمجھا جائے گا مثلاً ایاک نعبد وایاک نستعین اس آیت میں کسی قاری کا اختلاف نہیں تو نافع کے لئے یہ آیت پڑھی گئی سبھی قراء شریک ہو گئے اگر قراء و رواۃ میں سے کسی ایک کا بھی اختلاف ہوگا تو اسکے لئے دوبارہ آیت پڑھنی پڑے گی مثلاً اھدنا الصراط المستقیم خلف و حمزہ کا اختلاف ہے تو نافع کے بعد خلف کیلئے خلف کے بعد امام حمزہ کیلئے دوبارہ و سہ بارہ یہ آیت پڑھنی پڑے گی۔

https://alislami.net

(ب) جمع عطفی یعنی کسی آیت میں اگر متعدد اختلافی کلمات آئیں تو انکو بتدریج اقرب[1] فالاقرب ادا کیا جائے اس طرح پر کہ جس کلمہ کا اختلاف موقف سے قریب ہو پہلے اس کو ادا کیا جائے پھر جو اختلاف اس سے پہلے ہو اس کو ذریعہ عطف ادا کیا جائے بشرطیکہ ماقبل کی عبارت موافق قراءت ہو اسی طرح ہر اختلاف کرنے والے حضرات کیلئے یکے بعد دیگرے ذریعۂ عطف جملہ کلمات کے اختلاف جملہ قراء کیلئے ادا کرے اسی وجہ سے اقرب فالاقرب کو جمع عطفی بھی کہتے ہیں۔

تنبیہ۔ جو حضرات جمع عطفی میں مندرج اور شریک ہوتے جائیں ان کیلئے دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

فائدہ۔ محل مختلف میں ترتیب اقرب واجب ہے اور محل واحد میں ترتیب رجال واجب ہے

(ج) جمع حرفی یعنی آیت میں ہر پہلے آنے والے کلمۂ مختلفہ کے اختلاف کو ترتیب رجال سے ذریعۂ اعادہ پورا کرنا یہ جمع حرفی ہے۔

فائدہ۔ جمع حرفی میں اعادہ بالوصل سے کوئی وجہ پیدا ہو تو اعادہ بالوقف سے اختلافات کو پورا کرنا چاہئے۔ جمع حرفی میں اصل اعادہ بالوصل ہے مثلاً امنوا کی تثلیث کو اعادہ بالوصل سے ادا کرنے میں مد منفصل ہو جاتا ہے لہذا ایسے مواقع پر اعادہ بالوقف نہایت ضروری ہے۔

فائدہ۔ جمع حرفی میں اختلاف قراءت ادا کرتے وقت اسکا خیال رکھے کہ جس کلمہ کا اختلاف کسی دوسرے کلمہ کے پڑھنے پر موقوف ہے جسکو خلف مرتب کہتے ہیں تو ایسی صورت میں دوسرے کلمہ کو پڑھتے وقت

---

[1] جس کلمہ کا اختلاف موقوف علیہ کے قریب ہے یا موقوف علیہ سے پڑھا جائے پھر جس کلمہ کا اختلاف اس سے قریب ہو اسکو پڑھا جائے علیٰ ھذا القیاس۔

فائدہ جب کلمہ واحدہ میں متعدد اختلافات ہوں تو اس وقت قراء کی ترتیب ہوگی ورنہ قراءت کی۔ ہر مرتبہ اختلاف قراءت کی آیت کا موقوف علیہ تک پڑھنا ہوگا جیسا کہ صاحب جامع القراءت آگے تفصیل فرمارہے ہیں۔

https://alislami.net

مرتب کا لحاظ کرنا واجب ہے مثلاً فتلقی ادم میں رفع نصب دونوں ہیں لہذا جس کیلئے ا دم کا رفع[۱] پڑھے تو اسکے لئے کلمتٍ[۲] کا نصب پڑھنا ضروری ہے اسی طرح جب ا دم[۳] کا نصب پڑھے تو کلمتٌ[۴] کا رفع پڑھنا ضروری ہے اسکو خلف مرتب کہتے ہیں لہذا ایسی صورت میں پہلے کلمہ کا اختلاف ترتیب رجال سے نہیں ادا ہو سکتا جب تک کہ خلف مرتب کو ترتیب سے نہ ادا کیا جائے۔

**فائدہ**۔ یہ خلف جو بیان کیا گیا ہے اصطلاحی نہیں ہے بلکہ بمعنی اختلاف[۵] ہے خلف اصطلاحی وہ ہے کہ جس کلمہ میں دو وجہیں ذا اضد مساوی الثبوت ہوں جیسا کہ لفظ فِرقٍ میں خلف[۶] ہے اسی کو خلاف بھی کہتے ہیں لہذا مابین قراء یا مابین رواۃ اختلاف ہو تو اس کو خلف اصطلاحی نہ کہیں گے۔

**فائدہ**۔ اگر مابین رواۃ اختلاف ہوگا تو راوی کا نام آئے گا ورنہ امام کا نام آئے گا۔ خلف کی بلحاظ حکم دو صورتیں ہیں۔ ایک خلف واجب دوئم جائز

۱۔ خلف واجب وہ ہے کہ جس کلمہ کی قراءت پر کل قراء کا اتفاق نہ ہو جیسے میم جمع کے صلہ اور ترک صلہ پر قالون کا اختلاف ہے وغیرہ اس کا حکم یہ ہے جمع الجمع میں کل اختلاف ادا کرنا ضروری ہیں اگر کوئی مختلف فیہ وجہ نہ ادا ہوئی تو جمع الجمع[۷] نہ پورا ہوگا۔

۲۔ خلف جائز وہ ہے کہ اختلافی مسائل پر کل قراء کا اتفاق ہو جیسے مد عارض میں مد و قصر اسکا حکم یہ ہے کہ جمع الجمع میں کسی ایک وجہ کا پڑھنا کافی[۸] ہے۔

---

[۱] پیش [۲] دو زیر [۳] زبر [۴] دو پیش۔

[۵] خلف واجب کہیں گے خلف اصطلاحی کی تعریف آگے متن میں آرہی ہے۔

[۶] خلف جائز کہتے ہیں۔

[۷] بلکہ قراءت و روایت ناقص ہوگی۔

[۸] یعنی مد عارض میں طول کریں یا توسط یا قصر مگر طول بہتر ہے۔ تینوں وجوہ کو ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اسی طرح فِرقٍ کی راکو پر پڑھیں یا باریک دونوں ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ افہام و تفہیم کی صورت میں پڑھ سکتے ہیں۔

https://alislami.net

# (اسمائے قراء مع رواۃ)

| نمبر شمار | اسمائے قراء | اسمائے رواۃ | اسمائے رواۃ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | نافع مدنی | قالون | ورش | یہ دونوں امام سے بلاواسطہ روایت کرتے ہیں |
| ۲ | ابن کثیر مکی | بزی | قنبل | یہ دونوں بواسطہ[۲] روایت کرتے ہیں |
| ۳ | ابوعمرو بصری | دوری | سوسی | یہ دونوں بواسطہ[۳] یحیٰی یزیدی روایت کرتے ہیں |
| ۴ | ابن عامر شامی | ہشام | ابن ذکوان | یہ دونوں بواسطہ[۴] روایت کرتے ہیں |
| ۵ | عاصم کوفی | شعبہ | حفص | یہ دونوں بلاواسطہ[۵] امام سے روایت کرتے ہیں۔ |
| ۶ | حمزہ کوفی | خلف | خلاد | یہ دونوں بواسطہ[۶] سلیم روایت کرتے ہیں۔ |
| ۷ | کسائی کوفی | ابوالحارث | دوری علی | یہ دونوں بلاواسطہ[۷] روایت کرتے ہیں۔<br>یہ دوری وہی ہیں جو بصری کے بھی راوی ہیں |

**نوٹ**۔ اسمائے قراء مع رواۃ طلباء کو زبانی یاد کرنا ضروری ہے۔ ۱؎ امام نافع مدنی اور ان دونوں (قالون۔ ورش) راویوں کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔ ۲؎ روایت امام بزی دو واسطوں سے امام مکی تک پہونچتی ہے ایک عکرمہ دوسرے شبلی یعنی آپ نے عکرمہ سے عکرمہ نے شبلی سے شبلی نے امام مکی سے روایت قنبل چار واسطوں سے امام مکی تک پہونچتی ہے ایک ابوالحسن احمد دوسرے ابوالاخریط تیسرے اسماعیل چوتھے شبلی یعنی قنبل نے ابوالحسن احمد سے ابوالحسن احمد نے ابوالاخریط سے ابوالاخریط نے اسمٰعیل سے اسمٰعیل نے شبلی سے شبلی نے امام مکی سے روایت کی۔ ۳؎ روایت دوری۔ سوسی ایک ہی واسطہ سے امام ابوعمرو بصری تک پہونچتی ہے یعنی ان دونوں کے درمیان صرف یحیٰی یزیدی ہیں۔ یعنی دوری بصری یحیٰی یزیدی سے روایت کرتے ہیں یحیٰی یزیدی ابوعمرو بصری سے اسی طرح سوسی نے بھی روایت کی۔ ۴؎ روایت ہشام ایک ہی واسطہ سے امام ابن عامر تک پہونچتی ہے یعنی یحیٰی ابن حارث زماری کا واسطہ ہے۔ روایت ابن ذکوان دو واسطوں سے امام ابن عامر تک پہونچتی ہے ایک ایوب بن تمیم دوسرے یحیٰی ابن حارث زماری۔ ۵؎ امام عاصم اور دونوں راویوں کے درمیان کوئی واسطہ نہیں ہے۔ ۶؎ روایت امام خلف۔ خلاد ایک ہی واسطہ سے امام حمزہ تک پہونچتی ہے یعنی ان دونوں کے درمیان سلیم ہیں خلف نے سلیم سے سلیم نے امام حمزہ سے روایت کی اسی طرح خلاد بھی۔ ۷؎ ان دونوں راویوں کے درمیان کوئی واسطہ نہیں یہ دونوں بلاواسطہ امام کسائی سے روایت کرتے ہیں

**فائدہ**۔ امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ قراءت میں امام عاصم علیہ الرحمہ کے شاگرد ہیں امام شافعی علیہ الرحمہ امام ابن کثیر مکی علیہ الرحمہ سے بالواسطہ قراءت نقل کرتے ہیں مگر امام شافعی علیہ الرحمہ کے ماننے والے بھی امام حفص علیہ الرحمہ کے مطابق قرآن پڑھتے پڑھاتے ہیں چونکہ اعراب و نقاط امام حفص علیہ الرحمہ کی قراءت کے موافق ہیں اس وجہ سے اکثر ممالک میں امام حفص علیہ الرحمہ کی روایت رائج ہے۔ امام مالک علیہ الرحمہ قراءت میں امام نافع کے شاگرد ہیں۔ امام احمد بن حنبل علیہ الرحمہ امام عاصم علیہ الرحمہ کی قراءت کو پسند فرماتے تھے۔

https://alislami.net

# ﴾دوسری فصل﴿

## قراء سبعہ[1] اور انکے راویوں کے مختصر حالات

### ۱۔ سیدنا امام نافع[2] مدنی رحمۃ اللہ علیہ

آپ ۷۰ھ میں مدینہ شریف میں پیدا ہوئے اور مدینہ ہی میں ۱۶۹ھ میں آپکی وفات ہوئی۔ آپ کا مزار پاک مسجد نبوی کے قریب جنت البقیع ہے۔ آپ جب قراءت فرماتے تھے تو آپ کے منہ سے مشک کی خوشبو آتی تھی آپ کے تلامذہ میں سے کسی نے آپ سے اسکی وجہ دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے منہ سے متصل قراءت فرمائی اسی وقت سے یہ خوشبو آتی ہے۔ آپ بلا اختلاف مدینہ منورہ میں قراءت کے امام مانے گئے ہیں اسی طرح آپ رسم قرآنی کے بھی امام ہیں۔ آپ کی کنیت ابورویم ہے اور والد کا نام عبدالرحمٰن ہے اصلاً آپ اصفہانی ہیں۔

آپ کے پہلے راوی قالون ہیں آپ ۱۲۰ھ میں مدینہ میں پیدا ہوئے اور ۲۲۰ھ میں مدینہ ہی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام عیسیٰ ہے اور کنیت ابوموسیٰ ہے آپ کے والد کا نام مِیناء ہے آپ کی سماعت میں کچھ تکلف تھا مگر قرآن پاک بلا تکلف سنتے تھے۔ بوجہ عمدہ قرأت ہونے کے امام نافع نے آپ کا لقب قالون رکھا۔

دوسرے راوی ورش ہیں آپ مصر میں ۱۱۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۷ھ میں مصر ہی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام عثمان اور کنیت ابوسعید ہے اور ورش آپ کا لقب ہے محض قراءت حاصل کرنے

---

[1] صاحب جامع القراءات نے مسائل اختلاف قراءت سے پہلے ائمہ قراء و رواۃ کے مقدس حالات سے شروع فرمایا تاکہ اختلاف قراءت و روایت سے پہلے ان کے اماموں کے حالات معلوم ہوسکیں تاکہ اختلاف کلمات قرآنیہ کو سمجھنے اور سمجھانے میں سہولت و آسانی ہو۔

[2] سیدنا امام نافع علیہ الرحمہ کی قراءت تین واسطوں سے حضور صاحب قرآن علیہ الصلوٰۃ والسلام تک پہونچتی ہے۔ سیدنا امام نافع نے تقریباً ستر تابعین عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے قراءت کی تعلیم حاصل کی جن میں سے مشہور استاذ کے نام کو ذکر کر رہا ہوں اس طرح پر کہ امام نافع نے امام جعفر یزید سے امام جعفر نے حضرت سیدنا ابوہریرہ و ابن عباس و عبداللہ ابن عیاش رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ان تینوں نے ابی بن کعب سے انھوں نے حضور ﷺ سے۔

https://alislami.net

کی غرض سے مصر سے مدینہ شریف امام نافع کی خدمت میں آئے تھے۔ آپ کا قد اگرچہ کم تھا مگر رنگ بہت ہی صاف تھا اسی وجہ سے آپ ورش کہے جاتے تھے۔ آپ بہت ہی خوش الحان تھے اور اکثر ترتیل ہی میں قرآن پاک پڑھا کرتے تھے۔ قراءت سے فارغ ہوکر آپ ۱۵۵ھ میں مصر تشریف لے گئے وہاں لوگوں نے آپ کو مُتفِقَہ طور پر تجوید و قراءت کا امام تسلیم کیا۔

## ۲۔ سیّدنا امام ابنِ[۱] کثیر مکی علیہ الرحمہ

آپ مکہ معظمہ میں ۴۵ھ میں پیدا ہوئے اور مکہ ہی میں ۱۲۰ھ میں آپ کی وفات ہوئی آپ نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ پایا ہے آپ تابعین میں سے ہیں۔ علوم نقلیہ میں آپ کا درجہ بہت بلند ہے چنانچہ علاوہ قراءت کے آپ حدیث کے بھی امام ہیں۔ علامہ خلیل نحوی، ابوعمرو بصری امام شافعی جیسے جلیل القدر امام آپ سے قراءت نقل کرتے ہیں آپ مکہ میں عطر کی تجارت کرتے تھے اور عرصہ تک عراق میں بھی رہے لیکن بعد میں مکہ کے قاضی مقرر کر دیئے گئے یہاں پر بلا اختلاف قراءت کے امام مانے گئے۔

آپ کے پہلے راوی بزی ہیں۔ آپ مکہ میں ۱۷۰ھ میں پیدا ہوئے اور باختلاف اقوال ۲۴۰ھ یا ۲۵۰ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام احمد ہے اور کنیت ابوالحسن ہے اور آپ کے والد کا نام محمد ہے آپ کو بزی اس لئے کہتے ہیں کہ آپ کے پردادا کی کنیت ابو بزہ تھی آپ چالیس سال تک مکہ کے مسجد الحرام کے مؤذن و امام تھے۔ آپ اپنے زمانہ میں متفقہ شیخ القراء اور شیخ الحدیث تھے حجاز کے اندر آپ سے بہتر کوئی قاری نہیں تھا۔ قرب و جوار کے لوگ اکثر آپ کے پاس قراءت سیکھنے کیلئے آتے تھے۔ امام ابن کثیر مکی کے دوسرے راوی قنبل نے بھی آپ سے کچھ دنوں پڑھا۔ دوسرے راوی قنبل ہیں۔ آپ ۱۹۵ھ میں مکہ میں پیدا ہوئے اور ۲۹۱ھ میں مکہ ہی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام محمد ہے اور کنیت ابوعمر ہے اور والد کا نام عبدالرحمٰن ہے قنبل آپ کا لقب ہے اس لئے کہ آپ قبیلۂ قنابلہ سے ہیں۔ مکہ شریف میں اب تک آپ کا خاندان قنابلہ کی طرف منسوب ہے۔ آپ حجاز کے شیخ القراء تھے بہت سے لوگوں نے آپ سے قراءت حاصل کی۔

---

[۱] سیدنا امام ابن کثیر مکی علیہ الرحمہ کی قراءت دو واسطوں سے حضور ﷺ تک پہونچتی ہے آپ اپنے مشہور استاذ امام مجاہد سے امام مجاہد نے ابی بن کعب و سیدنا عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ان دونوں نے حضور ﷺ سے

https://alislami.net

## ۳۔ سیدنا امام ابو عمرو بصری[1] علیہ الرحمہ

آپ مکہ معظمہ میں ۶۸ھ میں خلیفہ عبدالملک کے زمانے میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۵۴ھ میں بزمانہ خلافت منصور کوفہ میں آپ کی وفات ہوئی آپ کے والد کا نام العلا بن عمار ہے اسی وجہ سے آپ ابن العلا بھی کہے جاتے ہیں۔ آپ بصرہ کے رہنے والے تھے آپ کے آباواجداد سب خالص العرب ہیں۔ آپ کو مازنی اس لئے کہتے ہیں کہ قبیلہ مازن سے تعلق تھا۔ قراءت کے علاوہ بہت سے علوم میں آپ کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ باوجودیکہ آپ قراءت، نحو، لغت کے ماہر تھے لیکن نقل اور وجوہ مرویہ سے عدول نہیں کرتے تھے۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ میں نے کلام اللہ میں ایک حرف بھی نقل کے بغیر اپنی رائے سے نہیں پڑھا۔ امام احمد فرماتے ہیں کہ ابو عمرو کی قراءت مجھے بیحد پسند ہے بصرہ کے اندر آپ سے بہتر کوئی قاری نہیں تھا ہر شخص بلا اختلاف آپ کو امام تسلیم کرتا تھا۔ لوگ ہمہ وقت آپکی خدمت میں تحصیل علم کے لئے حاضر رہتے تھے آپ بڑے عادل وعابد تھے امور خیر میں مال خرچ کرنے والوں میں سے تھے اور قابلیت میں یکتائے زمانہ تھے۔ آپ سیدنا حضرت خواجہ حسن بصری کے ہمعصر تھے

آپ کے پہلے راوی دوری ہیں۔ آپ ۱۵۰ھ میں اپنے وطن میں پیدا ہوئے اور ۲۴۶ھ میں بمقام سامرہ میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام حفص ہے اور کنیت ابو عمر ہے آپ نابینا تھے۔ بغداد میں ایک موضع دور ہے یہیں کے آپ رہنے والے ہیں اسی وجہ سے آپ دوری کہے جاتے ہیں آپ اپنے زمانے کے بڑے جید عالم تھے۔ آپ نے فن قراءت میں کوئی کتاب بھی لکھی تھی اس کا پتہ نہ چل سکا کہ کیا ہوئی۔

دوسرے راوی سوسی ہیں۔ آپ کی تاریخ پیدائش کا پتہ نہ چل سکا کہ کس سن میں پیدا ہوئے آپ کی وفات ۲۶۱ھ میں بمقام رقہ میں ہوئی یہ مقام ربیعہ کے سرزمین میں دریائے فرات کے کنارے پر واقع ہے وہیں آپ کا قیام تھا۔ آپ کا نام صالح ہے اور کنیت ابو شعیب ہے۔ سوسی کہے جاتے تھے اس لئے کہ آپ کا پیدائشی وطن سوس ہے۔ آپ علامہ یحییٰ یزیدی کے بڑے چہیتے شاگرد تھے۔

---

[1] سیدنا امام ابو عمرو بصری علیہ الرحمہ کی قراءت تین واسطوں سے حضور ﷺ تک پہونچتی ہے آپ نے امام جعفر یزیدی سے انہوں نے حضرت سیدنا عمر ابن خطاب وابی بن کعب سے ان دونوں نے حضور ﷺ سے۔

https://alislami.net

## ۴۔ سیدنا امام ابن عامر شامی علیہ الرحمہ

آپ دمشق کے موضع جابیہ میں سنہ ۲۱ھ میں پیدا ہوئے اور دمشق ہی میں ۱۰ محرم سنہ ۱۱۸ھ میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام عبداللہ ہے آپ کے والد کا نام عامر تھا اس وجہ سے آپ ہمیشہ ابن عامر ہی کہے جاتے تھے آپ کی کنیت ابوعمران ہے۔ آپ ملک شام کے فتح ہونے کے بعد دمشق میں مقیم ہوگئے تھے۔ قرائے سبعہ میں سے بلحاظ زمانہ آپ سب سے مقدم ہیں اسی وجہ سے بعض نے بلحاظ ترتیب رجال ابن عامر کو نافع پر مقدم کیا ہے۔ آپ تابعی ہیں اور خالص العرب ہیں۔ آپ قبیلہ یحصب سے تھے اس لئے آپ یحصبی بھی کہے جاتے تھے۔ آپ دمشق کے قاضی تھے پھر بعد میں امام وخطیب مقرر ہوئے۔ بعض قول کی بنا پر آپ کی عمر ایک سو اسی سال کی تھی۔ باوجودیکہ آپ کا دور صحابہ اور تابعین کا دور تھا لیکن خلیفہ وقت حضرت عمر بن عبدالعزیز آپ ہی کی اقتدا میں نماز پڑھتے تھے۔

آپ کے پہلے راوی ہشام ہیں۔ آپ سنہ ۱۵۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۴۵ھ میں دمشق میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کی کنیت ابوالولید ہے۔ دمشق کے قاضی اور مفتی اور جامع مسجد کے امام وخطیب تھے۔ آپ علم وفضل میں یکتائے روزگار تھے اور عقل ونقل میں وحید العصر تھے۔

دوسرے راوی ابن ذکوان ہیں۔ آپ ۱۰ محرم سنہ ۱۷۳ھ میں پیدا ہوئے اور شوال سنہ ۲۴۲ھ میں دمشق میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کے دادا کا نام ذکوان تھا اس وجہ سے آپ ابن ذکوان کہے جاتے تھے۔ آپ سے بہت سے محدثین حدیث روایت کرتے ہیں۔ آپ دمشق کے امام بھی رہے ولید بن عتبہ اور ابوزرعہ فرماتے ہیں کہ مشرق وسطیٰ میں آپ سے اچھا قرآن پڑھنے والا کوئی نہیں تھا۔

---

ل۔ سیدنا امام ابن عامر شامی علیہ الرحمہ کی قراءت صرف ایک واسطے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچتی ہے۔ یہ خصوصیت آپکو اور سیدنا امام عاصم علیہ الرحمہ کو حاصل ہے۔ آپ نے حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ سے۔

https://alislami.net

## ۵۔ سیدنا امام عاصم[1] کوفی علیہ الرحمہ

آپ تقریباً ۳۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۷ھ میں کوفہ میں وفات ہوئی۔ آپ کی کنیت ابوبکر ہے آپ تابعین میں سے ہیں۔ امام ابوحنیفہ نے آپ ہی سے قراءت حاصل کی اس وجہ سے اور بھی آپ کی قراءت بہت مروج ہوگئی۔ آپ بہت عمدہ لحن سے کلام اللہ پڑھتے تھے جس کی اس وقت کوئی مثال نہ تھی۔ امام احمد بن حنبل آپ کی قراءت بہت پسند فرماتے تھے۔ آپ علاوہ قراءت کے نحو، لغت، حدیث وفقہ کے امام بھی تھے۔ آپ بڑے عابد وزاہد تھے نماز بکثرت پڑھتے تھے۔ تقریباً پچاس سال کوفہ میں قراءت کے مسند پر متمکن تھے۔ آپ کے پہلے راوی شعبہ ہیں۔ آپ ۹۵ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور ۲۱/ جمادی الاول ۱۹۳ھ میں کوفہ ہی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کی کنیت ابوبکر ہے۔ امام کسائی جیسے ائمہ آپ کے شاگرد ہیں آپ کے حالات میں جو خاص قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ تقریباً ستر سال تک یاد الٰہی میں مشغول رہے چالیس برس تک آپ نے بستر نہیں لگایا اور نہ آپ نے ان دنوں رات میں زمین سے پیٹھ ٹیکی۔ اپنی زندگی میں چوبیس ہزار کلام اللہ ختم کئے۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ میں تیس سال سے ہر روز ایک قرآن ختم کرتا ہوں۔ آپ حافظ حدیث بھی تھے۔ ابن المبارک فرماتے ہیں کہ میں نے آپ سے زیادہ سنت پر عمل کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی کوئی کام خلاف شریعت نہیں کیا۔

دوسرے راوی حفص ہیں۔ آپ ۹۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۰ھ میں کوفہ میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپکی کنیت ابوعمر ہے۔ آپ بوجہ قوت حافظہ اور یادداشت کے بڑی فضیلت والے تھے امام ابوحنیفہ کے ساتھ تجارت کرتے تھے۔ ممکن ہے کہ آپ کی روایت زیادہ رائج ہونے کی یہی وجہ ہو کہ امام صاحب اور آپ کا تجارت

---

[1] حضرت سیدنا امام عاصم کوفی علیہ الرحمہ کی قراءت صرف ایک ہی واسطے سے حضور ﷺ تک پہونچتی ہے یعنی آپ نے حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ وابی بن کعب وعبداللہ ابن مسعود وزید ابن ثابت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے پڑھا ان حضرات عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے حضور ﷺ سے۔ ایک سلسلے سے دو واسطوں سے پہونچتا ہے یعنی آپ نے ابوعبدالرحمٰن عبداللہ ابن حبیب سلمی سے انہوں نے حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے۔ اسی سلسلہ کو ترجیح ہے۔

نوٹ۔ امام عاصم کی پیدائش کا مستقل پتہ نہیں مشہور ہے کہ امام ابن کثیر کے سن کے قریب ہے۔ اس لئے تقریباً تحریر ہے۔

https://alislami.net

رہے میں بہت ساتھ رہا۔ تمام ممالک میں آپ ہی کی قراءت مروج ہے۔ آپ کی روایت کو خداداد مقبولیت حاصل ہے حتیٰ کہ کلام اللہ میں اعراب اور نقطے بھی آپ ہی کی روایت کے مطابق ہیں اس آسانی کی وجہ سے ہر شخص آپ ہی کی روایت پڑھتا پڑھاتا ہے

فائدہ۔ پہلے کلام اللہ غیر منقوط اور غیر معرب تھا نصر بن عاصم لیثی نے بحکم حجاج بن یوسف نقطے اور اعراب بڑے اہتمام سے لگائے۔ (کذا فی خزینۃ الاسرار)

## ۶۔ سیدنا امام حمزہ[1] کوفی علیہ الرحمہ

آپ ۸۰ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور ۱۵۶ھ میں خلوانی میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کی کنیت ابوعمارہ ہے آپ تابعی ہیں آپ بڑے عابد و زاہد اور صابر و ذاکر اور متقی تھے۔ ابن فضل فرماتے ہیں کہ حمزہ کے باعث بلا دور ہوتی ہے۔ آپ قرآن اور حدیث دونوں کے امام ہوئے آپ خود فرماتے تھے کہ میں نے حضور نبی کریم صلی علیہ وسلم سے ایک ہزار حدیثیں سند کے ساتھ روایت کی ہیں۔ پڑھانے کے بعد آپ چار رکعت نماز پڑھتے تھے۔ رات کے اکثر حصہ بیدار رہتے تھے۔ آپ پڑھانے پر تنخواہ نہیں لیتے تھے۔ امام ابو حنیفہ کا کہنا ہے کہ امام حمزہ فن قرأت میں ہم سب پر فائق تھے۔ کلام اللہ پڑھنے میں ترتیل اختیار فرماتے تھے آپ نے دیگر شیوخ کے علاوہ امام جعفر صادق سے بھی قرآن پڑھا ہے۔ حضرت سفیان ثوری اور شریک ابن عبداللہ جیسے جلیل القدر امام فقہ آپ کے تلامذہ میں سے ہیں

آپ کے پہلے راوی خلف ہیں آپ ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور جمادی الثانی ۲۲۹ھ میں بغداد میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کی کنیت ابومحمد ہے اور والد کا نام ہشام بزار ہے اسی وجہ سے آپ خلف بزار بھی کہے جاتے ہیں۔ آپ نے بچپن ہی میں کلام اللہ حفظ کر لیا تھا۔ ایک واقعہ آپ کا بہت مشہور ہے کہ ایک بار کسی عربی لفظ میں کوئی دشواری پیش آئی تو اس کے حل کرنے کے سلسلہ میں اسی ہزار درہم خرچ کیے تھے بالآخر آپ نے اسکو حل کر کے چھوڑا۔ مسلم اور ابوداؤد وغیرہ نے آپ سے حدیثیں روایت کی ہیں۔ آپ کے زہد کا یہ عالم تھا

---

[1] سیدنا امام حمزہ کوفی علیہ الرحمہ کی قراءت چار واسطوں سے حضور ﷺ تک پہونچتی ہے۔ آپ نے حضرت سلیمان اعمش سے حضرت سلیمان اعمش نے حضرت ابویحییٰ سے حضرت ابویحییٰ نے حضرت ابوشبل علقمہ سے حضرت ابوشبل علقمہ نے حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انہوں نے حضور ﷺ سے۔

https://alislami.net

کہ آپ اکثر روزے رکھا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم قرأت میں ایسی فضیلت عطا فرمائی کہ آپ دسویں قراءت کے امام ہوئے۔

دوسرے راوی خلاد ہیں۔ اسکا پتہ نہ چل سکا کہ آپ کس سنہ میں پیدا ہوئے اور آپ کی وفات کوفہ میں ۲۲۰ھ میں ہوئی۔ آپ کی کنیت ابوعیسیٰ ہے آپ نہایت ہی ثقہ اور محقق فن تھے۔ آپ سلیم کے شاگردوں میں بہت فائق تھے۔ ترمذی اور ابن خزیمہ کی صحیح حدیثوں میں سے آپ سے بھی ایک ایک حدیث مروی ہے۔

## ۷۔ سیدنا امام کسائی[1] کوفی علیہ الرحمہ

آپ ۱۱۹ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۹ھ میں خراسان جاتے ہوئے موضع انبویہ میں آپ کی وفات ہوئی۔ آپ کا نام علی ہے اور کنیت ابوالحسن ہے آپ ہمیشہ کمبل لپیٹے رہتے تھے اسی وجہ سے امام حمزہ آپ کو کسائی کہا کرتے تھے۔ آپ تبع تابعین میں سے ہیں۔ آپ علاوہ فن قراءت کے تجوید اور نحو کے بھی جلیل القدر امام ہوئے ہیں۔ سیبویہ اور علامہ خلیل نحوی کے آپ ہم عصر تھے۔ کتاب النحو آپ کی تصنیفات سے ہے اس کے علاوہ آپ کی اور تصنیفات ہیں۔ قراءت سبعہ میں سے ساتویں قراءت آپ پر ختم ہوتی ہے۔

آپ کے پہلے راوی ابوالحارث ہیں۔ آپ کے سنہ پیدائش کا پتہ نہیں چلا کہ کس سنہ میں آپ پیدا ہوئے۔ آپ نے ۲۴۰ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ آپ اپنی کنیت سے مشہور ہیں۔ آپ کا نام لیث ہے آپ کے والد کا نام خالد ہے۔ آپ بڑے ثقہ تھے آپ فن قراءت کے ماہر تھے اور علم نحو سے بھی کافی شغف تھا ۔ آپ امام کسائی کے بڑے بہترین اور چہیتے شاگردوں میں سے تھے۔

دوسرے راوی دوری ہیں جو ابوعمرو بصری کے بھی راوی ہیں۔ آپ ہی کی ایک واحد شخصیت ایسی ہے کہ بیک وقت دو امام سے روایت کرتے ہیں۔ مگر احتیاط کا یہ عالم تھا کہ رواۃ میں کہیں خلط نہیں ہونے دیا ۔ یہ ثقاہت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ آپکی سنہ پیدائش اور وفات و حالات پہلے مذکور ہو چکے ہیں۔

---

[1] سیدنا امام کسائی کوفی علیہ الرحمہ کی قراءت پانچ واسطوں سے حضور ﷺ تک پہونچتی ہے اسطرح پر کہ آپ نے حضرت سیدنا امام حمزہ سے انہوں نے سلیمان سے سلیمان نے ابوعیسیٰ سے ابوعیسیٰ نے ابوشبلی سے ابوشبلی نے حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انہوں نے حضور ﷺ سے

https://alislami.net

# ﴿ تیسری فصل ﴾

## استعاذہ وبسملہ کے احکام

قراءت شروع کرنے سے پہلے کل قراء کے نزدیک بالاتفاق استعاذہ مستحب ہے اس کے الفاظ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم ہیں اگرچہ دوسرے لفظوں[1] سے بھی استعاذہ جائز ہے مگر اولیٰ یہی ہے کہ انہیں الفاظ سے استعاذہ کیا جائے۔

اگر قراءت بالجہر مقصود ہے تو استعاذہ بھی بالجہر کرے اور اگر قراءت بالسر ہو تو استعاذہ بھی بالسر کرے قراء کا یہی معمول ہے۔

استعاذہ چوں کہ بالاتفاق غیر قرآن ہے لہذا استعاذہ کا بہرحال کلام اللہ سے فصل بہتر ہے بلکہ بعض صورتوں[2] میں فصل ضروری ہے۔ یہ فصل خواہ ذریعہ وقف ہو یا ذریعہ تسمیہ ہو۔

بسم اللہ کے بارے میں قراء کے نزدیک بین السورتین میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک بسملہ ضروری ہے۔ اور بعض کے نزدیک ترک بسملہ ضروری ہے۔ یہ خلف واجب ہے۔

**فائدہ۔** کسی سورۃ کو ختم کر کے دوسری سورۃ میں وصل کرنے کو قراء بین السورتین[3] کہتے ہیں

---

[1] جیسا کہ کتب تجوید میں تفصیلات درج ہیں (الفاظ استعاذہ میں کمی وزیادتی ودیگر الفاظ سے پڑھنا جائز ہے) [2] جب کہ شروع میں اللہ تعالیٰ کا ذاتی نام ہو جیسے اللّٰہ نور السّمٰوت والارض۔ یا صفاتی نام ہو جیسے الرحمٰن الرحیم یا ضمیر جیسے ھو اللّٰہ الذی یا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام جیسے محمد رسول اللّٰہ ہوں۔ [3] یعنی کسی سورۃ کے آخری آیت کو کسی دوسری سورۃ کے شروع آیت سے ملا کر پڑھنے کو قراء سبعہ وعشرہ بین السورتین کہتے ہیں۔ بین السورتین کیلئے وصل شرط ہے جیسے ولا الضالین کا وصل بسم اللّٰہ سے بسم اللّٰہ کا وصل الم سے اگر سورۃ کے آخر آیت جیسے (ولا الضالین) پر سانس ٹوٹ جائے اضطراراً یا اختیاراً توڑ دے دونوں حالتوں میں بین السورتین کا اطلاق نہ ہوگا تو اس وقت بالاتفاق تمام ہی قراء کے لئے بسم اللہ پڑھیں گے جیسا کہ خود مصنف نے آگے چل کر تحریر فرمادیا ہے کہ خلف ساقط ہوجائے گی۔

**فائدہ زائدہ۔** اعادۂ استعاذہ۔ جب قاری کسی متعلق قراءت امر عارض کی وجہ سے قراءت قطع کردے مثلاً شاگرد کچھ دریافت کرے یا استاذ کوئی قراءت کے متعلق مسئلہ بتائے یا استاذ وشاگرد کے درمیان کسی مسئلہ پر بات چیت کرے یا اختتام سورت کی دعائے ماثورہ یا تکبیر پڑھے یا سجدہ تلاوت کرے یا کوئی طبعی مجبوری اور امر ضروری پیش آجائے جیسے چھینک جمائی وغیرہ تو ان سب صورتوں میں تعوذ کے اعادہ (لوٹانے) کی ضرورت نہیں بخلاف اس صورت کے جب کہ درمیان قراءت کوئی اجنبی اور غیر متعلق قراءت کا جواب ہی کیوں نہ ہو تو ان صورتوں میں تعوذ کا اعادہ (لوٹانا) پڑے گا ۱۲ اج قادری

https://alislami.net

خواہ بسم اللہ پڑھی جائے یا نہ پڑھی جائے۔ لہٰذا جس قراءت میں بسم اللہ پڑھی جائے گی تو اس کو فصل اصطلاحی کہیں گے اور اگر بین السورتین میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے تو وصل اصطلاحی کہیں گے۔

## بین السورتین میں قراء کے نزدیک تین احکام ہیں:

۱۔ قالون ابن کثیر، عاصم، کسائی کے لئے بین السورتین میں بسملہ ضروری ہے اور ایک طریق سے ورش کیلئے بسملہ ہے۔

۲۔ ورش، ابوعمرو ابن عامر کیلئے بین السورتین میں وصل[۱] اور سکتہ[۲] ہے لیکن سکتہ اولیٰ[۳] ہے۔ گویا ورش کے لئے تین وجہیں ہیں وصل، فصل، سکتہ اور بصری شامی کیلئے صرف دو وجہیں ہیں وصل اور سکتہ۔

۳۔ حمزہ کیلئے بین السورتین میں وصل ضروری ہے لیکن بعض طرق کے نزدیک سورۂ قیٰمہ اور سورۂ بلد اور مطففین اور سورۂ ہمزہ کی ابتدا میں حمزہ کیلئے سکتہ ہے۔ ان چاروں سورتوں کو اربعہ زہر کہتے ہیں۔ انہیں بعض طرق کے نزدیک ورش، بصری، شامی کیلئے اربعہ[۴] زہر میں بسملہ ہے۔

شروع قراءت ابتدائے سورۃ میں کل قراء کیلئے بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا ضروری ہے لیکن سورۂ توبہ کے شروع میں ترک بسملہ پر جملہ[۵] قراء کا اتفاق ہے۔

شروع قراءت درمیان سورۃ سے ہو تو قراء تا کسی کے نزدیک بسملہ نہیں ہے لیکن برکت کے لئے پڑھ لیا جائے تو کوئی حرج نہیں اگر چہ وسط براۃ[۶] ہو۔

درمیان قراءت شروع سورۃ میں اگر پہلی سورۃ کے ختم پر وقف کیا گیا تو بینیت[۷] ساقط ہو جائے گی لہٰذا اس صورت میں کل قراء کیلئے بسملہ ضروری ہے۔

اور درمیان قراءت ابتدائے براۃ میں بوجہ عدم بسملہ وصل، وقف، سکتہ تینوں جائز ہیں۔

---

۱۔ بسم اللہ نہ پڑھنا بغیر سکتہ کے اسکو وصل اصطلاحی کہتے ہیں۔

۲۔ سکتہ جو ہوگا بغیر بسملہ کے ۳۔ یعنی اجراء کے وقت سکتہ مقدم ہوگا اسکے بعد وصل اصطلاحی کیا جائے گا۔ یعنی وصل کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ ۴۔ اربعہ زہر میں ورش بصری، شامی کیلئے تین وجہیں وصل فصل سکتہ حمزہ کیلئے دو وجہیں وصل سکتہ ۵۔ جیسا کہ جامع التجوید میں حوالہ درج ہے وہاں دیکھیں۔ ۶۔ سورۂ براۃ کے درمیان میں بسملہ جائز ہے ابتدائے براۃ میں نہیں۔

۷۔ یعنی بین السورتین کا حکم ساقط ہو جائے گا اس وقت ہر ایک قاری کے لئے بسملہ ہے۔ ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

# ﴿چوتھی فصل﴾

## ادغام کبیر کے احکام

حرف مدغم متحرک کو ساکن کرکے ادغام کرنے کو ادغام[1] کبیر کہتے ہیں۔ ادغام کبیر بقراءت ابوعمرو بصری کے صرف بروایت[2] سوسی ہے ذیل میں انھیں کے احکام بیان کئے جاتے ہیں۔

۱۔ جب مثلین[3] کے دو حرف متحرک دو کلموں میں واقع ہوں تو ہر جگہ ادغام[4] ہوگا مثل جَعَلَ لَکُمْ وغیرہ اور اگر ایک کلمہ میں مثلین کے دونوں حرف واقع ہوں تو صرف مَنَاسِکَکُمْ اور مَا سَلَکَکُمْ میں ادغام ہوگا ان کے علاوہ کہیں نہ ہوگا[5]۔

---

۱؎ ادغام کبیر اس لئے کہتے ہیں کہ اسمیں اول مدغم کو ساکن کرتے ہیں۔ پھر ادغام ہوتا ہے کثرت عمل کی وجہ سے ادغام کبیر کہنے لگے ادغام صغیر میں قلت عمل ہے اس وجہ سے ادغام صغیر کہتے ہیں۔ ادغام کبیر کے لئے شرط یہ ہے کہ مدغم اور مدغم فیہ دونوں خطاً ملتے ہوں تلفظاً ملیں یا نہ ملیں جیسے اِنَّهٗ هُوَ میں ادغام ہوگا اگر خطاً نہ ملتے ہوں تو اس وقت میں اظہار ہوگا جیسے انا نذیر اور چند موانع اور ہیں جنکو خود ماتن نے آگے چل کر بیان فرمادیا۔

۲؎ ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ اور مد منفصل کے مد کے ساتھ ادغام نہیں ہوگا چنانچہ دوری بصری ہمزہ کی تحقیق اور مد منفصل میں بھی توسط کرتے ہیں اس وجہ سے دوری بصری کے نزدیک ادغام کبیر نہیں ہے۔ سوسی چوں کہ ہمزہ کی تخفیف یعنی ابدال اور مد منفصل میں قصر کرتے ہیں اس وجہ سے صرف انہیں کی روایت میں ادغام کبیر ہے۔

۳؎ مثلین وہ ہیں کہ مخرج وصفت دونوں میں متفق ہوں یعنی مدغم حرف کے بعد وہی حرف آئے جیسے جَعَلَ لَکُمْ میں لام ہے۔

۴؎ قاعدہ کلیہ ہے جب مثلین متحرکین دو کلموں میں واقع ہوں یعنی مدغم پہلے کلمے کے آخر میں اور مدغم فیہ دوسرے کلمے کے شروع میں ہو تو ہر جگہ ادغام کرنا واجب ہے۔ خواہ حرف مدغم سے پہلے متحرک حرف ہو یا ساکن۔ ساکن مدہ ہو یا غیر مدہ جیسا کہ آگے متن کی مثالوں سے واضح ہوجائے گا۔ بشرطیکہ مدغم تائے متکلم تائے خطاب منون اور مشدد اور خطی فصل نہ ہو۔

۵؎ صرف انھیں دو کلموں میں ادغام ہے مَنَاسِکَکُمْ سورۂ بقرہ میں مَا سَلَکَکُمْ سورۂ مدثر میں اسکے علاوہ کسی مثلین کا ایک کلمہ میں ادغام نہ ہوگا جیسے جِبَاهُهُمْ۔ بِلِيَ۔ وُجُوْهُهُمْ۔ بشرککم وغیرہم۔ حالانکہ ایک کلمے میں دو حرف مثلین جمع ہیں پھر بھی ادغام نہ ہوگا کیوں کہ روایت سے ثابت نہیں ہے۔

https://alislami.net

تنبیہ[1]۔ مدغم مشدد[2] ہو یا منون[3] تائے خطاب ہو یا تائے متکلم تو ادغام نہ ہوگا۔ مثل کُنْتُ تُرَابًا ۔ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ ۔ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۔ فَتَمَّ مِيْقَاتُ وغیرہ اس طرح متقاربین میں پہلا کلمہ معتل[4] واقع ہو تو ادغام نہ ہوگا جیسے وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً وغیرہ اور اگر مثلین میں پہلا کلمہ مختل ہو تو اظہار[5] اور ادغام دونوں جائز ہیں مثل وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ اور وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا

تنبیہ۔ فلا يَحْزُنْكَ كفرهٗ میں بوجہ اخفا ادغام نہ ہوگا[6]۔ اور اٰلَ لُوْط میں اظہار اور ادغام[7] دونوں جائز ہیں۔

---

[1]۔ یہاں سے موانع ادغام بیان کر رہے ہیں۔ یہ موانع مثلین کے کلی طور پر ہیں کُنْتُ تُرَابًا تائے متکلم کی مثال ہے اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ تائے خطاب کی مثال ہے دونوں میں دو موانع ہیں ایک تا تائے متکلم اور تائے خطاب دوسرے اخفا دونوں تا کے ثقل۔ تائے ضمیر اس لئے مانع ادغام ہے کہ یہ ضمیر علامت ہے اور علامت حذف نہیں کی جاتی ہے۔

[2] فَتَمَّ مِيْقَاتُ مشدد کی مثال ہے۔ مشدد اس لئے مانع ادغام ہے کہ اگر ادغام کردیں گے تو اجتماع سواکن لازم آئے گا اور یہ محال ہے یعنی اسکی ادائیگی محال ہے۔

[3] وَاسِعٌ عَلِيمٌ منون کی مثال ہے منون اس لئے مانع ادغام ہے کہ تنوین مدغم اور مدغم فیہ کے درمیان حائل ہوتی ہے جو ایک حرف کے حکم میں ہے۔

[4]۔ ادغام متقاربین کیلئے یہ بھی شرط ہے کہ مجزوم نہ ہو جیسے ولم یوت سعة اصل میں لم یو تی تھا لم کی وجہ سے حرف علت حذف ہے جو مدغم اور مدغم فیہ کے درمیان حائل ہے اصل کا اعتبار کر کے اظہار ہی ہے۔ مثلین جب معتل ہو تو اظہار ادغام دونوں جائز ہیں۔ جیسا کہ خود صاحب جامع القراءت نے بیان فرمادیا مَن يَّبْتَغِ غَيْرَ کی مثال سے۔

[5]۔ مَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ اور اِنْ يَّكُ كَاذِبًا چونکہ مثلین ہے اس لئے ادغام اظہار دونوں جائز ہیں اصل کا اعتبار کر کے اظہار اور التقاء مثلین کا اعتبار کر کے ادغام

نوٹ۔ يَبْتَغِ اصل میں يبتغی تھا اِنْ يَّكُ اصل میں اَنْ يَّكُوْنُ تھا جازم کی وجہ سے حرف علت حذف کردیا گیا۔ ان یکون میں جازم کی وجہ سے نون ساکن ہوگیا نون ساکن اور واو میں جزم کی وجہ سے التقائے ساکنین ہوا تو واو حذف کردیا گیا اور نون کو تخفیفا حذف کردیا گیا۔

[6] ۔ ادغام تخفیفا کیا جاتا ہے یہاں اخفاہی سے تخفیف حاصل ہوگئی ہے اس لئے ادغام کی ضرورت باقی نہ رہی۔

[7] التقائے مثلین کی وجہ سے ادغام اور توالی اعلال نہ لازم آنے کی وجہ سے اظہار۔ نوٹ۔ فَاِنَّ لَهُمْ کے فَاِنَّ میں بھی تعلیل ہوئی ہے اس میں بھی دو وجہیں جائز ہونی چاہئے مگر اس میں صرف بالاتفاق ایک ہی وجہ ادغام کی ہے کثیر الدور کی وجہ سے۔

https://alislami.net

**فائدہ۔** اگر کسی کلمہ سے یائے متکلم حذف ہو جائے تو بوجہ حذف یا ادغام ہوگا جیسے وَیٰقَوْمِ مَالِیْ وغیرہ اس میں اظہار جائز نہیں[1]

**فائدہ۔** مثل ھُوَ وَ مَنْ کے کوئی کلمہ ہو تو اس میں اظہار اور ادغام دونوں جائز ہیں[2] لیکن مثل اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ کے کوئی کلمہ آئے تو اس میں صرف ادغام ہوگا۔[3]

**فائدہ۔** چونکہ مثل فِیْ یَوْمٍ کی یا میں سکون لازم ہے اس وجہ سے ادغام جائز نہیں اور یَاْتِیَ یَوْمٌ کے مثل میں سکون عارض ہے اس وجہ سے سوسی کے نزدیک ادغام لازم ہے۔

**فائدہ۔** ھُوَ وَمَنْ اور اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ کے حکم میں فرق بوجہ ضمیر کے ہے تا کہ نفس کلمہ اور ضمیر کی حیثیت سے دونوں میں فرق رہے یہ نکات بعد الوقوع ہے۔[4]

---

[1] اسمیں صرف ادغام ہے اظہار نہیں یٰقَوْمِ کو یَبْتَغِ جیسے کلمات پر قیاس نہیں کرنا چاہئے کیوں کہ تو ی معتل نہیں ہے یا اصل حرف کی نہیں بلکہ اسکی یا متکلم کی یا ہے جو حرف ندا کی وجہ سے حذف ہو گئی جو کلمہ سے زائد تھی یبتغی کی یا کلمہ سے زائد نہیں ہے اس لئے ان دونوں میں یہ فرق ہے۔

[2] ھُوَ وَمَنْ میں مدغم کو ساکن کریں گے تو حرف مد ہو جائے گا حروف مدہ کا ادغام غیر مد میں جائز نہیں ہے۔ جیسے فِیْ یَوْمٍ میں جائز نہیں کیوں کہ پہلی یا مدہ ہے۔ سکون عارض کا اعتبار کر کے ادغام جائز ہے ھو کا واو اصل میں متحرک ہے ادغام کرنے کی وجہ سے ساکن کیا گیا ہے لہذا اصل کا اعتبار کر کے ادغام سکون کا اعتبار کر کے اظہار کیونکہ سکون کی وجہ سے یہ واو مدہ ہو گیا ویسے اس میں ادغام ہی مقرر ہے۔

**فائدہ۔** وَھُوَ وَلِیُّھُمْ جیسے کلمات میں سوسی کیلئے صرف ادغام ہے کیوں کہ سوسی وَھُوَ کی ہا کو ساکن وَھْوَ پڑھتے ہیں انکے نزدیک واو ساکن کرنے کی صورت میں یہ واو مدہ نہیں ہوگا بلکہ غیر مدہ رہیگا غیر مدہ کا ادغام غیر مدہ میں جائز ہے جیسا کہ روایت حفص میں ہے وَاتَّقَوْا وَاَحْسَنُوْا میں ادغام صغیر ہے۔

[3] ھُوَ وَمَنْ اور یَاْتِیَ یَوْمٌ کے فرق کو ماتن نے خود ہی آگے چل کر بیان فرما دیا۔

**فائدہ۔** ویسے ھُوَ وَ مَنْ میں سوسی کے نزدیک ادغام ہی مقرر ہے۔

[4] نکات بعد الوقوع یہ جملہ اس وقت بولا جاتا ہے جبکہ مصنف کے ذہن میں لکھنے کے وقت نکات ذہن میں نہ ہوں بلکہ لکھنے کے بعد ذہن میں آئے

https://alislami.net

۲۔ جب[1] دو حرف متحرک قریب المخرج ایک کلمہ میں واقع ہوں تو قاف کا کاف[2] میں ادغام ہوگا مثل خَلَقَكُمْ وغیرہ کے بشرطیکہ قاف سے پہلے بھی حرکت ہو اور بعد کاف کے میم جمع ہو ورنہ ادغام نہ ہوگا جیسے مِيثَاقَكُمْ اور نَرْزُقُكَ وغیرہ لیکن طَلَّقَكُنَّ میں ادغام احق[3] ہے۔

۳۔ جب دو حرف قریب المخرج دو کلموں میں واقع ہوں تو حسب ذیل صورتوں میں ادغام[4] ہوگا

(ح) کا ادغام عین میں صرف فَمَنْ زُحْزِحَ[5] عَنِ کے عین میں ہوگا۔

(ق) کا ادغام صرف کاف[6] میں ہوگا مثل خلق کل وغیرہ بشرطیکہ ماقبل متحرک ہو۔

---

[1] یہاں سے ادغام متجانسین وادغام متقاربین کا بیان شروع ہے۔ مگر یہاں ماتن نے صرف ادغام متقاربین ہی ذکر فرمایا ہے ادغام متجانسین کو ادغام متقاربین میں ضمناً ذکر فرمادیا ہے کیوں کہ تمامی قراء اپنی اپنی کتابوں میں ادغام متقاربین کی بحث زیادہ ہونے کی وجہ سے ادغام متقاربین وادغام متجانسین کو ایک ہی نام سے ذکر کرتے ہیں۔ یعنی (ادغام متقاربین) دوسری وجہ یہ ہے کہ ہر حرف کا مخرج الگ الگ ہے اصل کا اعتبار کرکے بیان کردیا ہے۔

[2] ۔ ادغام متقاربین ایک کلمہ میں صرف قاف کا کاف ہی میں ادغام ہوا ہے کاف کا قاف میں نہیں ہے اس کے لئے بھی شرط ہے کہ قاف کے ماقبل حرف ساکن نہ ہو اور کاف کے بعد میم جمع ہو اگر یہ شرطیں نہیں پائی گئیں تو ادغام نہ ہوگا جیسے خَلَقَكُمْ اسمیں دونوں شرطیں پائی گئیں اس لئے اس میں ادغام ہے بخلاف مِيثَاقَكُمْ اور نَرْزُقُكَ ان کے مثل میں ادغام نہیں ہے کیوں کہ پہلے کلمہ میں قاف کے ماقبل سکون ہے دوسرے کلمہ میں قاف کے بعد میم جمع نہیں ہے۔ اس وجہ سے ان دونوں میں ادغام نہیں ہے۔

[3] ۔ اگرچہ اس کلمہ میں ادغام کی دوسری شرط میم جمع مفقود ہے اسی وجہ سے بعض نے اسمیں اظہار کیا ہے مگر ادغام زیادہ بہتر ہے کیوں کہ تانیث اور جمع کی وجہ سے اس میں ثقالت ہے ادغام سے یہ ثقالت دور ہو جائیگی۔

[4] ۔ ادغام متقاربین میں بھی یہ شرط ہے کہ نہ منون ہو جیسے نَذِيرًا لَّكُمْ اور نہ تائے خطاب ہو جیسے فَلَبِثْتَ سِنِينَ اور نہ مجزوم ہو جیسے لَمْ يُؤْتَ سَعَةً ورنہ پہلا حرف مشدد ہو جیسے اَشَدَّ ذِكْرًا ان سب کلموں میں اور ان کے مثل کلموں میں ادغام نہ ہوگا۔

**فائدہ**۔ تائے متکلم اپنے کسی متقارب کے ساتھ قرآن میں واقع نہیں ہوئی اس وجہ سے اسکو بیان نہیں کیا ہے۔ ادغام متقاربین ادغام متجانسین سولہ حرفوں کا ہوگا اسکو تفصیل سے ماتن ایک ایک کرکے بیان فرمارہے ہیں۔ مخارج کی ترتیب پر سب سے پہلے حا کا ادغام فرمارہے ہیں

[5] ۔ حا کا ادغام عین میں صرف ایک ہی جگہ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ میں ہوگا جس کو ماتن نے فرمایا اس کے علاوہ حا کا عین میں کہیں نہیں ادغام ہوگا۔ لہذا المسیح عیسیٰ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ میں ادغام نہیں ہوگا۔

[6] ۔ قاف کا ادغام کاف میں ہر جگہ ہوگا مگر اسکے لئے شرط یہ ہے کہ قاف کے ماقبل متحرک حرف ہو اگر قاف کے ماقبل ساکن حرف ہوگا تو ادغام نہ ہوگا جیسے فَوْقَ كُلِّ میں۔

**نوٹ**۔ ادغام کبیر میں قاف کا ادغام کاف میں ادغام تام ہی ہوگا۔ ۱۲ منہ

https://alislami.net

(ک) کا ادغام صرف قاف[1] میں ہوگا مثل کَذٰلِکَ قَالَ وغیرہ بشرطیکہ ماقبل متحرک ہو۔

(ج) کا ادغام تا میں صرف ذِی الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ میں ہوگا اور شین میں صرف اَخْرَجَ شَطْاَہٗ میں ہوگا۔[2]

(ش) کا ادغام سین میں صرف ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا میں ہوگا۔[3]

(ض) کا ادغام شین میں لِبَعْضِ شَاْنِھِمْ میں ہوگا۔[4]

(س) کا ادغام صرف اَلنُّفُوْسُ زُوِّجَتْ[5] میں ہوگا اور اَلرَّاْسُ شَیْبًا میں اظہار[6] ادغام دونوں ہیں۔

(د) کا ادغام دس[7] حرف ت ث ج ذ ز س ش ص ض ظ میں ہوگا لیکن اگر دال مفتوح ماقبل ساکن ہو تو ادغام نہ ہوگا مثل بَعْدَ ذٰلِکَ وغیرہ۔

---

[1] اس کے لئے بھی شرط یہ ہے کہ کاف کے ماقبل ساکن نہ ہو اگر کاف کے ماقبل سکون ہوگا تو کاف کا ادغام قاف میں نہ ہوگا جیسے وَتَرَکُوْکَ قَآئِمًا میں۔

[2] یعنی جیم کا ادغام صرف انہیں دو حرفوں میں ہوگا ادغام متقاربین اور شین میں ادغام متجانسین ہوگا (ذِی الْمَعَارِجِ تَعْرُجُ سورۂ معارج میں اَخْرَجَ شَطْاَہٗ سورۂ فتح میں) یہ دونوں کلمے صرف ایک ایک ہی جگہ قرآن میں واقع ہیں

[3] شین معجمہ کا ادغام سین مہملہ میں صرف ایک ہی جگہ ہوا ہے جو سورۂ اسرائیل میں ہے (ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا)

[4] اسی طرح ضاد کا شین معجمہ میں ایک ہی جگہ ادغام ہوگا جو سورۂ نور میں ہے (لِبَعْضِ شَاْنِھِمْ)

[5] اسی طرح سین مہملہ کا ادغام زا معجمہ میں ایک جگہ ہوگا۔ (اَلنُّفُوْسُ زُوِّجَتْ) جو سورۂ تکویر میں ہے۔ ایک سین کا ادغام شین معجمہ میں (اَلرَّاْسُ شَیْبًا) میں ہوگا جو سورۂ مریم میں ہے مگر اس میں خلف ہے یعنی دونوں وجہیں ہیں ادغام و اظہار۔

[6] اظہار اسلئے ہے کہ مدغم کے ماقبل ہمزہ ساکنہ ہے ہمزہ ساکنہ کی ادائیگی میں ضغطہ ہے ضغطہ کی وجہ سے ادغام کرنے میں ثقل ہے چونکہ ادغام ثقل کو دور کرنے کیلئے ہوتا ہے اور ادغام برخلاف قاعدہ ہے۔

[7] دال کا ادغام ان دسوں حرفوں میں ہوگا جسکو ماتن نے بیان فرمادیا قاعدہ کلیہ کے طور پر ہے۔ مگر اس کے لئے یہ شرط ہے کہ دال مفتوح ماقبل ساکن نہ ہو اگر دال مفتوح ماقبل ساکن ہو تو ادغام نہ ہوگا جیسے بَعْدَ ذٰلِکَ وغیرہ لیکن تا اس سے مستثنیٰ ہے۔ دال مفتوح ماقبل ساکن ہونے کے باوجود دال مفتوح کا تا میں ادغام ہوگا جیسے مَا کَادَ تَّزِیْغُ سورۂ توبہ میں بَعْدَ تَّوْکِیْدِھَا سورۂ نحل میں قرآن مجید میں یہ دو ہی مثالیں ہیں ہر ایک کے ایک ایک مثال تحریر کر رہا ہوں دال کا تا میں جیسے فِی الْمَسٰجِدِ تِّلْکَ دال کا ثا میں جیسے تُرِیْدُ ثَّوَابَ دال کا جیم میں جیسے دَاوٗدُ جَّالُوْتَ دال کا ذال میں مِنْ بَعْدِ ذّٰلِکَ۔ دال کا زا میں جیسے تُرِیْدُ زِّیْنَۃَ۔ دال کا سین میں جیسے یَکَادُ سَّنَا بَرْقِہٖ۔ دال کا شین میں جیسے وَشَھِدَ شَّاھِدٌ دال کا صاد میں جیسے نَفْقِدُ صُّوَاعَ دال کا ضاد میں جیسے مِنْۢ بَعْدِ ضَّرَّآءَ۔ دال کا ظا میں جیسے مِنْۢ بَعْدِ ظُّلْمِہٖ۔

https://alislami.net

(ت) کا ادغام دال کے دس حرف مدغم فیہ اور طا یعنی گیارہ حرفوں میں ہوگا[1] لیکن[2] حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ. الزَّكٰوةَ ثُمَّ اٰتِ ذَا الْقُرْبٰى. وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اور جِئْتِ شَيْئًا میں اظہار اور ادغام دونوں ہیں

(ث) کا ادغام ت، ذ، س، ش، ض میں ہوگا[3]۔

(ذ) کا ادغام صرف س، ص میں ہوگا[4]۔

(ل) کا ادغام صرف را میں ہوگا بشرطیکہ ماقبل متحرک ہو[5] جیسے قَدْ جَعَلَ رَبُّكَ وغیرہ مگر باوجود ماقبل ساکن ہونیکے صرف قال کا لام مدغم ہوگا[6] مثل قال رب اور قال رجل وغیرہ۔

(ر) کا ادغام صرف لام میں ہوگا[7] مثل سَخَّرَ لَكُمْ وغیرہ بشرطیکہ ماقبل متحرک ہو۔

---

۱۔ تا کا ادغام ان دال کے دس حرفوں میں اور طا میں ہوگا یعنی گیارہ حرفوں میں مگر ادغام متجانسین ومتقاربین دس ہی حرفوں میں ہوگا کیونکہ تا کا ادغام تا میں مثلین ہوگا۔ ہر ایک کی ایک ایک مثال۔ تا کا تا میں جیسے وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ۔ تا کا جیم میں جیسے الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ۔ تا کا ذال میں جیسے وَاللّٰهِ رَبِّ ذَرْوًا۔ تا کا زا میں جیسے الی الجنّةِ زُمَرًا۔ تا کا سین میں جیسے بالسَّاعَةِ سَعِيْرًا تا کا شین میں جیسے بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ تا کا ضاد میں جیسے وَالْمَلٰٓئِكَةِ صَفًّا۔ تا کا طا میں جیسے الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ۔ تا کا ظا میں جیسے وَالْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِىْ۔

**نوٹ** ۔ تا کا تا میں ادغام مثلین ہے جیسے اَلْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ۔

۲۔ التَّوْرٰىةَ ثُمَّ سورہ جمعہ میں الزَّكٰوةَ ثُمَّ سورہ بقرہ میں واٰتِ ذَا الْقُرْبٰى سورہ اسراء میں فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى سورہ روم میں۔ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ سورۂ نساء جِئْتِ شَيْئًا سورہ مریم ان پانچوں کلموں میں خلف ہے یعنی اظہار ادغام۔

**نوٹ** ۔ جِئْتِ شَيْئًا میں کسرہ کی وجہ سے ادغام تا خطاب کی وجہ سے اظہار۔

۳۔ ثا کا ادغام ان پانچ حرفوں میں ہوگا۔ ثا کا تا میں جیسے حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ثا کا ذال میں جیسے وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ ثا کا سین میں جیسے وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ۔ ثا کا شین میں حَيْثُ شِئْتُمَا۔ ثا کا ضاد میں جیسے حَدِيْثُ ضَيْفِ۔

۴۔ ذال کا ادغام سین اور صاد میں ہوگا، ذال کا سین میں جیسے فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ ذال کا صاد میں جیسے مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً

۵۔ اس کیلئے شرط ہے لام مفتوح ماقبل ساکن نہ ہو سوائے قال کے جیسے قَدْ جَعَلَ رَبُّكَ اگر لام مفتوح ماقبل ساکن ہو تو ادغام نہ ہوگا جیسے فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ اگر لام مکسور ومضموم ماقبل ساکن ہو تو ادغام ہوگا جیسے مِنْ فَضْلِ رَبِّىْ فَيَقُوْلُ رَبِّىْ

۶۔ کثرت الدور کی وجہ سے۔

۷۔ را کے ادغام کیلئے بھی وہی شرط ہے جو لام کے ادغام کیلئے ہے یعنی را مفتوح ماقبل ساکن نہ ہو جیسے وَسَخَّرَ لَكُمْ۔ اگر را مفتوح ماقبل ساکن ہو تو ادغام نہ ہوگا جیسے وَالْعَصْرِ ۱ الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ اور اگر را مکسور ومضموم ماقبل ساکن ہو تو ادغام ہوگا جیسے بِالذِّكْرِ لَمَّا۔ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ لَا يُكَلِّفُ۔

https://alislami.net

(ن) کا ادغام لام، را میں ہوگا بشرطیکہ ماقبل ساکن نہ ہو[1] مثل وَ لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ اور غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وغیرہ مگر لفظ نَحْنُ کا نون مدغم ہوگا[2] مثل وَ نَحْنُ لَهٗ وغیرہ

(ب) کا ادغام صرف يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ کے میم میں ہر جگہ ہوگا[3]۔

(م) کا ادغام ہونیکے بجائے ہر جگہ میم کا با میں اخفا ہوگا بشرطیکہ میم سے پہلے متحرک ہو[4] مثل اَعْلَمُ بِالشّٰکِرِيْنَ وغیرہ۔

**فائدہ۔** اگر کسی حرف ساکن صحیح کے بعد حرف مدغم واقع ہو اور بوجہ اجتماع ساکنین[5] ادغام صحیح ادا ہو نہ سکے تو بہتر یہ ہے کہ مدغم کی حرکت میں اختلاس کردے جیسے مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وغیرہ۔

**فائدہ۔** حرکت کے تین حصوں میں سے حرکت کا تیسرا حصہ نہ ادا کرنے کو اختلاس کہتے ہیں

---

۱۔ اگر ماقبل ساکن ہو تو ادغام نہ ہوگا جیسے بِاِذْنِ رَبِّهِمْ۔ يَكُوْنُ لَهٗ۔

۲۔ نَحْنُ کے نون کا ادغام لام میں ہوگا باوجود ماقبل ساکن ہونیکے جیسے نَحْنُ لَهٗ۔

**نوٹ۔** نَحْنُ کے بعد را قرآن مجید میں کہیں بھی واقع نہیں ہے اسلئے صرف لام ہی میں ادغام ہوگا۔

۳۔ صرف اسی کلمہ میں ادغام ہوگا جہاں کہیں واقع ہو اس کے علاوہ با کا ادغام میم میں کہیں نہیں ہوگا جیسے ضرب مثلاً۔

۴۔ اگر ماقبل ساکن ہو تو اخفا نہ ہوگا جیسے اِبْرٰهٖمَ بَنِيْهِ یہ اخفا بھی صرف بروایت سوسی ہے۔

۵۔ اجتماع ساکنین کی وجہ سے ادغام کرنے میں ثقل ہو تو اس صورت میں اختلاس جائز ہے۔ اختلاس کی تعریف خود ماتن نے تحریر فرمادی ہے۔ اختلاس و روم میں فرق یہ ہے کہ اختلاس حرکت کے تین حصوں میں سے تیسرا حصہ ادا نہیں کیا جاتا بلکہ حرکت کا دو حصہ ادا کیا جاتا ہے۔ روم حرکت کے تین حصوں میں دو حصہ نہیں ادا کیا جاتا بلکہ صرف ایک حصہ ادا کیا جاتا ہے۔ روم صرف مکسور و مضموم میں ہوتا ہے۔ اور حرکت اصلی میں اور صرف وصلاً اختلاس تینوں حرکتوں میں ہوتا ہے۔ حرکت اصلی ہو یا عارضی۔

https://alislami.net

# ﴿پانچویں فصل﴾

## ادغام صغیر کے احکام

حرف مدغم ساکن کو مدغم فیہ میں ملا کر مشدد پڑھنے کو ادغام صغیر کہتے ہیں۔ ادغام صغیر کے مواقع حسب ذیل ہیں۔

۱۔ ذال اِذْ[1] کا تْ، دْ، زْ، سْ، صْ، جْ میں بصری، ہشام، خلاد، کسائی ادغام کرتے ہیں اور جیم میں صرف بصری، ہشام ادغام کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ ابن ذکوان ذال اِذْ کا صرف دال میں اور خلف تا دال میں ادغام کرتے ہیں بقیہ قراء ذال اذ کا ہر جگہ اظہار کرتے ہیں۔

۲۔ دال قَدْ[2] کا جْ، ذْ، زْ، سْ، شْ، صْ، ضْ، ظْ ان آٹھوں حرفوں میں بصری ہشام، حمزہ، کسائی ادغام کرتے ہیں لیکن لَقَدْ ظَلَمَكَ میں ہشام اظہار کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ دال قَدْ کا ضْ، ظْ میں ورش کیلئے بھی ادغام ہے۔ اور ذ، ز، ض، ظ میں ابن ذکوان بھی ادغام کرتے ہیں لیکن وَ لَقَدْ زَيَّنَّا میں اظہار بھی کرتے ہیں۔ بقیہ قراء ہر جگہ اظہار کرتے ہیں۔

۳۔ تائے تانیث کے بعد ث، ج، ز، س، ص، ظ ان چھ حرفوں میں بصری حمزہ کسائی ادغام[3] کرتے ہیں۔

---

[1] جیسے اِذْ تَبَرَّاَ ۔ اِذْ دَخَلُوْا ۔ اِذْ زَيَّنَ ۔ وَاِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ۔ وَاِذْ صَرَفْنَا ۔ اِذْ جَعَلَ ۔ ذال اِذْ کا جو چھ حرفوں میں ادغام ہوا ہے اسکی ایک ایک مثال تحریر کردی ہے۔

[2] جیسے لَقَدْ جَآءَكُمْ ۔ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا ۔ وَلَقَدْ زَيَّنَّا ۔ قَدْ سَمِعَ ۔ قَدْ شَغَفَهَا ۔ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا ۔ قَدْ ضَلُّوْا ۔ فَقَدْ ظَلَمَ۔

[3] كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ ۔ نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ ۔ خَبَتْ زِدْنٰهُمْ ۔ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ ۔ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ ۔ كَانَتْ ظَالِمَةً۔

https://alislami.net

فائدہ۔ تائے تانیث کا ادغام صرف ظا میں ورش کیلئے بھی ہے۔

فائدہ۔ تائے تانیث کے بعد ث، س، ظ واقع ہو تو ابن عامر کیلئے بھی ادغام ہے لیکن لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ میں ہشام کیلئے صرف اظہار ہے اور وَجَبَتْ جُنُوبُهَا میں ابن ذکوان کیلئے خلف کہا گیا ہے لیکن اصل اظہار ہی ہے ادغام صحیح نہیں۔ بقیہ قراء تائے تانیث کا ہر جگہ اظہار کرتے ہیں۔

۴۔ لام کا ت، ث، ن میں کسائی ادغام کرتے ہیں[1] ۔

فائدہ۔ لامِ هَلْ کا ت، ث اور لام بل کا ت۔ سین میں حمزہ ادغام کرتے ہیں اور بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ میں خلاد کیلئے ادغام بالخلف ہے۔

فائدہ۔ هَلْ تَرَىٰ میں بصری بھی ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ لام هَلْ و بَلْ کا ہشام ہر جگہ ادغام کرتے ہیں لیکن نون یا ضاد واقع ہو تو اظہار کرتے ہیں۔ اسی طرح هَلْ تَسْتَوِي[2] میں بھی اظہار کرتے ہیں اور بقیہ قراء دونوں لام کا ہر جگہ اظہار کرتے ہیں۔

۵۔ با کا فا میں بصری خلاد کسائی ادغام کرتے ہیں جیسے يَغْلِبْ فَسَوْفَ وغیرہ لیکن يَتُبْ فَأُو لَئِكَ میں خلاد کیلئے خلف[3] ہے۔

---

[1] ان تینوں حرفوں میں لام هَلْ کا ادغام ہوتا ہے اور تا۔ نون میں بَلْ کے لام کا بھی ادغام ہوتا ہے جیسے هَلْ تَعْلَمُ۔ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ۔ هَلْ نَدُلُّكُمْ۔ جیسے بَلْ تَأْتِيهِمْ بَلْ نَحْنُ اور لام بل کا ادغام زا، سین، ضاد، طا۔ ظا میں ہوتا ہے جیسے بَلْ زُيِّنَ۔ بَلْ سَوَّلَتْ۔ بَلْ ضَلُّوا۔ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ ۔ بَلْ ظَنَنْتُمْ۔ پس لام هل۔ بل کا ادغام تا۔ نون میں مشترک ہے۔ ثا صرف هَلْ کیلئے مخصوص ہے بَلْ کے بعد ثا قرآن مجید میں آیا ہی نہیں۔ لہذا ساتوں حروف بل کیلئے اوپر کے تینوں حروف تا۔ ثا۔ نون هَلْ کیلئے مخصوص ہے لہذا کسائی کیلئے لام هَلْ و بَلْ کا ادغام ان آٹھوں حروف میں ہوتا ہے بقیہ قراء کے اختلاف کو خود ماتن آگے بیان فرما رہے ہیں۔

[2] جو سورۂ رعد میں ہے

[3] ادغام و اظہار دونوں وجہیں پڑھی جائینگی۔

https://alislami.net

فائدہ۔ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَاءُ میں نافع کی بصری با مجزوم پڑھتے ہیں۔ اس صورت میں قالون بصری ادغام کرتے ہیں ورش کی اظہار۔ بقیہ قراء با متحرک پڑھتے ہیں۔

فائدہ۔ نَخْسِفْ بِهِمُ میں فا کا با میں کسائی ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ اِرْكَبْ مَّعَنَا میں ورش ابن عامر اور خلف کے علاوہ کل قراء ادغام کرتے ہیں لیکن قالون بزی خلاد کیلئے ادغام بالخلف ہے۔

فائدہ۔ اُوْرِثْتُمُوْهَا میں بصری ہشام حمزہ کسائی ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ لَبِثْتَ اور لَبِثْتُمْ میں بصری شامی حمزہ کسائی ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ یَلْهَثْ ذٰلِكَ میں قالون بالخلف اور ورش کی بلا خلف اظہار کرتے ہیں اور بقیہ قراء اس میں ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ عُذْتُ وَنَبَذْتُهَا میں بصری حمزہ کسائی ادغام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ اِتَّخَذْتُ وَاتَّخَذْتُمْ اور اَخَذْتُ وَاَخَذْتُمْ میں کی حفص کے علاوہ کل قراء ادغام کرتے ہیں

فائدہ۔ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ میں لام مجزوم کا ذال میں ابوالحارث ادغام کرتے ہیں۔

۶۔ را کا لام میں بصری ادغام کرتے ہیں لیکن دوری کیلئے ادغام بالخلف ہے۔

۷۔ نون ساکن وتنوین کا حروف یرملون میں کل قراء ادغام کرتے ہیں لیکن واو یا میں ادغام ناقص ہے البتہ خلف ادغام تام کرتے ہیں۔

فائدہ۔ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ اور نٓ وَالْقَلَمِ میں ورش شامی کسائی ادغام کرتے ہیں لیکن ورش

https://alislami.net

نٓ والقلم میں اظہار بھی کرتے ہیں۔ بقیہ قراء دونوں جگہ اظہار کرتے ہیں۔

## ﴿چھٹی فصل﴾

## صلہ کے احکام

صلہ ایک ایسی ادا ہے جو اشباع حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔ اسکی مقدار واو مدہ اور یا مدہ کے برابر ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صلہ کے بعد ہمزہ آنے سے مد منفصل ہو جاتا ہے۔ صلہ ہمیشہ میم جمع اور ہائے ضمیر میں بحالت وصل ہوتا ہے خواہ ہائے ضمیر مکسور ہو یا مضموم لیکن مثل دیگر صفات عارضہ[1] کے صلہ بھی موقوف علی النقل ہے۔ قراء ترک صلہ کو قصر اور اختلاس سے بھی تعبیر کرتے ہیں میم جمع یا ہائے ضمیر کے بعد سکون واقع ہو تو کسی کے نزدیک صلہ نہ[2] ہوگا

فائدہ۔ میم جمع کے بعد سکون ہو تو میم مضموم پڑھی جائے گی جیسے عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ وغیرہ لیکن ابوعمرو بصری تبعًا للها میم جمع کو بھی کسرہ پڑھتے ہیں اور حمزہ کسائی تبعًا للمیم ہا کو بھی ضمہ پڑھتے ہیں جیسے بِهِمُ الْاَسْبَابُ اور عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ وغیرہ لیکن وقف میں قبل میم جمع کل قراء کے نزدیک ہر جگہ ہا مکسور ہوگی البتہ

---

[1] صلہ صفت عارضہ ہے (عارض بالحروف) اس لئے صلہ حالت وصل ہی میں کیا جاتا ہے حالت وقف میں صلہ ختم ہو جاتا ہے بلکہ اس ہائے ضمیر و میم جمع کو ساکن کر دیا جاتا ہے جیسے رَسُوْلُهٗ سے رَسُوْلُهْ عَلَيْهِمُوْا سے عَلَيْهِمْ

فائدہ۔ ہائے ضمیر کے ماقبل و مابعد حرکت و سکون کے اعتبار سے چار صورتیں نکلتی ہیں۔

۱۔ ہائے ضمیر کے ماقبل و مابعد دونوں حروف متحرک ہوں جیسے اِنَّهٗ هُوَ

۲۔ ہائے ضمیر کے ماقبل و مابعد دونوں حروف ساکن ہوں جیسے فِيْهِ الْقُرْاٰنُ

۳۔ ہائے ضمیر کے ماقبل متحرک و مابعد ساکن حرف ہو جیسے لَهُ الْمُلْكُ

۴۔ ہائے ضمیر کے ماقبل ساکن اور مابعد متحرک ہو جیسے فِيْهِ هُدًى ہر ایک کا حکم ماتن نے بیان کر دیا۔

[2] ماقبل متحرک یا ساکن ہو بہرحال کسی کے نزدیک صلہ نہ ہوگا۔ ماقبل ساکن جیسے فِيْهِ الْقُرْاٰن۔ ماقبل متحرک جیسے لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْهِمُ الْقِتَال۔

https://alislami.net

عَلَيْهِمْ اِلَيْهِمْ ،لَدَيْهِمْ کی ہا حمزہ کے نزدیک وصلاً و وقفاً مضموم پڑھی جائے گی خواہ ان کلمات کے بعد حرف ساکن ہو یا متحرک۔

ا۔ میم جمع کے بعد کوئی حرف متحرک ہو تو قالون بالخلف[1] اور ابن کثیر بلا خلف[2] میم جمع میں صلہ کرتے ہیں۔

۲۔ میم جمع کے بعد ہمزہ قطعی ہو تو ہر جگہ ورش صلہ کرتے ہیں جیسے اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وغیرہ اس وقت ورش کے مذہب کے مطابق صلہ کرتے وقت بوجہ سبب مد طول ہوگا اور قالون کے نزدیک بر بنائے مذہب توسط اور قصر ہوگا اور مکی کے نزدیک صرف قصر ہوگا۔

۳۔ ہائے ضمیر کے ماقبل اور مابعد متحرک ہو تو ہائے ضمیر میں کل قراء صلہ کرتے ہیں۔

۴۔ ہائے ضمیر کے ماقبل ساکن اور مابعد متحرک ہو تو ابن کثیر صلہ کرتے ہیں لیکن لفظ فِيْهِ مُهَانًا میں حفص بھی صلہ کرتے ہیں۔ باقی جن کلمات میں قراء کا اختلاف ہے وہ آگے نقشہ میں بیان کیے جاتے ہیں۔

---

[1] دو وجہیں ہوں گی صلہ اور ترک صلہ

[2] صرف صلہ ہوگا

https://alislami.net

# نقشہ ہائے ضمیر کے کلمات مختلف فیہ

| تعداد | کلمات ہائے ضمیر | اختلاف قراءت | رجال | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | یُؤَدِّهْ نُوَلِّهْ نُصْلِهْ نُؤْتِهْ | بسکون الہا | بصری شعبہ حمزہ | |
| ۲ | یُؤَدِّهِ نُوَلِّهِ نُصْلِهِ نُؤْتِهِ | بکسر الہامع القصر[1] | قالون ہشام | ہشام کا خلف |
| ۳ | یُؤَدِّهٖ نُوَلِّهٖ نُصْلِهٖ نُؤْتِهٖ | بکسر الہا مع الصلہ | ورش مکی شامی حفص کسائی | وجہ ثانی ہشام |
| ۱ | فَأَلْقِهْ | بسکون الہا | بصری عاصم حمزہ | |
| ۲ | فَأَلْقِهِ | بکسر الہا مع القصر | قالون، ہشام | ہشام کا خلف ہے |
| ۳ | فَأَلْقِهٖ | بکسر الہا مع الصلہ | بقیہ قراء[2] | ہشام کی وجہ ثانی |
| ۱ | یَأْتِهْ | بسکون الہا | سوسی | |
| ۲ | یَأْتِهِ | بکسر الہا مع القصر | قالون ہشام بالخلف | |
| ۳ | یَأْتِهٖ | بکسر الہامع الصلہ | بقیہ قراء[3] | قالون ہشام کی وجہ ثانی |
| ۱ | یَرْضَهْ | بسکون الہا | سوسی بلاخلف دوری<br>ہشام بالخلف | |
| ۲ | یَرْضَهُ | بضم الہا مع القصر | نافع ہشام عاصم حمزہ | ہشام کی وجہ ثانی |
| ۳ | یَرْضَهٗ | بضم الہا مع الصلہ | مکی دوری ابن ذکوان کسائی | دوری کی وجہ ثانی |

۱۔ اس سے ہر جگہ ترک صلہ مراد ہوگا ۱۲ ج قادری

۲۔ ورش۔ مکی۔ ابن ذکوان۔ ہشام بالخلف۔ کسائی۔ ۱۲

۳۔ قالون۔ ہشام بالخلف۔ دوری بصری۔ ابن ذکوان۔ عاصم۔ کسائی بلاخلف ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

| تعداد | کلمات ہا ضمیر | اختلاف قراءت | رجال | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | وَ يَتَّقْهِ | بسکون القاف و کسر الهامع القصر | حفص | بقیہ قراء قاف مکسور پڑھتے ہیں |
| ۲ | ويَتَّقِهْ | بسکون الها | بصری شعبہ۔ خلاد بالخلف | |
| ۳ | وَ يَتَّقِهِ | بکسر الهامع القصر | قالون بلا خلف ہشام بالخلف | |
| ۴ | ويَتَّقِهٖ | بکسر الهامع الصله | بقیہ قراء[1] | ہشام خلاد کی وجہ ثانی |
| ۱ | اَرْجِهِ | بکسر الهامع القصر | قالون | |
| ۲ | اَرْجِهٖ | بکسر الهامع الصله | ورش کسائی | |
| ۳ | اَرْجِهْ | بسکون الها | عاصم حمزہ | |
| ۴ | اَرْجِئْهُو | مهموز و مضموم الهامع الصله | مکی ہشام | |
| ۵ | اَرْجِئْهُ | مهموز و مضموم الهامع القصر | بصری | |
| ۶ | اَرْجِئْهِ | مهموز و مکسور الهامع القصر | ابن ذکوان | |

فائدہ۔ خَيْرًا يَّرَهٗ وَ شَرًّا يَّرَهٗ جو سورۂ زلزال میں ہے اسکی ہا ہشام ساکن[2] پڑھتے ہیں۔

بقیہ قراء متحرک مع الصلہ پڑھتے ہیں

---

[1] ورش۔ ہشام وخلاد بالخلف۔ ابن ذکوان۔ خلف۔ کسائی بلا خلف ۱۲

[2] حالت وصل میں۔ حالت وقف میں تو کل قراء ساکن پڑھتے ہیں۔ ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

# ﴿ساتویں فصل﴾

## مدّ[1] کے احکام

۱۔ مد متصل میں ورش حمزہ طول کرتے ہیں بقیہ کل قراء توسط کرتے ہیں۔

۲۔ مد منفصل میں بھی ورش حمزہ طول ہی کرتے ہیں اور قالون دوری توسط اور قصر کرتے ہیں شامی عاصم کسائی صرف توسط کرتے ہیں اور مکی سوسی صرف قصر کرتے ہیں۔

۳۔ مد بدل یعنی حرف مد سے پہلے ہمزہ واقع ہو مثل اٰمَنُوْا وغیرہ کے۔ اس میں ورش کے لئے تین قول ہیں۔ قصر، توسط، طول ان تینوں وجہوں کو اصطلاح قراء میں تثلیث کہتے ہیں۔

تنبیہ۔ مد بدل میں اگر ہمزہ وصلی کے بعد حرف مد عارضی ہو مثل ائْتُوْنِیْ یا حرف صحیح ساکن کے بعد ہمزہ اور حرف مد ایک کلمہ میں ہو جیسے قُرْءَ ان وَ مَسْئُوْلًا وغیرہ تو مد نہ ہوگا اسی طرح اِسْرَآئِیْل بھی مستغنی ہے۔

فائدہ۔ مدلین کے ساتھ مد بدل واقع[2] ہو مثل سَوْاٰتِهِمَا کے تو ورش کیلئے مدلین میں قصر ہوتے ہوئے مد بدل میں تثلیث اور توسط مع التوسط چار وجہیں[3] مقرر ہیں۔ ان چار وجہوں کو قراء تربیع کہتے ہیں لیکن مد بدل اور مدلین متصل دو کلموں میں واقع ہوں تو تثلیث مع التوسط اور طول مع الطول ہوگا۔ مثل اٰتَیْتُمُوْهُنَّ[4] شَیْئًا کے۔

---

۱۔ مد اصلی و فرعی اور اسکے اقسام کی تعریفیں وغیرہ کتب روایت حفص علیہ الرحمہ میں تفصیل کے ساتھ گذر چکی ہیں۔ مزید دیکھنی ہوں تو جامع التجوید میں دیکھیں یہاں صرف قراء کے اختلاف کو مد نظر رکھتے ہوئے اختلافی مسائل کو ماتن نے بیان فرمایا ہے۔

۲۔ ایک کلمہ میں۔ ۳۔ کل نو وجہیں نکلتی ہیں۔ چار وجہیں جائز ہیں جس کو ماتن نے بیان فرمادیا۔ پانچ وجہیں ناجائز ہیں۔ توسط مع القصر[1] والطول[2]۔ طول مع القصر والتوسط[3] والطول[4]۔ ۴۔ اس میں بھی کل نو وجہیں نکلتی ہیں جسمیں چار وجہیں جائز ہیں جسکو ماتن نے تحریر فرمادیا۔ پانچ وجہیں ناجائز ہیں وہ یہ ہیں قصر مع القصر[1] والطول[2]۔ توسط مع القصر[3]۔ طول مع القصر[4] والتوسط[5]۔

https://alislami.net

**فائدہ**۔ اگر مدبدل کے ساتھ ذوات الیا[1] آجائے مثل فتلقی ادم کے اس صورت[2] میں ورش کیلئے فتح[3] مع القصر والطول اور تقلیل[4] مع التوسط والطول چار وجہیں مقرر ہونگی ان چار وجھوں کو بھی ترجیح کہتے ہیں۔ فتح میں توسط اور تقلیل میں قصر نا جائز ہے۔ یاد کرنے کے لئے یہ شعر کافی ہے۔

كَأٰتِى[5] لِوَرْشٍ نِ الْفَتْحُ بِمَدٍ وَّقَصْرٍ ؛
وَقَلِّلْ مَعَ التَّوسُّطِ والمَدِّ مُكَمَّلا

لفظ الْئٰنَ میں چھ وجہیں[6] ہونگی یعنی طول مع المثلیث تو توسط مع التوسط تو توسط مع القصر اور قصر مع القصر

۴۔ مدلین متصل مثل شَیْءٍ[7] اور شَیْئًا وغیرہ کے اس میں ورش کیلئے صرف توسط اور طول ہے بقیہ کل قراء قصر کرتے ہیں۔ لیکن مَوْءُدَةٌ[8] اور مَوْئِلًا[9] ورش کے نزدیک مستثنیٰ ہے۔

---

[1] یاوالا الف یعنی وہ الف جو یا کی صورت میں مرسوم ہو جیسے موسیٰ عیسیٰ۔ یا اصل میں یائی ہو جیسے دنیا یائی کی کل صورتیں تفصیل کے ساتھ امالہ کی فصل میں آئیں گی۔

[2] یعنی جس ذوات الیا میں ورش کا خلف ہو یعنی امالہ صغریٰ و فتح اس صورت میں ترجیح ہوگی۔

**فائدہ**۔ حیثیت تین وجھوں کو کہتے ہیں۔ ترجیح جس میں چار وجہیں پڑھی جاتی ہوں ۔

[3] ترک امالہ کو کہتے ہیں۔

[4] امالہ صغریٰ کو کہتے ہیں امالہ صغریٰ اسکو کہتے ہیں کہ الف امالہ کی طرف مائل ہو اسکو بین اللفظین بھی کہتے ہیں۔

[5] مثل الئٰن کے کوئی لفظ آجائے (یعنی وہ ذوات الیا جس میں ورش کا خلف ہو اس کے ساتھ مدبدل آجائے تو اس میں ورش کے نزدیک ترجیح ہوگی) تو ورش کیلئے فتح پڑھ (یعنی ترک امالہ) قصر و طول کی حالت میں اور تقلیل کر (یعنی امالہ صغریٰ) توسط و طول کی حالت میں تا کہ امام ورش کی قرأت مکمل ہو جائے۔

[6] کل نو وجہیں نکلتی ہیں جسمیں یہ چھ وجہیں جائز ہیں جسکو ماتن نے تحریر فرمادیا۔ تین وجہیں نا جائز ہیں۔ قصر مع التوسط والطول توسط مع الطول اسلئے کہ الئٰن کے لام پر حرکت آجانے کی وجہ سے جائز ہو گئیں مگر لام متحرک کے باوجود مدبدل سے یہ مد قوی ہوگا کیونکہ اس کو حرکت عارضی ہے اصل میں یہ لازم ہے اس وجہ سے مدبدل میں طول کی حالت میں ال میں توسط، قصر نا جائز ہے توسط کی حالت میں قصر نا جائز ہے تا کہ قوی پر ضعیف کو ترجیح نہ لازم آئے۔

[7] مدلین متصل اسے کہتے ہیں کہ حرف لین کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو جیسے شَیْئًا۔

[8] مَوْءُدَةٌ اس میں دو حرف مد اور واو جمع ہو جانے کی وجہ سے ثقل سے بچتے ہوئے مستثنیٰ کیا۔

[9] مَوْئِلًا نقل کی وجہ سے کیونکہ آگے کی آیت میں لفظ مَوْعِدًا آرہا ہے۔

https://alislami.net

۵۔ مد لازم اس میں کل قراء طول ہی کرتے ہیں۔

۶۔ مد عارض اس میں کل قراء کیلئے طول، توسط، قصر تینوں وجہیں جائز ہیں۔

۷۔ مد لین لازم اسمیں بھی کل قراء کیلئے وجوہ ثلثہ ہیں لیکن طول اولی ہے۔

۸۔ مد لین عارض اس میں بھی کل قراء کیلئے وجوہ ثلثہ ہیں۔ لیکن قصر اولیٰ ہے۔

۹۔ مد متصل وقفی اس میں وقف بالاسکان اور وقف بالاشمام کرنے کی صورت میں توسط کے علاوہ طول بھی جائز ہے لیکن قصر جائز نہیں۔ اور وقف مع الروم[1] کی صورت میں صرف توسط ہے۔

۱۰۔ مد لازم وقفی اس میں سکون عارضی کی وجہ سے بھی طول جائز ہے لیکن مد لازم کا طول اولیٰ ہے[2]۔

فائدہ۔ الصَّلوٰۃ[3] اور اس کے مثل میں حالت وقف میں مد لازم ہو جائیگا لہذا اسمیں صرف طول ہی ہوگا۔

## ﴿ آٹھویں فصل ﴾

## ہمزتین کے احکام

جب کسی جگہ دو ہمزے جمع ہو جاتے ہیں تو ایک قسم کا ثقل[4] ہوتا ہے خواہ دونوں ہمزے ایک کلمہ[5] میں ہوں یا دو کلموں[6] میں اس ثقل کو قراء مختلف طریقوں سے دور کرتے ہیں۔ اس ثقل کو دور کرنیکے لئے ہمزہ

---

[1] اگر وقف بالروم مثل السُّفَهَاءُ پر کیا گیا تو اسکو مد متصل وقفی نہیں کہیں گے۔ اسوجہ سے اسمیں طول جائز نہیں کیونکہ وقف بالروم وصل کے حکم میں ہے۔ امام حمزہ اور ہشام کیلئے روم کی حالت میں تسہیل ہوگی اس لئے حمزہ کے لئے طول بر بنائے مذہب قصر بر بنائے تغیر ہشام کیلئے توسط بر بنائے مذہب قصر بر بنائے تغیر دو دو وجہیں ان دونوں حضرات کیلئے ہونگی اور ورش کیلئے بہر صورت طول ہی ہوگا۔

[2] مثل جَآنٌ اسمیں سکون عارضی کی وجہ سے توسط و قصر جائز نہیں تاکہ مد عارض کو مد لازم پر ترجیح نہ لازم آئے۔ روم و اشمام کی حالت میں بھی طول ہی ہوگا۔ [3] کیونکہ وقف کی حالت میں تائے متحرکہ مدورہ ہائے ساکنہ سے بدل جاتی ہے۔ یعنی بدلنا عارض ہے اور اس پر سکون لازم ہے اسی لئے تو اس ہا میں روم و اشمام جائز نہیں ہے۔

[4] ادائگی میں دشواری واقع ہوتی ہے۔ [5] جیسے ءَاَنْذَرْتَهُمْ [6] جیسے جَآءَ اَحَدٌ

https://alislami.net

جو تغیر ہوتا ہے اسکو تغییر کہتے ہیں اسکی چند صورتیں ہیں۔ تسہیل[1] محض، تسہیل[2] مع الادخال، ابدال[3]، نقل[4]، اسقاط[5] لہذا جن صورتوں میں جن حضرات کیلئے جو حکم بیان کیا جائے ان کا ادا کرنا واجب ہے ورنہ انکی قراءت صحیح نہ ہوگی۔

۱۔ جب ایک کلمہ میں دو ہمزے مفتوحہ جمع ہوں مثل ءَ اَنْـذَرْتَهُمْ وغیرہ تو اس صورت میں قالون، بصری، ہشام تسہیل مع الادخال کرتے ہیں یعنی ہمزہ مسہلہ سے پہلے ایک الف زائد کرتے ہیں۔

۲۔ اس صورت میں ورش اور مکی تسہیل محض کرتے ہیں۔ ہمزۂ اُولیٰ بہر صورت محقق ہوگا۔

۳۔ صورت مذکورہ میں ورش کی وجہ ثانی ابدال بالمد بھی ہے اس صورت میں مد لازم ہو جائے گا اسی طرح ءَ اَلِئٰذ میں بھی ابدال ہوگا مگر اس صورت میں مد بدل کی تثلیث نہ ہوگی۔

۴۔ صورت مذکورہ میں ہشام کیلئے وجہ ثانی تحقیق مع الادخال بھی ہے یعنی ہمزہ ثانیہ کے قبل ایک الف زائد کرتے ہیں۔ لیکن اجراء میں تسہیل مع الادخال مقدم ہے۔ جس طرح ورش کیلئے تسہیل محض مقدم ہے۔

تنبیہ۔ ادخال کی صورت میں حرف مد کے بعد ہمزہ اور قبل ہمزہ کے حرف مد پایا جاتا ہے لیکن بہر صورت[6] مد نہ ہوگا اس لئے کہ محل مد عارض ہے۔ اسی طرح بحالت وقف مثل جُـفَـاءً ورش کیلئے الف

---

۱۔ **تسہیل محض** اسکو کہتے ہیں کہ ہمزہ کو حرف مدہ اور ہمزہ کے مخرج کے درمیان سے ادا کرنا یعنی اگر ہمزہ مفتوح ہو تو الف اور ہمزہ کے درمیان اگر مضموم ہو تو ہمزہ اور واو کے درمیان مکسور ہو تو ہمزہ اور یا کے درمیان ادا کرنا اور دونوں ہمزوں کے درمیان الف نہ داخل کرنا۔

۲۔ **تسہیل مع الادخال** اسکو کہتے ہیں کہ دونوں ہمزوں کے درمیان الف داخل کرنا پہلے ہمزہ کو تحقیق سے اور دوسرے ہمزہ کو تسہیل سے ادا کرنا۔

۳۔ **ابدال** ہمزہ کو حروف مدہ سے بدلنا قاعدہ کے موافق کہیں الف سے جیسے مَأْكُوْل سے مَاكُول جَاءَ اَحَدٌ سے جَا اَحَدٌ کہیں واو سے جیسے يُؤْمِنُوْنَ سے يُوْمِنُوْن۔ نَشَاءُ اَصَبْنَا سے نَشَاءُ وَصَبْنَا۔ کہیں یاء سے جیسے لِئَلَّا سے لِيَلَّا۔ مِنَ السَّمَاءِ اٰيَةً سے مِنَ السَّمَاءِ يَايَةً

۴۔ **نقل** یعنی ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کے ماقبل حرف ساکن کو دینا اور ہمزہ کو حذف کر دینا جیسے قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ۔

۵۔ **اسقاط** یعنی ہمزہ کو بغیر نقل حرکت کے حذف کر دینا جیسے جَاءَ اَحَدٌ سے جَا اَحَدٌ۔ **فائدہ**۔ نقل اور اسقاط میں فرق یہ ہے کہ نقل میں ہمزہ کی حرکت منتقل کرنے کے بعد ہمزہ کو حذف کیا جاتا ہے اسقاط میں بغیر نقل حرکت کے ہمزہ کو حذف کیا جاتا ہے نقل کی مثال قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ اسقاط کی مثال ءَ اَعْجَمِيٌّ سے اَعْجَمِيٌّ ہر ایک کا حکم ماتن نے نمبروار بیان فرما دیا

۶۔ ادخال کی صورت میں مد متصل کا قاعدہ جاری نہیں کریں گے۔ چاہے تسہیل مع الادخال ہو یا تحقیق مع الادخال۔ بقیہ صفحہ ۴۳ پر

https://alislami.net

مبدلہ میں بدل نہ ہوگا البتہ ءَاَنْتَ کے مثل میں ورش کیلئے ابدال کی صورت میں مد لازم[۱] ہوگا اسلئے کہ الف مبدلہ قائم مقام حرف اصلی کے ہے۔

تنبیہ۔ ءَاَمنتم کے مثل میں ادخال جائز نہیں[۲] اس وجہ سے کہ اس میں ادخال ثابت نہیں

۵۔صورت مذکورہ میں ابن ذکوان عاصم حمزہ کسائی تحقیق محض کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔لفظ ءَاَعْجَمِیٌّ جو سورۂ فصلت میں ہے اسمیں شعبہ حمزہ کسائی تحقیق کرتے ہیں اور قالون بصری تسہیل مع الادخال کرتے ہیں اور ورش مکی حفص ابن ذکوان تسہیل محض کرتے ہیں ۔اور ورش حسب قاعدہ ابدال بھی کرتے ہیں اور ہشام ہمزۂ اولیٰ کا اسقاط کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔لفظ اَذْهَبْتُمْ[۳] جو سورہ احقاف میں ہے اس میں شامی مکی ایک ہمزہ زائد کرتے ہیں اسوجہ سے مکی کیلئے تسہیل محض ہے اور ہشام کیلئے تسہیل و تحقیق مع الادخال ہے اور ابن ذکوان کیلئے تحقیق محض ہے

**فائدہ**۔اَنْ یُّؤْتیٰ جو سورۂ ال عمران میں ہے اس میں صرف مکی ایک ہمزہ زائد کرتے ہیں اور حسب قاعدہ تسہیل محض کرتے ہیں۔

---

بقیہ صفحہ ۴۲ کا۔ ادخال اور ابدال دونوں صورتوں میں مد فرعی نہ ہوگا۔کیوں کہ دونوں میں محل مد عارض ہے۔

نوٹ۔تغیر کی صورتوں میں تحقیق محض۔اور تحقیق مع الادخال کو اس لئے شمار نہیں کیا کہ اس ہمزہ میں تغیر ہی نہیں کیا گیا ہے ۔۱۲ج قادری

۱۔یہاں بھی محل مد عارض ہے مگر سکون لازم کی وجہ سے طول ہی اس میں ثابت ہے تا کہ سکون تام ادا ہو جائے اور سکون کی ادائگی میں ثقل نہ ہو۔

۲۔ہمزہ کے بعد الف داخل کرنے سے دو ہمزہ اور دو الف جمع ہو جائیں گے جس کی ادائگی میں ثقل ہے۔ادخال جو کیا جاتا ہے ثقل کو دور کرنے کیلئے کیا جاتا ہے۔یہاں ادخال ہی سے ثقل ہوگا۔لہذا اس میں ادخال بے سود ہے۔

۳۔لفظ اَذْهَبْتُمْ کو بعض قراء ءَاَذْهَبْتُمْ ایک ہمزہ زائد کرکے پڑھتے ہیں جب اس ایک ہمزہ کو بعض قراء دو ہمزہ پڑھتے ہیں تو ان قراء حضرات کیلئے ہمزتین کا قاعدہ جاری کیا جائے گا ایسے کلمات چار ہیں اذھبتم ان کان. ان یؤتی. ءَامَنْتُمْ ہر ایک کے حکم کو ماتن تفصیل سے بیان فرمارہے ہیں۔

https://alislami.net

**فائدہ**۔ اَنْ کَانَ جو سورۂ قلم میں ہے اس میں شامی شعبہ حمزہ ایک ہمزہ زائد کرتے ہیں لیکن شامی تسہیل بھی کرتے ہیں اور ہشام حسب قاعدہ تسہیل مع الادخال کرتے ہیں۔ اور شعبہ حمزہ تحقیق محض کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ ءَ اٰمَنْتُمْ جو سورہ اعراف، طٰہٰ، شعراء میں ہے اس میں شعبہ حمزہ کسائی دونوں ہمزہ کی تحقیق کرتے ہیں۔ بقیہ قراء تسہیل کرتے ہیں۔ لیکن اس میں ادخال اور ابدال جائز نہیں۔ حفص[1] ہمزۂ اولی کا اسقاط کرتے ہیں۔ اور قنبل صرف سورۂ طٰہٰ میں اسقاط کرتے ہیں۔ اور سورۂ اعراف اور سورۂ ملک میں بحالت وصل ءَ اٰمَنْتُمْ[2] کے پہلے ہمزہ کو واو سے بدل کر پڑھتے ہیں۔

## پہلا ہمزہ مفتوح ثانی مکسور کے احکام

۱۔ مثل ءَ اِنَّا اس صورت میں قالون بصری تسہیل مع الادخال کرتے ہیں۔

۲۔ صورت مذکورہ میں ورش مکی تسہیل محض کرتے ہیں۔

۳۔ صورت مذکورہ میں ہشام کیلئے تحقیق مع الادخال اور تحقیق محض دونوں ہیں لیکن مریم میں ءَ اِذَا مَا مِتُّ سورۂ اعراف میں ءَ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ اور ءَ اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اور سورۂ شعراء میں ءَ اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اور سورۂ صافات میں اَئِنَّكَ اور اَئِفْكًا اور سورۂ فصلت میں اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ ان ستّ[3] کلمات میں بلا خلف ادخال ہے البتہ سورۂ فصلت میں تسہیل بالخلف ہے۔

**فائدہ**۔ لفظ الـــمــــہ میں نافع مکی بصری تسہیل محض کرتے ہیں اور ہشام ادخال[4] بالخلف کرتے ہیں۔

---

۱۔ ءَ اٰمنتم سے امنتم

۲۔ ءَ اٰمنتم کو وَ اٰمنتم پڑھتے ہیں۔

۳۔ ہشام کیلئے ان ساتوں کلمات میں صرف تحقیق مع الادخال ہی ہے البتہ سورۂ فصلت میں جو ءَ اِنَّكُمْ ہے اس میں تسہیل و تحقیق مع الادخال ہے

۴۔ یعنی تحقیق محض اور تحقیق مع الادخال ہے۔ ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

۴۔ پہلا ہمزہ مفتوح ثانی مکسور ہو تو ہشام کیلئے وجہ ثانی اور ابن ذکوان وکوفی کیلئے تحقیق محض ہے

## پہلا ہمزہ مفتوح ثانی مضموم کے احکام

۱۔ مثل ءَ اُنْـــزِلَ اس صورت میں قالون کیلئے بلا خُلف[۱] ور بصری کیلئے بالخُلف[۲] تسہیل مع الادخال ہے۔

۲۔ صورت مذکورہ میں ورش کی بصری کیلئے تسہیل محض ہے یہ بصری کی وجہ ثانی ہے۔

۳۔ صورت مذکورہ میں ہشام کیلئے تین وجہیں ہیں۔ تحقیق مع الادخال۔ تحقیق محض اور تسہیل مع الادخال لیکن قل اَؤُ نَبِّئُكُم جو سورۂ ال عمران میں ہے اس میں ہشام کیلئے دو وجہیں ہیں۔ تحقیق محض اور تحقیق مع الادخال

۴۔ صورت مذکورہ میں ابن ذکوان وکوفی تحقیق محض کرتے ہیں۔

## ہمزتین فی کلمتین کے احکام

۱۔ جب دو ہمزے دو کلموں میں واقع ہوں اور دونوں مفتوح ہوں مثل جَـــاءَ اَحَـدُ تو اس صورت میں قالون بزی بصری ہمزۂ اولیٰ کا اسقاط[۳] کرتے ہیں۔

۲۔ صورت مذکورہ میں ورش قنبل ہمزۂ ثانیہ میں تسہیل[۴] وابدال کرتے[۵] ہیں۔ لیکن ابدال کی صورت میں ورش کیلئے مدِ بدل میں تثلیث نہ ہوگی۔ اس لئے کہ محل مدِ منفصل واقع ہے۔

۳۔ صورت مذکورہ میں بقیہ قراء دونوں ہمزوں کی تحقیق کرتے ہیں۔

---

۱۔ صرف تسہیل مع الادخال ہے

۲۔ تسہیل مع الادخال اور تسہیل محض ہے

۳۔ پہلے والے ہمزہ کو ساقط کردیں اس صورت میں مدِ منفصل ہو جائے گا لہذا اس میں قصر بھی جائز ہے مگر توسط بہتر ہے کیونکہ اصل میں یہاں مدِ متصل ہی ہے ہمزہ کا گرانا تخفیفاً ہے

۴۔ تسہیل الف اور ہمزہ کے درمیان

۵۔ ابدال الف سے ہوگا جیسے جاءَ احَد

https://alislami.net

۴۔ جب دونوں ہمزے مضموم ہوں مثل اَولیاءُ اُولٰئک تو اس صورت میں قالون بزی ہمزۂ اولیٰ کی تسہیل[۱] کرتے ہیں۔

۵۔ صورت مذکورہ میں ورش قنبل ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل[۲] کرتے ہیں۔ انھیں کیلئے ہمزۂ ثانیہ کا واو ساکنہ[۳] سے ابدال بھی ہے۔

۶۔ صورت مذکورہ میں بصری کیلئے ہمزۂ اولیٰ کا اسقاط ہے۔

۷۔ صورت مذکورہ میں بقیہ قراء دونوں ہمزوں کی تحقیق کرتے ہیں۔

۸۔ جب دونوں ہمزے مکسور ہوں جیسے مِنَ السَّمَآءِ اِن تو اس صورت میں قالون بزی ہمزۂ اولیٰ کی تسہیل[۴] کرتے ہیں۔

۹۔ صورت مذکورہ میں ورش قنبل ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل[۵] اور ابدال[۶] بالمد کرتے ہیں البتہ صرف هٰؤُلَآءِ اِنْ اور وَالْبِغَآءِ اِنْ میں ورش ہمزۂ ثانیہ کو یا مکسور مختلسہ[۷] پڑھتے ہیں۔

۱۰۔ صورت مذکورہ میں ابو عمرو بصری ہمزۂ اولیٰ کا اسقاط کرتے ہیں ۔اور بقیہ قراء دونوں ہمزوں کی تحقیق کرتے ہیں

**فائدہ**۔ صورت مذکورہ میں ہمزہ مغیرہ کی وجہ سے محل مد میں قصر اور مد دونوں ہیں قصر بر بنائے تغیر اور مد بر بنائے مذہب لیکن مد بہر حال اولیٰ ہے

---

۱۔ تسہیل ہمزہ اور واو کے درمیان

۲۔ تسہیل کالواو ۔

۳۔ جیسے اَوْلِیَآءُ وْ ولٰئک

۴۔ تسہیل کالیا

۵۔ تسہیل کالیا

۶۔ ابدال یائے مدہ ساکنہ سے اس صورت میں مد لازم ہو جائے گا

۷۔ یائے متحرکہ مختلسہ سے یعنی یائے متحرکہ کو اختلاس کے ساتھ ادا کریں گے۔ اختلاس اسکو کہتے ہیں حرکت کے تین حصہ کرکے تیسرا حصہ ادانہ کرنا دو حصہ ادا کریں

https://alislami.net

# مختلف الحرکت کے احکام

۱۔ جب دو ہمزے دو کلموں میں واقع ہوں اور پہلا ہمزہ مفتوحہ ثانی مکسور مثل شُهَدَآءَ اِذْ یا پہلا مفتوح ثانی مضموم مثل جآءَ اُمَّةً تو ان دونوں صورتوں میں نافع مکی بصری ہمزہ ثانیہ کی تسہیل[۱] کرتے ہیں۔

۲۔ اگر پہلا ہمزہ مضموم ثانی مفتوح ہو مثل نَشَآءُ اَصَبنٰا تو نافع مکی بصری کیلئے ہمزہ ثانیہ کا واو سے ابدال[۲] ہوگا۔

۳۔ اگر پہلا ہمزہ مکسور ثانی مفتوح ہو مثل مِنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا تو نافع مکی بصری کیلئے ہمزہ ثانیہ کا یا سے ابدال[۳] ہوگا۔

۴۔ اگر پہلا ہمزہ مضموم ثانی مکسور ہو مثل یَشَآءُ اِلٰی تو اس صورت میں نافع مکی بصری کیلئے تسہیل[۴] اور ابدال[۵] دونوں ہونگے۔

۵۔ کل مختلف الحرکت والی صورتوں میں بقیہ قراء کیلئے دونوں ہمزوں کی تحقیق ہوگی۔

نوٹ۔ پہلا ہمزہ مکسور دوسرا مضموم یہ صورت قرآن میں نہیں ہے۔ ۱۲ ج قادری

---

۱۔ تسہیل کالواو

۲۔ ابدال واو مفتوحہ متحرکہ سے جیسے نَشَآءُ وَصَبنٰا

۳۔ ابدال یائے مفتوحہ متحرکہ سے جیسے مِنَ السَّمَآءِ یَوِ ئْتِنَا

۴۔ تسہیل کالیا۔

۵۔ ابدال واو متحرکہ مکسورہ سے جیسے یَشَآءُ وِلٰی۔

https://alislami.net

# ﴿نویں فصل﴾

## ہمزۂ منفردہ کے احکام

۱۔ہمزہ منفردہ ساکنہ فا فعل واقع ہو[1] مثل یؤمنون تو ورش ہمزہ ساکنہ کا ابدال[2] کرتے ہیں۔

لیکن لفظ ایواء کے مشتقات میں مثل مَأوٰی تُؤوِی وغیرہ میں ابدال نہ ہوگا۔

۲۔اگر ہمزہ مفتوح بعد ضمہ فا فعل واقع ہو مثل مُؤَذِّنٌ وغیرہ تو ورش ابدال[3] کرتے ہیں

۳۔ہمزہ منفردہ ساکنہ میں مطلقاً سوسی ہر جگہ ابدال کرتے ہیں خواہ ہمزہ فا فعل ہو یا نہ ہو لیکن مجزومات مثل اِن یَّشَاْ اور امر مثل اِقْرَاْ وغیرہ میں ابدال نہ ہوگا۔اسی طرح رِءْیًا اور مُؤْصَدَۃٌ میں ابدال نہ ہوگا۔[4]

فائدہ۔لفظ بِئْرٌ و بِئْسَ جس طرح بھی آئے (یعنی لَبِئْسَ اور بِئْسَمَا) اور لِئَلَّا میں[5]

---

۱۔فائے فعل کی پہچان کیلئے ایک آسان ضابطہ یہ ہے کہ ہر ہمزۂ ساکنہ جو ہمزۂ وصلی کے بعد واقع ہو جیسے اِئْتِ یا بعد میم کے ہمزہ ہو جیسے مُؤْمِنُوْن یا بعد فا کے ہمزہ ہو جیسے فَأْتُوْا یا بعد واو کے ہمزہ ہو جیسے وَأْتُوْا یا علامت مضارع کے بعد ہمزہ ہو جیسے یَأْلَمُوْن۔تَأْکُلُوْن۔نُؤْتِیْکَ

۲۔یعنی ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف مدہ سے بدلیں گے یعنی فتحہ کے بعد ہمزہ ساکنہ ہو تو الف سے بدلیں گے جیسے یَأْلَمُوْن سے یَالَمُوْنَ ضمہ کے بعد ہمزہ ساکنہ ہو تو واو سے جیسے مُؤْمِنُوْن سے مُوْمِنُوْن کسرہ کے بعد ہمزہ ساکنہ ہو تو یائے مدہ سے بدلیں گے جیسے اِئْتِ سے اِیْتِ

۳۔واو مفتوحہ سے بدلیں گے جیسے مُؤَجَّلًا سے مُوَجَّلًا۔مگر اس ابدال کیلئے تین شرطیں ہیں۔ہمزہ مفتوح۔ضمہ کے بعد ہمزہ ہو فاکلمہ ہو لہذا یُؤَدِّہٖ میں ہمزہ فاکلمہ کی جگہ ہے مگر مضموم ہے اسلئے ابدال نہ ہوگا فَاَذِّنْ فاکلمہ کی جگہ تو ہے مگر حرف مفتوح کے بعد ہمزہ ہے اس لئے ابدال نہ ہوگا۔فُؤَادَکَ مضموم کے بعد ہمزہ مفتوحہ تو ہے مگر فاکلمہ نہیں ہے اسوجہ سے ابدال نہیں ہے۔

۴۔مگر پانچ قسموں کے ہمزہائے ساکنہ میں ابدال نہ ہوگا پہلی قسم مجزوم ہو جیسے اِنْ نَّشَاْ وغیرہ دوسری قسم وہ ہمزہ ساکنہ جس کا سکون صیغہ امر ہو جیسے اقْرَاْ وغیرہ تیسری قسم ابدال کی وجہ سے دو واو جمع ہو جانے کی وجہ سے وہ کلمہ ثقیل ہو جائیگا ابدال نہ کرنے میں ثقیل نہ ہوگا جیسے تُؤْوِی وغیرہ دو واو جمع ہو جانے کی وجہ سے چوتھی قسم رِئْیًا کہ اگر اس جگہ ہمزہ کو بدل دیا جائے تو ادغام کے بعد رِیًّا ہو جائے گا کہ اس کا ماخذ ہی غلط ہو جائے گا۔کیوں کہ یہ مشتق رواء سے ہے ابدال کی صورت میں مشتق ہو جائے گا رِیٌّ سے سیراب کے معنی میں ہو جائے گا یہاں دیکھنے کے معنی میں ہے اسوجہ سے ابدال نہ ہوگا۔پانچویں قسم وہ کلمہ مہموزہ جسکے اشتقاق میں اختلاف ہوا ہو جیسے مُؤْصَدَۃ سوسی کے نزدیک اس کا اشتقاق ءَاصَدَتْ سے ہے ابدال کی صورت میں اَوْصَدَتْ سے مشتق ہو جائے گا اس وجہ سے ابدال نہ ہوگا

۵۔صرف ورش کے نزدیک ہمزہ مفتوحہ کا یا سے ابدال ہوگا جیسے لِئَلَّا سے لِیَلَّا

https://alislami.net

ورش ابدال کرتے ہیں۔ اور اَلذِّئْبُ میں ورش اور کسائی دونوں ابدال کرتے ہیں۔ کلمات مذکورہ میں سوسی حسب قاعدہ ابدال کریں گے۔ سوائے لِئَلَّا لُؤْ لُؤ کے پہلے والے ہمزہ میں شعبہ نے بھی سوسی کے ساتھ ابدال کیا ہے لُؤْ لُؤْ نکرہ ہو یا معرفہ

**فائدہ۔** بَارِئِکُم میں بحالت اسکان سوسی کیلئے ابدال بالخلف[1] ہے۔

**فائدہ۔** یَاْ لِتْکُمْ میں بصری ہمزہ ساکنہ پڑھتے ہیں اس وقت دوری کیلئے تحقیق اور سوسی کیلئے ابدال ہوگا (اس کی رسم یَلِتْکُمْ ہے)

**فائدہ۔** اَلنَّبِیْءُ[2] میں ورش ابدال کرتے ہیں اور بعد ابدال یا ساکنہ کا یا مبدلہ میں ادغام کرتے ہیں۔ بقیہ کل قراء کل سورتوں میں خواہ ہمزہ منفردہ متحرک ہو یا ساکن بہر صورت تحقیق کرتے ہیں۔

## ﴿ دسویں فصل ﴾

## نقل[3] و سکتہ کے احکام

حرف صحیح ساکن کے بعد ہمزہ واقع ہونے کی دو صورتیں ہیں۔

(الف) حرف صحیح ساکن کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو جیسے قَدْ اَفْلَحَ وغیرہ تو اس کو مفصول عام کہتے ہیں۔

(ب) لام تعریف کے بعد ہمزہ ہو جیسے الا رض وغیرہ اسکو مفصول[4] خاص کہتے ہیں

**فائدہ۔** اصطلاح قراء میں حرف صحیح اسکو کہتے ہیں کہ کسی کلمہ میں حرف مد کے علاوہ کوئی حرف ساکن ہو لہذا اگر ہمزہ سے پہلے حرف لین واقع ہو تو یہ بھی نقل اور سکتہ کا صحیح محل ہوگا۔

---

[1] مگر تحقیق ہی اولیٰ ہے [2] جیسے اَلنَّبِیْءُ سے اَلنَّبِیُّ

[3] نقل اسکو کہتے ہیں کہ ہمزہ اصلی کی حرکت ماقبل والے حرف ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دینا جیسے قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ سکتہ آواز بند کر کے تھوڑا ٹھہرنا یعنی وقف سے قدرے کم

[4] موصول بھی کہتے ہیں۔

https://alislami.net

۱۔ مفصول عام اور مفصول خاص میں ورش ہر جگہ نقل کرتے ہیں جیسے وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰی اور قُلْ اُوْحِیَ وغیرہ مگر کِتَابِیَهْ اِنِّیْ میں بوجہ ہائے سکتہ نقل صحیح ہے مگر بہتر نہیں۔

۲۔ مفصول عام میں خَلَف بالخلف اور مفصول خاص میں بلا خلف ہر جگہ سکتہ کرتے ہیں

۳۔ مفصول خاص میں خلاد ہر جگہ بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔

۴۔ شَیْءٍ اور شَیْئًا میں خَلَف بلا خُلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ شَیْءٍ اور شَیْئًا میں بحالت وقف خلف خلاد[1] کیلئے سکتہ نہ ہوگا بلکہ نقل اور ادغام[2] ہوگا

**فائدہ**۔ اٰلْئٰنَ جو سورۂ یونس میں ہے اس میں نافع نقل کرتے ہیں لہذا ورش کیلئے بوجہ نقل چھ وجہیں ہونگی طول مع التثلیث توسط مع التوسط، توسط مع القصر قصر مع القصر باقی توسط مع الطول اور قصر مع التوسط مع الطول یہ تین وجہیں ناجائز ہیں اس لئے کہ باوجود نقل حرکت مدلازم مد بدل سے قوی ہے اور ان صورتوں میں ترجیح ضعیف کی قوی پر لازم آتی ہے۔

**فائدہ**۔ عَادَاِ الُّوْلٰی میں نافع بصری نقل مع الادغام[3] کرتے ہیں اور قالون بہر صورت واو مہموز پڑھتے ہیں۔ خواہ اَلْاُوْلٰی سے ابتدا کیجائے یا ماقبل سے وصل ہو۔ بقیہ سب قراء واو مدہ پڑھتے ہیں۔ اسی طرح نافع بصری کے علاوہ کل قراء ترک نقل کرتے ہیں اس وجہ سے ادغام نہیں کرتے ہیں۔

---

۱۔ امام حمزہ کے لئے ۲۔ نقل جیسے شَیَا۔ ادغام جیسے شَیًّا

۳۔ عَادَاِ الُّوْلٰی کو قالون عَادَ لُّؤْلٰی پڑھتے ہیں یعنی ہمزہ کی حرکت نقل کرکے لام کو دیدیتے ہیں اور تنوین کا لام میں یرملون کے قاعدے سے ادغام کردیتے ہیں۔ اور واو ہمزہ پڑھتے ہیں جیسا کہ مثال سے واضح ہے۔ اور ورش عَادَ لُّوْلٰی پڑھتے ہیں یعنی ادغام کرتے ہیں اور واو پڑھتے ہیں بقیہ قراء حفص علیہ الرحمہ کے مثل پڑھتے ہیں یہ تو وصل کی صورت میں تین قرائتیں ہیں اگر وقف کردیا جائے تو اس میں مندرجہ ذیل صورتیں نکلیں گی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قالون کیلئے | اَلْاُوْلٰی | اَلُؤْلٰی | لُؤْلٰی | تین وجہیں ہیں |
| ورش کیلئے | اَلُوْلٰی | | لُوْلٰی | دو وجہیں ہیں |
| بصری کیلئے | اَلْاُوْلٰی | اَلُوْلٰی | لُوْلٰی | تین وجہیں ہیں |

باقی قراء کیلئے صرف ایک وجہ اَلْاُوْلٰی ہے۔ **نوٹ**۔ الاولی کا صحیح رسم الخط یہ ہے۔ الْاُوْلٰی

https://alislami.net

# ﴿ گیارھویں فصل ﴾

## راولام کے احکام

۱۔ رامفتوحہ یا مضمومہ سے پہلے کسرہ اصلی[1] یا ماقبل یا ساکن ہو تو ورش رامفتوحہ مضمومہ کو باریک پڑھتے ہیں جیسے اَلْاٰخِرَةُ اور خَیْرَاتٍ وغیرہ بقیہ قراء پُر پڑھتے ہیں۔

تنبیہ۔ رامفتوحہ سے پہلے کسرہ اصلی نہ ہو تو ورش کے نزدیک راپُر ہوگی جیسے بِرَسُوْلٍ وغیرہ اس لئے کہ راسے پہلے کسرہ عارضی ہے۔

تنبیہ۔ ورش کے نزدیک تین صورتوں میں رامفتوحہ باریک نہ ہوگی اول یہ کہ راکسی اسمائے عجمیہ مثل اِبْرٰھِیْمَ اِرَمَ وغیرہ میں واقع ہو دوسرے یہ کہ رامکرر واقع ہو جیسے مِدْرَارًا وغیرہ تیسرے یہ کہ رابر وزن فعلاً ہو مثل ذِکْرًا وغیرہ۔

۲۔ رامفتوحہ کے ماقبل ساکن اس سے پہلے کسرہ ہو تو ورش کے نزدیک راباریک ہوگی جیسے اِکْرَاہِ اور جِذْرَھُمْ وغیرہ لیکن اگر ساکن حرف استعلا قبل را واقع ہو تو رائے مفتوحہ باریک نہ ہوگی جیسے اِصْرَھُمْ لیکن اگر رامفتوحہ سے پہلے خا ساکن ہو تو رامفتوحہ باریک ہوگی جیسے اِخْرَاجِھِمْ وغیرہ۔

۳۔ رامکسورہ کل قراء کے نزدیک باریک ہوگی۔

۴۔ راساکن ماقبل کسرہ اصلیہ متصلہ بلا اتصال مستعلیہ ہو تو کل قراء کے نزدیک راباریک ہو گی لہٰذا اگر راساکن ماقبل کسرہ عارضی ہو جیسے اِرْجِعُوْا یا کسرہ منفصلہ ہو جیسے اَلَّذِی ارْتَضٰی یا اتصال مستعلیہ ہو جیسے فِرْقَةٍ تو ان تینوں صورتوں میں کل قراء کے نزدیک راپُر ہوگی البتہ لفظ فِرْقٍ میں خلف[2] ہے۔

---

[1] کسرہ اصلی متصل ہو جیسے فَاقِرَةٌ اگر منفصلہ ہو تو باریک نہ ہوگی بلکہ پُر ہوگی جیسے عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ یا کسرہ عارضی ہو جب بھی باریک نہ ہوگی جیسے ہَرْجِنْدِ یا یائے منفصلہ ہو جب بھی را باریک نہ ہوگی جیسے فِی رَیْبٍ۔ یا رائے مذکورہ کے بعد حروف استعلاء اسی کلمہ میں ہو جب بھی راپُر ہوگی جیسے صِرَاطٌ فِرَاقٌ وغیرہ

[2] خلف جائز ہے تمام قراء کے نزدیک پُر ہے یا باریک۔

https://alislami.net

۵۔ را ممالہ[1] یا را موقوفہ بعد[2] امالہ واقع ہو تو را باریک ہوگی جیسے مجرٖ ھا اور مِنَ النَّا رِ وغیرہ

فائدہ۔ بِشَرَرٍ[3] کی پہلی را ورش کے نزدیک باریک ہوگی ان کے نزدیک بحالت وقف دوسری را بھی باریک ہوگی۔

فائدہ۔ لفظ حَیۡرَانَ کی را کو بعض طرق ورش نے پُر پڑھا ہے لہذا اخلف[4] ہے۔

۶۔ را ساکن ماقبل زبر یا پیش ہو تو کل قراء کے نزدیک را پُر ہوگی۔

## لام کے احکام

۱۔ لام مفتوحہ[5] سے پہلے صاد[6] یا طا یا ظا واقع ہو تو ورش کے نزدیک لام پُر ہوگا خواہ یہ حروف متحرک ہوں یا ساکن مثل صَلٰوۃ اور مَطۡلَع وغیرہ اس موقعہ پر لام پُر کرنے کو قراء تغلیظ کہتے ہیں۔

---

۱۔ جس را کے بعد والے الف میں امالہ صغریٰ یا امالہ کبریٰ کیا جائے وہ را باریک ہوگی جیسے سکریٰ

۲۔ را امالہ صغریٰ یا امالہ کبریٰ کے بعد وقفاً باریک ہوگی۔ وصلاً تو امالہ کیا جائے یا نہ کیا جائے ہر حالت میں باریک ہوگی کیونکہ را مکسورہ ہے جیسے النَّار کیونکہ را مکسورہ ہی میں امالہ ہے

۳۔ مناسبت یکسانیت کیلئے پہلی را میں ترقیق ہوگی

۴۔ خلف واجب ہے۔

## لام کے احکام

۵۔ لام مضموم و مکسور یا لام ساکن ہو تو پُر نہ ہوگا جیسے یُصَلُّوۡنَ ضمہ کی مثال لَا وَ صَلِّیۡنَکُمۡ۔ لام مکسور کی مثال صَلۡصَا ل لام ساکن کی مثال یا تینوں حروف صاد۔ طا۔ ظا مفتوح یا ساکن نہ ہو جب بھی لام پُر نہ ہوگا جیسے فُصِّلَتۡ صاد مکسور ہے اَلۡمُطَلَّقٰتُ طا مضموم کی مثال ظُلَلٌ ظا مضموم و لام مفتوح کی مثال

۶۔ اگر ضاد ہو تو لام باریک ہی ہوگا جیسے اَلضَّلٰلَۃُ

https://alislami.net

فائدہ۔ لفظ طال اور فِصَالاً میں ورش کے نزدیک مغلظ[1] ہے۔

فائدہ۔ بحالت وقف لفظ بطل میں پُر اور باریک دونوں جائز[2] ہیں۔

فائدہ۔ مثل سَیَصْلٰی وغیرہ جیسے کلمات میں بحالت وقف تغلیظ (پُر) اولیٰ ہے مگر اس وقت امالہ نہ ہوگا اور اگر امالہ اختیار کیا جائے تو تغلیظ نہ ہوگی۔ اسی وجہ سے امالہ غیر اولیٰ ہے۔

فائدہ۔ صورت مذکورہ رؤس آیت کے موقعہ پر واقع ہو جیسے فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی تو ایسے مواقع پر بوجہ امالہ ترقیق ہوگی اسلئے کہ ورش کے نزدیک رؤس آیہ میں ترک امالہ نہیں ہے اس وجہ سے تغلیظ نہ ہوگی

۲۔ لفظ اللہ سے پہلے زبر یا پیش ہو تو کل قراء کے نزدیک لفظ اللہ کے دونوں لام پُر ہونگے اور اگر ماقبل کسرہ ہو تو دونوں لام باریک ہونگے[3]

---

[1] مغلظ واجب ہے الف فاصل کی وجہ سے۔

[2] وقف کی حالت میں سکون کا اعتبار کرکے پُر اصل حرکت (لام مکسور) کی وجہ سے باریک یعنی مغلظ جائز ہے پُر پڑھنا بہتر ہے۔

[3] فائدہ۔ سوسی کے نزدیک نَرَی اللہ کے مثل امالہ بالحرکت کی صورت میں لام میں ترقیق و تفخیم دونوں وجہیں جائز ہیں۔

https://alislami.net

## ﴾بارھویں فصل﴿

# امالہ و فتح کے احکام

امالہ کے متعلق تین باتیں جاننا ضروری ہیں ایک کیفیت[1] امالہ دوئم محل امالہ[2] سوئم سبب[3] امالہ۔

اول کیفیت امالہ اسکی دو قسمیں ہیں امالہ کبریٰ امالہ صغریٰ۔

۱۔ امالہ کبریٰ یعنی الف کو یا کی طرف مائل کرنا اس اضجاع[4] بھی کہتے ہیں۔

۲۔ امالہ صغریٰ یعنی الف کو امالہ کی طرف مائل کرنا اس کو تقلیل[5] بھی کہتے ہیں۔

تنبیہ۔ ترک امالہ کو فتح[6] کہتے ہیں۔ نہ امالہ کبریٰ کی ضد امالہ صغریٰ ہے اور نہ امالہ صغریٰ کی ضد امالہ کبریٰ ہے بلکہ دونوں کی ضد فتح[7]۔

**فائدہ۔** امالہ بالخلف کہنے کی صورت میں امالہ اور فتح اسی طرح تقلیل بالخلف کہنے کی صورت میں تقلیل اور فتح دونوں وجہیں مراد ہونگی۔

**فائدہ۔** دوئم محل امالہ اسکی بھی دو صورتیں ہیں ایک امالہ[8] بالحرف۔ دوسرے امالہ بالحرکت۔

---

۱۔ جس طرح امالہ ہوتا ہے اسکو کیفیت امالہ کہتے ہیں اسکی ادائیگی کسی شیخ التجوید ہی سے معلوم ہو سکتی ہے۔ امالہ کبریٰ کی ادائیگی بیر کی مثل ہے وہ بیر جو ایک پھل کا نام ہے۔ امالہ صغریٰ کی ادائیگی بَیر کے مثل ہے جسکے معنی دشمنی کے ہیں۔

۲۔ جس جگہ امالہ ہوتا ہے اسکو محل امالہ کہتے ہیں اسکی تفصیل ماتن نے آگے بیان فرمادی ہے کسرہ موجودہ وغیرہ

۳۔ جس وجہ سے امالہ ہوتا ہے اسکو سبب امالہ کہتے ہیں جیسے کلمہ یائیت اسکی تفصیل بہت ہے جیسا کہ ماتن کی مثالوں سے ظاہر ہے

۴۔ لٹانا یعنی الف کو ادائیگی میں لٹادیتے ہیں کھڑے کو پڑے کی مثل جیسے سویرے کی ادائیگی ہوتی ہے

۵۔ کم کرنے کے معنی میں ہے۔ یعنی اسکو کم مائل کیا جاتا ہے مثل بَیر کی ادائیگی بمعنی دشمنی

۶۔ یعنی الف کو سیدھا منہ کھول کر ادا کرنا

۷۔ دونوں کی ضد ترک امالہ ہے ۸۔ ایک حرف دوسرے حرف کی طرف مائل ہو یعنی الف یا کی طرف مائل ہوتا ہے اسکو امالہ بالحرف کہتے ہیں۔ اگر ایک حرکت دوسری حرکت کی طرف مائل ہو جیسے زبر زیر کی طرف تو اسکو امالہ بالحرکت کہتے ہیں ہر ایک کی مثال آگے آئے گی (متن میں)۔

https://alislami.net

اور امالہ بالحرف کی دو صورتیں ہیں ایک ذوات الیا[1]۔ دوسرے ذوات الرا[2]۔

ذوات الیا اسکی بھی چار صورتیں ہیں۔ ایک مرسوم الیا[3] جیسے مُوْسٰی وغیرہ دوسرے منقلب[4] عن الیا جیسے دُنْیَا۔ عُلْیَا وغیرہ تیسرے مشابہ[5] منقلب عن الیاء جیسے زَکیٰ چوتھے مشابہ الشابہ جیسے سجیٰ وغیرہ۔

اور ذوات الرا کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ را کے بعد الف یائی مرسوم ہو جیسے ترٰی دوسرے وہ الف جس کے بعد را متطرف مکسورہ ہو جیسے فِی النَّارِ وغیرہ۔

دوسرے امالہ بالحرکت اس کی صرف ایک صورت ہے یعنی زبر کو زیر کی طرح مائل کرنا یہ ہمیشہ زبری پر ہوتا ہے جیسے رَحْمَۃ سے رحمۃ نَرَیَ اللّٰہ سے نَرِی اللّٰہ۔

سوئم سبب امالہ یہ دو ہیں۔ ایک یائیت[6] دوسرے مجاورۃ[7] کسرہ۔

---

[1] یا والا الف جیسے مُوْسیٰ وغیرہ

[2] را والا الف جیسے تَرٰی۔ فِیْ نَارٍ

[3] الف کے بدلے یا لکھی ہوئی ہو جیسے مُوْسیٰ وغیرہ

[4] یا کے بدلے الف لکھا ہوا ہو جیسے دنیا وغیرہ

[5] یعنی دنیا کے مشابہ ہو مگر دنیا یائی ہے مگر الف مرسوم ہے زکیٰ واوی ہے مگر یا مرسوم ہے زکی رباعی ہے سجیٰ ثلاثی مجرد ہے زکیٰ کے مثل ہے یعنی واوی مگر رباعی و ثلاثی مجرد کا فرق ہے

[6] یعنی یائی ہو یا واوی یا مرسوم الیا ہو

[7] متصل کسرہ کا ہونا کسرہ موجود بعد یہ ہو جیسے الناس یا کسرہ موجود قبلیہ ہو جیسے الرِ ہو مثل آیت ذوات الیا نہ ہو۔

**فائدہ زائدہ**۔ امالہ و فتح دونوں مشہور فصحائے عرب کی زبانوں میں مروج و مستعمل ہیں فتح یعنی ترک امالہ اہل حجاز کا ہے امالہ اہل نجد کا۔

**نوٹ**۔ قرائے سبعہ میں صرف امام ابن کثیر مکی کے لئے پورے قرآن مقدس میں امالہ کہیں نہیں ہے۔

https://alislami.net

# احکام امالہ

۱۔ ذوات الیا میں حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں اور ورش بالخلف تقلیل کرتے ہیں لیکن وہ الفات جو رؤس الآیت[1] کے موقعہ پر گیارہ سورتوں[2] میں بکثرت آئے ہیں اس میں ورش بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں البتہ جس ذوات الیا کے بعد ہا واقع ہو اس تقلیل[3] خلف ہے۔

۲۔ جو ذوات الیا بروزن فَعْلٰی[4] فِعْلٰی[5] فُعْلٰی[6] واقع ہوں اس میں حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں اور ورش بالخلف اور بصری بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں۔

تنبیہ۔ مشابہ منقلب عن الیا یعنی جو ذوات الیا ثلاثی مزید میں واقع ہو جیسے زَکّٰھَا اور انجلی وغیرہ یا جو الف مرسوم الیا ہو اس کا حکم بھی مثل ذوات الیا کے ہے۔

۳۔ ذوات لرا میں بصری حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں اور ورش بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں اور قبل سکون مثل نَرَی اللّٰہَ وغیرہ کے بحالت وصل سوسی[7] بالخلف امالہ بالحرکت کرتے ہیں۔

۴۔ را متطرف مکسورہ سے پہلے الف واقع[8] ہو تو اس میں بصری و دوری علی امالہ کرتے ہیں اور ورش بلا خلاف تقلیل کرتے ہیں اسی طرح یہی حضرات لفظ کٰفِرِیْن[9] اور الکٰفِرِین کو بھی پڑھتے ہیں۔

---

۱؎ قبل آیات ذوات الیا ہو۔ ۲؎ وہ گیارہ سورتیں یہ ہیں۔ یعنی سورۂ طٰہٰ۔ و نجم۔ و معارج۔ و قیٰمہ۔ و نزعٰت۔ و عبس۔ و اعلیٰ۔ و شمس۔ و لیل۔ و ضحیٰ اور سورۂ علق ۳؎۔ جیسے وضحٰھا وغیرہ

۴؎ جیسے یُحی الموتیٰ وغیرہ ۵؎ جیسے عِیسیٰ اِحدٰی وغیرہ

۶؎ جیسے مُوسیٰ طُوبیٰ وغیرہ

۷؎ وصلاً صرف سوسی امالہ بالحرکت کرتے ہیں وقفاً بصری حمزہ کسائی امالہ کبریٰ ورش امالہ صغریٰ کریں گے مگر اولم یر الذین جیسے کلمات میں امالہ بالحرکت نہ ہو گا مگر را القمر وغیرہ میں شعبہ۔ حمزہ کے لئے وصلاً را میں امالہ بالحرکت ہے

۸؎ رائے متطرف مکسورہ ہونا شرط ہے اسوجہ سے رائے مضمومہ و مفتوحہ نکل جائیں گے جیسے الا نہار متطرف نہ اسی طرح فلا تمار فیہم۔ الجوار منفار۔ اور غیر متطرف بھی نکل جائیں گے جیسے و نمارق وغیرہ بعض آزہم انصاری جیسے کلمات بھی امالہ سے نکل جائیں گے بصری کے لئے۔ ۹؎ کٰفِرِیْنَ وَالکٰفِرِیْنَ مقید کرنے سے کٰفِرُوْنَ اور شٰکِرِیْنَ جیسے کلمات نکل جائینگے۔ ۱۲ منہ

https://alislami.net

۵۔ جوالف دورا کے درمیان واقع ہو مثل ابـرارِ وغیرہ کے تو بصری کسائی امالہ کرتے ہیں اور ورش حمزہ تقلیل کرتے ہیں اسی طرح البوَارِ اور القھّارِ میں بھی یہی حضرات تقلیل کرتے ہیں۔

۶۔ جوالف روسؔ الآیت میں ازقسم ذوات الیاواقع ہوتو اس میں حمزہ کسائی امالہ کبری کرتے ہیں اور ورش بصری بلاخلف تقلیل کرتے ہیں۔

۷۔ افعال ماضیہ سے ذیل کے کلمات میں صرف حمزہ امالہ کرتے ہیں۔

خـابَ، خـافُوْا، طَـابَ، ضَـاقَتْ ، حَـاقَ ،زَاغُوْا، جَـاءَ شَـاءَ ،زَادَ،رَانَ فقط اور ابن ذکوان صرف جَـاءَ ،شَـاءَ اور زَادَ جو پہلا بقرمیں ہے بلاخلف امالہ کرتے ہیں اسکے علاوہ بقیہ زَادَ تمام کلام اللہ میں خلف ہے۔

**فائدہ**۔ بَلْ رَانَ میں حمزہ کے علاوہ شعبہ کسائی بھی امالہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ ذیل کے کلمات میں صرف کسائی امالہ کرتے ہیں۔

لفظ احیا بلاواوؔاور رِءْ یَـا والرءْ یا و مَرْ ضَات اورلفظ خَـطٰـیٰؔا وَ مَحْیا ھُمْ اور حَقَّ تُقَاتِہٖ اور وقد ھدٰ بنِ اورسورۂ ابراھیم میں عصانی اور کھف میں اَنْسَانِیْہُ اورمریم میں وَاَوْ صَانِیْ اورطٰس میں ۱ تا نی سورہ مریم ۔ونمل ر ، بد میں بھی اورلفظ دَحٰھا و تَلٰھا و طَحٰھا اورسَجٰی میں

**فائدہ**۔ ذیل کے کلمات میں صرف دوری علی امالہ کرتے ہیں۔

لفظ ۱ ذا نِھِم ۱ذا نِنَا طُغْیَا نِھِمْ جہاں واقع ہو اور ھدٰنی مَثْوَای مَحْیَا ی رُ ءْ یَاکَ اور دونوں بـَارِئکُمْ اور اَلْبـَا رِی وَسَارِ عُوْ نَ وَیُسَـا رِعُوْنَ وَنُسَا رِعُ جہاں آئے اور وَالْـجَا رِ دوجگہ اور

---

۱ے الف یائی آیت سے قبل وہ گیارہ سورتوں میں بکثرت واقع ہیں۔ سورہ طٰہٰ پارہ ۱۶ سورہ نجم پارہ ۲۷ معارج سورہ طٰیٰمہ پارہ ۲۹ سورہ عبس سورہ اعلیٰ سورہ والشمس سورہ واللیل ـ والضحیٰ سورہ علق پارہ ۳۰

۲ے زاغت اور ۳ زاغ اور اَجَاءَھَا میں امالہ نہ ہوگا

۳ے بغیر واو کے احیا گر واو کے ساتھ واقع ہو تو اس میں حمزہ بھی امالہ کرتے ہیں

۴ے یا کے بعد والے الف میں امالہ ہے ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

جبار ین دوجگہ اور اَلْجَوَارِ سورہ شوریٰ۔ رحمٰن اور کورت میں اور وَمَنْ انصَارِیْ اِلَی اللّٰہ دوجگہ اور لفظ مِشْکٰوۃ سورہ نور میں فقط۔

**فائدہ**۔ تَرَاءَ الْجَمْعٰنِ میں بعد را کے حمزہ امالہ[1] کرتے ہیں اور مَجْرٖیهَا میں بصری اور حمزہ کسائی حفص امالہ کرتے ہیں اور ورش تقلیل کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ وَنَا کے الف میں حمزہ کسائی بلا خلف امالہ کرتے ہیں اور جو سورۂ اسرائیل میں وَنَا بِجَانِبِہٖ ہے اس میں حمزہ کسائی شعبہ امالہ کرتے ہیں اور دونوں جگہ وَنَا کے نون میں خلف کسائی امالہ بالحرکت کرتے ہیں۔ اور ورش دونوں وَنَا کے ہمزہ میں ترجیح کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ اِنَاہُ کے الف میں ہشام حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں اور اَوْ کِلٰهُمَا میں صرف حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ رَمیٰ و اَعْمیٰ جو سورۂ اسرائیل میں ہے اس میں شعبہ حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں اور اَعْمیٰ جو سورۂ اسرائیل میں پہلا ہے اس میں بصری شعبہ حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ هَارٍ میں قالون بصری شعبہ کسائی بلا خلف اور ابن ذکوان بالخلف امالہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ ضِعٰفًا جو سورۂ نساء میں ہے اور اٰنَا اٰتِیْکَ جو نمل میں ہے ان میں خلف نے بلا خلف اور خلاد نے بالخلف امالہ کیا ہے۔

---

[1] را کے بعد والے الف میں حمزہ وصلاً وقفاً دونوں حالتوں میں امالہ کرتے ہیں اور بعد ہمزہ کے صرف وقفاً حمزہ کسائی دونوں امالہ کرتے ہیں وصلاً کسی کے نزدیک امالہ نہیں ہے تَرَاءَ الْجَمْعٰنِ مقید کرنے سے تَرَاءَتِ الْفِئَتٰنِ سورۂ انفال میں امالہ نہ ہوگا۔ ۱۲ ج قادری۔

https://alislami.net

فائدہ۔ مَشَارِبُ اور عَيْنٍ اٰنِيَةٍ جو سورۂ غاشیہ[1] میں ہے اور عَابِدٌ اور عَابِدُوْنَ[2] میں ہشام نے امالہ کیا ہے۔

فائدہ۔ النَّاسِ مجرور میں ہر جگہ دوری بصری نے بلا خلف امالہ کیا ہے۔

فائدہ۔ اَلتَّوْرٰىةَ میں بصری ابن ذکوان کسائی نے امالہ کیا ہے اور قالون بالخلاف ورش حمزہ نے بلا خلف تقلیل کی ہے۔

فائدہ۔ حِمَارِكَ وَالْحِمَارِ وَالْمِحْرَابَ وَاِكْرَاهِهِنَّ والاكرام وعمرٰن میں ابن ذکوان نے[3] بالخلف امالہ کیا ہے اور لفظ مِحْرَابِ مجرور میں بلا خلف امالہ کیا ہے

۸۔ ہر جگہ ہائے تانیث کے ماقبل زبر میں کسائی امالہ[4] کرتے ہیں جیسے رَحْمَةً لیکن اگر ہائے تانیث سے پہلے الف ہو مثل صلوٰۃ وغیرہ تو امالہ نہ ہوگا۔

فائدہ۔ ذوات الیا اور مد لین متصل واقع ہو مثل عَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا تو فتح اور تقلیل دونوں حالتوں میں توسط اور طول ہوگا۔ گویا اس میں بھی ترجیح ہے۔

---

۱۔ غاشیہ کی قید سے سورۂ دہر میں جو انیہ ہے اس میں کسی کیلئے امالہ نہیں ہے

۲۔ جو سورۂ کافرون میں ہے اس میں امالہ ہے اسکے علاوہ عابدُوْنَ وَعابد میں امالہ نہیں ہے۔

۳۔ لفظ اکراہ میں ابن ذکوان بالخلف بصری۔ دوری۔ شعبہ بلا خلف امالہ بالحرف کرتے ہیں۔

۴۔ یعنی امالہ بالحرکت کرتے ہیں جیسے رَحمَةً سے رَحمِة جیسے جلسے کی ادائیگی ہے اسی کے مثل ادا کریں گے۔

فائدہ۔ امالہ والے حروف مقطعات پانچ ہیں را۔ ھا۔ یا۔ طا۔ حا۔ جو ستر ہ سورتوں کے شروع میں واقع ہیں۔ فروش میں ان تمام سورتوں کے شروع میں امالہ و تقلیل تفصیل کے ساتھ درج ہیں ۱۲

https://alislami.net

# ﴿ تیرھویں فصل ﴾

## کیفیت وقف[1] بلحاظ ادا[2] اور اس کے احکام

۱۔ وقف بالاسکان[3] تینوں حرکتوں[4] میں جائز ہے خواہ حرکت اصلی ہو[5] یا عارضی۔

۲۔ وقف[6] بالاشمام صرف موقوف علیہ مضموم[7] میں جائز ہے مگر حرکت عارضی[8] اور ہائے تانیث ہائے سکتہ ومیم جمع میں جائز نہیں۔

۳۔ وقف بالروم[9] ضمہ اور کسرہ میں جائز ہے مگر حرکت عارضی اور ہائے سکتہ ومیم جمع میں جائز نہیں

۴۔ وقف بالابدال[10] منصوب منون اور ہائے تانیث میں واجب ہے۔ اسی طرح موقوف علیہ

---

۱۔ جس طرح وقف ہوتا ہے اسکو کیفیت وقف کہتے ہیں اسکی تفصیل دیکھنی ہو تو جامع الوقف میں دیکھیں

۲۔ کیفیت وقف بلحاظ ادا کی چار صورتیں ہیں۔ وقف بالاسکان۔ وقف بالاشمام۔ وقف بالروم۔ وقف بالابدال اس فصل میں انھیں چاروں صورتوں کا بیان مقصود ہے۔

۳۔ **وقف بالاسکان**۔ حرف موقوف علیہ متحرک کو ساکن پڑھکر سانس بند کردینا جیسے اَلْعٰلَمِيْنَ سے اَلْعٰلَمِيْنْ

۴۔ حرف مفتوح ومضموم ومکسور تینوں حرکتوں پر ہوتا ہے جیسے اَلْعٰلَمِيْنَ سے اَلْعٰلَمِيْنْ۔ اَلرَّحِيْمِ سے اَلرَّحِيْمْ۔ نَسْتَعِيْنُ سے نَسْتَعِيْنْ۔

۵۔ حرکت اصلی ہو جیسے نَسْتَعِيْنُ سے نَسْتَعِيْنْ حرکت عارضی ہو جیسے اَنْذِرِ النَّاسَ کے اَنْذِرْ پر

۶۔ **وقف بالاشمام**۔ حرف موقوف مضموم کو ساکن کرکے ہونٹوں کو غنچہ کی طرح بنانا جیسے موقوف کی حرکت کو بہرا سمجھ سکے

۷۔ مفتوح ومکسور میں نہیں ہوتا

۸۔ حرکت عارضی جیسے عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ کے عَلَيْهِمُ پر ہائے تانیث جیسے رَحْمَة ہائے سکتہ جیسے مَاهِيَهْ میم جمع جیسے اِلَيْهِمْ۔

۹۔ **وقف بالروم**۔ موقوف علیہ مکسور ومضموم کو تہائی حرکت سے ادا کرنا تاکہ موقوف علیہ کی حرکت کو اندھا سن سکے

۱۰۔ **وقف بالابدال**۔ حرف موقوف علیہ کے دو زبر کو الف دتائے مدورہ کو ہائے ساکنہ اور ہمزہ کو (حمزہ وہشام) کیلئے الف والیائے حسب قاعدہ بدلکر پڑھنا جیسے مَآءً سے مَآءَا بِغَضَبٍ سے بِغَضَبْ مَاكُوْلٍ سے مَاكُوْلْ يُؤْمِنُوْنَ سے يُوْمِنُوْنَ۔ خَاطِئَةً سے خَاطِيَهْ وغیرہ۔

**نوٹ**۔ جو جو شرائط وقف بالاشمام کے ہیں وہی وقف بالروم کے بھی ہیں صرف فرق یہ ہے کہ وقف بالروم مکسور میں بھی ہوتا ہے۔

https://alislami.net

مہموز میں حسب قاعدہ حمزہ کے نزدیک وقف بالابدال ہوگا مثل یَشَآءُ[۱] وغیرہ۔

**فائدہ**۔ مہموزات[۲] میں بحالت وقف حسب قاعدہ وقف بالنقل وقف بالتسہیل مع الروم اور

وقف بالادغام حمزہ کے نزدیک ہوگا اور بعض قراء کے نزدیک وقف بالحذف اور وقف بالاثبات ہوگا۔

۵۔ وقف بالالحاق جیسے مِمَّہْ عَمَّہْ[۳] وغیرہ یہ وقف بزی کے نزدیک ہے۔

## ﴿چودھویں فصل﴾

## وقف بلحاظ رسم اور اس کے احکام

قراء اگر چہ وقف رسم کے تابع کرتے ہیں لیکن بعض بعض جگہ اس کے خلاف بھی کرتے ہیں جیسا کہ خود حفص کیلئے مثل ثمود[۴] ا وغیرہ میں وقف مخالف رسم ثابت ہے چنانچہ مکی بصری کسائی ہرتا مجرورہ کو بحالت وقف ہا پڑھتے ہیں۔

---

۱۔ ہمزہ کو الف سے بدلیں گے اس وقت قصر میں دو الف کے مقدار ادا کریں۔ اسی طرح توسط وطول میں بھی ایک الف کے مقدار زیادہ کریں گے۔

۲۔ ہشام وحمزہ کیلئے کلمات مہموزہ میں تفصیلات ہیں اسکی مفصل بحث پندرہویں فصل میں آئے گی یہاں صرف مثالیں تحریر ہیں وقف بالنقل جیسے قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ۔ وقف بالتسہیل کی ادائیگی اپنے شیخ سے معلوم کریں تسہیل کی ادائیگی نقلی ہے تحریز ا سمجھنا مشکل ہے۔ وقف بالادغام جیسے شَیْئًا سے شَیًّا۔ وقف بالحذف جیسے دِفْءٌ سے دِفْ۔ اور فَمَالِئُوْنَ سے فَمَالُوْنَ وقف بالاثبات جیسے فِی الْاَرْضِ سے فِیْ

۳۔ مِمَّ سے مِمَّہْ۔ عَمَّ سے عَمَّہْ۔

۴۔ ثَمُوْدَا سے ثمودْ ۱۲ ج قادری

https://alislami.net

**فائدہ**۔ لفظ اَللّٰتَ[۱]، مَرْضَاتَ، ذَاتَ بَهْجَةٍ میں لفظ ذات پر اور لات پر بحالت وقف کسائی ہا کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ اسی طرح ھیھات پر بزی کسائی وقف ہا کے ساتھ کرتے ہیں اور یا اَبَتِ پر شامی وقف ہا لاھا کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ کَاَیِّنْ[۲] میں بصری یا پر وقف کرتے ہیں اور لفظ اَیُّهَا[۳] جہاں بلا الف مرسوم ہے وہاں بصری اور کسائی الف کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ مَالِ جو فرقان کہف نساء معارج میں ہے اس میں بصری بلا خلف اور کسائی بالخلف لفظ مَا[۴] پر وقف کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ وَیْكَاَنَّ اور وَیْكَاَنَّهٗ[۵] میں کسائی یا پر اور بصری کاف پر وقف کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ لفظ اَیًّا مَّا میں حمزہ کسائی اَیًّا پر وقف کرتے ہیں اور بِوَادِ النَّمْلِ میں لفظ بِوَادِ پر کسائی اثبات یا کے ساتھ وقف کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ بزی لفظ عَمَّ اور لِمَ اور فِیْمَ اور مِمَّ[۸] جیسے کلمات پر ہا کے ساتھ وقف کرتے ہیں

---

۱۔ اللات سے اللاہ۔ مرضات سے مرضاہ۔ ذات سے ذاہ کسائی پڑھتے ہیں بقیہ قراء تائے ساکنہ پر وقف کرتے ہیں ھیھات سے ھیھاہ بزی کسائی پڑھتے ہیں بقیہ قراء تائے ساکنہ پر وقف کرتے ہیں۔ یا ابت سے یاابہ شامی پڑھتے ہیں بقیہ قراء تائے ساکنہ یاابت پر وقف کرتے ہیں

۲۔ وکاین پر بصری وکای یا پر وقف کرتے ہیں۔ بقیہ قراء وکاین کے نون پر وقف کرتے ہیں

۳۔ وہ تین جگہ ہے بصری کسائی تینوں کلموں میں وقف الف پر کرتے ہیں بقیہ قراء ہا پر جیسے یاایھا سے یاایہ۔

۴۔ بقیہ قراء مال کے لام پر وقف کرتے ہیں۔

۵۔ ویکان و ویکانہ کسائی وی پر وقف کرتے ہیں بصری ویک پر بقیہ قراء ویکان۔ ویکانہ کے نون اور ہا پر وقف کرتے ہیں۔

۶۔ ایاما حمزہ کسائی ایا پر وقف کرتے ہیں باقی قراء ایاما کے ما پر وقف کرتے ہیں۔

۷۔ بوادی کسائی وقف کرتے ہیں بقیہ قراء بواد پڑھتے ہیں۔ ۸۔ عم سے عمہ وغیرہ۔

https://alislami.net

اسکو وقف بالالحاق کہتے ہیں۔

تنبیہ۔ یہ مواقع جوذکر کیے گئے ہیں اگرچہ وقف اختیاری کے محل نہیں ہیں لیکن بہرصورت احکام مذکورہ پرعمل کرنا ضروری ہے خواہ ان پر وقف اختیاری کیا جائے یا وقف اضطراری ہو۔

## ﴿پندرھویں فصل﴾

## کلمات مہموزہ پر وقف کے احکام

### لحمزة وهشام[1]

کلمات مہموزہ متطرفہ[2] بحالت وقف حمزہ ہشام تخفیف کرتے[3] ہیں اور اگر کلمات موقوفہ میں ہمزہ متوسط[4] ہو تو صرف حمزہ تخفیف کرتے ہیں۔ تخفیف کے احکام میں دونوں متفق ہیں۔

تخفیف کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تخفیف[5] قیاسی یہ قواعد صرف اور نقل کے تابع ہے دوسرے تخفیف رسمی یہ رسم اور نقل کے تابع ہے خلاف نقل کوئی تخفیف جائز نہیں۔

---

۱۔ امام حمزہ کے نزدیک تخفیف کے دو ہی محل ہیں ایک ہمزہ متوسط (حقیقی۔ حکمی۔ بزوائد تینوں شامل ہیں) دوسرا ہمزہ متطرفہ اور ہشام کے نزدیک صرف ہمزہ متطرفہ میں تخفیف ہوتی ہے پس چونکہ ہمزہ متطرفہ کی تخفیف میں امام حمزہ و ہشام دونوں متفق ہیں اسوجہ سے ماتن نے ہشام کیلئے علیحدہ ہمزہ متطرفہ کی تخفیف بیان نہیں فرمائی لہٰذا ہمزہ متطرفہ کی تخفیف میں امام حمزہ و ہشام دونوں متفق ہونگے ہمزہ متوسطہ میں صرف امام حمزہ۔

۲۔ ہمزہ متطرفہ وہ ہمزہ ہے جو حقیقتاً کلمہ کے آخر میں ہو جیسے جَآءَ۔ یَشَآءُ وغیرہ۔

۳۔ ہمزہ کی ادائیگی میں ایک قسم کا ثقل ہے اس ثقل کو دور کرنے کیلئے مختلف طریقوں (ابدال و تسہیل) سے ہمزہ کو ادا کرنے کو تخفیف کہتے ہیں۔

۴۔ ہمزہ متوسط وہ ہمزہ جو کلمے کے درمیان ہو چاہے حقیقتاً ہو مُؤْمِنُونَ چاہے حکماً ہو جاء کم ماء چاہے بزوائد ہو بِأَمْرِهٖ

۵۔ تخفیف قیاسی و تخفیف رسمی یہ دونوں کبھی باہم جمع ہو جاتے ہیں جیسے یُؤْمِنُونَ کا ابدال کیوں کہ ہمزہ ساکن ماقبل مضموم ہے اسوجہ سے قیاس یہی ہے کہ واو سے ابدال ہو اور رسم میں بھی واو ہے اسوجہ سے اس صورت میں تخفیف قیاسی و رسمی دونوں ہیں۔ اور کبھی اختلاف بھی ہو جاتا ہے جیسے یَسْتَهْزِءُوْنَ میں تسہیل ہمزہ کا لیا تخفیف قیاسی ہے حذف ہمزہ تخفیف رسمی ہے۔

https://alislami.net

تخفیف قیاسی کی پانچ صورتیں ہیں۔ تسہیل[1]۔ ابدال[2]۔ ادغام[3]۔ نقل[4]۔ حذف[5] اور تخفیف رسمی کی صرف دو صورتیں ہیں۔ ابدال برسمہ[1] اور حذف ہمزہ[2]۔

فائدہ۔ کہیں ادغام کہیں تسہیل سے بھی تخفیف رسمی ادا کیجاتی ہے احکام مندرج ذیل ہیں

۱۔ کلمہ موقوفہ میں ہمزہ ساکن ماقبل متحرک خواہ متوسط یا متطرف اس صورت میں ابدال ہوگا جیسے یُؤْمِنُوْنَ اور هَيِّئْ وغیرہ۔

---

۱۔ تسہیل۔ حرف موقوف علیہ کلمات مہموزہ کو ہمزہ اور الف۔ واو۔ یا کے درمیان ادا کرنا قاعدے کے مطابق

ابدال۔ حرف موقوف علیہ مہموز کو قاعدے کے موافق حرف مدے بدلنا جیسے یُؤْمِنُوْنَ سے یُوْمِنُوْنَ۔ مَاْكُوْل سے مَاكُوْل وغیرہ

ادغام۔ حرف موقوف علیہ مہموز کو قاعدے کے موافق واو اور یا سے بدلکر اس سے پہلے واو اور یا میں ادغام کر دینا جیسے شَيْءٌ سے شَيّ۔ قُرُوْءٌ سے قُرُوّ۔

نقل۔ وقفاً ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل والے حرف ساکن کو دینا پھر ہمزہ کو حذف کر دینا جیسے الْأَرْض سے الَرْض۔ قَدْ أَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ۔

حذف۔ جو ہمزہ وصلاً متقرر ہو حالت وقف میں حذف کر دینا جیسے دِفْءٌ سے دِف

فائدہ۔ حذف ونقل میں یہ فرق ہے کہ حذف بغیر ہمزہ کی حرکت نقل کئے ہوئے ہمزہ کو حذف کر دینا نقل میں ہمزہ کی حرکت ماقبل والے حرف ساکن کو نقل کرنیکے بعد ہمزہ کو گرا دینا جیسا کہ دونوں کی مثالوں سے ظاہر ہے

۲۔ ہمزہ کی جیسی صورت ہو اسی کے موافق بدلنا اگر واو کی صورت ہو تو واو سے جیسے یُؤْمِنُوْنَ سے یُوْمِنُوْنَ یا کی صورت ہو تو یا سے جیسے لِئَلَّا سے لِيَلَّا الف کی صورت ہو تو الف سے جیسے مَاْكُوْل سے مَاكُوْل۔

۳۔ ہمزہ کی رسم اگر محذوف ہو یعنی رسم عثمانی میں نہ ہو بلکہ متاخرین نے اسکی ایک علامت وضع کی ہے وہ یہ (ء) ہے اسکو محذوف سمجھیں اسکو حرزہ و ہشام کیلئے وقفاً حذف کر دیں گے یعنی جو ہمزہ محذوف الرسم ہو اسکی تخفیف حذف ہے جیسے دِفْءٌ سے دِف۔

۴۔ جیسے قُرُوْءٌ سے قُرُوّ۔ شَيْئًا سے شَيًّا۔ النَّبِيْءُ سے النَّبِيّ ہوگی

۵۔ اگر ہمزہ واو کی صورت میں ہو تو تسہیل کا لواو ہوگی جیسے يَشَاؤُ کُمْ اگر یا کی صورت میں ہو تو کالیا جیسے الملٓئِكَة۔

۶۔ ہمزہ کی جیسی صورت ہو اسی حرف سے ابدال ہوگا یا ماقبل جیسی حرکت ہو جیسے یُؤْمِنُوْنَ سے یُوْمِنُوْنَ۔ مَاْكُوْل سے مَاكُوْل۔ فِي السَّمٰوٰتِ ائْتُوْنِي سے فِي السَّمٰوٰتِ يتونِي یُؤْمِنُوْنَ میں واو نے مَاكُوْل میں الف سے ائْتُوْنِي میں یا سے۔

https://alislami.net

۲۔ہمزہ متحرک ماقبل ساکن علاوہ الف کے کوئی حرف ساکن واقع ہو تو نقل ہوگی جیسے[1] شَیْا اور شَیْءٍ لیکن اگر ماقبل الف ہو تو تسہیل[2] ہوگی جیسے اَلْمَلٰٓئِکَۃُ وغیرہ لیکن ہمزہ حطرفہ سے پہلے الف ہو تو ہمزہ کا الف[3] سے ابدال ہوگا اور وقف بالروم[4] کیا جائے تو تسہیل ہوگی جیسے یشاءُ وغیرہ لیکن اشمام جائز نہیں[5]۔

فائدہ۔ہمزہ مغیرہ کے ماقبل الف میں مد اور قصر دونوں جائز ہیں لہذا حمزہ کیلئے قصر بر بنائے تغیر اور طول بر بنائے مذہب ہوگا اور ہشام کیلئے قصر بر بنائے تغیر اور توسط بر بنائے مذہب ہوگا۔

تنبیہ۔ہمزہ حطرفہ متحرک ماقبل یا اور واو ساکن حرف زائد ہو تو ابدال ہوگا اس وقت پہلی یا اور واو کا حرف مبدلہ میں ادغام ہوگا جیسے قُرُوْٓءٍ[6] اور النَّبِیْٓءُ وغیرہ۔

۳۔ہمزہ متوسطہ متحرکہ بعد حرکت کے واقع[7] ہو تو تسہیل ہوگی لیکن جب ہمزہ مفتوحہ بعد ضمہ یا

---

۱۔جیسے شَیْئًا سے شَیًا۔ہمزہ یا کی صورت میں ہو تو تسہیل کا لیا اور واو کی صورت میں ہو تو تسہیل کا لواو ہوگی۔

۲۔جیسے شَاءَ و یَشَاءُ وغیرہ اسوقت الف سے۔

۳۔ابدال ہوگا تو قصر کی حالت میں دو الف کی مقدار ادا کریں طول کی حالت میں چھ الف یعنی ایک الف مبدلہ ادائیگی میں زیادہ کریں گے۔

۴۔ہمزہ مکسورہ و مضمومہ میں روم بھی جائز ہے اسوقت تسہیل ہوگی مکسور میں تسہیل کا لیا مضموم میں تسہیل کا لواو۔

۵۔اسلئے کہ حالت وقف میں ہمزہ کو الف سے بدلدیں گے۔الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے سکون اصلی میں اشمام جائز نہیں ہے جیسا کہ جامع الوقف میں مفصل پڑھ چکے ہو۔

۶۔جیسے قُرُوٓ۔ اَلنَّبِیّ۔

۷۔ہمزہ متوسطہ متحرکہ بعد حرکت واقع ہو تو اسکی نو صورتیں نکلتی ہیں دو صورتوں میں تو بالاتفاق ابدال ہے جسکو ماتن نے بیان کر دیا خَاطِئَۃً و مُؤَجَّلًا میں خَاطِئَۃً میں یا سے مُؤَجَّلًا میں واو سے اور دو صورتوں میں مختلف فیہ ہے یعنی تسہیل و ابدال دونوں وجہیں مقروء ہیں جکو ماتن نے فائدہ میں بیان کر دیا جیسے فَمَالِئُوْنَ ۔سُئِلُوْا۔فَمَالِئُوْنَ میں یا سے سُئِلُوْا میں واو سے ابدال ہوگا جیسے فَمَالِیُوْنَ۔سُوِلُوْا۔فَمَالِئُوْ میں تسہیل کا لواو سُئِلُوا میں تسہیل کا لیا، ہوگی باقی پانچ صورتوں میں بالاتفاق تسہیل ہوگی

(۱) ہمزہ مفتوح ماقبل مفتوح جیسے سَاَلَ۔تسہیل کا لالف

(۲) ہمزہ مضموم ماقبل مضموم جیسے رُءُوْسِکُمْ۔تسہیل کا لواو ہوگی

(۳) ہمزہ مکسور ماقبل مکسور جیسے خَاسِئِیْنَ تسہیل کا لیا ہوگی

(۴) ہمزہ مضموم ماقبل مفتوح جیسے رَءُوْفٌ تسہیل کا لواو ہوگی۔

(۵) ہمزہ مکسور ماقبل مفتوح جیسے یَئِسَ۔تسہیل کا لیا ہوگی۔

https://alislami.net

کسرہ ہو تو ان دونوں صورتوں میں ابدال ہوگا جیسے خاطئۃ[1] اور مؤجلا وغیرہ۔

**فائدہ**۔ بعض کے نزدیک ہمزہ مضمومہ بعد کسرہ یا ہمزہ مکسورہ بعد ضمہ واقع ہونے پر بھی ابدال ہے جیسے فمالِئون[2] اور سُئِلوا وغیرہ۔

۴۔ ہمزہ متطرفہ متحرکہ بعد حرکت بوجہ وقف بالاسکان موافق حرکت ماقبل ابدال[3] ہوگا جیسے یَسْتَھْزِئ اور یَسْتَھْزِءُ وغیرہ۔ بقیہ صورتوں میں تسہیل ہوگی۔

**تنبیہ**۔ ہمزہ متوسط خواہ حقیقی[4] ہو یا حکمی اور[5] متوسط خواہ بلفظہ[6] ہو یا برسمہ[7] سب کا ایک ہی حکم ہے

لیکن ہمزہ متوسط بزوائد[8] میں تخفیف رسمی اسی وقت ہوگی جب کہ ہمزہ مفتوحہ سے پہلے زبر ہو جیسے لَاَنتُمْ وغیرہ

---

۱۔ جیسے خاطِئَۃً سے خاطِیَۃً مُؤَجَّلا سے مُوَجَّلا۔

۲۔ فمالِئُون سے فمالِیُون۔ سُئِلوا سے سُوِلُوا

۳۔ ماقبل مکسور ہو تو یا سے ابدال ہوگا جیسے یَسْتَھْزِئُ سے یَسْتَھْزِیْ ماقبل مفتوح ہو تو الف سے جیسے یَسْتَھْزَءُ سے یَسْتَھْزَا

۴۔ جیسے یُؤْمِنُوْن مُؤَجَّلا وغیرہ۔

۵۔ جیسے بِنَآئِکُمْ۔

۶۔ جیسے ماءً سے ماءٍ (وقفا)

۷۔ جیسے ھٰؤُلَاءِ میں ھا کے بعد والا ہمزہ۔

۸۔ جیسے فَبِاَیِّ بِاَنَّہٗ وغیرہ ہر ایک کی تعریف معرفۃ الرسوم میں پڑھ چکے ہو اگر یاد نہ ہو تو معرفۃ الرسوم میں دیکھ لو۔ جس طرح ہمزہ متوسط متحرکہ کی نو صورتیں نکلتی ہیں اسی طرح ہمزہ متوسط بزوائد کی بھی نو صورتیں نکلتی ہیں۔ مگر قرآن مجید میں چھ صورتیں آئی ہیں۔

(۱) ہمزہ مفتوح ماقبل مفتوح جیسے فَاَذِن

(۲) ہمزہ مکسور ماقبل مکسور جیسے بِاِذْنِہٖ

(۳) ہمزہ مکسور ماقبل مفتوح جیسے فَاِنَّھُمْ

(۴) ہمزہ مضموم ماقبل مفتوح جیسے فَاُوَارِیَ ہمزہ مضموم ماقبل مکسور جیسے لِاُخْوَانِھِمْ۔ ان پانچوں صورتوں میں تسہیل ہوگی

(۶) ہمزہ مفتوح ماقبل مکسور جیسے بِاَنَّھَا اس میں یا سے ابدال ہوگا اور تحقیق بھی یعنی خلف ہے

(۷) ہمزہ مضموم ماقبل مضموم

(۸) ہمزہ مفتوح ماقبل مضموم

(۹) ہمزہ مکسور ماقبل مضموم۔ یہ تینوں صورتیں قرآن میں نہیں ہیں۔

https://alislami.net

باقی صورتوں میں تخفیف رسمی جائز نہیں البتہ ھُوْ لَاۤءِ اور یٰوْ مَئِذٍ میں جائز ہے۔

**فائدہ۔** ہمزہ متوسط بزوائد میں تخفیف بالخلف ہے مثل بِاَخَسِّہَا وغیرہ کے پس ہمزہ مفتوحہ ماقبل کسرہ ہے تو ابدال ہوگا۔ اور باقی صورتوں میں تسہیل ہوگی۔

**مشورہ۔** مزید معلومات کیلئے کتاب کاشف الابہام (فی وقف علی الھمز) لحمزۃ وہشام کو دیکھیں۔

## ﴿سولھویں فصل﴾

## یائے اضافت کے احکام

یائے اضافت یائے متکلم کو کہتے ہیں۔ اس میں اختلاف فتحہ اور سکون کا بیان کیا جائے گا۔

ا۔ جس یائے اضافت کے بعد ہمزہ مفتوحہ واقع ہو تو نافع مکی بصری یائے اضافت کو فتحہ پڑھتے ہیں جیسے اَنِّیْٓ اَخْلُقُ وغیرہ لیکن نافع اور ابوعمرو بصری تین جگہ ساکن پڑھتے ہیں (۱) فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ (۲) اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (۳) ذَرُوْنِیْٓ اَقْتُلْ

**فائدہ۔** ابن کثیر مکی دس جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں سورہ آل عمران اور مریم میں قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَۃً اور ہود میں فِیْ ضَیْفِیْٓ اَلَیْسَ اور یوسف میں اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْ دو جگہ اور حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْٓ اَبِیْٓ اور سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْا اور کہف میں مِنْ دُوْنِیْٓ اَوْلِیَآءَ اور طٰہٰ میں یَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ اور نمل میں لِیَبْلُوَنِیْٓ ءَاَشْکُرُ

---

ل۔ یائے اضافت اسم و فعل و حرف تینوں پر لاحق ہوتی ہے۔ اسم پر جیسے سَبِیْلِیْ۔ فعل پر جیسے فَاذْکُرُوْنِیْ حرف پر جیسے لِیْ

**نوٹ۔** یائے اضافت اسکا نام مجازاً رکھا گیا ہے کیوں کہ مضاف الیہ صرف اسم سے ہوتی ہے جب فعل و حرف کے ساتھ لاحق ہو تو مضاف الیہ نہیں ہوتی یا اضافت کلمہ کے اصلی حرف میں لام کی جگہ میں نہیں ہوتی ہے بلکہ اسکی وضع مثل کاف و یا ضمیر وغیرہ کے لاحق ہوتی ہے۔ اسی طرح یائے اضافت بھی مثل کاف و یا ضمیر کے لاحق ہوتی ہے جیسے نَفْسَکَ و نَفْسِیْ و نَفْسَہٗ وغیرہ و صلاً یائے اضافت گر جائے گی۔

https://alislami.net

**فائدہ۔** قنبل سات جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں سورۂ ہود اور احقاف میں وَلٰکِنِّیْ اَرٰکم اور سورۂ ہود میں فَطَرَنِیْ اَفَلَا تَعْقِلُوْن اور انی اَرٰکُمْ اور سورۂ نمل واحقاف میں اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ اور سورۂ زخرف میں تَحْتِیْ اَفَلَا فقط اور بطریق ابی ربیعہ قنبل اور بزی دونوں عِنْدِیْ اَوَ لَمْ میں یا ساکن پڑھتے ہیں۔

ابوعمرو بصری نو جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں ہُوْد میں فَطَرَنِیْ اَفَلَا یوسف میں لِیَحْزُنُنِیْ اَنْ وسَبِیْلِیْ اَدْعُوْا اور طٰہٰ میں لِمَ حَشَرْتَنِیْ اَعْمٰی اور نمل میں اَوْزِعْنِیْ اَنْ وتَعِدَانِنِیْ اَن. لٰکِنِّی اَرٰی. اِنِّیْ اَرٰکُمْ۔ لِیَبْلُوَنِیْ ءَ اَشْکُرُ۔

**فائدہ۔** دو کلمات میں کی بصری ساکن پڑھتے ہیں ایک سَبِیْلِی [1] ادعوا دوسرے لِیَبْلُوَنِیْ [2] ءَ اَشْکُرُ اور قالون صرف اَوْزِعْنِیْ کی یا ساکن پڑھتے ہیں جو نمل اور احقاف میں واقع ہے۔

**تنبیہ۔** ابن عامر شامی خلاف قاعدہ تین کلموں کی یا مفتوحہ پڑھتے ہیں ایک لَعَلِّیْ جہاں آوے دوسرے توبہ میں مَعِیَ اَبَدًا تیسرے ملک میں وَمَنْ مَعِیَ اَوْ رَحِمَنَا اور ہشام سورۂ غافر میں مَالِیْ اَدْعُوْکُمْ اور ابن ذکوان اَرَھْطِیْ اَعَزُّ عَلَیْکُمْ کی یا مفتوح پڑھتے ہیں

**تنبیہ۔** حفص سورۂ توبہ اور ملک میں وَمَنْ مَعِیَ کی یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

۲۔ جس یائے اضافت کے بعد ہمزہ مکسور ہو تو نافع اور بصری یا کو فتحہ پڑھتے ہیں جیسے مِنِّیْ اِلَّا وغیرہ۔

**فائدہ۔** صورت مذکور میں بصری نو جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں سورۂ آل عمران اور صف میں مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اور حجر میں بَنَاتِیْٓ اِنْ اور کہف وقصص میں سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ اور شعراء میں بِعِبَادِیْٓ اِنَّکُمْ اور سورۂ ص میں لَعْنَتِیْٓ اِلٰی اور مجادلہ میں وَرُسُلِیْٓ اِنْ اور قالون صرف ایک جگہ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْٓ اِنْ میں یا ساکن پڑھتے ہیں۔

---

[1] سورہ یوسف [2] سورہ نمل [3] قاری

https://alislami.net

تنبیہ۔ صورت مذکورہ میں ابن کثیر یوسف میں اٰبآءِیْ اِبراھیم اورنوح میں دعائی اِلّا کی یا کو مفتوح پڑھتے ہیں۔

تنبیہ۔ ابن عامر اِنْ اَجْرِیَ[1] اِلَّا ہر جگہ اور وَاُمِّیَ اِلٰھَیْنِ مائدہ میں اور وما توفیقی اِلّا ہود میں اور وَحُزنی اِلَی اللّٰہ و آباءی ابراھیم یوسف میں اور وَرُسُلِیَ اِنَّ اللّٰہ مجادلہ میں اور دعائی اِلّا نوح میں یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

تنبیہ۔ حفص اِنْ اجری اِلّا ہر جگہ اور یَدِیَ اِلَیْکَ وَاُمِّیَ اِلٰھَیْنِ مائدہ میں یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

جس یائے اضافت کے بعد ہمزہ مضمومہ واقع ہو مثل اِنِّیْ اُعِیْذُھا وغیرہ تو نافع ہر جگہ یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

۴۔ جس یائے اضافت کے بعد ہمزہ وصلی لام تعریف کے ساتھ واقع ہو مثل رَبِّیَ الَّذِیْ وغیرہ تو حمزہ[2] ہر جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں۔ بقیہ کل قراء یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

تنبیہ۔ کسائی صرف تین جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں ایک قُلْ لِعِبَادِیَ الَّذِیْنَ ابراھیم میں دوسرے یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ سورۂ عنکبوت اور سورۂ زمر میں فقط۔

تنبیہ۔ بصری خلاف قاعدہ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ عنکبوت اور زمر میں یا ساکن پڑھتے ہیں

تنبیہ۔ شامی خلاف قاعدہ صرف دو جگہ ایک عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ اعراف میں دوسرا قُلْ لِعِبَادِیَ الَّذِیْنَ سورۂ ابراھیم میں یا ساکن پڑھتے ہیں اور حفص صرف عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ بقر میں یا ساکن پڑھتے ہیں۔

---

[1] اَجْرِیَ اِلّا کل نو جگہ آیا ہے۔ ایک سورہ یونس ایک سورہ سبا میں دو جگہ سورہ ھود میں پانچ جگہ سورہ شعراء میں۔
[2] اجتماع ساکنین کی وجہ سے وصلاً حرف مد (یعنی یائے اضافت) گر جائے گا۔

https://alislami.net

تنبیہ۔ سوسی فَبَشِّرْ عِبَادِیَ الَّذِیْنَ میں بحالت وصل یا مفتوح پڑھتے ہیں اور بحالت وقف یا ساکن اس میں بقیہ قراء حذف فی الحالین کرتے ہیں۔

فائدہ۔ ان سب کلمات کی یا کو کل قراء ہر جگہ مفتوح پڑھتے ہیں نِعْمَتِیَ الَّتِیْ سورہ بقرہ میں تین جگہ حَسْبِیَ اللّٰہُ سورہ توبہ و زمر میں دو جگہ شُرَکَاءِیَ الَّذِیْنَ چار جگہ سورہ نحل میں ایک جگہ سورہ کہف میں ایک جگہ سورہ قصص میں دو جگہ وَقَدْ بَلَغَنِیَ الْکِبَرُ سورہ آل عمران اور رَبِّیَ الاَعْلٰی الَّذِیْنَ اور وَمَا مَسَّنِیَ السُّوْءُ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ اعراف میں تین جگہ اور سورہ حجر میں مَسَّنِیَ الْکِبَرُ اور سورہ سبا میں اَرُوْنِیَ الَّذِیْنَ اور سورہ مومن میں ۲ جگہ رَبِّیَ اللّٰہُ اور قَدْ جَاءَنِیَ الْبَیِّنٰتُ اور تحریم میں نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ کی یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

۵۔ جس یائے اضافت کے بعد بلا لام ہمزہ وصلی واقع ہو تو اس قسم کے کلمات سات ہیں ایک اَخِیْ اشْدُدْ دوسرے اِنِّیْ اصْطَفَیْتُکَ ان دونوں کو مکی بصری فتحہ پڑھتے ہیں تیسرے یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ میں بصری یا مفتوح پڑھتے ہیں۔ چوتھے لِنَفْسِیْ اِذْهَبْ اور پانچویں ذِکْرِی اِذْهَبَا طٰهٰ میں ہے ان دونوں میں نافع مکی بصری تینوں حضرات یا مفتوح پڑھتے ہیں۔ چھٹے قَوْمِی اتَّخَذُوْا میں نافع۔ بزی۔ بصری یا مفتوح پڑھتے ہیں۔ ساتواں بَعْدِی اسْمُهٗ میں نافع مکی بصری شعبہ یا مفتوح پڑھتے ہیں۔ بقیہ قراء ہر جگہ یا ساکن پڑھتے ہیں۔

۶۔ جس یائے اضافت کے بعد علاوہ ہمزہ کے کوئی حرف واقع ہو تو نافع سات جگہ یا مفتوح پڑھتے ہیں وہ کلمات سبعہ یہ ہیں بَیْتِیَ بقرو حج میں وَجْهِیَ آل عمران و انعام میں مَحْیَایَ لِلّٰہِ انعام میں اور وَمَا لِیَ سورۂ یٰس میں اور وَلِیَ دِیْنِ سورۂ کافرون میں فقط۔

فائدہ۔ ورش چار جگہ یا مفتوح پڑھتے ہیں ایک وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ بقر میں دوسرا وَلِیَ فِیْهَا طٰہٰ میں تیسرا وَمَنْ مَّعِیَ شعراء میں چوتھا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ دخان میں فقط۔

---

ل۔ وصل و وقف دونوں حالتوں میں حذف یا ہے۔

https://alislami.net

فائدہ۔ کی پانچ کلمات کی یا مفتوح پڑھتے ہیں۔ایک مَحْيَایَ انعام میں دوسرا مِن وَرَآءِیَ

سورۂ مریم میں اور مَا لِیَ سورۂ نمل سورۂ یٰسٓ میں پانچویں اَیْنَ شُرَكَآئِیَ سورۂ فصلت میں فقط اور

بروایت بزی صرف وَلِيَ دِيْنِ سورۂ کافرون میں بالخلف یا مفتوح پڑھتے ہیں

فائدہ۔ بصری لفظ مَحْيَایَ انعام میں اور وَمَا لِیَ یٰسٓ میں یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

فائدہ۔ شامی چھ جگہ یا مفتوح پڑھتے ہیں ایک وَجْهِیَ سورۂ آل عمران سورۂ انعام

میں دو جگہ۔تیسرے صِرَاطِي چوتھے مَحْيَایَ انعام میں پانچویں اِنَّ اَرْضِیْ واسعة عنکبوت میں چھٹے

وَمَالِيَ یٰسٓ میں اور بروایت ہشام بیتی ہر جگہ مفتوح پڑھتے ہیں اسی طرح وما لی نمل میں اور ولی دین

کافرون میں یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

فائدہ۔ حفص بَيْتِيَ[1] وَجْهِيَ اور مَعِيَ ان تینوں کلمات میں ہر جگہ یا مفتوح پڑھتے ہیں۔

اسی طرح مَحْيَایَ انعام میں وَلِيَ سورہ ابراھیم وَسورہ طٰہٰ و نمل و سورہ یٰس وسورہ ص و سورۂ کافرون میں یا

مفتوح پڑھتے ہیں

فائدہ۔ شعبہ اور کسائی لفظ محیای انعام میں اور وَمَا لِی سورۂ نمل و یٰس میں یا مفتوح

پڑھتے ہیں۔

فائدہ۔ حمزہ صرف لفظ مَحْيَایَ کی یا مفتوح پڑھتے ہیں باقی ہر جگہ ساکن پڑھتے ہیں۔

---

[1] بیتی تین جگہ آیا ہے ایک جگہ نوح میں ایک سورہ بقر میں ایک سورہ حج میں وجھی دو جگہ سورہ آل عمران وانعام میں۔معی نو جگہ آیا ہے۔سورہ اعراف۔سورہ توبہ۔سورہ کہف میں تین جگہ۔سورہ انبیاء سورہ شعراء میں دو جگہ۔سورہ قصص میں ایک جگہ۔

https://alislami.net

# ﴿ سترھویں فصل ﴾

## یاءات زوائد کے احکام

جو یا محذوفہ قراءۃً ثابت ہو اسکو یا زائد کہتے ہیں چنانچہ نافع بصری حمزہ کسائی وصلاً یا زائد کرتے ہیں اور ابن کثیر بلا خلف اور ہشام بالخلف وصلاً اور وقفاً یا زیادہ کرتے ہیں لیکن جن کلمات میں قراء نے اپنے قاعدے کے خلاف کیا ہے صرف وہی کلمات ذکر کئے جاتے ہیں۔[1]

**فائدہ**۔ قالون نے اَلتَّلَاقِ اور اَلتَّنَادِ جو سورۂ غافر میں ہے صرف وصلاً بالخلف یا زائد کی ہے

**فائدہ**۔ قنبل نے وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ سورہ اِبْرَاھِیم میں اور وَیَدْعُ الدَّاعِ سورہ قَمَرْ میں اور اَکْرَمَنِ وَاَھَانَنِ سورۂ فجر میں وصلاً اور وقفاً یا حذف کیا ہے اور بالواد میں صرف وصلاً زائد کیا ہے اور وقفاً بالخلف پڑھا ہے۔ اسی طرح بزی اِنَّہٗ مَنْ یَّتَّقِ یوسف میں وصلاً اور وقفاً حذف یا کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

**فائدہ**۔ بصری کیلئے اَکْرَمَنِ وَاَھَانَنِ میں اثبات بالخلف ہے لیکن حذف اولیٰ ہے۔

**فائدہ**۔ کسائی صرف یَوْمَ یَاْتِ ھود میں اور وَمَا کُنَّا نَبْغِ کہف میں وصلاً یا زیادہ کرتے ہیں

**فائدہ**۔ حمزہ صرف وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ابراہیم میں وصلاً یا زائد کرتے ہیں اور اَتُمِدُّوْنَنِ سورۂ نمل میں وصلاً اور وقفاً یا زیادہ کرتے ہیں۔

**فائدہ**۔ ہشام ثُمَّ کِیْدُوْنِ اعراف میں وصلاً اور وقفاً یا زائد کرتے ہیں اور ابن ذکوان فَلَا تَسْئَلْنِیْ کی یا باوجود مرسوم ہونے کے وصلاً اور وقفاً حذف کرتے ہیں۔

---

[1] تفصیل شاطبیہ و تیسیر میں دیکھیں۔

https://alislami.net

فائدہ۔ حفص فَمَا اٰتٰنِیَ اللّٰہُ میں وصلاً یا مفتوح پڑھتے ہیں اور وقفاً حذف و اثبات دونوں ان کیلئے ہے۔ اسی طرح شعبہ یٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ سورۂ زخرف میں وصلاً یا مفتوح پڑھتے ہیں اور وقفاً یا ساکن کرتے ہیں۔ فقط

## ﴿اٹھارھویں فصل﴾

## تکبیر کے بیان میں

قراء سبعہ میں سے امام ابن کثیر مکی کیلئے وَالضُّحٰی کے آخر سے وَالنَّاس کے آخر تک ہر سورہ کے ختم پر تکبیر یعنی لفظ اَللّٰہُ اَکْبَر کہنا ثابت ہے اور بعض کے نزدیک وَالَّیْل کے آخر سے ہے تکبیر بروایت بزی واجب ہے ورنہ روایت ناقص ہوگی۔ اور بعض قنبل سے بھی نقل کرتے ہیں لفظ تکبیر سے پہلے بعض تہلیل بھی نقل کرتے ہیں۔ یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر تکبیر جہر و سر میں تابع قراءت ہے تکبیر کا ختم سورتوں سے وصل اور فصل دونوں جائز ہے۔ لہذا تکبیر اور تسمیہ کے وصل اور فصل کے اعتبار سے آٹھ وجہیں پیدا ہوتی ہیں ۱۔ وصل کل۔ ۲۔ فصل کل۔ ۳۔ وصل اول فصل ثانی وثالث یہ صرف واللیل کے ختم پر نا جائز ہے ۴۔ فصل اول وصل ثانی وثالث یہ وَالنَّاس کے ختم پر ناجائز ہے۔ ۵۔ وصل اول وثانی فصل ثالث یہ ہر جگہ ناجائز ہے۔

---

۱۔ وصل کل ختم سورہ کا وصل تکبیر سے تکبیر کا وصل بسم اللہ سے اور بسم اللہ کا وصل ابتداء سورہ سے

۲۔ فصل کل ختم سورہ اور تکبیر و بسم اللہ تینوں پر وقف کرے

۳۔ ختم سورہ کا وصل تکبیر سے تکبیر و بسم اللہ دونوں پر وقف کرے۔

۴۔ ختم سورہ پر وقف تکبیر و بسم اللہ دونوں کا وصل کرے

۵۔ ختم سورہ اور تکبیر دونوں کا وصل اور بسم اللہ پر وقف کرے

https://alislami.net

۶۔ فصل[1] اول وثانی وصل ثالث۔ ۷۔ وصل[2] اول فصل ثانی وصل ثالث۔ ۸۔ فصل[3] اول ووصل ثانی فصل ثالث۔

ان میں سے کوئی سی صورت پڑھی جائے تو جائز ہے اور جن صورتوں میں ناجائز کہا گیا ہے ان کو نہ پڑھنا چاہئے فقط۔[4]

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

---

۱۔ ختم سورہ اور تکبیر دونوں پر وقف اور بسم اللہ کا شروع سے وصل کرے۔

۲۔ ختم سورہ کا تکبیر سے وصل اور تکبیر پر وقف اور بسم اللہ کا شروع سورہ سے وصل۔

۳۔ ختم سورہ پر وقف تکبیر کا بسم اللہ سے وصل اور بسم اللہ کا شروع سورت سے فصل۔

۴۔ پس اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا یہاں پہونچ کر حاشیہ بھی پورا ہوا لہٰذا اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْن اس حاشیہ کو تمام انام میں مقبولیت بخش دے جس طرح اس متن کو مقبولیت حاصل ہے۔ آمین ثم آمین بجاہ سید الْمُرْسَلِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتِمِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الْمُعَظَّمِیْنَ وَاَئِمَّۃِ الْمُقْرِئِیْنَ وَمَنْ سِوَاھُمْ اِلٰی اَجْمَعِیْنَ۔

جمال القادری الاعظمی

خادم القراء

جامعہ نعیمیہ مرادآباد

۱۲؍مارچ ۱۹۸۹ء مطابق ۲؍شعبان ۱۴۰۹ھ بروز ہفتہ

https://alislami.net

# شاطبیہ کے رموز حرفی کی تفصیل

**اَبجْ دَ ھَزْ حُطِیْ کَلِمْ نَصَعْ فَضَقْ رَسَتْ: بِکُلِّ اِمَامٍ حَرْ فُ رَ مْزٍ تَحَصَّلا**[1]

قراء سبعہ کیلئے کلمات سبعہ میں تین حروف ہیں ہر کلمہ کا پہلا حرف امام کیلئے بقیہ دو حرف دونوں رواۃ کیلئے ہیں مثلاً اَبجْ الف سے نافع با سے قالون جیم سے ورش مراد ہیں انہیں حرفونکو جز اسم کے ساتھ لکھ رہا ہوں تا کہ رموز یاد کرنے میں سہولت اور آسانی ہو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | اَبجْ | اَنَا فِعْ | بَقَا لُوْن | جوَرْش |
| ۲ | دَھَزْ | دَ بن کَثیْرٍ | ھَبَزِیْ | زَقُنبُل |
| ۳ | حُطِیْ | حبُو عَمْرو | طَدُوْری | یَسُو سِی |
| ۴ | کَلِمْ | کَبْنُ عَامِرْ | لِہِشَا مَ | مَبْنُ ذَکْوان |
| ۵ | نَصَعْ | نَعَا صِمْ | صَشُعْبَہ | عَحَفص |
| ۶ | فَضَقْ | فَحَمزْ | ضَخَلَفْ | قَخَلا دْ |
| ۷ | رَسَتْ | رِکَسَائی | سَبوا لحارِث | تَدُورِی |

# شاطبیہ کے رموز حرفی مرکب اور رموز کلمی

(طلبہ کی آسانی کیلئے مخدومی حضرت والد صاحب[2] قبلہ نے یہ مرتب فرمایا ہے)

ثا[3] سے کوفی خا سو نافع ہیں مراد — ذال سے کوفی وشامی ہیں مراد
ظا سے مکی اور کوفی ہیں فقط — غین سے بصری و کوفی ہیں فقط
شین میں حمزہ کسائی ہیں صحب — ہیں مثل حرفی۔ مزحکمی اے محبّ
صحبہ سے حمزہ کسائی شعبہ جان — صحاب میں حمزہ کسائی حفص مان
حرم سے نافع اور مکی ہیں مراد — حصن سے نافع وکوفی کرلے یاد
عم سے نافع اور شامی ہیں فقط — حق سے مکی اور بصری ہیں فقط
نفر سے ساتھ حق کے ابن عامر ہیں مراد — سما میں ساتھ نافع کر حق کو یاد

[1] یہ ترتیب الف مجرب کی ہے حروف واؤ ز اسے فصل کیلئے چھوڑ دیا گیا ہے ۱۲ ابن قادری [2] یعنی مخدوم القراء حضور استاذی قاری الحاج ضیاء محب الدین احمد علیہ الرحمہ

[3] ث سے امام عاصم - امام حمزہ - امام کسائی - خ سے امام مکی - بصری - امام شامی - عاصم - حمزہ - کسائی ۱۲

https://alislami.net

بسم الله الرحمن الرحيم

ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ (القرء ان)

# كا شف الا بهام

(فی الوقف علی الھمز)

لحمزة و هشام

مع حا شیه

﴿مؤلف﴾

مخدوم القراء الشیخ قاری محب الدین احمد صاحب علیه الرحمه

﴿محشی﴾

استاذ القراء الشیخ قاری احمد جمال قادری اعظمی صاحب

شیخ القراء ت جا معه امجد یه ، گھو سی ، مئو

https://alislami.net

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِوَلِیِّہٖ الۡقَدِیۡم وَالصَّلٰوۃُ والسَّلام عَلٰی رَسُوۡلِہٖ الۡکَرِیۡم

امابعد احقر ابن ضیا محب الدین احمد عفی عنہ ناروی الہ آبادی کہتا ہے کہ ابواب ہمزہ میں باب وقف حمزہ وہشام جس قدر مشکل ہے وہ اہل فن سے پوشیدہ نہیں ہے ہر زمانہ میں اس کے وضاحت کی کوشش کی گئی مگر مستقبل والوں کے لئے وہ بھی مشکل ہی رہیں چنانچہ اس وقت بھی اسکی سہولت بیان کرنے کی ضرورت معلوم ہوئی تاکہ طلبہ فن کو اس کے اصول ضبط کرنے میں دقت نہ واقع ہو۔

خدا کے بھروسہ پر اس کو شروع کرتا ہوں اور اس رسالہ کا نام کاشف الا بہام (فی الوقف علی الھمز) لحمزۃ وھشام رکھتا ہوں اللہ پاک اس کو قبول فرما کر وقف حمزہ وہشام کے دقائق طلبہ پر منکشف فرمادے آمین واللہ الموفق والمعین۔

## ﴿ مقدمہ ﴾

حروف ہجائیہ عربیہ میں سے ہمزہ ایک ایسا حرف ہے کہ جس کی مستقل صوت (آواز) ہے مگر مستقل صورت نہیں اور مستقل مخرج[1] ہے لیکن مستقل ادا نہیں یعنی نہ ہمزہ کی مستقل کوئی شکل ہے اور نہ اپنی اصلی ادا اور کیفیت سے ہمیشہ ادا ہوتا ہے بلکہ کبھی موافقت حرکت اور مناسبت تخفیف کے لحاظ سے ہمزہ الف[2] اور واو اور یا کی صورت میں مرسوم ہوتا ہے اور کبھی محذوف الرسم[3] ہوتا ہے اسی طرح ادا میں بھی کبھی محذوف ہوتا ہے اور کبھی ثابت ہوتا ہے اور جب ثابت ہوتا ہے تو کبھی تحقیق کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے اور کبھی تخفیف کے ساتھ پڑھا جاتا ہے لیکن جب حروف ثلثہ[4] مذکورہ کی صورت میں ہمزہ نہیں مرسوم ہوتا تو اسکو محذوف الرسم کہتے ہیں۔

---

[1] حرف نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔

[2] الف کی صورت جیسے مَا کول واو کی صورت جیسے یُؤ منُون یا کی صورت میں جیسے لِئَلا

[3] محذوف الرسم کی مثال جیسے دِفٌ ءُ وغیرہ

[4] الف۔ واو۔ یا

ہمزہ کے مختلف الرسم اور محذوف الرسم ہونیکی وجہ سے تخفیف ہمزہ کی بھی مختلف صورتیں ہوگئی ہیں لیکن جب ہمزہ ضغطہ (جھٹکہ) کے ساتھ ادا کیا جائے گا تو اس وقت ہمزہ محققہ صورت متشکلہ[1] سے ممتاز ہوگا ورنہ مسہلہ یا متبدلہ ہوجائے گا کیونکہ ہمزہ کے لئے ضغطہ ذاتی اور لَا یَنفَکُّ (جدا نہیں ہونی چاہئے) بلکہ اسی وجہ سے کلام عرب میں اداءً ثقیل سمجھا جاتا ہے اور ابعد مخرج بھی موجب صعوبت ہے پھر رسم خاص کے ساتھ مثل دیگر حروف کے مرسوم نہ ہونا اور بھی باعث اشکال ہے انھیں وجوہات سے فن صرف اور وقف "تجوید اور قراءت" اور رسم خط ہر ایک فن میں ہمزہ مشکل سمجھا گیا ہے۔

بعض قراء ہمزہ کی ثقالت کو مختلف طریقوں سے رفع (دور) کرتے ہیں جس کو تخفیف کہتے ہیں قراء سبعہ میں سے امام حمزہ صرف وقف میں تخفیف کرتے ہیں چاہے ہمزہ متوسط ہو یا متطرفہ اور ہشام ہمزہ متطرفہ میں تخفیف کرتے ہیں لیکن تخفیف کے لئے رسم عثمانی اور قواعد عربیہ کا جاننا نہایت ضروری ہے وقف کی حالت میں جو تخفیف کی جاتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وقف بذات خود تخفیف کو مقتضی ہے (آسانی چاہتا ہے) اسی وجہ سے موقوف علیہ کی حرکت اور تنوین نہیں پڑھی جاتی پس جس طرح وقف ان دونوں کا متحمل نہیں ہے اسی طرح بحالت وقف حمزہ ہشام تحقیق ہمزہ کی ثقالت کے بھی متحمل نہیں ہیں۔ جو تحقیقات معمول بہا ہیں وہ اداءً فی نفسہ آسان ہیں بلکہ اقتضائی طبع اس کا موید (تائید) ہے چنانچہ جن قراء کے نزدیک ہمزہ تین کی تحقیق ہونی چاہئے ان کی قرأت میں بھی بعض لوگوں سے دوسرے ہمزہ کی تسہیل اور ہمزہ متحرک ماقبل ساکن کی صورت میں نقل بالاضطرار[2] ہوجاتا ہے حالانکہ یہ غلطی ہے۔ اس سے بچنے کی آسان صورت یہ ہے کہ ہمزہ کی حرکت کو خوب صاف ادا کریں چونکہ ہمزہ میں فی نفسہ ثقل ہے اس وجہ سے تخفیف کو مقتضی ہے چنانچہ بعض قراء اجتماع ہمزتین وغیرہ میں بحالت[3] وصل تخفیف کرتے ہیں اور وقف میں دونوں وجہ تخفیف کی موجود ہیں اس لئے اہل تخفیف کے نزدیک وقف میں تخفیف کی زیادہ اہمیت ہے جو تخفیف وصل میں ہوتی ہے اس کو تغیر کہتے ہیں تغیر[4] چند طرح پر ہوتی ہے مثلاً تسہیل محض

---

[1] یعنی ادا۔ ئی میں الف، واو یا سے ممتاز ہوگا۔

[2] قد فلغ ہوجاتا ہے۔

[3] جیسا کہ جامع القراءت میں اسکی تفصیل ہمزتین کی بحث میں ہے۔ [4] اسکا حاشیہ صفحہ ۹۷ کے حاشیہ پر ہے۔

https://alislami.net

''تسہیل مع الادخال'' تحقیق مع الادخال ''ابدال'' اسقاط'' نقل لیکن حذف اور اسقاط میں اصطلاحاً یہ فرق ہے کہ ہمزتین میں اسقاط کا استعمال ہوتا ہے اور وقف و نقل میں حذف مستعمل ہے۔

بعض طلبہ سکتہ کو بھی از قسم تخفیفات سمجھتے ہیں حالانکہ یہ غلطی ہے۔ سکتہ محض تحقیق ہمزہ کے لئے ہوتا ہے کیوں کہ جب ہمزہ کسی ساکن کے بعد واقع ہوتا ہے تو ہمزہ میں ایک قسم کا خفا پیدا ہو جاتا ہے اور سکتہ اس خفا کو دور کرتا ہے چنانچہ علامہ دانی رحمۃ اللہ علیہ سکتہ کی وجہ بیاناً للھمزۃ لخفائھا[1] بیان فرماتے ہیں۔

امام حمزہ و ہشام کے نزدیک تخفیف ہمزہ کی دو قسمیں ہیں تخفیف قیاسی اور تخفیف رسمی پس تخفیف قیاسی کی پانچ صورتیں ہیں۔ تسہیل، ابدال، ادغام، نقل، حذف، تخفیف رسمی رسم کے تابع ہوتی ہے جیسا کہ تخفیف قیاسی قواعد صرف کے تابع ہوتی ہے اگر ہمزہ محذوف الرسم ہے تو تخفیف بھی حذف کے ساتھ ہوگی۔ اس تخفیف رسمی کا حکم یہ ہے کہ رسم کی متابعت کیساتھ عربیت کی موافقت اور نقل کی مطابقت ہو اس کے خلاف تخفیف رسمی جائز نہیں۔ تخفیف قیاسی کے ساتھ کبھی تخفیف رسمی بھی جمع ہو جاتی ہے جیسے یُؤْمِنُوْنَ کا ابدال اور دفْءٌ کا حذف اور کبھی دونوں میں اختلاف بھی ہو جاتا ہے جیسے فَمَالِؤُنَ میں تسہیل قیاسی ہے اور حذف رسمی ہے۔

پس تخفیف رسمی دو طرح پر ہوتی ہے ابدال برسمہ[2] اور حذف[3] ہمزہ بعض ادغام[4] کو بھی تخفیف رسمی میں بیان

---

حاشیہ ۷۸ صفحہ کا ۲؎ تسہیل محض اسکو کہتے ہیں کہ ہمزہ کو حروف مدہ اور ہمزہ کے مخرج کے درمیان سے ادا کرنا اگر ہمزہ مفتوحہ ہو تو ہمزہ اور الف کے درمیان ادا کرنا جیسے ءَ اَنْذَرْتَھُمْ میں اگر ہمزہ مضمومہ ہو تو ہمزہ اور واو کے درمیان ادا کرنا جیسے ءَ اُنْزِلَ میں اگر کسرہ ہو تو ہمزہ اور یا کے درمیان ادا کرنا جیسے ءَ اِذَا میں تسہیل مع الادخال ہمزہ مسہلہ اور ہمزہ محققہ کے درمیان قاعدہ کے مطابق حروف مدہ داخل کرنا ہے۔

ابدال۔ ہمزہ کو قاعدہ کے موافق حروف مدہ سے بدلنا جیسے ءَ اَنْذَرْتَھُمْ سے آنذرتھم وغیرہ

اسقاط۔ بغیر نقل حرکت کے ہمزہ کو حذف کرنا جیسے جآءَ اَحَدَ سے جآءَ حَد

نقل۔ ہمزہ اصلی کی حرکت نقل کر کے ہمزہ کے ماقبل ساکن حرف کو دے کر ہمزہ کو حذف کرنا جیسے قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَ فْلَحَ

[1] یعنی کیونکہ ہمزہ پوشیدہ حرف ہے جو اہتمام نہ کرنے کے سبب اکثر غائب و حذف ہو جاتا ہے اسی وجہ سے بعض قراء حرف صحیح ساکن کے بعد ہمزہ آنے سے ہمزہ سے پہلے ساکن حرف پر سکتہ کرتے ہیں تاکہ ہمزہ حذف نہ ہونے پائے اور خوب صاف طور پر ادا ہو۔

[2] جیسے یُؤْمِنُوْنَ سے یُوْمِنُوْن [3] دِفْءٌ سے دِفٌ [4] جیسے رِءْیًا سے رِیًّا وغیرہ

کرتے ہیں تا کہ محض حذف ہمزہ کی وجہ سے التباس نہ لازم آئے جیسے رِءْ یٰا وغیرہ اور کبھی تسہیل سے بھی تخفیف رسمی ادا کی جاتی ہے کیونکہ جہاں قواعد عربیہ کی مخالفت کی وجہ سے ابدال برسمہ نہیں ہوسکتا تو تسہیل سے تخفیف رسمی حاصل ہوجاتی ہے جیسے اَجِنَّآ ؤُ[1] وغیرہ تخفیف کی جو صورتیں بیان کی گئی ہیں

ان کی تعریفیں[2] اس وجہ سے نہیں بیان کی جاتیں کہ اس فن کے طلبہ اس سے بے خبر نہیں ہیں یہ رسالہ انہیں کے استمداد کے لئے لکھا جاتا ہے۔ اس رسالہ میں تخفیفات بطریق شاطبی بیان کئے جائیں گے بعض اہل فن جزری وغیرہ کے طریق سے بیان کرتے ہیں جس سے اور تخفیفات کا اضافہ ہوجاتا ہے لیکن چونکہ پڑھنے میں ایک طریق کی پابندی ضروری ہے اس وجہ سے میں نے ایک ہی طریق کا التزام کیا ہے جس سے اور مسائل تخفیف کی ایک گونہ تخفیف ہوجائے گی چنانچہ ہمزہ مبتدیہ کی تخفیف بطریق شاطبی نہیں ہے لیکن جب ہمزہ مبتدیہ کسی ساکن آخر صحیح کے بعد واقع ہو تو تخفیف بالخلف ہوتی ہے مثل مَنْ اٰمَنَ[3] اور ایامٍ اُخر[4] کے اس صورت میں بھی میم جمع کے سکون کے بعد ہمزہ آنے سے تخفیف نہ ہوگی مثل عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ[5] وغیرہ۔

پس بطریق شاطبی حقیقۃً تخفیف کے دو ہی محل ہیں۔ ہمزہ متوسطہ اور ہمزہ متطرفہ لیکن چونکہ ہمزہ متطرفہ کی تخفیف میں امام حمزہ ہشام دونوں متفق ہیں اس طرح تخفیف رسمی میں بھی دونوں متفق ہیں اس وجہ سے ہشام کے لئے مستقل طریقہ سے ہمزہ متطرفہ کی تخفیف نہ بیان کی جائے گی

ہمزہ متوسطہ کے واقع ہونے کی تین صورتیں ہیں۔ ہمزہ متوسطہ[6] حقیقی، ہمزہ متوسطہ حکمی، ہمزہ متوسطہ بزوائد ہمزہ متوسطہ[7] حکمی یعنی جو ہمزہ متطرفہ کسی ضمیر یا منصوب منون کی وجہ سے متوسطہ ہوجاوے جیسے نِسَآءُکُمْ

---

۱۔ تسہیل کی ادا اپنے شیخ سے معلوم کریں بذریعہ تحریر اسکی ادا کا سمجھنا مشکل ہے۔

۲۔ میں نے تمام تخفیفات کی تعریفیں صفحہ ۷۹ کے حاشیہ نمبر ۳ میں تحریر کردیا ہے۔

۳۔ مثل مَنْ اٰمَنَ سے مَنَ مَنْ (پڑھنے کی صورت)

۴۔ ایّام اُخر سے ایام نُ خر (پڑھنے کی صورت)

۵۔ میم جمع کے بعد ہمزہ قطعی آنے سے امام ورش وصلا صلہ کرتے ہیں نقل نہیں کرتے ہیں اس میں امام حمزہ وقف میں نقل نہیں کرتے ہیں بلکہ تحقیق ہمزہ ہی کریں گے۔

۶۔ متوسط حقیقی جو ہمزہ کلمہ کے بیچ میں حقیقتاً واقع ہو جیسے یؤ منون

۷۔ متوسط بزوائد جو ہمزہ مبتدیہ کسی حرف کے آنے سے متوسط ہوجائے جیسے انّہ سے بانّہ وغیرہ۔

https://alislami.net

وَ بِنَاءٍ وغیرہ اور ہمزہ متوسط بزوائد کی دوصورتیں ہیں رسما اور لفظا یعنی متوسط بحرف جیسے بِاَ نہ اور متوسط بکلمہ جیسے لقاۓنا الت وغیرہ اور متوسط بحرف کی دوصورتیں ہیں۔ ایک متوسط بحرف متحرکہ جیسے الارض دوسرے متوسط بحرف ساکنہ جیسے فَأْوٗا لیکن متوسط بحرف متحرکہ کی تخفیف بالخلف ہوگی۔ اہل فن ہمزہ متطرفہ اسی کو کہتے ہیں جو متطرفہ بلفظہ ہو جیسے جاء شاء وغیرہ مگر اہل رسم کے نزدیک مثل بناءٍ کے بھی متطرف ہے پس حرکت اور سکون کے لحاظ سے ہمزہ متوسط اور متطرفہ کے واقع ہونیکی تین صورتیں ہیں ہمزہ متحرک ماقبل ساکن، ہمزہ متحرک ماقبل متحرک، ہمزہ ساکن ماقبل متحرک اسی لحاظ سے اس مقدمہ کے بعد اس میں تین فصلیں بیان کی جائیں گی اور آخر میں ایک خاتمہ بیان کیا جاویگا فقط و ھو یھدی السبیل۔

## ﴿ پہلی فصل ﴾

## ہمزہ متوسطہ کے بیان میں

**قاعدہ (۱)** ہمزہ متحرک ماقبل ساکن حرف اصلی ہو تو علاوہ الف کے نقل ہوگی جیسے تَجْئَرُوْنَ[۱] سِيْئَتْ[۲] شَيْئًا اور الارض وغیرہ لیکن ہمزہ سے پہلے واو اور یا ساکن ہو تو ہمزہ ماقبل والے حرف کے موافق بدل کر بعض ادغام بھی نقل کرتے ہیں جیسے سِيْئَتْ[۳] اور سَوْءَةَ وغیرہ۔

**قاعدہ (۲)** ہمزہ متحرک ماقبل ساکن حرف زائد ہو تو ادغام ہوگا جیسے بَرِيْئُوْنَ[۴] اور بَرِيْئًا وغیرہ یعنی ہمزہ کو یا سے بدل کر ادغام کریں گے۔ واو کی مثال قرآن مجید میں نہیں آئی اس صورت میں بجز ادغام کے کوئی

---

۱۔ جیسے تَجْئَرُوْنَ سے تَجَرُوْنَ۔ سِيْئَتْ سے سِيَتْ اس میں نقل کے علاوہ ادغام بھی ہے گویا اس میں خلف ہے جیسا کہ حضرت مصنف علیہ الرحمۃ آگے خود تحریر فرما رہے ہیں۔

۲۔ اس میں بھی دو وجہیں ہیں نقل جیسے شَيْئًا سے شَيًا ادغام جیسے شَيْئًا سے شَيًّا

۳۔ جیسے سِيْئَتْ سے سِيَّتْ سَوْءَةَ سے سَوَّةَ وغیرہ

۴۔ جیسے بَرِيْئُوْنَ سے بَرِيُّوْنَ اور بَرِيْئًا سے بَرِيًّا

https://alislami.net

دوسری تخفیف جائز نہیں تا کہ حرف اصلی اور زائد میں فرق ہو جائے اور یہ خیال ہو کہ مدہ کا غیر مدہ میں ادغام نہیں ہوتا تو اس کے متعلق علامہ جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں والجواب،، عن ذلک[1] ان الا دغام فیہ تقدیری فا نما لما لفظنا بیا مشد دہ وواو مشد دۃ تخفیفاً للھمزۃ قد رنا ابدال الھمزۃ بعد حرف المدو ادغام حرف المد فی الھمزو نظیرھذا ادغام ابی عمر و نودی یا موسٰی ھو و الذین امنو افا ن النطق فیہ بیاء وواو مشد دتین و کو ننا سکنا الیاء والو او حتی صار حر فی مد ثم اد غمنا ھما فیما بعد ھما تقد یر و اللّٰہ ا علم (نشر)

**قاعدہ (۳)** ہمزہ متحرک ماقبل ساکن الف ہو تو تسہیل ہوگی جیسے ھَـآؤُ[2]مُ اقْـرَءُوْ اور مَـلٰٓـئِکَۃُ نِسَآؤُکُمْ اور بِنَآءً وغیرہ اس صورت میں ہمزہ مغیرہ ہونے کی وجہ سے قصر بھی جائز ہے۔

**فائدہ۔** ہمزہ متحرک ماقبل متحرک کی صورت میں نو صورتیں پیدا ہوں گی لیکن جب ہمزہ مکسور بعد ضمہ یا ہمزہ مضموم بعد کسرہ ہو تو اختلاف ہے یعنی تسہیل اور ابدال دونوں وجہ مقروٴ ہیں باقی سات صورتوں میں سیبویہ اور اخفش کا اتفاق ہے۔

**قاعدہ (۴)** ہمزہ مکسور بعد ضمہ ہو جیسے سُئِلُوْا[3] یا ہمزہ مضموم بعد کسرہ ہو جیسے فَمَا لِؤُ[4]نَ ان دونوں صورتوں میں تسہیل ہوگی لیکن بطریق اخفش ابدال بھی ہوگا۔

---

۱۔ محقق علم وفن حضرت علامہ جزری علیہ الرحمہ (و) ۷۸۰ھ (م) ۸۵۸ھ فرماتے ہیں کہ اسکا جواب یہ ہے کہ ادغام اسمیں تقدیری ہے کیونکہ جب ہم یا مشددہ اور واو مشددہ کے ذریعہ تلفظ کرتے ہیں ہمزہ کی تخفیف کرتے ہوئے (جیسے نبی. قُرُو ) تو ہم نے حرف مد کے بعد ہمزہ کے ابدال کو مقدر مانا اور حرف کا ہمزہ (ہمزہ مبدلہ) میں ادغام کر دیا اور فرماتے ہیں اسکی نظیر حضرت ابوعمرو بصری کی قراءت نُـوْدِیَ یا مُوسٰی اور ھُـوَ وَ الذین ا منوا ہے اس لئے نطق (ادا کے وقت اس میں) ایسے واو اور یا مشدد ہے جو دونوں ساکن تھے یہاں تک کہ دونوں حروف مدہ ہو گئے اور جب حروف مدہ ہو گئے تو ہم نے ان دونوں کو انکے مابعد حرف میں (یعنی حروف غیر مدہ میں) ادغام کر دیا اور یہ ادغام تقدیری ہے واللہ اعلم (نشر)

۲۔ یہ متوسط حکمی ہے

۳۔ ابدال بالواو ہوگا جیسے سُئِلُوْا سے سُوِلُوْا

۴۔ ابدال بالیا ہوگا جیسے فَمَا لِؤُنَ سے فَمَا لِیُوْنَ اسمیں ایک وجہ اور مزید ہوگی یعنی حذف ہمزہ جیسے فَمَا لُوْنَ گویا اسمیں تین وجہیں ہونگی ۱۔تسہیل ۲۔ابدال ۳۔حذف

https://alislami.net

**قاعدہ (۵)** ہمزہ مفتوح ماقبل مضموم یا مکسور ہو تو موافق حرکت ماقبل کے ابدال ہو جیسے مُؤَجَّلًا اور فِئَةً وغیرہ۔

**قاعدہ (۶)** ہمزہ مفتوح ماقبل مفتوح ہو جیسے سَأَلَ یا ہمزہ مضموم ماقبل مضموم ہو جیسے رُؤُسَكُم یا ہمزہ مکسور ماقبل مکسور ہو جیسے خاسِئِينَ یا ہمزہ مضموم ماقبل مفتوح ہو جیسے رَءُوف یا ہمزہ مکسور ماقبل مفتوح ہو جیسے بَئِس تو ان پانچ صورتوں میں بالاتفاق تسہیل ہوگی۔

**فائدہ۔** ہمزہ متوسط بحرف متحرکہ کی قرآن شریف میں چھ صورتیں آئی ہیں یعنی ہمزہ مفتوح ماقبل مفتوح جیسے فَاَذَن دوسرے مکسور ماقبل مکسور جیسے بِاِذْنِهٖ تیسرے مکسور ماقبل مفتوح جیسے فَاِنَّهُم چوتھے مضموم ماقبل مفتوح جیسے فَاُوارِی پانچویں مضموم ماقبل مکسور جیسے لَاٰخِرِهِم ان صورتوں میں تسہیل ہوگی اور اگر ہمزہ مفتوح ماقبل مکسور ہو تو ابدال ہوگا جیسے بِاَنَّهُ وغیرہ اور ہمزہ مضموم ماقبل مضموم دوسرے مفتوح ماقبل مضموم تیسرے مکسور ماقبل مضموم یہ تین صورتیں قرآن مجید میں نہیں آئیں۔

**قاعدہ (۷)** ہمزہ ساکن ماقبل متحرک ہو تو موافق حرکت ماقبل کے ابدال ہوگا جیسے مَأْكُول، فَأْتُوا اور فی السَّمٰوٰتِ ائْتُونِی وغیرہ۔ اگرچہ متوسط بحرف ساکنہ اور متوسط بکلمہ کا ہمزہ فاکلمہ کے جگہ پر واقع ہونے کی وجہ سے بظاہر مبتدءہ ہے لیکن ساکن ہونے کی وجہ سے مثل متوسط حقیقی کے ہے اسی وجہ سے علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں صورتوں کو مستقل طریقہ پر نہیں بیان کیا۔

**فائدہ۔** اَنْبِئْهُمْ وَنَبِّئْهُمْ میں بعد ابدال یا ساکنہ کی وجہ سے بعض نے ہا مکسورہ بھی پڑھا ہے یعنی دونوں وجہ صحیح ہیں۔

---

۱۔ جیسے مُؤَجَّلًا سے مُوَجَّلًا فِئَةً سے فِيَة

۲۔ ہمزہ مفتوح میں تسہیل کا الف ہمزہ مضموم میں تسہیل کا لواو ہمزہ مکسور میں تسہیل کا لیا ہوگی تمام تسہیلوں کی ادا اپنے شیخ سے سیکھ لیں۔

۳۔ ابدال بالیا ہوگا جیسے بِاَنَّهُ سے بِيَنَّهُ

۴۔ اَنْبِئْهُم

https://alislami.net

فائدہ۔ رِءْیًا میں بعد ابدال ادغام اور اظہار دونوں وجہ صحیح ہیں لیکن تخفیف رسمی کی صورت میں صرف ادغام ہے۔

## ﴿دوسری فصل﴾

## ہمزہ متطرفہ کے بیان میں

قاعدہ (۱) ہمزہ متحرک ماقبل ساکن حرف اصلی ہو تو علاوہ الف کے نقل ہوگی جیسے[1] الخبءَ شَیْءٌ سُوْءَ النَّسِیْءُ وغیرہ لیکن ہمزہ سے پہلے واو یا یا ساکن ہو تو ہمزہ کو ماقبل کے مثل سے بدل کر بعض ادغام بھی نقل کرتے ہیں جیسے سُوٌّ[2] اور جِیٌّ وغیرہ۔

قاعدہ (۲) ہمزہ متحرک ماقبل ساکن حرف زائد ہو تو بعد ابدال ادغام ہوگا۔ جیسے قُرُوْءٍ سے قُرُوٍّ

فائدہ۔ ہمزہ متحرک ماقبل ساکن چاہے اصلی ہو یا حرف زائد خواہ نقل ہو یا ادغام بہرصورت روم اور اشمام بھی جائز ہے لیکن حرکت منقولہ مثل منفصلہ مثل قُلُ اُوْ حِیَ[3] کے روم اشمام جائز نہیں۔

قاعدہ (۳) ہمزہ متحرک ماقبل الف ہو تو ابدال ہوگا یعنی ہمزہ کو الف سے بدل دیں گے جیسے یشآءُ اور الضُّعَفٰؤا وغیرہ اس صورت میں روم اشمام جائز نہیں اس لئے کہ ہمزہ کو الف سے بدلا ہے اور سکون لازم مانع اشمام ہے دوسرے یہ کہ ہمزہ سے پہلے جب الف ہوتا ہے تو نقل ممتنع ہوتی ہے بخلاف واو اور یا مدہ کے کہ اس پر حرکت آسکتی ہے اس لئے اس صورت میں روم اشمام جائز ہے اور اگر ہمزہ کو الف سے نہ بدلیں تو روم جائز ہے

---

[1] جیسے الخبْءَ سے الخَبَ

[2] جیسے سُوْءَ سے سُوَ

[3] قُلُ اُوْ حِیَ سے قُلُ وْ حِیَ

لیکن اس صورت میں تسہیل واجب ہے اور اشمام بلا ابدال بھی جائز نہیں کیوں کہ اسکان کو ابدال لازم ہے جیسے یَشَاءُ اور اَنْبِیَاءُ وغیرہ کے اور تحقیق منافی تخفیف ہے۔

**فائدہ۔** ابدال کی حالت میں دو الف جمع ہوں گے اس صورت میں دونوں کا ثابت رکھنا اور ایک کا حذف کرنا دونوں طرح جائز ہے لیکن اگر محل مد حذف کیا جائیگا تو مد نہیں ہو سکتا اور اگر الف مبدلہ حذف کیا گیا تو ہمزہ مغیرہ کی وجہ سے قصر بھی جائز ہے لیکن مد کرنا اولیٰ ہے اور اگر دونوں الف باقی رکھے جائیں تو اس صورت میں بھی قصر اور مد دونوں جائز ہیں فرق حذف اثبات اور نیت و اعتقاد کا ہے اسی وجہ سے اثبات کی صورت میں جو قصر کیا جائیگا تو دونوں الف کا باقی رکھنا ضروری ہے ایک الف پڑھنا جائز نہیں کیونکہ اثبات کی صورت میں حذف لازم آئیگا اور جس صورت میں مد فرعی کیا جائے گا تو وہ الف مبدلہ کے علاوہ ہوگا مثلاً طول کی مقدار تین الف اختیار کی گئی تو اسکے علاوہ ایک الف اور ادا کیا جائے گا یہ ایک الف مبدلہ کا ہے۔

**فائدہ۔** حمزہ و ہشام کے لئے جب متصل پر وقف کیا جاوے تو تین وجہیں جائز ہیں قصر ہمزہ مغیر کی وجہ سے اور توسط سکون عارض یعنی مد عارض کی وجہ سے اور طول مذہب کے بنا پر لیکن ہشام کے لئے بجائے طول کے توسط ہوگا کیونکہ مد کے بارے میں ان کا مذہب توسط ہے دونوں حضرات کے لئے بہ نسبت قصر کے مد بہتر ہے۔ اور مد عارض کی وجہ سے دونوں کے لئے طول جائز ہے۔

**قاعدہ (۴)** ہمزہ متحرک ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ بوجہ وقف ساکن ہوگا اسلئے موافق حرکت ماقبل کے ابدال ہوگا جیسے سَبَاءٍ[1] اور یَسْتَهْزِئُ وغیرہ اس وقت روم اور اشمام ممتنع ہیں کیونکہ ابدال حرف مد سے ہوگا اور سکون مانع ہے روم اور اشمام کے بارے میں لُؤْلُؤٌ کے واو ساکنہ اور یَسْتَهْزِئُ کے یا ساکنہ کو سُوٓءَ اور مِیْئِ کے واؤ ساکنہ اور یا ساکنہ پر قیاس نہ کرنا چاہئے اس لئے کہ ان دونوں صورتوں میں حرکت منقولہ میں روم اشمام ہو سکتا ہے اور پہلی دونوں صورتوں میں حرکت مفقود ہے۔ (یعنی ختم کر دیجائے گی)

---

[1] جیسے سَبَاءٍ سے سَبَا وغیرہ۔

https://alislami.net

**قاعدہ (۵)** ہمزہ ساکن ماقبل متحرک ہو تو موافق حرکت ماقبل کے ابدال ہوگا جیسے هِيءْ[1] اور لم يُنَبَّأْ وغیرہ[2] ہمزہ ساکن لازم ماقبل مضموم کی مثال قرآن مجید میں نہیں آئی۔

## ﴿ تیسری فصل ﴾

## کلمات متفرقہ کے بیان میں

اس فصل میں ایسے چند کلمات ذکر کیے جائیں گے جن میں مبتدیوں کو دقت واقع ہوتی ہے اسی کے ساتھ ہی ساتھ تخفیف رسمی بھی بیان کی جائے گی۔

مثل (جَـاءَ) اسمیں وقف بالاسکان مع وجوہ ثلثہ طول توسط قصر ہے اور تخفیف رسمی حذف ہے اس صورت میں مدنہ ہوگا[3] مثل (السُّفَهَاءُ ومن السَّمَاءِ) اس پر وقف بالاسکان اور بالروم کرنے سے تخفیف قیاسی کی صورت میں پانچ وجہیں جائز ہیں یعنی ابدال مع اوجہ ثلثہ اور تسہیل مع الطول والقصر ہے حمزہ کے لئے اور ہشام کے لئے بھی ابدال مع ثلثہ اور تسہیل مع التوسط والقصر اسکان کیلئے ابدال اور روم کیلئے ضروری ہے لیکن ہشام کیلئے تسہیل کی صورت میں بجائے طول کے توسط ہوگا ان کے لئے ابدال کی صورت میں جو طول ہوگا وہ مد عارض کی وجہ سے ہوگا اور تخفیف رسمی حذف ہے اس صورت میں مدکا نہ ہونا ظاہر ہے۔

**فائدہ**۔ ابتدا سمجھنے سمجھانے کے لئے سب وجہوں کا پڑھنا ضروری ہے تاکہ جملہ وجوہ معلوم ہو۔ جاویں لیکن سمجھ لینے کے بعد ایک وجہ کا پڑھنا کافی ہے یعنی حمزہ کے لئے صرف طول اور ہشام کے لئے صرف توسط کیا جائے تو کافی ہے۔

**فائدہ**۔ کسی کلمہ میں تخفیف قیاسی اور تخفیف رسمی کسی وجہ کے ساتھ متفق ہو جائیں مثلاً یو منو ن کے ابدال والی وجہ میں دونوں تخفیفیں متفق ہیں تو ایسی صورت میں بوجہ مماثلت اختیار ہے اور اگر اختلاف ہو جائے تو

---

[1] هِيءْ سے هِيْ [2] يُنَبَّأْ سے يُنَبَّا

[3] مدفرعی نہ ہوگا مد اصلی ایک الف ہوگا۔

https://alislami.net

تخفیف قیاسی کرنا اولیٰ ہے اور افادہ[1] واستفادہ کے خیال سے دونوں تخفیفوں کا ظاہر کرنا ضروری ہے۔

مثل (مـا نشـٔوا) ہمزہ مضمومہ بصورت واو ہونے سے اس موقوف علیہ میں بارہ وجہیں ہوتی ہیں جن میں سے پانچ وجہیں قیاسی کی السُّفَھَاءُ کے مثل ہیں اور سات وجہیں تخفیف رسمی کی ہیں جو ابدال واو کے ساتھ ہوگی یعنی وقف بالاسکان مع اوجہ ثلثہ اور وقف بالاشمام مع وجوہ ثلثہ اور وقف بالروم مع القصر ہے۔ روم کی حالت میں طول اس لئے نہیں ہوسکتا کہ متابعت رسم کی وجہ سے مد متصل نہیں رہا یعنی تخفیف رسمی کی وجہ سے سبب اصلی نہیں پایا جاتا اور روم کی وجہ سے سبب عارضی یعنی سکون نہیں اس لئے طول نہیں ہوسکتا[2]

مثل (وَمِنْ اٰنَاۤئِ) ہمزہ مکسور بصورت یا ہونے سے اس موقوف علیہ میں نو وجہیں ہوتی ہیں جن میں سے پانچ وجوہ قیاسی کی مِنَ السَّمَاۤءِ کے مثل ہیں اور چار وجوہ تخفیف رسمی کی ہیں جو ابدال یا کے ساتھ ہوگی یعنی وقف بالاسکان مع اوجہ ثلثہ اور وقف بالروم مع القصر ہے۔ دونوں تخفیفوں کے اسکان میں یہ فرق ہے کہ تخفیف قیاسی مع الاسکان میں ہمزہ ساکنہ منویہ ہے اور رسمی میں ہمزہ ساکنہ مبدلہ ہے اسی طرح نقل اور سکتہ کی صورت میں بھی نو نو وجہیں پائی جائیں گی کیونکہ ہمزہ متحرک ماقبل ساکن صحیح ہے حاصل یہ کہ اس میں ستائیس[3] وجہیں پائی جاتی ہیں۔

مثل (مُسْتَھْزِءُوْنَ) پر وقف کرنے سے تین وجہیں مقروٴ ہیں۔ تسہیل۔ ابدال۔ حذف اس میں تسہیل مقدم ہے اور حذف موخر ہے اس میں تخفیف رسمی حذف ہے۔

مثل (نِسَآؤُکم اور خآئِفِین) ہمزہ مضمومہ میں تسہیل کالواو ہوگی اور ہمزہ مکسور میں تسہیل کالیا ہوگی اس میں ابدال برسمہ جائز نہیں ہے تسہیل خود ہی دونوں تخفیفوں کو مشترک ہے اسلئے کہ جس میں تسہیل کالواو ہوگی اس میں رسم واو کی رعایت ہے اور جس میں تسہیل کالیا ہوگی اس میں رسم یا کی رعایت ہے۔

---

[1] یعنی سمجھنے سمجھانے کی غرض سے قیاسی ورسمی دونوں کا ادا کرنا جائز ہے۔

[2] تو سد بھی ہشام کے لئے نہیں ہوگا کیونکہ ہمزہ باقی نہیں رہا

[3] نو تحقیق کی صورت میں، نو نقل کی صورت میں اور نو سکتہ کی حالت میں جتنی وجہیں تحقیق میں بیان کی گئی ہیں بالکل ویسے ہی نقل و سکتہ کی صورت میں وجہیں ہوگی۔

https://alislami.net

مثل (بِـاَ مْـرِهٖ) یہ متوسط بزوائد ہے اس لئے اس میں تخفیف اور تحقیق دونوں وجہ مقرو ہیں تخفیف کی صورت میں ابدال بالیا ہوگا اس میں تخفیف رسمی جائز نہیں اس لئے کہ ہمزہ مرسوم الالف مفتوح ہو یا التقا ساکنین لازم آئے جیسے بِاَنَّہٗ اور اسرائیل تو ایسی صورت میں ابدال رسمی محذر رہوتا ہے۔ بعض بِاَنہم میں الف کے رعایت سے یا مفتوحہ بتاتے ہیں لیکن خلاف نقل ہونے کی وجہ سے جائز نہیں۔

تنبیہ۔ واضح رہے کہ بہ نسبت تخفیف قیاسی کے تخفیف رسمی بہت مشکل ہے اس لئے کہ رسم ہمزہ کے جزئیات بکثرت ہیں اسی وجہ سے اس کو بہت کم لوگ بیان کرتے ہیں اکثر تخفیف قیاسی پر اکتفاء کرتے ہیں بہتر بھی یہی ہے کہ جب تک روایت[1] اور درایت[2] اور رسم خط پر عبور نہ ہو جائے اس وقت تک تخفیف رسمی میں دخل نہ دیں البتہ جن کے متعلق صراحت ہے ان کو عمل میں لائیں۔

مثل (ائِنَّـا اَوْ نـزِلَ) یہ بھی متوسط بزوائد ہے اس لئے اس میں بھی تخفیف بالخلف ہوگی یعنی ہمزہ مکسورہ میں تسہیل کالیا اور ہمزہ مضمومہ میں تسہیل کالواو ہوگی دوسری وجہ تحقیق ظاہر ہے اس میں تخفیف رسمی جائز نہیں۔

اور ائمہ میں ہمزہ متوسط بزوائد نہیں ہے اس لئے تخفیف بالخلف نہ ہوگی بلکہ صرف تسہیل ہوگی

مثل (لا اَذْبَحَنَّـہٗ) یہ متوسط بزوائد ہے اس لئے تسہیل بالخلف ہوگی اس میں تخفیف رسمی جائز نہیں حذف الف بہر صورت ہے اس لئے کہ ایک الف رسمی زائد ہے جو کسی حالت میں کسی قاری سے ثابت نہیں۔

مثل (الھدی ائتنا) اس موقوف علیہ میں صرف ابدال ہوگا مگر بعد ابدال اجتماع الفین اور بوجہ اجتماع ساکنین ایک الف حذف ہوگا اکثر حذف اولیٰ کے قائل ہیں یہی وجہ ہے کہ اس میں ان کے نزدیک امالہ نہیں کیونکہ الف مبدل عن الہمزہ میں امالہ جائز نہیں۔

---

۱۔ نقل

۲۔ عقل

مثل (ھُــزُوًا) اس موقوف علیہ میں دو وجہ ہیں ایک نقل[1] یہ قیاسی ہے دوسرے ابدال[2] بالواو یہ تخفیف رسمی ہے۔

مثل (وَاَبْنَـاءِ نَـا) اس میں متوسط حکمی کے ساتھ متوسط بزوائد جمع ہوگیا ہے اس وجہ سے چار وجہیں ہوں گی یعنی تحقیق اولے کی صورت میں تسہیل مع الطول والقصر اور تسہیل اولی کی صورت میں تسہیل مع الطول والقصر ہر دونوں صورتوں میں ایک ایک وجہ کا پڑھنا کافی ہے۔

مثل (عَذَابٌ اَلِیْم) اس میں نقل بالخلف ہوگی لیکن خلف کے لئے سکتہ بھی ہوگا۔

مثل (اَلْاَرْض) اس میں دو وجہ ہیں تخفیف کی صورت میں نقل اور تحقیق کی صورت میں سکتہ تیسری وجہ وَتَرْکُھُمَا غیر مقروء ہے۔

مثل (شَــیْءٍ) اس نقل اور دوسری وجہ ادغام بھی جائز ہے لیکن سکتہ نہیں ہے اس لئے کہ سکتہ منافی تخفیف ہے اسی طرح شَیْئًا میں بھی سکتہ نہیں ہے صرف نقل اور ادغام ہے چونکہ تخفیف رسمی کی ایک صورت نقل بھی ہے اس لئے انھیں دونوں صورتوں سے تخفیف رسمی بھی حاصل ہوجاتی ہے۔

**فائدہ**۔ ہمزہ متوسط بزوائد میں تخفیف رسمی نہیں ہے صرف لِئَلَّا میں ہمزہ مفتوح ماقبل مکسور کے قاعدہ سے مثل بِاَنَّہٗ کے تخفیف بصورت ابدال اتفاقاً تخفیف رسمی کے مطابق ہوگئی ہے یہ ابدال بالخلف ہے۔

---

۱؎ جیسے ھُزُءً اً سے ھُزًا

۲؎ ھُزُوً اً سے ھُزُوًا ۱۲ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم اس حاشیہ کو قبول فرما کر مقبول انام فرمادے آمین بجاہ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

احمد جمال القادری

خادم القراءت جامعہ امجدیہ گھوسی

۶؍رجب المرجب ۱۴۲۴ھ

https://alislami.net

# ﴿ خاتمہ ﴾

اس رسالہ میں تخفیف ہمزہ کے متعلق ضروری باتیں بیان کی گئی ہیں لہٰذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اور امور اوقاف بھی جو امام حمزہ اور ہشام کے متعلق ہیں بطور خاتمہ کے بیان کر دیئے جائیں تا کہ طلبہ غلطی اور اشکال سے محفوظ رہیں پس چاہئے کہ امور ذیل ملحوظ رہیں۔

(۱) تخفیف رسمی میں متابعت رسم سے مراد رسم ہمزہ کی متابعت ہے اور وقف میں متابعت رسم سے مراد کلمہ متطرفہ مرسومہ کی متابعت ہے لیکن ثبوت نقل دونوں کے ساتھ مشروط ہے اسی وجہ سے لِيَبْلُوَ وغیرہ میں وقف الف کے ساتھ جائز نہیں۔

(۲) تخفیف رسمی میں متابعت کا اثر ماقبل یا مابعد مقروٴ غیر مرسوم یا مرسوم غیر مقروٴ پر نہ ہونا چاہئے مثلاً لفظ دُعٰؤا میں ہمزہ کا ماقبل الف غیر مرسوم مقروٴ ہے اور ہمزہ کے بعد مرسوم غیر مقروٴ ہے۔ اس قسم کی متابعت سے موضوع کلمہ مہمل ہو جائے گا اس لئے پورے کلمہ کی متابعت جائز نہیں وقس علیٰ ھذا امثالہ۔

(۳) وقف اگرچہ رسم خط کے تابع ہے لیکن تخفیف قیاسی میں وقف تابع رسم خط کے ضروری نہیں ہے کیونکہ ایسی صورت میں بجائے قیاسی کے تخفیف رسمی ہو جائے گی یعنی تخفیف قیاسی نہ ادا ہوگی مثلاً اٰنَاۤئِ پر وقف تابع رسم خط کے کیا جائے تو اس متابعت رسم سے بجائے تخفیف قیاسی کے رسمی ہو جائے گی حالانکہ مقدم تخفیف قیاسی ہے۔

اسی طرح بقیہ قراء کیلئے یہی خیال رکھنا چاہئے کہ جو ہمزہ یا اور واو کی صورت میں مرسوم ہو تو وہ بحالت وقف ہمزہ ہی پڑھا جائیگا اس صورت میں وقف تابع رسم خط کے نہ ہوگا۔

(۴) تخفیفات وقف کی غرض سے ہیں لہٰذا وقف تخفیفات کی غرض سے نہ کرنا چاہئے یعنی ہر ہر کلمہ پر بلا ضرورت نہ ٹھہرنا چاہئے قراء سبعہ میں امام حمزہ اس کے قائل ہیں کہ جہاں سانس پوری ہو وہاں وقف کرنا چاہئے البتہ افہام وتفہیم کی صورت میں کوئی حرج نہیں۔ اور اگر تنہا حمزہ یا ہشام کی قرأت پڑھی جائے تو سب تخفیفات ادا کرنا ضروری نہیں بلکہ ایک وجہ پڑھنا کافی ہے اسی طرح جب حرف مد کے بعد ہمزہ مغیرہ ہو تو ایک وجہ پڑھنا کافی ہے قراءت میں وجوہ جائزہ کا جمع کرنا جائز نہیں۔ صرف اعلان کے لئے جائز ہے اسی طرح کسی وجہ میں حمزہ اور

https://alislami.net

ہشام متفق ہوں اور مد کا موقع نہ ہو تو ایک وجہ کا پڑھنا کافی ہے لیکن اعتقاد ضروری ہے۔

(۵) تخفیفات صرف وقف اختیاری کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ مطلقاً وقف اختیاری وقف انتظاری وقف اختباری اور وقف اضطراری ہر ایک میں حمزہ ہشام کے لئے تخفیف کرنا چاہئے اگر وقف اضطراری میں ۲ اضطراراً کوئی تخفیف رہ جائے تو اس کو قاعدے کے موافق صحیح کر لینا چاہئے ورنہ ان دونوں حضرات کے نزدیک وقف غلط ہوگا باقی وقف جب تخفیف کے سمجھنے کی غرض سے کیا جائے گا تو تخفیف لابدی ہوگی۔ اسی طرح جب تمام قاریوں کے لئے وجوہ مبدا سے موقف تک پورے کئے جائیں تو اس وقت قراءت کی ترتیب کے لحاظ سے حمزہ ہشام کے لئے بھی وقف انتظاری میں وقف تخفیف کے ساتھ کرنا چاہئے۔ وقف انتظاری کے لئے بھی یہی ہے بہتر ہے کہ ایسی جگہ وقف کیا جائے جس کے بعد سے ابتدا ہو سکے۔

(۶) حمزہ ہشام بھی غیر مہموز کلمات پر مثل دیگر قراء کے وقف کرتے ہیں صرف چند جگہ بقیہ قراء کے خلاف وقف کیا ہے جس کی تفصیل باب الوقف علی مرسوم الخط کتب[1] قراءت میں موجود ہے چونکہ یہ بحث زائد عن المقصود ہے اس وجہ سے و نیز بخیال طوالت نہیں بیان کی گئی۔

(۷) قراء نہ محل وقف سے بحث کرتے ہیں نہ محل وقف میں اختلاف کرتے ہیں لیکن چونکہ کیفیت وقف بنفس خود ایک ادا ہے اس لئے اہل ادا اس سے بحث کرتے ہیں اور قراء کا اختلاف بھی بیان کرتے ہیں لیکن کیفیت وقف اسکان، اشمام، روم اور منصوب منون وتائے مدورہ کے وقف بالابدال میں کسی کا اختلاف نہیں ہے پس باوجود شرائط وارتفاع کے موانع سب کے لئے بالاتفاق یہ کیفیات وقف جائز ہیں البتہ حمزہ ہشام سے ان اوقاف مذکورہ کے علاوہ وقف بالادغام اور وقف بالنقل وغیرہ بھی منقول ہیں۔ طلبہ کو چاہئے کہ بغرض استمداد معرفتہ الوقوف کو دیکھیں اُس میں محل وقف وغیرہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ تمت بعون اللہ تعالیٰ فی یوم الاحد احد عشر من شھر جمادی الاولیٰ سنۃ خمسین و ثلثمائۃ بعد الالف من ھجرۃ النبی الکریم فالحمد للہ العلی العظیم و الصلوۃ والسلام علیٰ رسولہ الرؤف الرحیم ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔ آمین

---

۱؎ مثلاً جامع القراءات والتیسیر وغیرہ میں۔ ۱۲ج قادری

https://alislami.net

# التسہیل

فی الفروش

ماخذ

## التیسیر والشاطبیہ وغیث النفع

﴿مرتب﴾

استاذ القراء حضرت قاری احمد جمال صاحب قادری

شیخ القراءت والتجوید

جامعہ امجدیہ گھوسی . مئو . یو .پی

https://alislami.net

# (چند اہم فوائد)

**تعریف قُرءان مقدس۔** سید الانبیاء حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تبارک وتعالیٰ جل شانہ کی طرف سے بذریعہ وحی جو کتاب نازل ہوئی اسے قرءان مقدس کہتے ہیں۔

جو ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتوں پر مشتمل ہے

اور سات اختلافی حروف پر نازل ہے جیسا کہ حدیث مقدسہ متواترہ سے ثابت ہے۔

**حدیث مقدسہ متواترہ۔** (قال رسو ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ) اِنَّ هٰذَا الْقُرْءَانَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ.

**تعریف حروف ہجایہ۔** جو حروف الگ الگ لکھے گئے ہیں اسے حروف ہجایہ کہتے ہیں کل حروف قرءان مقدس میں۔ تین لاکھ چالیس ہزار سات سو چالیس (۳۴۰۷۴۰) ہیں بقول سلام ابو محمد حمانی علیہ الرحمہ (باہم اجماع ہوا) اور چند لوگوں کا اس میں اختلاف بھی ہے۔

**تعریف کلمہ۔** چند حروف سے مرتب مجموعہ کو کلمہ کہتے ہیں

**کل کلمات قراءن مقدس میں۔** ستتر ہزار چار سو سینتالیس (۷۷۴۴۷) ہیں بقول فضیل بن شاذان (با اختلاف)

**کلمہ کے اقل حروف۔** دو (۲) اور اکثر دس (۱۰) حروف ہوتے ہیں۔

**تعریف ایت۔** چند حروف چند کلمات اور چند جملوں کے مجموعہ کو ایت کہتے ہیں۔

**کل ایات عامہ قرءان مقدس میں۔** چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) ہیں (با اختلاف مکی مدنی کوفی وغیرہ)

**کل سورتیں قرءان مقدس میں۔** ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں۔

https://alislami.net

(الف سے یا تک کل انتیس (۲۹) حروف ہجایہ ہیں)

یہ آسمانی ترتیب ہے جو نازل ہونے کے مطابق ہے۔

ایک ترتیب ابجدی جس کے موجد اہل عرب ہیں اس میں بھی ایک ترتیب اہل مغرب کی اور ایک ترتیب اہل مشرق کی ہے ابجد کلمن وغیرہ الف سے غین تک اہل مشرق کی ترتیب ہے ابج۔ دھز وغیرہ الف سے شین تک اہل مغرب کی ترتیب ہے جو الشاطبیہ میں (رموز قراء و رواۃ کے لئے) ہیں۔ ج قادری

**فروش کی تعریف**۔ ان کلمات کی قراءت (اختلاف قراءت) جن کے لئے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں اسکو فروش کہتے ہیں

**نوٹ**۔ اس کتاب میں تمام سورتوں میں کوفی آیتوں کا شمار ہے شامی۔ بصری۔ حجازی۔ حمصی وغیرہم آیتوں کا اختلاف دیکھنا ہو تو علامہ شاطبی علیہ الرحمہ اندلسی و ۵۳۸ھ م ۲۸/ جمادی الثانی ۵۹۰ھ کی کتاب ناظمۃ الزھر جو ایک ہزار دو سو ستانوے اشعار میں آیتوں کا شمار ہے اتفاق و اختلاف تفصیلاً بیان فرمایا ہے اسے دیکھیں ج قادری۔

# ﴿فُرُوش الحُروف﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

## (۱) (سُوْرَةُ اُمِّ الْقُرْاٰنِ) (سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ) (مکی)

اس سورہ میں کل سات آیتیں۔ ستائیس کلمے۔ ایک سو چالیس حروف۔ اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (یعنی جس حرف پر آیت پوری ہو) وہ مَنْ کے دو حرف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

مٰلِکِ عاصم اور کسائی میم کے بعد الف مَالِکِ پڑھتے ہیں۔ اور باقی قاری بغیر الف کے مَلِکِ پڑھتے ہیں۔

https://alislami.net

اَلصِّرَاطَ، صِرَاطَ۔ یہ دونوں کلمہ قرآن شریف میں اکثر ہیں، قنبل صاد کو سین پڑھتے ہیں اور خلف صاد میں اشمام کرتے ہیں۔ اور خلاد صرف اسی جگہ یعنی سورہ فاتحہ میں لفظ الصِّرَاطَ میں اشمام کرتے ہیں باقی قاری صاد سے پڑھتے ہیں۔

**فائدہ۔** یہاں اشمام سے مراد صاد کو قدرے زا کی بُو دے کر پڑھنا۔ یعنی صاد اور زا دونوں کا کچھ کچھ حصہ لے کر دونوں سے ایک حرف بنا لیتے ہیں جو سننے میں پُر زا کی طرح معلوم ہوتا ہے اس کو اشمام بالحرف کہتے ہیں۔

عَلَیْهِمْ۔ اسی طرح اِلَیْهِمْ، لَدَیْهِمْ جہاں بھی آئے، حمزہ ہا کو پیش دے کر پڑھتے ہیں۔ باقی قاری زیر سے پڑھتے ہیں۔ اور میم جمع کے بعد حرف متحرک ہو تو ابن کثیر بلا خلف اور قالون بالخلف میم میں صلہ کرتے ہیں۔ جیسے اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ۔ رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ۔ عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اور ورش بھی ایک صورت میں صلہ کرتے ہیں۔ جبکہ میم جمع کے بعد ہمزہ قطعی ہو جیسے عَلَیْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اس صورت میں بحالت صلہ مد منفصل کا قاعدہ پایا جائے گا۔ اس میں اپنے اصل کے موافق مد کریں گے۔ یعنی ورش طول اور ابن کثیر قصر اور قالون قصر و توسط دونوں کریں گے۔ اور اگر میم جمع پر وقف کر دیا جائے تو بالاتفاق سب قاری میم کو ساکن پڑھتے ہیں۔

اگر میم جمع کے بعد حرف ساکن واقع ہو، اور اس میم کے پہلے ہا مکسور ہو اور ہا کے پہلے یا ساکنہ ہو، یا ہا کے پہلے زیر ہو جیسے عَلَیْهِمُ الذِّلَّةُ۔ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ۔ (قرآن شریف میں اس قسم کے کلمات جہاں بھی آئیں) نافع، ابن کثیر، ابن عامر، عاصم بحالت وصل ہا کو زیر اور میم کو پیش دے کر پڑھتے ہیں۔ اور ابوعمرو دونوں کو یعنی ہا اور میم کو زیر دے کر پڑھتے ہیں۔ اور حمزہ، کسائی دونوں کو پیش دے کر پڑھتے ہیں۔ اور اگر میم پر وقف کر دیا جائے تو تمام قراء ہا کو اپنے قاعدہ کے موافق پڑھیں گے۔ یعنی حمزہ ہا کو پیش اور باقی زیر پڑھیں گے۔

**نوٹ۔** مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ جیسے کلمات میں اختلاف نہیں ہے۔ تمام قراء میم کو پیش پڑھتے ہیں۔

https://alislami.net

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# (۲) ( سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ ) (مدنی)

## پارہ (۱) الٓمّ

اس سورہ میں دوسو چھیاسی آیتیں۔ چھ ہزار ایکسو اکیس کلمے۔ پچیس ہزار پانچ سو حروف اور چالیس رکوع ہیں اسکے فواصل یعنی اس سورہ میں ان حروف پر آیتیں پوری ہونگی قَم لَنُدْ بَرَا (ق۔م۔ل۔ن۔د۔ب۔ر۔ا) یہ آٹھ حروف ہیں۔

وَمَا يَخْدَعُوْنَ میں دوقراءتیں ہیں (۱) نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے وَمَا يُخٰدِعُوْنَ یا کے ضمہ اور خا کے فتحہ اور (اس کے بعد) الف اور دال کے کسرہ سے (۲) باقی چار قراء کے لئے یا اور دال کے فتحہ اور خا کے سکون سے ہے الف کے بغیر

يَكْذِبُوْنَ میں دوقراءتیں ہیں (۱) (تینوں) کوفیین[1] کے لئے یا کے فتحہ کاف کے سکون اور ذال کی تخفیف سے (۲) باقی چار قراء کے لئے يُكَذِّبُوْنَ یا کے ضمہ کاف کے فتحہ اور ذال کی تشدید سے۔

قِيْلَ میں ہر جگہ اور غِيْضَ (سورۂ ھود میں) جِايْءَ (سورۂ زمر اور سورۂ فجر میں) اور سِيْءَ سورۂ ھود و عنکبوت میں اور سِيْئَتْ سورۂ ملک میں وَحِيْلَ سورۂ سبا میں وَسِيْقَ سورۂ زمر میں دوجگہ اس ساتوں میں دوقراءتیں ہیں (۱) پہلے کے تین کلمات میں ہشام اور کسائی کے لئے (اور حِيْلَ اور سِيْقَ میں ابن عامر اور کسائی کے لئے اور سِيْءَ اور سِيْئَتْ میں نافع ابن عامر۔ کسائی کے لئے) پہلے حرف کے کسرہ کا ضمہ کے ساتھ اشمام ہے جس کی کیفیت یہ ہے کہ کسرہ اور ضمہ کا کچھ کچھ حصہ لے کر ایک حرکت بنالی جاتی ہے جس میں ضمہ کا جز پہلے ہوتا ہے پھر کسرہ کا۔ اسکو اشمام بالحرکت کہتے ہیں (۲) بقیہ قراء کے لئے سب میں پہلے حرف کا خالص کسرہ ہے

**نوٹ**۔ اور یہ اشمام اصل کی طرف اشارہ کرنے کے لئے ہوتا ہے کہ اصل کے لحاظ سے ان حروف پر ضمہ تھا۔

---

[1] ہر جگہ اس سے مراد تینوں قراء ہیں یعنی امام عاصم، امام کسائی، امام حمزہ

https://alislami.net

اگر ھُوَ اور ھِیَ کی ہا۔ واو۔ فا اور لام کے بعد ہو جیسے وَھُوَ. وَھِیَ. فَھُوَ فَھِیَ. لَھُوَ. لَھِیَ یا ھُوَ کی ہا ثُمَّ کے بعد ہو جو صرف ثُمَّ ھُوَ سورۃ قصص میں ہے تو اس ہا میں دو قراءتیں ہیں (۱) واو۔ فا۔ لام کے بعد قالون۔ ابوعمرو۔ کسائی کے لئے اور ثُمَّ کے بعد قالون اور کسائی کے لئے ہا کا سکون ہے یعنی وَھْوَ۔ وَھْیَ فَھْوَ. فَھْیَ. لَھْوَ. لَھْیَ. ثُمَّ ھْوَ (۲) بقیہ قراء کے لئے ھُوَ کی ھا کا ضمہ اور ھِیَ کی ہا کا کسرہ ہے۔

فَاَزَلَّهُمَا الشَّیْطٰنُ میں دو قراءتیں ہیں (۱) حمزہ کے لئے زا کے بعد الف اور لام کی تخفیف سے فَاَزَالَهُمَا الشَّیْطٰنُ (۲) باقی چھ قراء کے لئے زا کے بعد والے الف کا حذف اور لام پر تشدید ہے

فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ کَلِمٰتٍ میں دو قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر کے لئے اٰدَمُ کے میم کا نصب اور کَلِمٰتٌ کی تا پر دو پیش یعنی اٰدَمَ مِنْ رَّبِّهٖ کَلِمٰتٌ (۲) باقی چھ قراء کے لئے اٰدَمُ کے میم کا ضمہ اور کَلِمٰتٍ کی تا پر دو زیر ہیں۔ فائدہ۔ اسی کو خلف مرتب کہتے ہیں

وَلَا یُقْبَلُ مِنْهَا میں دو قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے تا سے وَلَا تُقْبَلُ (۲) باقی پانچ کے لئے یا سے

وَاِذْ وٰعَدْنَا۔ وَوٰعَدْنٰكُمْ (موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں) ہر جگہ (یعنی یہاں اور سورۂ اعراف و سورۂ طٰہٰ تینوں میں) دو قراءتیں ہیں (۱) ابوعمرو کیلئے واو کے بعد والے الف کا حذف یعنی وَاِذْ وَعَدْنَا اور وَوَعَدْنَا اور وَوَعَدْنٰكُمْ (۲) باقی چھ کے لئے واو کے بعد الف ہے۔

بَارِئِكُمْ میں دونوں جگہ اور يَاْمُرُكُمْ. يَنْصُرُكُمْ. وَمَا يُشْعِرُكُمْ. يَاْمُرُهُمْ (اور تَاْمُرُهُمْ) ان (چھوں) میں تین قراءتیں ہیں (۱) ان سب میں اہل بغداد کے طریق سے (دوری بصری) کے لئے بَارِئِكُمْ میں ہمزہ کے کسرہ کا اور باقی کلمات میں را کے ضمہ کا اختلاس (یعنی حرکت کے ایک حصہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دو حصہ باقی رکھے ہیں) اور یہ سیبویہ کا پسند کیا ہوا لغت ہے (۲) اہل عراق کے طریق سے دوری بصری اور سوسی دونوں کے لئے ان سب میں ہمزہ اور را کا سکون[1] (یعنی بَارِئْكُمْ. يَاْمُرْكُمْ. يَنْصُرْكُمْ. وَمَا يُشْعِرْكُمْ. يَاْمُرْهُمْ تَاْمُرْهُمْ) (۳) (ابوعمرو کے علاوہ) باقی چھ کے لئے چھوں میں ہمزہ اور

---

[1] اسکان کی صورت میں سوسی کے لئے اسمیں ہمزہ ساکنہ کا ابدال نہ ہوگا۔ ج قادری

https://alislami.net

را کی پوری حرکت ہے

نَغْفِرْ لَكُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع کے لئے يُغْفَرْ لَكُمْ یا اور اس کے ضمہ اور فا کے فتحہ سے (۲) ابن عامر کے لئے تُغْفَرْ لَكُمْ تا اور اس کے ضمہ اور فا کے فتحہ سے۔ (۳) باقی پانچ قراء کے لئے نون اور اس کے فتحہ اور فا کے کسرہ سے۔

عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اور اس کے مثل سورۂ فاتحہ میں بیان ہو چکا ہے

اَلنَّبِيِّيْنَ. اَلْاَنْبِيَآءَ. اَلنُّبُوَّةَ. اَلنَّبِيُّ. (اَلنَّبِيُّوْنَ) میں ہر جگہ دو قراءتیں ہیں (۱) نافع ان سب کو ہمزہ سے پڑھتے ہیں (اور اس سے پہلے یا اور واو اور الف میں مد بھی کرتے ہیں جیسے اَلنَّبِيْئِيْنَ. اَلْاَنْبِئَآءَ اَلنُّبُوْءَةَ. اَلنَّبِيْءُ. اَلنَّبِيْئُوْنَ) لیکن قالون دو جگہ سورۂ احزاب میں لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ اور بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ میں صرف وصل میں اپنے اس قاعدہ کے موافق جو کسرہ والے دو ہمزوں میں ہے پہلے ہمزہ کی تخفیف کرتے ہیں (یعنی ہمزہ کو یا سے بدل کر پہلی یا کا دوسری میں ادغام کرتے ہیں اور وقفاً ان دونوں کو بھی ہمزہ ہی سے لِلنَّبِيْٓءِ اور بُيُوْتَ النَّبِيْٓءِ پڑھتے ہیں کیونکہ اس صورت میں دو ہمزہ جمع نہیں رہتے اس لئے تخفیف کا قاعدہ بھی نہیں پایا جاتا) (۲) اور باقی چھ ان سب کو ہمزہ کے بغیر پڑھتے ہیں (یعنی اَلنُّبُوَّةَ میں ہمزہ کو واو سے اور باقی سب میں یا سے بدل کر ان سب کو اسی طرح پڑھتے ہیں جس طرح یہاں شروع میں درج کئے گئے ہیں پس اَلْاَنْبِيَآءَ میں یا کو بلا تشدید پڑھتے ہیں اور اَلنُّبُوَّةَ میں واو کا واو میں باقی الفاظ میں یا کا یا میں ادغام کر کے واو اور یا کو تشدید سے پڑھتے ہیں)

وَالصّٰبِئِيْنَ میں یہاں اور سورۂ حج میں اور وَالصّٰبِئُوْنَ سورۂ مائدہ میں دو قراءتیں ہیں (۱) نافع ہر جگہ ہمزہ کو حذف کر کے بقرہ اور حج میں با کے کسرہ سے وَالصّٰبِيْنَ اور مائدہ میں با کے ضمہ سے وَالصّٰبُوْنَ پڑھتے ہیں (۲) باقی چھ ہمزہ کو ثابت رکھ کر (وَالصّٰبِئِيْنَ وَالصّٰبِئُوْنَ) پڑھتے ہیں۔ وقفاً حمزہ کے لئے دو وجہیں ہونگی (۱) مثل نافع (۲) تسہیل[۲]

هُزُوًا میں ہر (گیارہ) جگہ اور كُفُوًا سورۂ اخلاص میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص کے

---

[۱] ۔ مد منفصل ہو جاتا ہے اس وجہ سے مد ہوگا مد منفصل بھی اور مد بدل کا قاعدہ جاری ہوگا۔ ۱۲ ج قادری

[۲] ۔ الصٰبئین میں تسہیل کا لیا الصٰبئون میں تسہیل کا لواو ج قادری

https://alislami.net

لئے زا اور فا کا ضمہ اور ہمزہ کا وقف و وصل دونوں میں) واو سے ابدال (یعنی هُزُوًا. كُفُوًا) (۲) حمزہ کے لئے زا اور فا کا سکون اور ان کے بعد وصلاً تو ہمزہ ہے (یعنی هُـزْءًا. كُفْءًا) اور جب ان پر وقف کرتے ہیں تو ہمزہ کا واو سے ابدال کرتے ہیں (یعنی هُزْوًا. كُفْوًا) اور وقفاً دوسری وجہ بھی ہے جو قیاسی ہے یعنی ہمزہ کی حرکت ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں جس سے هُـزًا. كُفًا[1] ہو جاتا ہے (۳) باقی ساڑھے پانچ قراء کے لئے زا اور فا کا ضمہ اور اس کے بعد دونوں حالتوں میں ہمزہ ہے (یعنی هُزُؤًا. كُفُؤًا)

وہ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ جس کے بعد اَفَتَطْمَعُوْنَ ہے اور وہ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ جس کے بعد اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ ہے ان دونوں میں دو قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر کے لئے دونوں میں یا ہے یعنی يَعْمَلُوْنَ نافع اور شعبہ کے لئے اول میں تا اور ثانی میں یا ہے (۲) باقی ساڑے چار قراء کے لئے دونوں میں تا ہے۔

خَطِيْـٓـٔـتُـهٗ میں دو قراءتیں ہیں (۱) نافع کے لئے جمع کے صیغہ سے ہمزہ کے بعد الف کے ساتھ خَطِيْٓـٔـٰتُهٗ (۲) باقی چھ قراء کے لئے واحد کے صیغہ سے الف کے بغیر۔

لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ میں ابن کثیر اور حمزہ اور کسائی کے لئے یا سے لَا يَعْبُدُوْنَ اور باقی چار قراء کیلئے تا ہے

لِلنَّاسِ حُسْنًا ۔ میں حمزہ اور کسائی کیلئے حَسَنًا ہے حا اور سین کے فتحہ سے اور باقی پانچ قراء کیلئے حا کا ضمہ اور سین کا سکون ہے۔

تَظٰهَرُوْنَ میں یہاں اور اسی طرح تَظٰهَرَا سورۃ تحریم میں دونوں میں کوفیین کے لئے ظا کی تخفیف ہے اور باقی چار قراء کے لئے تَظّٰهَرُوْنَ اور تَظّٰهَرَا ہے دونوں میں ظا کی تشدید سے

اُسٰرٰی میں دو قراءتیں ہیں (۱) حمزہ کے لئے اَسْرٰی (ہمزہ کے فتحہ اور سین کے سکون سے) الف کے بغیر فَعْلٰی کے وزن پر (۲) باقی چھ کے لئے (ہمزہ کے ضمہ اور سین کے بعد) الف سے فُعَالٰی کے وزن پر۔

تُفٰدُوْهُمْ میں نافع۔ عاصم۔ کسائی کے لئے تا کا ضمہ اور فا کے بعد الف ہے اور باقی چار قراء کے لئے تَفْدُوْهُمْ ہے تا کے فتحہ اور فا کے سکون سے الف کے بغیر۔

---

[1] ۔ جیسے کُفا پڑھنے کی صورت

https://alislami.net

اَلْقُدُسِ میں ہر (چار) جگہ ابن کثیر کے لئے اَلْقُدْسِ ہے دال کے سکون سے اور باقی چھ قراء کے لئے دال کا ضمہ ہے۔

يُنَزِّلُ۔ تُنَزِّلُ اور نُنَزِّلُ تینوں میں ہر جگہ جب کہ یہ مضارع کے صیغہ ہوں اور ان کے پہلے حرف (یا تا۔ نون) پر ضمہ ہو۔ دو قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابو عمرو کے لئے ہر جگہ يُنْزِلُ۔ تُنْزِلُ نون کے سکون مع اخفا اور زا کی تخفیف سے (۲) اور باقی پانچ قراء کے لئے يُنَزِّلُ۔ تُنَزِّلُ۔ نُنَزِّلُ نون کے فتحہ اور زا کی تشدید سے لیکن عَلٰٓی اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً سورۂ انعام میں ابو عمرو کے لئے بقیہ قراء کی طرح يُنَزِّلَ ہے (پس اس میں صرف ابن کثیر کے لئے سکون اور تخفیف ہے) اور وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ اور حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا سورۂ اسراء میں ابن کثیر باقین کی طرح ہیں پس ان میں صرف ابو عمرو کے لئے سکون اور تخفیف ہے اور مُنَزِّلُهَا سورۂ مائدہ اور وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ سورۂ لقمٰن اور اَلَّذِىْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ حٰمٓ عٓسٓقٓ ان تینوں میں سکون و تخفیف میں مکی اور بصری کے ساتھ حمزہ اور کسائی بھی شریک ہیں اور وَمَا نُنَزِّلُ اور سورۂ حجر میں سب قراء دوسرے نون کے فتحہ اور زا کی تشدید سے پڑھتے ہیں۔

جِبْرِيْلَ میں (دونوں جگہ) یہاں اور وَجِبْرِيْلُ سورۂ تحریم میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر کے لئے لِجَبْرِيْلَ اور وَجَبْرِيْلُ جیم کے فتحہ اور را کے کسرہ سے ہمزہ کے بغیر۔ (۲) شعبہ کے لئے جَبْرَئِلَ جیم اور را کے فتحہ اور اس کے بعد کسرہ والے ہمزہ سے یا کے بغیر (۳) حمزہ اور کسائی کے لئے جَبْرَئِيْلُ شعبہ کی طرح صرف اتنا فرق ہے کہ یہ دونوں ہمزہ کے بعد یائے ساکنہ بھی زیادہ کرتے ہیں (۴) باقی ساڑھے تین قراء کے لئے جِبْرِيْلَ جیم اور را کے کسرہ اور اس کے بعد یائے ساکنہ سے ہمزہ کے بغیر وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل کا لیا ہے۔

وَمِيْكٰلَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو اور حفص کے لئے وَمِيْكٰلَ کاف کے بعد الف سے ہمزہ اور یا دونوں کے بغیر (۲) نافع کیلئے وَمِيْكٰٓئِلَ الف کے بعد کسرہ والے ہمزہ سے یا کے بغیر (۳) باقی (ساڑھے چار) کے لئے وَمِيْكٰٓئِيْلَ الف کے بعد کسرہ والے ہمزہ اور اس کے بعد یائے ساکنہ سے ہمزہ پڑھنے والے کے لئے مد متصل ظاہر ہے حمزہ کے لئے وقفاً تسہیل مع القصر بر بنائے تغیر والطول بر بنائے مذھب

وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ میں یہاں اور وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ اور وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى سورۂ انفال میں

https://alislami.net

تینوں میں دو قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر اور حمزہ اور کسائی کے لئے وَلٰكِنِ الشَّيٰطِيْنُ اور لٰكِنِ اللّٰهُ ہے وَلٰكِنِ کے نون کے کسرہ اور اس کی تخفیف اور بعد والے کلمہ اَلشَّيٰطِيْنُ اور اللّٰهُ کے نون اور ہا کے ضمہ سے (۲) باقی چار کے لئے وَلٰكِنَّ کے نون کا فتحہ اور اس پر تشدید اور اَلشَّيٰطِيْنَ اور اللّٰهَ کے نون اور ہا کا فتحہ ہے

مَا نَنْسَخْ میں ابن عامر کے لئے مَا نُنْسِخْ ہے نون کے ضمہ اور سین کے کسرہ سے اور باقی چھ قراء کے لئے نون و سین دونوں کا فتحہ ہے

اَوْ نُنْسِهَا میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لئے اَوْ نَنْسَئْهَا ہے نون اور سین کے فتحہ اور اس کے بعد ہمزۂ ساکنہ سے اور باقی پانچ قراء کے لئے نون کا ضمہ اور سین کا کسرہ ہے ہمزہ کے بغیر اس میں سوسی کیلئے ابدال نہیں ہوگا

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ میں ابن عامر کے لئے قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ ہے قاف سے پہلے واو کے بغیر اور باقی چھ قراء کے لئے واو کے ساتھ ہے۔

كُنْ فَيَكُوْنُ میں یہاں اور فَيَكُوْنُ وَنُعَلِّمُهُ سورۂ آل عمران میں اور سورۂ نحل اور مریم وسورۂ یٰس وسورۂ غافر چھوں میں ابن عامر کے لئے كُنْ فَيَكُوْنَ ہے نون کے نصب سے نحل اور یٰس میں کسائی بھی ان کے ساتھ شریک ہیں (اور باقی چار میں ان کے لئے نون کا ہے) اور باقی پانچ قراء کے لئے چھوں میں نون کا رفع ہے اور فَيَكُوْنُ اَلْحَقُّ آل عمران اور فَيَكُوْنُ قَوْلُهُ انعام میں سب قراء کے لئے نون کا رفع ہے اور یہ ان چھ کے علاوہ ہیں

وَلَا تُسْئَلُ میں نافع کے لئے وَلَا تَسْئَلْ ہے تا کے فتحہ اور لام کے جزم سے اور باقی چھ قراء کے لئے تا اور لام دونوں پر ضمہ ہے۔

ہشام کے لئے ذیل کے تینتیس مقامات میں اِبْرٰهِيْمَ کے بجائے اِبْرٰهَامَ ہے ہا کے بعد الف سے (۱) تا (۱۵) اس سورۃ کے تمام کلمات (جن میں سے پانچ پندرھویں رکوع میں ہیں اور چھ سولھویں میں اور چار پینتیسویں میں) (۱۶) تا (۱۸) تین سورۂ نساء میں اور یہ آخر والے ہیں (جن میں سے دو اٹھارھویں میں اور ایک تیئیسویں میں ہے پس اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ میں سب کے لئے یا ہے) (۱۹) انعام میں آخر کلمہ (۲۰) و (۲۱) توبہ میں آخری دو کلمے ہیں پس وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ میں سب کے لئے یا ہے)

https://alislami.net

(۲۲) سورۂ ابراہیم میں ایک کلمہ (۲۳) و (۲۴) سورۂ نحل میں دو کلمے (۲۵) تا (۲۷) مریم میں تین کلمے (۲۸) عنکبوت میں آخری کلمہ پس وَ اِبْرٰهِيْمَ میں سب کے لئے یا ہے (۲۹) سورۂ شوریٰ میں ایک جگہ (۳۰) ایک کلمہ ذاریات میں (۳۱) ایک کلمہ سورۂ نجم میں ہے۔ (۳۲) ایک کلمہ حدید میں ہے

(۳۳) ایک کلمہ ممتحنہ میں ہے جو پہلا ہے پس قَوْمِ اِبْـرٰهِيْمَ میں سب کے لئے یا ہے اور ابن ذکوان کے لئے صرف بقرہ والے پندرہ کلمات میں خُلف ہے یعنی الف۔ یا دونوں ہیں اور باقی چھ قراء کے لئے تمام قرآن میں اِبْرٰهِيْم ہے یا سے۔

وَاتَّخِذُوْا میں نافع۔ ابن عامر کے لئے وَاتَّخَذُوْا ہے خا کے فتحہ سے اور باقی پانچ قراء کے لئے خا کا کسرہ ہے۔

فَاُمَتِّعُهٗ میں ابن عامر کے لئے فَاُمْتِعُهٗ ہے میم کے سکون اور تا کی تخفیف سے اور باقی چھ قراء کے لئے میم کا فتحہ اور تا پر تشدید ہے

وَاَرِنَا۔ اَرِنِی میں ہر جگہ تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور سوسی کے لئے وَاَرْنَا اور اَرْنِی ہے را کے سکون سے اور سورۂ فصلت میں ابن عامر اور شعبہ ان کے ساتھ شریک ہیں (۲) یزیدی سے ابو عمرو بصری کے لئے را کے کسرہ کا اختلاس (۳) باقی پانچ قراء کے لئے را کا کسرہ ہے

وَوَصّٰی میں نافع اور ابن عامر کے لئے وَاَوْصٰی ہے دونوں واوں کے درمیان ہمزہ مفتوح اور دوسرے واو کے سکون اور صاد کی تخفیف سے اور باقی پانچ قراء کے لئے ہمزہ کے بغیر فتحہ والے دو واو ہیں اور صاد پر تشدید ہے۔

اَمْ تَقُوْلُوْنَ میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے تا ہے اور باقی ساڑھے تین قراء کے لئے اَمْ یَقُوْلُوْنَ ہے یا سے۔

https://alislami.net

# پارہ (۲) سَیَقُوْلُ

لَرَءُ وْف. رَءُوْف میں ہر جگہ نافع ابن کثیر ابن عامر۔ حفص کے لئے ہمزہ کے بعد واو ساکنہ مدہ ہے اور باقی ساڑھے تین قراء کے لئے لَرَؤُ ف ہے واو مدہ کے حذف سے۔

وہ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ جس کے بعد وَلَئِنْ اَتَیْتَ ہے اس میں ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لئے تا اور باقی چار قراء کے لئے یا ہے۔

مُوَلِّیْهَا میں ابن عامر کے لئے مُوَلّٰهَا ہے (لام کے فتحہ اور اس کے بعد) الف باقی چھ قراء کے لئے لام کا کسرہ اور (اس کے بعد یائے مدہ ہے۔

وہ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ جس کے بعد وَمِنْ حَیْثُ ہے (جو اسی رکوع میں ہے) اس میں ابو عمرو کے لئے یا اور باقی چھ قراء کے لئے تا ہے۔

لِئَلَّا میں ہر جگہ یہاں اور سورۂ نساء، حدید میں ورش کے لئے لِیَلَّا ہے لام کے بعد فتحہ والی یا سے اور باقی ساڑھے چھ قراء کے لئے فتحہ والا ہمزہ ہے۔

وَمَنْ تَطَوَّعَ اور فَمَنْ تَطَوَّعَ دونوں جگہ حمزہ اور کسائی کے لئے وَمَنْ یَطَّوَّعْ اور فَمَنْ یَطَّوَّعْ ہے یا اور طا کی تشدید اور عین کے جزم سے اور باقی پانچ قراء کے لئے یا کے بجائے تا اور طا کی تخفیف اور عین کا فتحہ ہے۔

اَلرِّیٰحِ میں گیارہ جگہ واحد اور جمع کا اختلاف ہے واحد والے اَلرِّیْحُ یا کے سکون سے جمع والے اَلرِّیٰحَ یا کے بعد الف سے پڑھتے ہیں پس وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ میں یہاں اور جاثیہ میں اور تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ کہف ان تین میں حمزہ اور کسائی کے لئے واحد اور باقی (پانچ) قراء کے لئے جمع ہے اعراف اور نمل میں اور روم کے دوسرے اَلرِّیٰحَ میں اور سورۂ فاطر میں ابن کثیر۔ حمزہ اور کسائی کے لئے واحد اور باقی (چار) قراء کے لئے جمع ہے (اور روم کا پہلا اَلرِّیٰحَ سب کے لئے جمع کے صیغہ سے ہے اور یہ ان گیارہ کے علاوہ ہے) اور سورۂ ابراھیم اور شوریٰ میں نافع کے لئے جمع اور باقی چھ کے لئے واحد ہے اور سورۂ حجر میں حمزہ کے لئے واحد اور باقی چھ کے لئے جمع ہے اور سورۂ فرقان میں ابن کثیر کے لئے واحد اور باقی (چھ) قراء کے لیے جمع ہے۔

https://alislami.net

(فائدہ۔ پس نافع کے لئے گیارہ کی گیارہ میں جمع ہے ابن کثیر کیلئے (۱) تا (۴) اور سورۂ حجر میں جمع اور باقی سات میں توحید ہے حمزہ کے لئے سورۂ فرقان میں جمع اور باقی دس میں توحید ہے کسائی کے لئے سورۂ حجر وفرقان میں جمع اور باقی نو میں توحید ہے اور باقی تین ابوعمرو۔ ابن عامر۔ عاصم کے لئے ابراہیم اور شوریٰ میں توحید اور باقی نو میں جمع ہے)

وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ میں نافع ابن عامر کے لئے تا اور باقی (پانچ) قراء کے لئے یا ہے۔

اِذْ يَرَوْنَ میں ابن عامر کے لئے یا ضمہ اور باقی (چھ) کے لئے یا کا فتحہ ہے۔

خُطُوٰتِ میں ہر (پانچ) جگہ قنبل۔ ابن عامر۔ حفص۔ کسائی کے لئے طا کا ضمہ ہے اور باقی چار کے لئے خُطْوٰتِ ہے طا کے سکون سے

(اگر دو ساکن اس طرح جمع ہو جائیں کہ ان میں سے پہلا ساکن ان چھ یعنی نون۔ دال۔ تائے تانیث۔ تنوین۔ قُلْ کا لام۔ اَوْ کا واو میں سے کوئی ایک ہو) (۱) نون جیسے فَمَنِ اضْطُرَّ۔ اَنِ اعْبُدُوْا۔ اَنِ احْكُمْ۔ وَلٰكِنِ انْظُرْ۔ اَنِ اغْدُوْا وغیرہ (۲) قَدْ کی دال جو وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ میں ہے (۳) تانیث کی تا جو وَقَالَتِ اخْرُجْ یوسف میں ہے (۴) تنوین جیسے فَتِيْلًا ۨانْظُرْ۔ مُّبِيْنِ ۨاقْتُلُوْا وغیرہ (۵) قُلْ کا لام (۶) اَوْ کا واو جیسے قُلِ ادْعُوا اللّٰہ اور اَوِ انْقُصْ وغیرہ اور (پہلے ساکن کے بعد) ہمزہ وصلی (ہو جو اس کلمہ سے) ابتدا کرنے کی صورت میں پیش سے پڑھا جاتا ہو (اور اس کے بعد کسی مزید قید کی حاجت نہیں رہتی بلکہ یہی کافی ووافی ہے) اور دوسرے ساکن کے بعد لازمی ضمہ ہو (چنانچہ ان چھوں قسموں میں یہ دونوں چیز میں موجود ہیں) تو عاصم۔ حمزہ ان چھوں قسموں میں پہلے ساکن کو کسرہ دیتے ہیں (چنانچہ گذشتہ مثالیں کسرہ ہی سے درج کی گئی ہیں) اور ابوعمرو قُلْ کے لام اور اَوْ کے واو کو تو ضمہ دیتے ہیں جیسے قُلُ ادْعُوْا۔ اَوُ انْقُصْ اور باقی چار قسموں میں کسرہ دیتے ہیں باقی چار حضرات۔ نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر۔ کسائی) ان سب حروف کو (چھوں قسموں میں) ضمہ دیتے ہیں (یعنی فَمَنُ اضْطُرَّ۔ وَلَقَدُ اسْتُهْزِئَ اور وَقَالَتُ اخْرُجْ اور فَتِيْلًا نُ انْظُرْ اور قُلُ ادْعُوا اللّٰہ۔ اَوُ انْقُصْ پڑھتے ہیں) لیکن ان میں سے ابن ذکوان صرف تنوین کو مستثنیٰ کر کے کسرہ دیتے ہیں سوائے دو کلموں بِرَحْمَةٍ نِ ادْخُلُوْا (اعراف) او خَبِيْثَةِ ۨاجْتُثَّتْ (ابراہیم) کے (کہ ان

میں ضمہ ہی پڑھتے ہیں) یہ محمد بن اخرم کی روایت ہے جس کو انھوں نے اخفش سے اور انھوں نے ابن ذکوان سے نقل کیا ہے اور نقاش وغیرہ نے اخفش سے اور انھوں نے ابن ذکوان سے تنوین کا ہر جگہ کسرہ ہی روایت کیا ہے (نتیجہ یہ کہ ابن ذکوان کے لئے تنوین میں کسرہ ہے لیکن مذکورہ بالا دو کلموں میں ضمہ اور کسرہ دونوں ہیں اور طریق کے موافق کسرہ ہی ہے اور باقی پانچ قسموں میں صرف ضمہ ہے اور اَنِ اتَّقُوْا. اَنِ امْشُوْا. اِنِ امْرُؤٌ. بِغُلٰمٍ اسْمُهٗ. اِنِ الْحُكْمُ غُلِبَتِ الرُّوْمُ. قُلِ الرُّوْحُ وغیرہ میں سب پہلے ساکن کو کسرہ دیتے ہیں کیونکہ پہلی مثال میں تو دوسرے ساکن کے بعد تا پر فتحہ ہے اور بقیہ میں ضمہ تو ہے لیکن لازمی نہیں ہے نیز ابتدا کے وقت ان میں ہمزہ کا ضمہ نہیں پڑھا جاتا بلکہ آخری تین مثالوں میں فتحہ سے اور باقی میں ہمزہ کے کسرہ سے ابتدا ہوتی ہے چنانچہ اِتَّقُوْا. اِمْشُوْا. اَلْحُكْمُ پڑھتے ہیں

لَيْسَ الْبِرَّ میں حفص اور حمزہ کے لئے را کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے را کا ضمہ ہے اور دوسرے (وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوْا) میں بلاخلاف (سب کے لئے را کا) ضمہ ہے (کیونکہ وہاں باجارہ موجود ہے اس لئے اَلْبِرُّ کا مابعد خبر ہی بن سکتا ہے)

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ میں دونوں جگہ نافع اور ابن عامر کے لئے وَلٰكِنِ الْبِرُّ ہے نون (کی تخفیف اور اس) کے کسرہ اور را کے ضمہ سے اور باقی پانچ کے لئے نون کا فتحہ اور اس پر تشدید اور را کا فتحہ ہے۔

مِنْ مُّوْصٍ میں شعبہ حمزہ اور کسائی کے لئے مِنْ مُّوَصٍّ ہے واو کے فتحہ اور صاد کی تشدید سے اور باقی ساڑھے چار کے لئے واو کا سکون اور صاد کی تخفیف ہے۔

فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع۔ ابن ذکوان کے لئے فِدْيَةُ طَعَامِ مَسٰكِيْنَ یعنی اضافت کے سبب فِدْيَة کی تنوین کو حذف کر کے طَعَامِ کے میم کا کسرہ اور مَسٰكِيْنَ کو جمع کے صیغہ سے پڑھتے ہیں یعنی میم اور سین کا فتحہ اور سین کے بعد الف اور نون کے فتحہ سے تنوین کے بغیر (۲) ہشام کے لئے فِدْيَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ یعنی تا پر تنوین اور طَعَام کے میم کا رفع اور مَسٰكِيْنَ میں جمع کا صیغہ ہے نون کے فتحہ سے تنوین کے بغیر (۳) باقی پانچ قراء کے لئے فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ہے یعنی تا کی تنوین اور طَعَامُ کی میم کے ضمہ سے اور مِسْكِيْنٍ کو واحد کے صیغہ سے میم کے کسرہ اور سین کے سکون اور الف کے حذف سے نون کو تنوین دے کر پڑھتے ہیں۔

https://alislami.net

اَلْقُرْءَانُ. قُرْءَانًا. قُرْءَانَهٗ کو ہر جگہ جب کہ یہ اسم ہو ابن کثیر اَلْقُرَانُ. قُرَانًا قُرَانَهٗ پڑھتے ہیں یعنی را کے بعد ہمزہ نہیں پڑھتے (بلکہ اس کی حرکت نقل کر کے را کو دیدیتے ہیں اور وقفاً حمزہ بھی ابن کثیر ہی کی طرح پڑھتے ہیں اور باقی پانچ قراء را کے بعد ہمزہ پڑھتے ہیں اور نقل نہیں کرتے)

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ میں شعبہ کے لئے وَلِتُكَمِّلُوا الْعِدَّةَ ہے کاف کے فتحہ اور میم کی تشدید سے اور باقی ساڑھے چھ قراء کے لئے کاف کا سکون اور میم کی تخفیف ہے۔

اَلْبُيُوْتُ. بُيُوْتًا اور بُيُوْتِكُمْ میں ہر جگہ ورش، ابوعمرو۔ حفص کے لئے بَا کا ضمہ ہے اور باقی پانچ قراء کے لئے بَا کا کسرہ ہے۔

وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ. حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ. فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ میں حمزہ اور کسائی کے لئے وَلَا تَقْتُلُوْهُمْ. حَتّٰى يَقْتُلُوْكُمْ. فَاِنْ قَتَلُوْكُمْ ہے الف کے حذف سے اور یہ قتل سے ہیں اور باقی پانچ قراء کے لئے تینوں میں قاف کے بعد الف ہے اور قتال سے ہیں (اور باقی حرکات وہی ہیں جو درج کی گئی ہیں)

فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ دونوں میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے فَلَا رَفَثٌ وَلَا فُسُوْقٌ ہے ثا اور قاف کی تنوین اور ضمہ سے اور باقی (پانچ) قراء کے لئے ثا اور قاف کا فتحہ ہے تنوین کے بغیر۔ اور وَلَا جِدَالَ میں بلا خلاف (سب کے لئے) لام کا فتحہ ہے تنوین کے بغیر۔

فِي السِّلْمِ میں نافع ابن کثیر اور کسائی کے لئے سین کا فتحہ اور باقی (چار) قراء کے لئے سین کا کسرہ ہے۔

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ میں ہر (چھ) جگہ ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لئے تَرْجِعُ الْاُمُوْرُ ہے تا کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے اور باقی (چار) قراء کے لئے تا کا ضمہ اور جیم کا فتحہ ہے۔

حَتّٰى يَقُوْلُ میں نافع کے لئے لام کا رفع اور باقی چھ کے لئے لام کا نصب ہے۔

اِثْمٌ كَبِيْرٌ میں حمزہ اور کسائی کے لئے اِثْمٌ كَثِيْرٌ ہے ثا سے اور باقی (پانچ) قراء کے لئے ثا کے بجائے بَا ہے۔

قُلِ الْعَفْوَ میں ابوعمرو کے لئے واو کا ضمہ اور باقی چھ قراء کے لئے واو کا فتحہ ہے۔

لَاَعْنَتَكُمْ میں بزی کے لئے ہمزہ کی تسہیل ہے جس کو ان سے ابوربیعہ نے نقل کیا ہے یعنی

https://alislami.net

خلف ہے اور باقی (ساڑھے چھ قراء) کے لئے ہمزہ کی (صرف) تحقیق ہے۔

حَتّٰی یَطْهُرْنَ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لئے یَطَّهَّرْنَ ہے طا اور ہا دونوں کے فتح اور دونوں کی تشدید سے اور باقی (ساڑھے چار قراء) کیلئے طا کا سکون اور ہا کا ضمہ ہے (اور دونوں بلا تشدید ہیں)

اِلَّآ اَنْ یُّخَافَا میں حمزہ کے لئے یا کا ضمہ اور باقی (چھ) قراء کیلئے یا کا فتحہ ہے

لَا تُضَآرُّ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لئے را کا ضمہ اور باقی (پانچ) قراء کے لئے را کا فتحہ ہے مَآ اٰتَیْتُمْ دو جگہ میں یہاں اور وَمَآ اٰتَیْتُمْ مِّنْ رِّبًا روم میں ابن کثیر کے لئے اَتَیْتُمْ ہے (ہمزہ کے بعد والے) الف کے حذف سے اور باقی چھ کے لئے (ہمزہ کے بعد) الف مدہ ہے (اور وَمَآ اٰتَیْتُمْ مِّنْ زَکٰوۃٍ سورۂ روم میں سب کے لئے ہمزہ کے بعد الف ہے)

تَمَسُّوْهُنَّ میں دونوں جگہ یہاں اور احزاب میں (تینوں میں) حمزہ اور کسائی کے لئے تُمٰسُّوْهُنَّ ہے تا کے ضمہ اور (میم کے بعد) الف (اور مد لازم) سے اور باقی (پانچ) قراء کے لئے تینوں میں تا کا فتحہ اور الف کا حذف ہے۔

قَدَرُهٗ میں دونوں جگہ ابن ذکوان۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے دال کا فتحہ ہے اور باقی چار کے لئے دونوں میں قَدْرُهٗ ہے دال کے سکون سے۔

وَصِیَّةً میں نافع ابن کثیر۔ شعبہ کسائی کے لئے تا کے دو پیش اور باقی ساڑھے تین کے لئے تا کے دو زبر ہیں۔

فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ میں یہاں اور حدید میں ابن عامر۔ عاصم کے لئے فا کا فتحہ ہے اور باقی پانچ کے لئے دونوں میں فَیُضٰعِفُهٗ ہے فا کے ضمہ سے نیز فَیُضٰعِفُهٗ اور یُضٰعِفُ میں ہر دس جگہ اور مُضٰعَفَةً (آل عمران) میں ابن کثیر اور ابن عامر کے لئے فَیُضَعِّفُهٗ اور یُضَعِّفُ اور مُضَعَّفَةً ہے الف کے حذف اور عین کی تشدید سے اور باقی پانچ کے لئے ضاد کے بعد الف اور عین بلا تشدید ہے (اور ان دونوں کے ملانے سے بقرہ اور حدید میں چار قراء تیں ہو جاتی ہیں (۱) ابن کثیر کے لئے فَیُضَعِّفُهٗ تشدید اور ضمہ سے (۲) ابن عامر کے لئے فَیُضَعِّفَهٗ تشدید اور فتحہ سے (۳) عاصم کے لئے فَیُضٰعِفَهٗ الف اور تخفیف اور فتحہ سے (۴) باقی چار کے لئے فَیُضٰعِفُهٗ الف اور تخفیف اور ضمہ سے)

https://alislami.net

وَيَبْصُطُ میں یہاں اور بَصْطَةً اعراف میں قنبل۔ابوعمرو۔ہشام۔حفص اور حمزہ کے راوی خلف کے لئے دونوں میں سین اور خلاد کے لئے صاد اور سین دونوں ہیں اور ابن ذکوان کے لئے نقاش نے اخفش سے یہاں سین اور اعراف میں صاد نقل کیا ہے (اور یہی طریق کے موافق ہے) اور قصیدہ میں ابن ذکوان کے لئے بھی دونوں میں سین وصاد دونوں ہیں جو بقرہ میں تو صحیح ہیں لیکن صاد طریق کے خلاف ضرور ہے اور اعراف میں سین کی وجہ صحیح نہیں) اور باقی تین (نافع۔بزی۔شعبہ۔کسائی) کے لئے دونوں میں صرف صاد ہے۔

عَسَيْتُمْ میں یہاں اور سورہ محمد میں دونوں میں نافع کے لئے سین کا کسرہ اور باقی چھ کے لئے دونوں میں سین کا فتحہ ہے۔

غُرْفَةً میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے غین کا ضمہ اور باقی تین کے لئے غین کا فتحہ ہے۔

دَفْعُ اللّٰهِ میں یہاں اور سورۂ حج میں نافع کے لئے دِفٰعُ ہے دال کے کسرہ اور فا کے بعد الف سے اور باقی چھ کے لئے دال کا فتحہ اور فا کا سکون ہے الف کے بغیر۔

## پارہ (۳) تِلْكَ الرُّسُلُ

لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ تینوں میں یہاں اور لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ابراہیم میں اور لَا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ طور میں ساتوں میں ابن کثیر ابوعمرو کے لئے لَا بَيْعَ فِيْهِ وَلَا خُلَّةَ وَلَا شَفَاعَةَ اور لَا بَيْعَ فِيْهِ وَلَا خِلٰلَ اور لَا لَغْوَ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمَ ہے عین اور تا اور لام اور واو اور میم کے فتحہ سے تنوین کے بغیر اور باقی پانچ کے لئے ساتوں میں آخری حرف کا ضمہ اور اس پر تنوین ہے۔

اَنَا اُحْيِيْ اور اَنَا اُنَبِّئُكُمْ اور اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ وغیرہ میں جب کہ اَنَا کے بعد ضمہ والا یا فتحہ والا ہمزہ (قطعی) ہو (جن میں سے ضمہ والا دو جگہ بقرہ و یوسف میں اور فتحہ والا دس جگہ آیا ہے) تو نافع (وقف ووصل) دونوں حالتوں میں الف کو ثابت رکھ کر اَنَآ اُحْيِيْ اور اَنَآ اَوَّلُ پڑھتے ہیں (اور الف زیادہ کرنے سے مد منفصل پیدا ہو جاتا ہے اس میں قاعدہ کے موافق قالون کے لئے توسط وقصر دونوں اور ورش کے لئے صرف طول ہوگا) اور اگر اَنَا کے بعد کسرہ والا ہمزہ ہو جو (تین جگہ) اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ (اعراف وشعرا) اور وَمَا اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ (احقاف) میں ہے ان تینوں کلموں میں قالون کے لئے اثبات وحذف دونوں ہیں اور باقی چھ صرف وصل میں الف کو حذف کرتے ہیں اور وقف میں سب حضرات اَنَا میں الف کو ہر جگہ اور ہر حال میں ثابت رکھتے ہیں

https://alislami.net

(عام ہے کہ اس کے بعد ہمزہ ہو یا نہ ہو)

لَمْ یَتَسَنَّہْ میں حمزہ اور کسائی کے لئے صرف وصلاً لَمْ یَتَسَنَّ وَانْظُرْ ہے ہا کے حذف سے

(اور وقفاً ہا کو ثابت رکھتے ہیں) اور باقی پانچ دونوں حالتوں میں ہا کو ثابت رکھ کر لَمْ یَتَسَنَّہْ پڑھتے ہیں

نُنْشِزُھَا میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے زا ہے اور باقی تین کے لئے نُنْشِرُھَا ہے را سے

قَالَ اَعْلَمُ میں حمزہ اور کسائی کے لئے قَالَ اعْلَمْ ہے امر (کا صیغہ ہونے) کی بنا پر ہمزۂ

وصلی اور میم کے جزم سے اور ابتدا (یا اعادہ ہمزہ کے) کسرہ سے کرتے ہیں یعنی اِعْلَمْ اور باقی پانچ کے لئے

اخبار کی بنا پر وصل وابتدا دونوں حالتوں میں قَالَ اَعْلَمُ ہے ہمزۂ قطعی کے فتحہ اور میم کے ضمہ سے۔

فَصُرْھُنَّ اِلَیْکَ میں حمزہ کے لئے صاد کا کسرہ اور باقی چھ کے لئے صاد کا ضمہ ہے۔

جُزْءًا اور جُزْءٌ میں ہر (سہ) جگہ (یہاں اور زخرف و حجر میں) شعبہ کے لئے جُزُءًا

اور جُزُءٌ ہے زا کے ضمہ سے اور باقی ساڑھے چھ کے لئے (تینوں میں) زا کا سکون ہے۔

بِرَبْوَةٍ میں یہاں اور (اِلٰی رَبْوَةٍ) مومنون میں ابن عامر۔ عاصم کے لئے را کا فتحہ اور

باقی پانچ کے لئے دونوں میں را کا ضمہ ہے۔

اُکُلَھَا. اُکُلَہٗ اور اُکُلٍ. اُکُلِ میں ہر جگہ نافع۔ ابن کثیر کے لئے اُکْلَھَا. اُکْلَہٗ.

اُکْلٍ. اُکْلِ ہے کاف کی تخفیف یعنی سکون سے اور صرف اس (اُکُلُ) میں جو مونث غایب کی ضمیر کی طرف

مضاف ہو یعنی اُکُلَھَا (کے سکون) میں ابوعمرو بھی ان کے ساتھ شریک ہیں اور باقی حالات جگہ میں ان کے

لئے کاف کا ضمہ ہی ہے اور باقی چار کے لئے ہر حال میں کاف کا ضمہ ہے

بزی ان اکتیس موقعوں میں وصل کی حالت میں اس تا کو تشدید سے پڑھتے ہیں جو مضارع

کے صیغوں کے شروع میں آرہی ہے (۱) وَلَا تَیَمَّمُوْا یہاں (۲) وَلَا تَفَرَّقُوْا آل عمران میں (۳) اِنَّ

الَّذِیْنَ تَوَفّٰھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ نساء میں (۴) وَلَا تَعَاوَنُوْا مائدہ میں (۵) فَتَفَرَّقَ بِکُمْ انعام میں (۶) فَاِذَا

ھِیَ تَلَقَّفُ اعراف میں اسی طرح (۷) یَمِیْنِکَ تَلَقَّفْ طٰہٰ میں اور (۸) (ھِیَ تَلَقَّفُ) شعرا میں

(۹) وَلَا تَوَلَّوْا (۱۰) وَلَا تَنَازَعُوْا انفال میں (۱۱) قُلْ ھَلْ تَرَبَّصُوْنَ توبہ میں (۱۲) وَاِنْ تَوَلَّوْا (۱۳)

فَاِنْ تَوَلَّوْا (۱۴) لَا تَکَلَّمُ نَفْسٌ ہود میں (۱۵) مَا تَنَزَّلُ حجر میں (۱۶) اِذْ تَلَقَّوْنَہٗ (۱۷) فَاِنْ تَوَلَّوْا

https://alislami.net

نور میں(۱۸)عَلٰی مَنْ تَنَزَّلُ (۱۹) اَلشَّیٰطِیْنُ تَنَزَّلُ شعرا میں(۲۰)وَلَا تَبَرَّجْنَ(۲۱) وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ احزاب میں (۲۲) لَاتَنَاصَرُوْنَ صٰفّٰت میں (۲۳) وَلَا تَنَابَزُوْا (۲۴) وَلَا تَجَسَّسُوْا (۲۵) لِتَعَارَفُوْا حجرات میں(۲۶)اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ممتحنہ میں(۲۷) تَكَادُ تَمَيَّزُ ملک میں(۲۸)لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ن میں(۲۹) عَنْهُ تَلَهّٰى عبس میں(۳۰) نَارًا تَلَظّٰى لیل میں(۳۱)مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ تَنَزَّلُ قدر میں۔ ابو عمرو دانی کہتے ہیں کہ ابوالفرج النجاد القطان مُعَلَّم نے ابوالفتح بن بدھن سے اور انھوں نے ابوبکر زینبی سے اور انھوں نے ابو ربیعہ سے اور انھوں نے بزی سے پڑھ کر دو موقع اور زیادہ بتائے ہیں(۱)وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ آل عمران میں(۲) فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ واقعہ میں(پہلے اکتیس کی طرح)ان دو میں بھی تا کو تشدید سے پڑھتے ہیں اور ابو ربیعہ کے قول پر قیاس کرنے سے بھی یہی نکلتا ہے(لیکن صحیح یہ ہے کہ ان دونوں میں تشدید نہ تیسیر کے طرق سے صحیح ہے نہ نشر کے طرق سے کیونکہ زینبی ان کے طرق میں نہیں ہیں)پس اگر ان تا آت سے ابتدا یا اعادہ کیا جائے تو یہ سب بلا تشدید پڑھی جائیں گی اور اگر ان سے پہلے حرف مد ہو (جیسا کہ ۱و۲و۴و۹و۱۰و۱۴و۱۵و۲۰و۲۲و۲۳و۲۴و۲۸و۲۹ ان تیرہ موقعوں میں ہے)تو اس میں لازمی سکون کے سبب زیادہ (تین الف یا پانچ الف)مد کیا جائے گا اور ۳و۵تا۸و۱۱و۲۵و۲۷۔ان آٹھ میں تا سے پہلے حرف پر حرکت ہے ان اکیس موقعوں میں تو مد اور حرکت کی وجہ سے تشدید آسانی سے ادا ہو جاتا ہے اور باقی دس میں تا سے پہلے ساکن صحیح ہے اس کے بعد تشدید دشواری سے ادا ہوتا ہے کیونکہ ساکن کو باقی رکھتے ہوئے تشدید ادا کرنا پڑتا ہے اس لئے ان کی خوب مشق کرائی جائے)اور باقی حضرات پورے باب میں ان سب تا آت کو وصل وابتدا دونوں میں) بلا تشدید پڑھتے ہیں۔

فَنِعِمَّا میں یہاں اور(نِعِمَّا )سورۂ نساء میں دونوں میں چار قراءتیں ہیں(۱)ابن کثیر ورش اور حفص کے لئے نون اور عین دونوں کا پورا کسرہ (۲) قالون۔ابوعمرو اور شعبہ کے لئے نون کا پورا کسرہ اور عین کے کسرہ کا اختلاس(دوتہائی)(۳) (انھی اختلاس والوں کے لئے فَنِعْمَّا بھی ہے نون کے کسرہ اور) عین کے سکون (اور م کی تشدید) سے اور نص ان تینوں سے سکون ہی کے ساتھ آئی ہے اور اختلاس قیاس سے زیادہ موافق ہے (کیونکہ اس میں دو ساکن جمع نہیں ہوتے) (۴) باقی تین (ابن عامر۔حمزہ اور کسائی) کے لئے فَنَعِمَّا ہے نون کے فتحہ اور عین کے کسرہ سے۔

https://alislami.net

وَ یُکَفِّرُ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر ابو عمرو اور شعبہ کیلئے وَ نُکَفِّرُ (یا کے بجائے) نون اور رَا کے ضمہ سے (۲) ابن عامر اور حفص کیلئے وَ یُکَفِّرُ یا اور را کے ضمہ سے (۳) (نافع حمزہ اور کسائی) کیلئے نُکَفِّرْ نون سے رَا کے جزم سے۔

یَحْسَبُهُمُ اور یَحْسَبُوْنَ. تَحْسَبُ اور تَحْسَبَنَّ میں جب کہ یہ مضارع کا صیغہ ہو (ہر جگہ) ابن عامر۔ عاصم اور حمزہ کیلئے سین کا فتحہ اور باقی چار کیلئے سین کا کسرہ ہے۔

فَاْ ذَ نُوْ ا میں شعبہ حمزہ کیلئے فَاٰذِ نُوْا ہے ہمزہ کے بعد الف مدہ اور ذال کے کسرہ سے اور باقین کے لئے الف کا حذف (اور ہمزہ کا سکون) اور ذال کا فتحہ ہے۔

اِلٰی مَیْسَرَ ةٍ میں نافع کے لئے مَیْسُرَ ةٍ ہے سین کے ضمہ سے اور باقی چھ قراء کے لئے سین کا فتحہ ہے۔

وَاَنْ تَصَدَّ قُوْا میں عاصم کے لئے صاد کی تخفیف ہے اور باقی چھ قراء کے لئے تَصَّدَّ قُوْا ہے صاد کی تشدید سے۔

تُرْ جَعُوْنَ فِیْهِ میں ابوعمرو کے لئے تَرْ جِعُوْنَ ہے تا کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے اور باقی چھ قراء کے لئے تا کا ضمہ اور جیم کا فتحہ ہے۔

اَنْ تَضِلَّ میں حمزہ کے لئے اِنْ تَضِل ہے ہمزہ کے کسرہ سے اور باقی چھ قراء کے لئے ہمزہ کا فتحہ ہے۔ فَتُذَ کِّرَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حمزہ کے لئے فَتُذَ کِّرُ (ذال کے فتحہ اور) کاف کی تشدید اور را کے ضمہ سے (۲) ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے فَتُذْ کِر ذال کے سکون اور کاف کی تخفیف اور را کے فتحہ سے (۳) باقی چار قراء کے لئے ذال کا فتحہ اور کاف پر تشدید اور را کا فتحہ ہے

تِجَا رَةً حَا ضِرَ ةً دونوں میں عاصم کے لئے تا کے زبر ہیں مع تنوین اور باقی چھ کے لئے دونوں میں تا کے پیش ہیں مع تنوین۔

https://alislami.net

فَرِهٰنٌ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے فُرُھُنٌ ہے را اور ہا دونوں کے ضمہ سے الف کے بغیر اور باقی پانچ کے لئے را کا کسرہ اور ہا کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

فَیَغْفِرُ اور یُعَذِّبُ میں ابن عامر اور عاصم کے لئے را اور با کا ضمہ ہے اور باقی پانچ کے لئے فَیَغْفِرْ اور یُعَذِّبْ ہے را اور با کے جزم سے۔

وَکُتُبِہٖ میں حمزہ اور کسائی کے لئے وَکِتٰبِہٖ ہے کاف کے کسرہ اور تا کے بعد الف سے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر اور باقی پانچ کے لئے کاف اور تا دونوں کا ضمہ ہے الف کے بغیر جمع ہونے کی بنا پر۔

رُسُلُنَا۔ رُسُلُکُمْ۔ رُسُلُھُمْ۔ سُبُلَنَا میں جب کہ لام کے بعد دو حرف (لکھے ہوئے) ہوں اس میں ابوعمرو کے لئے ہر جگہ رُسْلُنَا۔ رُسْلُکُمْ۔ رُسْلُھُمْ۔ سُبْلَنَا ہے سین اور با کے سکون سے اور باقی چھ کے لئے سین اور با دونوں کا ضمہ ہے (اور رُسُلُہٗ۔ رُسُلُکَ۔ سُبُلَ رَبِّکِ میں سب کے لئے سین اور با ضمہ ہے کیونکہ ان میں لام کے بعد اسی کلمہ میں دو حرف نہیں ہیں

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آٹھ ہیں

(۱) اِنِّیْ اَعْلَمُ (۲) اِنِّیْ اَعْلَمُ دونوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے یا کا فتحہ ہے (۳) عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ اس میں حفص اور حمزہ دونوں کے لئے سکون ہے (اور باقی ساڑھے پانچ کے لئے یا کا فتحہ ہے) (۴) بَیْتِیَ لِلطَّآئِفِیْنَ اس میں نافع ہشام اور حفص کے لئے فتحہ ہے (۵) فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ اس میں ابن کثیر کے لئے فتحہ ہے (۶) وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ اس میں ورش کے لئے فتحہ ہے (۷) مِنِّیْ اِلَّا مَنْ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لئے فتحہ ہے (۸) رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ اس میں حمزہ کے لئے سکون ہے (اور باقی چھ کے لئے فتحہ ہے)

اور اس میں وہ (زائد) یا آت جو رسم سے محذوف ہیں تین ہیں (۱) الدَّاعِ (۲) اِذَا دَعَانِ ان دونوں کو ورش اور ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں (یعنی اَلدَّاعِیْ اِذَا دَعَانِیْ پڑھتے ہیں اور قالون کے لئے وصلاً حذف و اثبات دونوں ہیں (۳) وَاتَّقُوْنِ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ اس کو صرف ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں۔

**فائدہ** جو یا آت رسم سے محذوف ہیں ان کو یا آت زائدہ اور زوائد کہتے ہیں۔

https://alislami.net

# (۳) سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرٰنَ (مدنی)

اس سورہ میں دوسو آیتیں۔ تین ہزار چار سو اسّی کلمے۔ چودہ ہزار پانچسو بیس حروف اور بیس رکوع ہیں اس سورہ میں لَقَدْ اَطْنَبَ مَرٌّ کے نو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ان حروف پر آیتیں پوری ہونگی۔

اَلتَّوْرٰىةَ میں تمام قرآن میں ابو عمرو۔ ابن ذکوان۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ اور نافع اور حمزہ کے لئے امالہ صغریٰ ہے اور باقی اڑھائی کے لئے فتح ہے قالون کے لئے امالہ صغریٰ اور فتح دو وجوہ ہیں۔

سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ دونوں میں حمزہ اور کسائی کیلئے یا اور باقی پانچ کے لئے تا ہے۔

يَرَوْنَهُمْ میں نافع کے لئے تا اور باقی چھ کے لئے یا ہے۔

رِضْوَانٌ میں شعبہ کے لئے ہر جگہ رُضْوَانٌ ہے را کے ضمہ سے لیکن مائدہ کے دوسرے کلمہ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ میں (اوروں کی طرح ان کے لئے بھی کسرہ وہی ہے) اور باقی ساڑھے چھ کے لئے سب جگہ را کا کسرہ ہے۔

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ میں کسائی کے لئے ہمزہ کا فتحہ اور باقی چھ کے لئے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

وَيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ میں حمزہ کے لئے وَيُقٰتِلُوْنَ ہے یا کے ضمہ اور قاف کے فتحہ اور اس کے بعد الف اور تا کے کسرہ سے اور یہ قتال سے ہے اور باقی چھ کے لئے یا کا فتحہ اور قاف کا سکون اور الف کا حذف اور تا کا ضمہ ہے اور یہ قتل سے ہے (اور يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ جو اس سے پہلے ہے وہ سب کے لئے قتل ہی سے ہے

اَلْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَالْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ (میں یہاں اور انعام و یونس و روم چاروں میں دو جگہ) اور اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ (فاطر) وغیرہ (یعنی لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ اعراف دسوں میں جب کہ مَیِّت کے مصداق میں بے جان ہونے کی صفت ثابت ہو چکی ہو نافع حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے اَلْمَيِّتَ اور مَيِّتٍ کی یا پر تشدید ہے اور باقی ساڑھے تین کے لئے ان سب موقعوں میں اَلْمَيْتَ اور مَيْتٍ ہے یا کے سکون اور تخفیف سے (اور جس جگہ مَيِّتٌ کا استعمال ایسے شخص کے لئے ہوا ہے جو ابھی بے جان نہ ہوا ہو جیسے اِنَّكَ مَيِّتٌ اور وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ اور بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ اس میں سب کے لئے تشدید ہے اور بَلْدَةً مَّيْتًا میں ہر جگہ ساتوں کے لئے سکون اور تخفیف ہے)

بِمَا وَضَعَتْ میں ابن عامر اور شعبہ کے لئے بِمَا وَضَعْتُ ہے عین کے سکون اور تا کے ضمہ

سے اور باقی ساڑھے پانچ کے لئے عین کا فتحہ اور تا کا سکون ہے۔

وَ كَفَّلَهَا میں کوفیین کے لئے فا پر تشدید ہے اور باقی چار کے لئے وَ كَفَلَهَا ہے فا کی تخفیف سے

زَكَرِيَّا کو یہاں اور تمام قرآن میں (جو سات جگہ آیا ہے (۱) تا (۳) یہاں (۴) انعام (۵) و (۶) مریم میں ۷ انبیاء میں حفص۔حمزہ۔کسائی ہمزہ کے بغیر پڑھتے ہیں اور (چونکہ اس کے آخر میں الف ہے اس لئے) اس کو اعراب بھی نہیں دیتے (بلکہ ہر حال میں ایک ہی طرح رہتا ہے) اور باقی (ساڑھے چار اس میں ہر جگہ ہمزہ پڑھتے ہیں اور اس ہمزہ کو (موقع کے سامناسب) اعراب بھی دیتے ہیں اسی لئے یہاں (وَ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا میں ان میں سے شعبہ ہمزہ کا فتحہ پڑھتے ہیں اور باقی چار ہمزہ کے ضمہ سے پڑھتے ہیں (پس اس میں تین قراءتیں ہوگئیں (۱) نافع۔ابن کثیر اور ابو عمرو۔ابن عامر کے لئے وَ كَفَلَهَا زَكَرِيَّاءُ (۲) شعبہ کے لئے وَ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّاءَ (۳) حفص۔حمزہ اور کسائی کے لئے وَ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا) پس اگر زَكَرِيَّا کے بعد دوسرا ہمزہ آجائے (جیسا کہ مریم میں دو جگہ اور انبیاء میں ہے) تو ابن عامر اور شعبہ اس کو تحقیق سے پڑھتے ہیں اور نافع۔ابن کثیر اور ابو عمرو اس میں (قاعدہ کے موافق) تخفیف کرتے ہیں

فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ میں حمزہ اور کسائی کے لئے فَنَادٰهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ہے (دال کے بعد) امالہ والے الف کے ساتھ تا کے بغیر اور باقی پانچ کے لئے دال کے بعد تا (ئے ساکنہ) ہے الف کے بغیر۔

اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى میں ابن عامر اور حمزہ کے لئے ہمزہ کا کسرہ اور باقی پانچ کے لئے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

يُبَشِّرُكَ میں یہاں (۱) و (۲) دونوں موقعوں میں اور وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ (۳) سبحان الذی و (۴) کہف میں چاروں میں حمزہ اور کسائی کے لئے يَبْشُرُ ہے یا کے فتحہ با کے سکون اور شین کے ضمہ اور اس کی تخفیف سے ۵ اور يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ شوریٰ میں ابن کثیر۔ابو عمرو۔حمزہ اور کسائی کے لئے اور يُبَشِّرُهُمْ توبہ میں اور اِنَّا نُبَشِّرُكَ حجر و مریم میں اور لِتُبَشِّرَ بِهِ مریم میں ان چار میں صرف حمزہ کے لئے يَبْشُرُ. نَبْشُرُكَ لِتَبْشُرَ ہے انھیں حرکات اور انھیں قیدوں سے (پس حمزہ کے لئے تو نو کے نو میں يَبْشُرُ. نَبْشُرُ. لِتَبْشُرَ ہے اور کسائی صرف اول کے پانچ میں ان کے ساتھ شریک ہیں اور (۶) تا (۹) میں باقین کی طرح ہیں اور ابن کثیر اور ابو عمرو نمبر پانچ میں حمزہ کی طرح اور باقی آٹھ میں باقین کی طرح ہیں) اور باقی تین (نافع۔ابن عامر۔عاصم) کے لئے سب جگہ يُبَشِّرُ. نُبَشِّرُ لِتُبَشِّرَ ہے پہلے حرف کے ضمہ با کے فتحہ شین

https://alislami.net

کے کسرہ اوراس کی تشدید سے (اور پہلے جو باقین کی طرح آیا ہے اس سے بھی تین مراد ہیں)

کُنْ فَیَکُوْنُ کے نون کا زبر اور پیش بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔ابن عامر کے لئے نون کا نصب بقیہ قراء کے لئے رفع

وَیُعَلِّمُهُ الْکِتٰبَ میں نافع۔عاصم کے لئے یا ہے اور باقی پانچ کے لئے وَنُعَلِّمُهُ الْکِتٰبَ ہے نون سے۔

اَنِّیْٓ اَخْلُقُ لَکُمْ میں نافع کے لئے اِنِّیْٓ ہے ہمزہ کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لئے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

فَیَکُوْنُ طَیْرًا میں یہاں اور فَتَکُوْنُ طَیْرًا مائدہ میں دونوں میں نافع کے لئے طٰٓئِرًا ہے طا کے بعد الف اوراس کے بعد کسرہ والے ہمزہ سے واحد ہونے کی بنا پر اور باقی چھ کے لئے طَیْرًا ہے طا کے بعد یائے ساکنہ سے الف اور ہمزہ کے بغیر اور یہ جمع ہے۔

فَیُوَفِّیْهِمْ میں حفص کے لئے یا ہے اور باقی ساڑھے چھ کے لئے نون ہے

هٰٓاَنْتُمْ میں ہر چار جگہ (آل عمران دو جگہ ونساء ومحمد میں) پانچ قراءتیں ہیں (۱) قالون اور ابوعمرو کے لئے (هٰٓاَنْتُمْ ھا کے بعد الف) مدہ سے (تحقیق والے) ہمزہ کے بغیر (یعنی ان کے لئے ھا کے بعد الف اور ہمزہ کی تسہیل ہے مد وقصر کے ساتھ (۲) ورش کے لئے ھَاَنْتُمْ ھا کے بعد والے الف کے حذف اور ہمزہ کی تسہیل سے (۳) ورش ہی کے لئے ھَآنْتُمْ یعنی ہمزہ کا الف سے ابدال اوراس الف میں مد لازم اس بنا پر کہ اس کے بعد نون پر لازمی سکون آرہا ہے (۴) قنبل کے لئے ھَاَنْتُمْ ھا کے بعد والے الف کے حذف اور ہمزہ (کی تحقیق سے اور باقی ساڑھے چار قراء بزی ابن عامر کوفیین کیلئے هٰٓاَنْتُمْ ھا کے بعد الف مدہ اور ہمزہ کی تحقیق سے اپنے قاعدہ کے موافق اس الف مدہ کو قصر سے پڑھتے ہیں (کیونکہ یہ مد منفصل ہے جس میں بزی کے لئے ہر جگہ قصر ہی ہوا کرتا ہے اور باقی حضرات توسط کرتے ہیں)

اَنْ یُّؤْتٰۤی میں ابن کثیر کے لئے ءَاَنْ یُّؤْتٰۤی ہے استفہام کی بنا پر دو ہمزوں سے جن میں سے دوسرے میں تسہیل بلا ادخال ہے اور باقی چھ کے لئے خبر ہونے کی بنا پر تحقیق ہے ایک ہمزہ سے

یُؤَدِّهٖۤ اِلَیْکَ اور لَا یُؤَدِّهٖۤ اِلَیْکَ میں یہاں اور نُؤْتِهٖ مِنْهَا میں تین جگہ جن میں سے دو آل عمران میں اور ایک حٰمٓ عٓسٓقٓ میں ہے اور نُوَلِّهٖ وَنُصْلِهٖ سورہ نساء میں ساتوں جگہ تین قراءتیں ہیں (۱) ابوعمرو۔شعبہ۔حمزہ کے لئے یُؤَدِّهْ۔لَا یُؤَدِّهْ۔نُؤْتِهْ مِنْهَا نُوَلِّهْ وَنُصْلِهْ ہے ہا کے سکون سے (۲) قالون کے لئے یُؤَدِّهِ۔ لَا یُؤَدِّهِ۔ نُؤْتِهِ نُوَلِّهِ وَنُصْلِهِ ہا کے کسرہ کے اختلاس سے (یعنی کسرہ تو پورا پڑھتے ہیں لیکن اس میں صلہ نہیں کرتے کیونکہ ہا میں کسی جگہ بھی اختلاس سے اصطلاحی معنی مراد لینا صحیح نہیں۔اور ہشام سے حلوانی نے بھی صلہ کے بغیر کسرہ ہی روایت کیا ہے صلہ بھی ہے اور دونوں صحیح ہیں (۳) باقی ساڑھے تین (ورش۔ابن کثیر۔ابن ذکوان۔حفص۔کسائی) کے لئے ہا کا کسرہ ہے اوراس کا یا کے ساتھ صلہ یعنی کھڑا زیر ہے اور وقفا

https://alislami.net

ساتوں کلمات میں سب کے لئے ہا کا سکون ہے۔

تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے تا کا ضمہ اور عین کا فتحہ اور لام پر تشدید اور کسرہ اور باقی تین کے لئے تَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ ہے تا کے فتحہ عین کے سکون اور لام کے فتحہ سے تشدید کے بغیر۔

وَلَا يَاْمُرَكُمْ میں ابن عامر۔ عاصم اور حمزہ کے لئے را کا نصب اور باقی چار کے لئے را کا رفع ہے اور ابو عمرو را کے سکون اور اختلاس میں اپنے قاعدہ پر ہیں (جو بقرہ میں گذر چکا ہے)

اَلنَّبِيِّيْنَ لَمَا میں حمزہ کے لئے لِمَا ہے لام کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لئے لام کا فتحہ ہے۔ اَلنَّبِيِّيْنَ کا اختلاف گذر چکا ہے

اٰتَيْتُكُمْ میں نافع کے لئے اٰتَيْنٰكُمْ ہے یا کے بعد نون اور الف کے ساتھ جمع ہونے کی بنا پر اور باقی کے لئے (یا کے بعد پیش والی) تا ہے الف کے بغیر۔

يَبْغُوْنَ اور وَاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ دونوں میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص کے لئے دونوں میں یا (۲) ابو عمرو کے لئے (يَبْغُوْنَ. تُرْجَعُوْنَ اول میں) یا اور (ثانی میں) تا سے۔ (۳) باقی ساڑھے پانچ کے لئے (تَبْغُوْنَ. تُرْجَعُوْنَ) دونوں میں تا سے۔

## پارہ (۴) لن تنالوا

حِجُّ الْبَيْتِ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے حا کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لئے حا کا فتحہ ہے

وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ دونوں میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے یا ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لئے وَمَا تَفْعَلُوْا اور فَلَنْ تُكْفَرُوْهُ ہے تا سے۔

لَا يَضُرُّكُمْ میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے ضاد کا ضمہ اور را پر تشدید اور ضمہ ہے اور باقی (تین) کے لئے لَا يَضِرْكُمْ ہے ضاد کے کسرہ اور را کے جزم اور اس کی تخفیف سے۔

مُنْزَلِيْنَ میں یہاں اور اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عنکبوت میں ابن عامر کے لئے مُنَزَّلِيْنَ اور مُنَزِّلُوْنَ ہے نون کے فتحہ اور زا کی تشدید سے اور باقی چھ کیلئے (نون کا سکون اور زا کی) تخفیف ہے۔

مُسَوِّمِيْنَ میں ابن کثیر۔ ابو عمرو۔ عاصم کے لئے واو کا زیر اور باقی (چار) کے لئے واو کا زبر ہے۔

وَسَارِعُوْا میں نافع۔ ابن عامر کے لئے سَارِعُوْا ہے سین سے پہلے واو کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لئے (سین سے پہلے زبر والا) واو بھی ہے۔

قَرْحٌ میں دونوں جگہ یہاں اور اَلْقَرْحُ اسی سورۃ (کے) میں تینوں میں شعبہ اور حمزہ اور

https://alislami.net

کسائی کے لئے قُرح. اَلقُرح ہے قاف کے پیش سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لئے تینوں میں قاف کا زبر ہے۔
وَکَاَیِّن میں ہر (سات) جگہ ابن کثیر کے لئے وَکَآئِن ہے کاف کے بعد الف سے جس میں مد بھی ہے اور اس کے بعد زیر والا ہمزہ ہے یا کے بغیر اور باقی چھ کے لئے کاف کے بعد زبر والا ہمزہ اور اس کے بعد تشدید اور زیر والی یا ہے اور اس میں نون پر (اور نون کے بغیر) وقف کرنے کا ذکر بابُ الوقف علیٰ مرسوم الخط میں آچکا ہے۔
قٰتَلَ مَعَهٗ میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے قاف اور تا کا زبر اور دونوں کے درمیان) الف ہے اور باقی (تین) کے لئے قُتِلَ ہے قاف کے پیش اور الف کے حذف اور تا کے زیر سے۔
اَلرُّعْبَ اور رُعْبًا میں ہر جگہ ابن عامر اور کسائی کے لئے اَلرُّعُبَ اور رُعُبًا ہے عین کے پیش سے اور (پانچ) کے لئے عین کا سکون ہے
یغشیٰ طآئِفَۃً میں حمزہ اور کسائی کے لئے تا اور باقی (پانچ) کے لئے یا ہے۔
کُلَّهٗ لِلّٰهِ میں ابوعمرو کے لئے کُلُّهٗ ہے لام کے پیش سے اور باقی چھ کے لئے لام کا زبر ہے۔
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ میں ابن کثیر اور حمزہ اور کسائی کے لئے یا اور باقی (چار) کے لئے تا ہے۔
مُتُّمْ. مُتُّ. مُتْنَا میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ابن عامر اور شعبہ کے لئے ہر جگہ مُتُّمْ ۔مُتُّ۔مُتْنَا ہے میم کے پیش سے۔ (۲) حفص کے لئے صرف اسی سورۃ میں ان دونوں کلموں (مُتُّمْ) میں میم کا پیش ہے (اور باقی سب جگہ مِتُّ۔مِتْنَا ہے میم کے زیر سے) (۳) باقی تین (نافع۔ حمزہ اور کسائی) کے لئے سب جگہ مِتُّمْ. مِتْنَا. مِتُّ ہے میم کے زیر سے۔
خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ میں حفص کے لئے یا اور باقی (ساڑھے چھ) کے لئے تا ہے۔
اَنْ یَّغُلَّ میں ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ عاصم کے لئے یا کا زبر اور غین کا پیش ہے اور باقی چار کے لئے اَنْ یُّغَلَّ ہے یا کے پیش اور غین کے زبر سے۔
لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا میں ہشام کے لئے مَا قُتِّلُوْا ہے تا کی تشدید سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لئے تا کی تخفیف ہے۔
اَلَّذِیْنَ قُتِلُوْا میں یہاں اور ثُمَّ قُتِلُوْا حج میں ابن عامر کے لئے دونوں میں قُتِّلُوْا ہے تا کی تشدید سے اور باقی (چھ) کے لئے تا کی تخفیف ہے۔
وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا میں ہشام کے لئے ابوالفتح سے یا ہے (اور قصیدہ میں تا بھی درج ہے) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لئے صرف تا ہے سین کے زبر زیر کا اختلاف گذر چکا ہے
وَاَنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ میں کسائی کے لئے ہمزہ کا زیر اور باقی (چھ) کے لئے زبر ہے۔لا

https://alislami.net

يَحْزُنْكَ اور لَيَحْزُنُنِيْ اور لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ میں ہر جگہ نافع کے لئے وَلَا يُحْزِ نْكَ اور لَيُحْزِ نُنِي اور لِيُحْزِنَ الَّذِيْنَ ہے وَلَا يُحْزِ نُهُمُ انبیاء میں (باقین کی طرح) ان کے لئے بھی یا کا زبر اور زا کا پیش ہے اور باقی چھ کے لئے (سب جگہ) اسی طرح (یا کا زبر اور زا کا پیش) ہے (اور یہ تفصیل صرف واحد کے صیغوں میں ہے جس میں حفص یا کا زبر اور زا کا پیش پڑھتے ہیں کہ اس میں نافع کے لئے يُحْزِنُ اور يُحْزِنُ ہے اور باقی چھ کے لئے يَحْزُ ن اور يَحْزُنُ ہے اور جمع کے صیغوں میں سب کے لئے يَحْزُ نُوْنَ اور باقی تَحْزَ نُوْنَ ہے یا اور تا اور زا کے زبر سے)۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اور وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ میں یہاں حمزہ کے لئے دونوں میں تا ہے اور لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَ حُوْنَ میں کوفیین کے لئے تا ہے (پس حمزہ کے لئے تینوں میں تا اور عاصم اور کسائی کے لئے نمبر ایک اور نمبر دو میں یا اور نمبر تین میں تا ہے) اور باقی (چار) کے لئے تینوں میں یا ہے۔

حَتّٰى يَمِيْزَ میں یہاں اور لِيَمِيْزَ انفال میں دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لئے يُمَيِّزَ ہے یا کے پیش میم کے زبر اور دوسری یا کی تشدید اور زیر سے اور باقی (پانچ) کے لئے یا کا زبر اور میم کا زیر اور دوسری یا کا سکون اور اس کی تخفیف ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کیلئے یا اور باقی (پانچ) کیلئے تا ہے۔

سَنَكْتُبُ وَ قَتْلَهُمْ وَ نَقُوْلُ میں حمزہ کے لئے سَيُكْتَبُ وَ قَتْلُهُمْ وَ يَقُوْلُ ہے یعنی سَنَكْتُبُ میں (زبر) والے نون کے بجائے) پیش والی یا اور تا کا زبر اور وَ قَتْلُهُمْ میں لام کا پیش اور وَنَقُوْلُ میں یا ہے اور باقی چھ کے لئے سَنَكْتُبُ میں نون اور اس کا زبر اور تا کا پیش اور وَقَتْلَهُمْ میں لام کا زبر اور وَنَقُوْلُ میں نون ہے

وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ کو ہشام ان دونوں میں با زیادہ کر کے وَبِالزُّ بُرِ وَبِالْكِتٰبِ پڑھتے ہیں۔ ہشام نے اپنی کتاب میں اس (با کی زیادتی) کو اپنے اساتذہ سے اور انھوں نے ابن عامر سے نقل کر کے اسی طرح نصا (صاف عبارت میں) بیان کیا ہے اور منقول ہے کہ یہ با اہل شام کے قرآنوں میں بھی اسی طرح لکھی ہوئی تھی۔ فارس بن احمد بیان کیا اور وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے عبد الباقی بن حسین نے بیان کیا اور یہ بتایا کہ حلوا نی کو اس بارے میں شک ہوا تو اس کی بابت ہشام کو خط لکھا تو انھوں نے یہ جواب دیا کہ ان دونوں کلموں میں با ثابت ہے اور ابن ذکوان صرف وَالزُّبُرِ میں با زیادہ کرتے ہیں (اور ان کے لئے بِالزُّ بُرِ وَالْكِتٰبِ ہے کیونکہ وبالزُّ بُرِ میں تو شام کے تمام مصاحف میں با زائد ہے اور وَبِا لْكِتٰبِ میں بعض میں با ہے اور بعض میں نہیں ہے) اور باقی چھ کے لئے دونوں با کے بغیر ہیں۔

لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّا سِ وَلَا يَكْتُمُوْ نَهٗ دونوں میں ابن کثیر اور ابو عمرو شعبہ کے لئے یا اور باقی

https://alislami.net

(ساڑھے چار) کے لئے دونوں میں تا ہے۔

فَلَا تَحۡسَبَنَّهُمۡ میں ابن کثیر۔ ابوعمرو کے لئے فَلَا یَحۡسَبُنَّهُمۡ ہے یا سے اور با کے پیش سے اور باقی (پانچ) کے لئے تا ہے اور با کا زبر ہے۔

وَقُتِلُوۡا میں یہاں اور اَلَّذِیۡنَ قَتَلُوۡا انعام میں دونوں میں ابن کثیر۔ ابن عامر کے لئے وَقُتِّلُوۡا اور اَلَّذِیۡنَ قُتِّلُوۡا ہے تا کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لئے دونوں میں تا کی تخفیف ہے۔

وَقٰتَلُوۡا وَقُتِلُوۡا میں یہاں اور فَیَقۡتُلُوۡنَ وَیُقۡتَلُوۡنَ توبہ میں حمزہ اور کسائی کے لئے وَقُتِلُوۡا وَقٰتَلُوۡا اور فَیُقۡتَلُوۡنَ وَیَقۡتُلُوۡنَ ہے یعنی دونوں جگہ (ترتیب بدل کر) پہلے فعل کو مجہول اور دوسرے کو معروف پڑھتے ہیں اور باقی (پانچ) تبدیلی کے بغیر پہلے فعل کو معروف اور دوسرے کو مجہول پڑھتے ہیں

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چھ ہیں

(۱) وَجۡهِیَ لِلّٰهِ اس میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لئے یا کا زبر ہے (۲) مِنِّیۡ اِنَّکَ (۳) اِجۡعَلۡ لِّیۡۤ اٰیَةً دونوں میں نافع اور ابوعمرو کے لئے زبر ہے (۴) وَاِنِّیۡۤ اُعِیۡذُهَا (۵) مَنۡ اَنۡصَارِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ ان دونوں میں صرف نافع کے لئے زبر ہے (۶) اَنِّیۡۤ اَخۡلُقُ اس میں نافع ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے زبر ہے۔

اور اس سورۃ میں یا آت زوائد دو ہیں

(۱) وَمَنِ اتَّبَعَنِ (میں) اس کو نافع اور ابوعمرو وصلاً (۲) وَخَافُوۡنِ اِنۡ کُنۡتُمۡ اس کو صرف ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں۔

## (۴) سُوۡرَةُ النِّسَآء (مدنی)

اس سورہ میں کل ایک سو چھہتر آیتیں۔ تین ہزار پینتالیس کلمے۔ سولہ ہزار تیس حروف۔ اور چوبیس رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنَال) کے چار حروف ہیں ان حروف میں سے کسی ایک حرف پر آیت پوری ہوگی

تَسَآءَلُوۡنَ میں کوفیین کے لئے سین کی تخفیف ہے (اور باقی چار) کے لئے تَسَّآءَلُوۡنَ ہے سین کی تشدید سے

وَالۡاَرۡحَامَ میں حمزہ کے لئے میم کا زیر اور باقی چھ کے لئے اس کا زبر ہے۔

لَکُمۡ قِیٰمًا میں نافع۔ ابن عامر کے لئے قِیَمًا ہے (یا کے بعد والے) الف کے بغیر اور باقی

https://alislami.net

(پانچ) کے لئے یا کے بعد الف ہے۔

ضِعفًا خفٰوا یعنی پہلے میں خلف بلا خلف خلاد بالخلف امالہ کرتے ہیں دوسرے میں حمزہ امالہ کرتے ہیں۔

وَسَيَصۡلَوۡنَ میں ابن عامر۔ شعبہ کے لئے یا کا پیش اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے یا کا زبر ہے۔

وَاِنۡ كَانَتۡ وَاحِدَةٌ میں نافع کے لئے تا کے دو پیش اور باقی چھ کے لئے تا پر دو زبر ہیں۔

فَلِاُمِّهِ میں دونوں جگہ یہاں اور فِيۤ اُمِّهَا قصص میں اور فِيۤ اُمِّ الۡكِتٰبِ زخرف میں چاروں میں حمزہ اور کسائی کے لئے وصلاً فَلِاِمِّهِ فِيۤ اِمِّهَا اور فِيۤ اِمِّ الۡكِتٰبِ ہے ہمزہ کے زیر سے اور باقی (پانچ) کے لئے وصل وابتدا (واعادہ) دونوں حالتوں میں ہمزہ کا پیش ہے۔ پس اگر اُمّ (خود بھی جمع یعنی اُمَّهٰتُ ہو اور) جمع (كُمۡ) کی طرف مضاف ہو اور اس کے ہمزہ سے پہلے حرف پر زیر ہو جس کے کل الفاظ چار جگہ آئے ہیں (۱) بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِكُمۡ نحل میں اور اسی طرح ۲و۳ زمر و نجم میں (۴) اور (بُيُوۡتِ اُمَّهٰتِكُمۡ) نور میں تو ماقبل سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں اس میں تین قراءتیں ہیں (۱) حمزہ کے لئے بُطُوۡنِ اِمِّهٰتِكُمۡ اور بُيُوۡتِ اِمِّهٰتِكُمۡ ہے ہمزہ اور میم دونوں کے زیر سے (۲) کسائی کے لئے وصل ہی میں بُطُوۡنِ اِمَّهٰتِكُمۡ. بُيُوۡتِ اِمَّهٰتِكُمۡ ہے ہمزہ کے زیر اور میم کے زبر سے (۳) باقی (پانچ) کے لئے دونوں حالتوں میں ہمزہ کا پیش اور میم کا زبر ہے اور اگر ان سب موقعوں میں اُمّ اور اُمَّهٰتُ سے ابتدا (اعادہ) کریں (جو فَلِاُمِّهِ میں تو صحیح نہیں اور باقی چھ میں درست ہے) تو سب کے لئے واحد اُمّ میں ہمزہ کا پیش اور میم کا زیر اور جمع (اُمَّهٰتُ) میں ہمزہ کا پیش اور میم کا زبر ہوگا۔

يُوۡصِىۡ بِهَا میں دونوں جگہ تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابن عامر۔ شعبہ کے لئے دونوں میں يُوۡصٰى بِهَا صاد کے زبر اور اس کے بعد الف سے (۲) حفص کے لئے اول میں يُوۡصِىۡ بِهَا صاد کے زیر اور اس کے بعد یائے ساکنہ سے اور ثانی میں يُوۡصٰى بِهَا ابن کثیر وغیرہ کی طرح (۳) اور باقی (چار) کے لئے دونوں میں يُوۡصِىۡ بِهَا صاد کے زیر (اور اس کے بعد یائے ساکنہ سے)

يُدۡخِلۡهُ میں دونوں جگہ نافع۔ ابن عامر کے لئے نون اور باقی (پانچ) کے لئے یا ہے۔

https://alislami.net

وَالَّذٰنِ میں یہاں اور اِنْ ھٰـذٰنِ طٰهٰ میں اور ھٰذٰنِ حج میں اور ھٰتَیْنِ قصص میں اَرِنَا الَّذَیْنِ فصلت میں پانچوں میں ابن کثیر کے لئے وَالَّذٰنِّ. ھٰذٰنِّ. ھٰتَیْنِّ. اَرِنَا الَّذَیْنِّ ہے یعنی نون پر تشدید اور اس سے پہلے الف اور یا میں مد طول ہے (اور یا میں[1] توسط اور قصر بھی جائز ہے) اور باقی چھ کے لئے پانچوں میں نون کی تخفیف ہے اور اس سے پہلے الف اور یا میں طول اور مد بھی نہیں۔

کَرْھًا میں یہاں اور توبہ میں حمزہ اور کسائی کے لئے کُرْھًا ہے کاف کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لئے دونوں جگہ کاف کا فتحہ ہے۔

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ میں یہاں اور احزاب میں اور طلاق میں ابن کثیر اور شعبہ کے لئے یا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے تینوں میں یا کا کسرہ ہے۔

## پارہ (۵) وَالْمُحْصَنٰتُ

اَلْمُحْصَنٰتُ اور مُحْصَنٰتٍ میں (اَل کے ساتھ ہو یا اَل کے بغیر) کسائی کے لئے ہر جگہ دونوں میں صاد کا کسرہ ہے سوائے اس سورۃ کے پہلے موقع وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ کے (کہ اس میں ان کے لئے بھی صاد کا فتحہ ہے) اور باقی چھ کے لئے سب میں صاد کا فتحہ ہے

وَاُحِلَّ لَکُمْ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لئے ہمزہ کا ضمہ اور حا کا کسرہ اور باقی ساڑھے چار کے لئے وَاَحَلَّ لَکُمْ ہے ہمزہ اور حا دونوں کے فتحہ سے۔

فَاِذَآ اُحْصِنَّ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لئے اَحْصَنَّ ہے ہمزہ اور صاد دونوں کے فتحہ سے اور باقی ساڑھے چار کے لئے ہمزہ کا ضمہ اور صاد کا کسرہ ہے۔

تِجَارَةً میں کوفیین کے لئے تا کے دو زبر ہیں اور باقی چار کے لئے تا کے دو پیش ہیں۔

مُدْخَلًا میں یہاں اور اسی طرح حج میں دونوں میں نافع کے لئے میم کا فتحہ اور باقی چھ کے لئے میم کا ضمہ ہے۔

وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ. وَسْئَلْهُمْ اور فَسْئَلِ الَّذِیْنَ. وَسْئَلِ الْقَرْیَةَ. فَسْئَلُوْا وغیرہ

---

[1] مدلین کی وجہ سے ح قادری

https://alislami.net

میں ہر جگہ جب کہ یہ امر حاضر کا صیغہ ہو اور سین سے پہلے واو یا فا ہو تو اس میں ابن کثیر اور کسائی کے لئے وَسَلُوْا. فَسَلُوْا. وَسَلْهُم. فَسَلِ الَّذِيْنَ ہے ہمزہ کے بغیر یعنی ہمزہ کی حرکت سین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور وقفاً حمزہ بھی اپنے قاعدہ پر ہیں (کہ اُن کے لئے بھی وَسَلُوْا فَسَلُوْا ہے ہمزہ کے بغیر) اور باقی پانچ کے لئے ہمزہ سے ہے نقل کے بغیر۔

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ میں کوفیین کے لئے عین کے بعد والے الف کا حذف ہے اور باقی (چار) کے لئے عٰقَدَتْ ہے عین کے بعد الف سے۔

بِالْبُخْلِ میں یہاں اور حدید میں حمزہ اور کسائی کے لئے بِالْبَخَلِ ہے با اور خا کے فتحہ سے اور باقی پانچ کے لئے با کا ضمہ اور خا کا سکون ہے۔

وَاِنْ تَكُ حَسَنَةٌ میں نافع ابن کثیر کے لئے تا کے دو پیش اور باقی (پانچ) کے لئے تا کے دو زبر ہیں۔

لَوْ تُسَوّٰى میں تین قراتیں ہیں (۱) نافع، ابن عامر کے لئے تَسَّوّٰى تا کے فتحہ اور سین کی تشدید سے (۲) حمزہ اور کسائی کے لئے تَسَوّٰى تا کے فتحہ اور سین کی تخفیف سے (۳) باقی تین کے لئے تا کا ضمہ اور سین کی تخفیف ہے۔

اَوْ لٰمَسْتُمُ میں یہاں اور مائدہ میں حمزہ اور کسائی کے لئے لَمَسْتُمُ ہے لام کے بعد والے الف کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لئے لام کے بعد الف ہے۔

فَتِيْلًا اِنْظُرْ میں یہاں اور اَنِ اقْتُلُوْا اور اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ میں نون اور واو کا کسرہ اور ضمہ بقرہ میں اور اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا کا اختلاف بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ میں ابن عامر کے لئے قَلِيْلًا ہے لام کے دو زبر سے اور جب وقف کرتے ہیں تو الف پر کرتے ہیں یعنی قَلِيْلَا اور باقی چھ کیلئے لام کے دو پیش ہیں اور وقف بھی الف کے بغیر کرتے ہیں۔

كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ میں ابن کثیر اور حفص کے لئے تا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے یا ہے

وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا میں ابن کثیر۔ حمزہ اور کسائی کے لئے یا ہے اور باقی پانچ کے لئے تا ہے اور یہ (اس سورۃ کا) دوسرا يُظْلَمُوْنَ ہے۔ رہا پہلا سو اس میں (سب کے لئے) بلا خلاف یا ہے۔

https://alislami.net

بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ میں ابوعمرو اور حمزہ کے لئے بَيَّتْ طَّآئِفَةٌ ہے یعنی تا کا طا میں ادغام کرتے ہیں اور باقی (پانچ) کے لئے تا کا فتحہ ہے ادغام کے بغیر۔

وَمَنْ اَصْدَقُ. يَصْدِفُوْنَ. يَصْدُرَ. وَتَصْدِيَةً وغیرہ جو بارہ جگہ ہے جب کہ صاد ساکن ہو اور اس کے بعد دال ہو تو حمزہ اور کسائی صاد کا زا کے ساتھ اشمام کرتے ہیں (جس کی کیفیت فاتحہ کے اَلصِّرَاط میں درج ہو چکی ہے) اور باقی (پانچ) کے لئے ان میں خالص صاد ہے۔

فَتَبَيَّنُوْا میں دونوں جگہ یہاں اور حجرات میں تینوں میں حمزہ اور کسائی کے لئے فَتَثَبَّتُوْا ہے ثا اور با اور تا کے ساتھ تَثَبُّتْ سے اور باقی پانچ کے لئے با۔یا۔نون کے ساتھ ہے بیان سے۔

اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا میں نافع۔ابن عامر۔حمزہ کے لئے اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ہے لام کے بعد والے الف کے بغیر اور یہ آخری اَلسَّلٰمَ ہے اور باقی (چار) کے لئے لام کے بعد الف ہے (رہے پہلے دو جو ہیں سو وہ سب کے لئے الف کے بغیر ہیں) یعنی ان دونوں میں اختلاف نہیں ہے

غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ میں نافع۔ابن عامر۔کسائی کے لئے غَيْرَ کی را کا فتحہ اور باقی (چار) قراء کے لئے را کا ضمہ ہے۔

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا میں ابوعمرو وحمزہ کے لئے یا اور باقی (پانچ) کے لئے نون ہے۔

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ میں یہاں اور مریم وغافر میں جو اس سورۃ کا پہلا يَدْخُلُوْنَ ہے تینوں میں ابن کثیر۔ابوعمرو۔شعبہ کے لئے اور غافر کے دوسرے سَيَدْخُلُوْنَ میں ابن کثیر اور شعبہ کے لئے اور يَدْخُلُوْنَهَا فاطر میں صرف ابوعمرو کے لئے يُدْخَلُوْنَ ہے یا کے ضمہ اور خا کے فتحہ سے اور باقی ساڑھے چار قراء کے لئے پانچوں میں یا کا فتحہ اور خا کا ضمہ ہے (پس ابن کثیر اور شعبہ کے لئے فاطر میں يَدْخُلُوْنَهَا اور باقی چار میں يُدْخَلُوْنَ ہے اور ابوعمرو کے لئے غافر کے دوسرے میں سَيَدْخُلُوْنَ اور باقی چار میں يُدْخَلُوْنَ ہے اور باقی ساڑھے چار کے لئے پانچوں میں يَدْخُلُوْنَ ہے)

اَنْ يُّصْلِحَا میں کوفیین کے لئے یا کا ضمہ اور صاد کا سکون اور لام کا کسرہ ہے اور باقی (چار) کے لئے اَنْ يَّصَّالَحَا ہے یا اور لام کے فتحہ اور صاد کے فتحہ اور تشدید اور اس کے بعد الف کے اثبات سے۔

وَاِنْ تَلْوٗا میں ابن عامر اور حمزہ کے لئے وَاِنْ تَلُوْا ہے لام کے ضمہ اور واو کے سکون سے

https://alislami.net

اور باقی (پانچ) کے لئے لام کا سکون اور اس کے بعد دو واؤ ہیں ان میں سے پہلے کا ضمہ اور دوسرے کا سکون ہے۔

اَلَّذِیْ نَزَّلَ اور اَلَّذِیْٓ اَنْزَلَ میں نافع اور کوفیین کے لئے نون اور ہمزہ اور زا کا فتحہ ہے اور با

قی (تین) کے لئے نُزِّلَ۔ اُنْزِلَ ہے نون اور ہمزہ کے ضمہ اور زا کے کسرہ سے۔

اور وَقَدْ نَزَّلَ میں عاصم کے لئے نون اور زا کا فتحہ اور باقی چھ کے لئے نون کا ضمہ اور زا کا کسرہ ہے (پس عاصم کے لئے تینوں میں نَزَّلَ۔ اَنْزَلَ ہے اور نافع۔ حمزہ اور کسائی کے لئے نمبر ایک و نمبر دو میں نَزَّلَ۔ اَنْزَلَ اور نمبر تین میں نُزِّلَ ہے ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لئے تینوں میں نُزِّلَ اُنْزِلَ ہے)

فِي الدَّرْكِ میں کوفیین کے لئے را کا سکون ہے اور باقی (چار) کے لئے فِي الدَّرَكِ ہے را کے فتحہ سے

## پارہ (۶) لَا يُحِبُّ اللّٰهُ

سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ میں حفص کے لئے یا ہے اور باقی ساڑھے چھ کے لئے نُؤْتِيهِمْ نون ہے

لَا تَعْدُوْا میں چار قراءتیں ہیں (۱) ورش کے لئے لَا تَعَدُّوْا عین کے فتحہ اور دال کی تشدید سے (۲) قالون کے لئے عین کا فتحہ کا اختلاس (یعنی دو تہائی فتحہ) اور دال پر تشدید۔ (۳) قالون ہی کیلئے لَا تَعْدُّوا عین کے سکون اور دال کی تشدید سے اور نص عین کے سکون اور دال کی تشدید) ہی کے ساتھ آئی ہے۔ (۴) باقی چھ کے لئے عین کا سکون اور دال کی تخفیف ہے۔

سَنُؤْتِيهِمْ اَجْرًا میں حمزہ کے لئے یا اور باقی چھ کے لئے نون ہے۔

زَبُوْرًا میں یہاں اور اسراء میں اور فِي الزَّبُوْرِ انبیاء میں حمزہ کے لئے زُبُوْرًا اور فِي الزُّبُوْرِ ہے زا کے ضمہ سے اور باقی چھ کے لئے تینوں میں زا کا فتحہ ہے

اس سورۃ میں اختلافی یا آت میں سے ایک یا بھی نہیں ہے۔

## (۵) سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ (مدنی)

اس سورہ میں کل ایک سو بیس آیتیں۔ دو ہزار آٹھ سو چار کلمے بارہ ہزار چار سو چونسٹھ حروف۔

سولہ رکوع ہیں اسکے فواصل (لم ندبر) کے چھ حرفوں میں سے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

https://alislami.net

شَنَاٰنُ قَوْمٍ میں دونوں جگہ ابن عامر اور شعبہ کے لئے شَنْاٰنُ ہے نون کے سکون سے اور باقی ساڑھے (پانچ) کے لئے دونوں میں نون کا فتحہ ہے۔

اَنْ صَدُّوْكُمْ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لئے فتحہ ہے۔

وَالْمُحْصَنٰتُ اور اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ سورۂ نساء میں بیان ہو چکے ہیں۔

وَاَرْجُلَكُمْ میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص۔ کسائی کے لئے لام کا فتحہ ہے اور باقی ساڑھے تین کے لئے لام کا کسرہ ہے۔

قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً میں حمزہ اور کسائی کے لئے قَسِيَّةً ہے الف کے حذف اور یا کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لئے قاف کے بعد الف اور یا کی تخفیف ہے

رُسُلُنَا (بقرہ) میں بیان ہو چکا ہے۔

لِلسُّحْتِ میں تینوں جگہ (جن میں سے ایک یہاں ہے) ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ کسائی کے لئے لِلسُّحُتِ اور اَلسُّحُتَ ہے حا کے ضمہ سے اور باقی چار کے لئے تینوں میں حا کا سکون ہے۔

وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ سے وَالْجُرُوْحَ تک کے پانچ کلمات (وَالْعَيْنَ وَالْاَنْفَ وَالْاُذُنَ وَالْجُرُوْحَ) میں کسائی کے لئے وَالْعَيْنُ. وَالْاَنْفُ. وَالْاُذُنُ. وَالسِّنُّ وَالْجُرُوْحُ ہے نون اور فا اور حا کے ضمہ سے اور ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لئے صرف وَالْجُرُوْحُ میں حا کا ضمہ (اور باقی چار میں فتحہ ہے) اور باقی تین کے لئے پانچوں میں نون۔ فا۔ حا کا فتحہ ہے۔

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ اور فِيْ اُذُنَيْهِ میں ہر جگہ نافع کے لئے وَالْاُذْنَ بِالْاُذْنِ اور فِيْ اُذْنَيْهِ ہے ذال کے سکون سے اور باقی چھ کے لئے ذال کا ضمہ ہے۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ میں حمزہ کے لئے وَلِيَحْكُمَ ہے لام کے کسرہ اور میم کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لئے لام اور میم دونوں کا سکون ہے اور ورش اپنے قاعدہ کے موافق اھل کے ہمزہ کی حرکت میم کو دیتے ہیں (اور ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں جس سے وَلْيَحْكُمَ هْلُ الِانْجِيْلِ ہو جاتا ہے یعنی نقل ہے

يَبْغُوْنَ میں ابن عامر کے لئے تا اور باقی چھ کے لئے یا ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع۔ ابن کثیر اور ابن عامر کے لئے

https://alislami.net

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ يَا سے پہلے واو کے حذف اورلام کے ضمہ سے (۲) ابوعمرو کے لئے وَيَقُوْلَ الَّذِيْنَ ہے واو سے اورلام کے فتحہ سے (۳) باقی تین (کوفیین) کے لئے یا سے پہلے واو اورلام کا ضمہ ہے۔

مَنْ يَّرْتَدَّ میں نافع۔ابن عامر کے لئے مَنْ يَّرْتَدِدْ ہے دو دالوں سے جن سے پہلی پر کسرہ اور دوسری کا سکون ہے اور باقی پانچ کے لئے ایک دال ہے جس پر تشدید اور فتحہ ہے۔

وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ میں ابوعمرواور کسائی کے لئے را کا کسرہ ہے (اور اس سے پہلے الف میں ابو عمرواور دوری علی کے لئے ان کے قاعدہ کے موافق امالہ بھی ہے) اور باقی پانچ کے لئے را پر فتحہ ہے۔

وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ میں حمزہ کے لئے وَعَبُدَ الطَّاغُوْتِ ہے با کے ضمہ اور تا کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لئے با اور تا دونوں کا فتحہ ہے۔

فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ میں نافع۔ابن عامر۔شعبہ کے لئے رِسٰلٰتِهٖ ہے لام کے بعد الف اور تا کے کسرہ سے جمع ہونے کے بنا پر (اور ہا کا بھی کسرہ اور اس کا یا کے ساتھ صلہ ہے) اور باقی ساڑھے چار کے لئے رِسٰلَتَهٗ ہے لام کے بعد والے الف کے حذف اور تا کے فتحہ سے واحد ہونے کی بنا پر۔

اَلَّا تَكُوْنُ میں ابوعمرواور حمزہ وکسائی کے لئے نون کا ضمہ اور باقی چار کے لئے نون کا فتحہ ہے۔

## پارہ (۷) وَاِذَا سَمِعُوْا

بِمَا عَقَدْتُّمُ الْاَيْمَانَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن ذکوان کے لئے عٰقَدْتُّمْ عین کے بعد الف اور قاف کی تخفیف سے (۲) شعبہ حمزہ اور کسائی کے لئے عَقَدْتُّمُ الْاَيْمَانَ الف کے حذف اور قاف کی تخفیف سے (۳) باقی چار نافع۔ابن کثیر۔ابوعمرو۔ہشام۔حفص) کے لئے عَقَّدْتُّمْ ہے الف کے حذف اور قاف کی تشدید سے۔

فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا میں کوفیین کے لئے ہمزہ پر تنوین دو پیش) اور مِثْلُ کے لام کا ضمہ ہے اور باقی چار کے لئے فَجَزَآءُ مِثْلِ مَا ہے یعنی ہمزہ پر ایک پیش اور لام کا کسرہ ہے۔

اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ میں نافع اور ابن عامر کے لئے اَوْ كَفَّارَةُ طَعَامِ ہے اضافت کے سبب تنوین کے حذف اور میم کے کسرہ سے اور باقی پانچ کے لئے تا پر تنوین اور طعام کے میم کا ضمہ اور مَسٰكِيْنَ

https://alislami.net

یہاں سب کے لئے بلا خلاف جمع کے صیغہ سے ہے۔

قِيَمًا لِلنَّاسِ میں ابن عامر کے لئے قِيَمًا لِلنَّاسِ ہے یا کے بعد والے الف کے حذف سے اور باقی چھ کے لئے یا کے بعد الف ہے۔

مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ میں حفص کیلئے تا اور حا دونوں کا فتحہ ہے اور جب اس کلمہ سے ابتدا (اعادہ) کرتے ہیں تو ہمزہ کا کسرہ (اِسْتَحَقَّ) پڑھتے ہیں اور باقی ساڑھے چھ کے لئے مِنَ الَّذِيْنَ اسْتُحِقَّ ہے تا کے ضمہ اور حا کے کسرہ سے اور جب اس سے ابتدا (اعادہ) کرتے ہیں تو ہمزہ کا ضمہ اُسْتُحِقَّ پڑھتے ہیں۔

عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ میں شعبہ اور حمزہ کے لئے عَلَيْهِمُ الْاَوَّلِيْنَ ہے جمع کے صیغہ سے اور باقی ساڑھے پانچ کے لئے اَلْاَوْلَيٰنِ ہے تثنیہ کے صیغہ سے۔

اَلْغُيُوْبِ میں ہر جگہ شعبہ اور حمزہ کے لئے اَلْغِيُوْبِ غین کے کسرہ سے اور باقی ساڑھے پانچ کے لئے غین کا ضمہ ہے۔

اَلْقُدُسِ بقرہ میں اور طَيْرًا آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

اِلَّا سِحْرٌ میں یہاں اور ہود اور صف میں تینوں میں حمزہ اور کسائی کے لئے اِلَّا سٰحِرٌ ہے سین کے بعد الف اور حا کے کسرہ سے اور باقی پانچ کے لئے سین کا کسرہ اور حا کا سکون ہے الف کے بغیر۔

هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ میں کسائی کے لئے هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ ہے یعنی یا کے بجائے تا ہے اور هَلْ کے لام کا اس میں ادغام ہے اور رَبَّكَ کی با کا فتحہ ہے اور باقی چھ کے لئے یا ہے اور با کا ضمہ ہے۔

اِنِّیْ مُنَزِّلُهَا میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لئے نون کا فتحہ اور زا پر تشدید ہے اور باقی چار کے لئے مُنْزِلُهَا ہے نون کے سکون اور زا کی تخفیف سے۔

هٰذَا يَوْمُ میں نافع کے لئے میم کا فتحہ اور باقی چھ کے لئے میم کا ضمہ ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چھ ہیں

(۱) يَدِیَ اِلَيْكَ اس میں نافع۔ ابو عمرو۔ حفص کے لئے فتحہ ہے۔ (۲) اِنِّیْ اَخَافُ (۳) لِیْ اَنْ اَقُوْلَ ان دونوں میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابو عمرو کے لئے فتحہ ہے (۴) اِنِّیْ اُرِيْدُ (۵) فَاِنِّیْ اُعَذِّبُهٗ ان دونوں میں نافع کے لئے فتحہ ہے (۶) وَاُمِّیَ اِلٰهَيْنِ نافع۔ ابو عمرو۔ ابن عامر۔ حفص کے لئے فتحہ ہے۔

https://alislami.net

اور اس میں یائے زائدہ ایک ہے

وَاخشَوْنِی (میں) اس کو ابو عمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں۔

## (۶) سُوْرَۃُ الْاَنعَام (مکی)

اس سورہ میں کل ایک سو پینسٹھ آیتیں۔ تین ہزار ایک سو کلمے۔ بارہ ہزار نو سو پینتیس حروف بیس رکوع ہیں اسکے فواصل (لَمُنظِرُ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں

مَنْ یُصْرَفْ عَنْہُ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لئے مَنْ یَصْرِفْ ہے یا کے فتحہ اور را کے کسرہ سے اور باقی ساڑھے چار کے لئے یا کا ضمہ اور را کا فتحہ ہے۔

ثُمَّ لَمْ تَکُنْ میں حمزہ اور کسائی کے لئے یا اور باقی پانچ کے لئے تا ہے۔

فِتْنَتُھُمْ میں ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کے لئے تا کا ضمہ اور باقی ساڑھے چار کے لئے تا کا فتحہ ہے (اور ان دونوں کو ملانے سے تین قراءتیں ہو جاتی ہیں (۱) نافع۔ ابو عمرو۔ شعبہ کے لئے لَمْ تَکُنْ فِتْنَتَھُمْ۔ (۲) ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کیلئے لَمْ تَکُنْ فِتْنَتُھُمْ اور حمزہ اور کسائی کیلئے لَمْ یَکُنْ فِتْنَتَھُمْ

وَاللّٰہِ رَبِّنَا میں حمزہ اور کسائی کے لئے با کا فتحہ اور باقی پانچ کے لئے با کا کسرہ ہے۔

وَلَا نُکَذِّبَ وَنَکُوْنَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص وحمزہ کے لئے با اور نون دونوں کا فتحہ (۲) ابن عامر کے لیے وَلَا نُکَذِّبُ وَنَکُوْنَ (نُکَذِّبُ میں با کے ضمہ اور وَ نَکُوْنَ میں نون کے فتحہ سے) (۳) باقی ساڑھے چار کے لیے وَلَا نُکَذِّبُ وَنَکُوْنُ دونوں میں با اور نون کے ضمہ سے۔

وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَۃُ میں ابن عامر کے لیے وَلَدَارُ الْاٰخِرَۃِ ہے واو کے بعد ایک لام اور تا کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لیے دو لام ہیں (جن میں سے دوسرے کا دال میں ادغام ہے) اور تا کا ضمہ ہے۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں یہاں اور اعراف میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے تا اور باقی ساڑھے چار کے لیے دونوں میں یا ہے۔

لَا یُکَذِّبُوْنَکَ میں نافع اور کسائی کے لیے لَا یُکْذِبُوْنَکَ ہے کاف کے سکون اور ذال کی تخفیف سے۔ اور باقی (پانچ) کے لئے کاف کا فتحہ اور ذال پر تشدید ہے۔

https://alislami.net

اَرَءَ يْتَكُمْ اور اَرَءَ يْتُمْ ۔ اَرَءَ يْتَ اور اَفَرَءَيْتَ اور اَفَرَءَ يْتُمْ وغیرہ میں جب ان میں را سے پہلے ہمزہ ہو یعنی رَءَ يْتَ ۔ رَءَ يْتُمْ نہ ہو۔ نافع کے لیے چاروں میں را کے بعد والے ہمزہ کی تسہیل ہے (اور ورش کے لیے ہمزہ کا الف سے ابدال اور اس میں مد بھی ہے یعنی ( اَرَآيْتُمْ )اَفَرَآيْتُمْ اور کسائی کے لیے اَرَيْتَكُمْ ۔ اَرَيْتُمْ ہے ہمزہ کے حذف سے اور حمزہ چاروں میں صرف وقفاً نافع کی طرح ہیں اور باقی پانچ کے لیے ہمزہ کی تحقیق ہے۔

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ میں یہاں اور اعراف اور قمر میں اور فُتِحَتْ انبیاء میں چاروں میں ابن عامر کے لیے فَتَّحْنَا ۔ فُتِّحَتْ ہے تا کی تشدید سے اور باقی چھ کے لیے چاروں میں تا کی تخفیف ہے۔

بِالْغَدٰوةِ میں یہاں اور سورۂ کھف میں دونوں میں ابن عامر کے لیے بِالْغُدْوَةِ ہے غین کے ضمہ دال کے سکون اس کے بعد فتحہ والے واو سے الف کے بغیر اور باقی چھ کیلئے غین کا فتحہ اور دال کے بعد الف ہے واو کے بغیر (یعنی ان کے لیے واو صرف لکھنے میں آتا ہے پڑھا نہیں جاتا) غیر قیاسی اثبات کی صورت

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ اور فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر عاصم کے لیے اَنَّهٗ فَاَنَّهٗ دونوں میں ہمزہ کے فتحہ سے (۲) نافع کے لیے اَنَّهٗ ۔ فَاِنَّهٗ اول میں ہمزہ کے فتحہ اور ثانی میں کسرہ سے (۳) باقی چار کے لیے دونوں میں اِنَّهٗ ۔ فَاِنَّهٗ دونوں میں ہمزہ کا کسرہ۔

وَلِتَسْتَبِيْنَ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی ساڑھے چار کے لیے تا ہے

سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ میں نافع کے لئے لام کا فتحہ اور باقی چھ کے لیے لام کا ضمہ ہے

يَقُصُّ الْحَقَّ میں نافع و ابن کثیر اور عاصم کے لیے قاف کا ضمہ اور اس کے بعد صاد اور اس پر تشدید اور ضمہ ہے اور باقی چار کے لیے يَقْضِ الْحَقَّ ہے قاف کے سکون اور اس کے بعد ضاد اور اس کے کسرہ سے تشدید کے بغیر اور رسم الخط کی پیروی کے سبب وقف سب کے لیے اس میں اور اس کے ہم شکل الفاظ میں یا کے بغیر ہوگا (پس یہاں وقف ضاد پر ہوگا یعنی يَقْضِ )

تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا میں اور اِسْتَهْوَتْهُ دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے تَوَفّٰهُ اِسْتَهْوٰيهُ ہے فا اور واو کے بعد الف سے تا کے بغیر اور اس الف میں امالہ بھی ہے اور باقی پانچ کے لیے دونوں میں ( فا اور واو کے بعد ) تائے ساکنہ ہے۔

https://alislami.net

وَخُفْيَةً میں یہاں اور اعراف میں شعبہ کے لیے خا کا کسرہ اور باقی ساڑھے چھ کے لیے خا کا ضمہ ہے۔

لَئِنْ اَنْجٰنَا میں کوفیین کے لیے جیم کے بعد الف ہے اور یا تا کے بغیر اور باقی چار کے لیے لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا ہے (جیم کے بعد) (یائے ساکنہ) اور (فتحہ والی) تا ہے اور ان دونوں کے درمیان الف نہیں ہے۔

## نوٹ۔ مصحف کوفہ میں دوشوشے ہیں باقی میں تین شوشے

قُلِ اللّٰہُ یُنَجِّیْکُمْ میں ہشام اور کوفیین کے لیے نون کا فتحہ اور جیم پر تشدید ہے اور باقی ساڑھے تین کے لیے یُنْجِیْکُمْ ہے نون کے سکون اور جیم کی تخفیف سے (اور نون میں اخفا بھی کرتے ہیں)

وَاِمَّا یُنْسِیَنَّکَ میں ابن عامر کے لیے یُنَسِّیَنَّکَ ہے نون کے فتحہ اور سین کی تشدید سے اور باقی چھ کے لیے نون کا سکون اور (اس میں اخفا اور) سین کی تخفیف ہے۔

رَاٰ کَوْکَبًا. رَاٰاَیْدِیَھُمْ. رَاٰہُ. فَرَاٰہُ اور اسی طرح وہ رَاٰ جو تلفظ میں ان کے ہم مثل ہو اور یا (سے بدلے ہوئے الف) کے بعد ساکن منفصل نہ ہو (بلکہ حرکت والا حرف ہو اسم ظاہر میں ہو جو سات جگہ آیا ہے اس صورت میں اور سورۂ ھود میں سورۂ یوسف سورۂ طٰہٰ اور دو جگہ سورۂ نجم میں خواہ ضمیر میں ہو جو نو جگہ آیا ہے) اس میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابن ذکوان۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لئے را اور ہمزہ دونوں کا امالۂ محضہ لیکن نقاش اخفش سے (اور وہ ابن ذکوان سے) نقل کرتے ہوئے اس رَاٰ کو (امالہ سے) مستثنیٰ کرتے ہیں جس کے بعد ضمیر ہو (جو تین کلمات میں نو جگہ آیا ہے (۱) رَاٰکَ سورۂ انبیاء ۲ و ۳ رَاٰھَا نمل وقصص ۴ تا ۹ رَاٰہُ نمل و فاطر و صٓفّٰت و نجم و تکویر و علق) پس اس میں را اور ہمزہ دونوں کا فتحہ پڑھتے ہیں اور علامہ دانی نے فارسی سے اور انہوں نے نقاش سے دونوں کا فتحہ ہی پڑھا ہے اور مجھے ابوالفتح نے بھی فتحہ ہی پڑھایا ہے جس کو انہوں نے عبدالباقی سے اور انہوں نے اپنے شیوخ سے اور ان حضرات نے نقاش سے اور انہوں نے اخفش سے پڑھا ہے (یہ وہ ہے جو تیسیر کے موجودہ مطبوعہ اور قلمی نسخہ میں ہے جس سے یہ نکلتا ہے کہ رَاٰکَ. رَاٰھَا. رَاٰہُ میں نو کی نو جگہ ابن ذکوان کے لیے نقاش سے دونوں حرفوں کا صرف فتحہ ہے پس امالہ زیادات میں سے ہوگا اور علی قاریؒ نے بھی یہی بیان کیا ہے کہ ضمیر والے رَاٰ میں نقاس نے اخفش سے دونوں حرفوں کا فتحہ اور ابن اخرم نے دونوں کا امالہ روایت کیا ہے اور یہی مطلب صاف اور بے غبار ہے جس سے پوری عبارت کا مفہوم درست ہو جاتا ہے لیکن نشر

https://alislami.net

واتحاف میں اس کا عکس درج ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ تیسیر میں نقاش سے دونوں حرفوں کا صرف امالہ ہے اور دونوں کا فتحہ ابن اخرم سے ہے اور ارشاد المرید میں علی ضباع بھی یہی کہتے ہیں کہ اس قسم میں فتحہ زیادات میں سے ہے۔ خیال یہ ہے کہ یہ اختلاف تیسیر کے نسخوں کے مختلف ہونے کی بناپر ظہور میں آیا ہے اور علی قاریؒ کو بھی وہی نسخہ ملا ہوگا جو اس وقت ہمارے ہاتھوں میں ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نقاش سے فتحہ ہے پس امالہ زیادات میں سے ہوگا۔ اور جو نسخے صاحب نشر اور اتحاف کے مطالعہ میں آئے ہوں گے ان میں وَاستثنی النَّقَّاشُ عَنِ الْاَ خفش کے بجائے وَاستثنی ابْنُ الْاَ خرَمِ عَنِ الْاَ خفَش ہوگا اور غالباً یہی صحیح بھی ہے کیونکہ صاحب نشر روایات کی پوری چھان بین کرتے ہیں پس اگر روایت اس کے خلاف ہوتی تو اس پر ضرور تنبیہ فرماتے ) (۲) ابو عمرو کے لیے صرف ہمزہ میں امالہؔ (محضہ اور را میں فتحہ ) اور ابو شعیب سوسی سے حمزہ کی طرح را اور ہمزہ دونوں کا امالہ بھی منقول ہے (لیکن یہ صحیح نہیں ) (۳) ورش کے لیے دونوں قسموں میں ) سب جگہ را اور ہمزہ دونوں کا املہؔ صغریٰ (اور قاعدہ کے موافق بدل کی تینوں وجوہ بھی ہوں گی اور چوں کہ رَا میں ان کے لیے فتحہ قطعاً نہیں ہے اس لیے اس میں فَتَلَقّٰی ا دَمُ کی طرح امالہ کے ساتھ توسط وطول اور فتحہ کے ساتھ قصر وطول چار وجوہ نہ ہوں گی بلکہ تین ہونگی اور سب امالہ کے ساتھ ہوں گی۔ (۴) اور باقی قراء قالون۔ ابن کثیر۔ ہشام حفص ) کے لیے سب جگہ را اور ہمزہ دونوں کا فتح ہے۔

اور اگر رَا میں یا سے بدے ہوئے الف کے بعد ساکن منفصل آجائے جو وقف کرنے کی صورت میں رَا سے جدا ہو جاتا ہو جیسے رَاَ الْقَمَر اور رَاَ الشَّمْس وغیرہ (جو چھ جگہ آیا ہے (اوا) یہاں (۳و۴) نحل میں (۵) کہف میں (۶) احزاب میں ) تو اس میں دو قراءتیں ہیں (۱) شعبہ اور حمزہ کے لیے صرف را کا امالہ (محضہ اور ہمزہ کا فتحہ ) (۲) باقی ساڑھے پانچ کے لیے را اور ہمزہ دونوں کا فتحہ اور اس کا یہ حکم وصل کی حالت میں ہے پس اگر رَا پر وقف کردینے کے سبب ساکن سے جدا ہو جائے تو اس میں بھی اختلاف اسی طرح ہوگا جس طرح ابھی رَا کَوْکَبًا میں بیان ہو چکا ہے (یعنی وقفاً اس رَا میں بھی وہی چار قراءتیں ہونگی جو اوپر گزریں اور ابن ذکوان کے لیے بھی دونوں حرفوں میں صرف امالہ ہوگا ضمیر والے رَا کی طرح دو وجوہ نہ ہوں گی ) اور خلف نے یحییٰ سے اور انہوں نے شعبہ سے اور اکثر حضرات نے سوسی سے پہلے (رَا) کی طرح اس (ساکن منفصل والے رَا) میں بھی را اور ہمزہ دونوں کے فتحہ کا امالہ نقل کیا ہے۔ ابو عمرو دانیؒ کہتے ہیں کہ میں نے شعبہ اور

https://alislami.net

سوسی دونوں کی روایت میں اس قسم میں دونوں کا امالہ بھی پڑھا ہے اور ابوحمدون اور ابوعبدالرحمن نے یزیدی سے پہلے رَا کی طرح اس قسم میں بھی صرف ہمزہ کے فتحہ کا امالہ روایت کیا ہے اور یہ سب روایتیں صحیح اور قابل عمل ہیں (نتیجہ یہ کہ جس رَا کے بعد متحرک حرف ہو ظاہر ہو خواہ ضمیر جیسے رَا کَوْ کَبًا. رَاٰہُ اس میں سوسی کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) را کا فتحہ ہمزہ کا امالہ اور یہی صحیح ہے (۲) دونوں کا امالہ یہ طرق کے خلاف ہے اور ساکن منفصل والے رَا میں سوسی سے چار وجوہ ہیں (۱) را اور ہمزہ دونوں کا فتحہ اور یہی صحیح ہے (۲) دونوں کا امالہ (۳) را کا فتحہ ہمزہ کا امالہ (۴) نمبر تین کا عکس یہ تینوں روایتیں طرق کے خلاف ہیں گو فی نفسہ صحیح ہوں پس تیسیر کے طرق سے صرف پہلی وجہ پڑھی جائے گی اور شعبہ کے لیے ساکن منفصل والے رَا میں دو وجوہ ہیں (۱) را کا امالہ ہمزہ کا فتحہ اور یہی صحیح ہے (۲) دونوں کا امالہ یہ طرق کے خلاف ہے۔

## فائدۃ۔ رَا کی قسموں اور ان کی صحیح وجوہ میں

رَا کے بعد والا حرف یا تو متحرک ہوتا ہے یا ساکن اور متحرک اسم ظاہر میں بھی ہوتا ہے اور ضمیر میں بھی اور ساکن منفصل بھی ہوتا ہے جو وقف اً رَا سے جدا ہو جاتا ہے جیسے رَاَ الْقَمَرَ سے رَاٰ اور متصل و لازم بھی ہوتا ہے جو کسی وقت بھی جدا نہیں ہوتا جیسے رَاَوْا. رَاَیْــــت پس اس کی کل چار قسمیں ہو گئیں (۱) وہ رَا جس کے بعد متحرک ہو اور اسم ظاہر ہو اور یہ سات جگہ آیا ہے (۲) وہ رَا جس کے بعد متحرک ہو لیکن ضمیر ہو یہ تین کلموں میں ہے جو نو جگہ آئے ہیں ان دونوں قسموں میں وہی چار قراء تیں ہیں جو اوپر لکھی گئیں لیکن دوسری قسم کے نو کلمات میں ابن ذکوان کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) را اور ہمزہ دونوں کا امالہ (۲) دونوں کا فتحہ اور پہلی قسم میں ان کے لیے دونوں حرفوں کا صرف امالہ ہے (۳) وہ رَا جس کے بعد ساکن منفصل ہو جو چھ جگہ آیا ہے اس میں صرف شعبہ اور حمزہ کے لیے فقط را کا امالہ ہے (۴) وہ رَا جس کے بعد ساکن لازم ہو اس میں سب کے لیے وقف وصل دونوں حالتوں میں دونوں حرفوں کا فتح ہے۔

اَتُحَآجُّوْنِّیْ میں نافع۔ ابن ذکوان کے لیے اَتُحَآجُّوْنِیْ ہے نون کی تخفیف سے اور ہشام کے لیے تخفیف و تشدید دونوں ہیں اور باقی (پانچ) قراء کے لیے صرف تشدید ہے۔

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ میں یہاں اور یوسف میں دونوں میں کوفیین کے لیے تا پر تنوین دوزیر ہیں

https://alislami.net

اور باقی چار کے لیے دونوں میں دَرَجٰتٍ مَنْ نَشَآءُ ہے تنوین کے بغیر تا کے ایک زیر ہے۔

وَالْیَسَعَ میں یہاں اور صٓ میں دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَالْلَّیْسَعَ ہے دو لاموں سے جن میں سے دوسرے پر تشدید اور فتحہ اور یا کا سکون ہے اور باقی پانچ قراء کے لیے دونوں میں ایک لام اور اس کا سکون اور یا پر فتحہ ہے۔

فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ میں چار قراء تیں ہیں (۱) ابن ذکوان کے لیے فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهٖ یعنی ھا کا کسرہ اور اس کا یا کے ساتھ صلہ ہے (۲) ہشام کے لیے فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهِ صلہ کے بغیر (ھا کے پڑے زیر) سے (۳) حمزہ اور کسائی کے لیے وصلاً فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِ۔ ھا کے حذف سے اور وقفاً ھا کو ساکن کر کے ثابت رکھتے ہیں۔ (۴) باقی چار قراء دونوں حالتوں میں ہا کو ساکن کر کے ثابت رکھتے ہیں۔

تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَ تُخْفُوْنَ تینوں میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے یا اور باقی پانچ کے لیے تینوں میں تا ہے

وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی میں شعبہ کے لیے یا اور باقی ساڑھے چھ قراء کے لیے تا ہے۔

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ میں نافع۔ حفص۔ کسائی کے لیے نون کا فتحہ ہے اور باقی ساڑھے چار کے لیے نون کا ضمہ ہے۔

اَلْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ اور الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ (میں یا کی تشدید تخفیف کا اختلاف) ال عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

وَجَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا میں کوفیین کے لیے جَعَلَ فَعَلَ کے وزن پر ہے اور الَّیْلَ میں لام کا فتحہ ہے اور باقی چار کے لیے وَجَاعِلُ الَّیْلِ ہے یعنی جٰعِلُ. فَاعِلُ کے وزن پر ہے اور الَّیْلِ میں دوسرے لام کا کسرہ ہے۔

فَمُسْتَقَرٌّ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے قاف کا کسرہ اور باقی پانچ کے لیے قاف کا فتحہ ہے۔

اِلٰی ثَمَرِهٖ. مِنْ ثَمَرِهٖ دونوں جگہ یہاں اور مِنْ ثَمَرِهٖ سورۂ یٰسٓ میں یعنی تینوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے ثُمُرِهٖ ہے ثا اور میم دونوں کے ضمہ سے اور باقی پانچ کے لیے تینوں میں ثا اور میم کا فتحہ ہے۔

وَخَرَقُوْا۔ میں نافع کیلئے وَخَرَّقُوْا ہے را کی تشدید سے اور باقی چھ کیلئے را کی تخفیف ہے

https://alislami.net

دَرَسْتَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابوعمرو کیلئے دَارَسْتَ دال کے بعد الف اور سین کے سکون اور تا کے فتحہ سے (۲) ابن عامر کیلئے دَارَسَتْ الف کے حذف و سین کے فتحہ اور تا کے سکون سے (۳) باقی چار قراء کے لیے دَرَسْتَ الف کے حذف سین کے سکون اور تا کے فتحہ سے۔

اِنَّھَآ اِذَا جَآءَتْ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے اور شعبہ کے لیے اِنَّ کا کسرہ اور فتحہ دونوں وجوہ ہیں اور باقی ساڑھے چار قراء کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

لَا یُؤْمِنُوْنَ میں ابن عامر اور حمزہ کے لیے تا اور باقی پانچ قراء کے لیے یا ہے۔

## پارہ (۸) وَلَوْ اَنَّنَا

کُلَّ شَیْءٍ قُبُلًا میں نافع۔ ابن عامر کے لیے قِبَلًا ہے قاف کے کسرہ اور با کے فتحہ سے اور باقی پانچ کے لیے قاف اور با دونوں کا ضمہ ہے۔

اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ میں ابن عامر اور حفص کے لیے نون کا فتحہ اور زا پر تشدید ہے اور باقی ساڑھے پانچ کے لیے مُنْزَلٌ ہے نون کے سکون (اور اخفا) اور زا کی تخفیف سے

کَلِمَتُ رَبِّکَ میں کوفین کے لیے واحد کا صیغہ ہے میم کے بعد والے الف کے بغیر اور باقی چار کے لیے کَلِمٰتُ ہے جمع کے صیغہ سے میم کے بعد الف کے ساتھ۔

لَیَضِلُّوْنَ میں یہاں اور لِیُضِلُّوْا یونس میں دونوں جگہ کوفیین کے لیے یا کا ضمہ اور باقی چار کے لیے دونوں میں یا کا فتحہ ہے۔

وَقَدْ فَصَّلَ لَکُمْ میں نافع اور کوفیین کے لیے فا اور صاد دونوں کا فتحہ ہے اور باقی تین کے لیے فُصِّلَ ہے فا کے ضمہ اور صاد کے کسرہ سے۔

مَا حَرَّمَ میں نافع اور حفص کے لیے حا اور را دونوں کا فتحہ ہے اور باقی ساڑھے پانچ کے لیے حُرِّمَ ہے حا کے ضمہ اور را کے کسرہ سے (پس ان دونوں میں تین قراءتیں ہوگئیں (۱) نافع اور حفص کے لیے فَصَّلَ لَکُمْ مَا حَرَّمَ (۲) شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے فَصَّلَ لَکُمْ مَّا حُرِّمَ (۳) مکی۔ بصری۔ شامی کے لیے فُصِّلَ لَکُمْ مَّا حُرِّمَ۔

https://alislami.net

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا میں یہاں اورالْاَرْضُ الْمَيْتَةُ يٰسٓ میں اور لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا حجرات میں تینوں میں نافع کے لیے مَيِّتًا اور الْمَيِّتَةُ ہے یا کی تشدید سے اور باقی چھ کے لیے تینوں میں یا کا سکون اور تخفیف ہے۔

يَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ میں ابن کثیر اور حفص کے لیے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر لام کے بعد والے الف کا حذف اور تا کا فتحہ اور ھا کا الٹا پیش ہے اور باقی ساڑھے پانچ کے لیے جمع ہونے کی بنا پر رِسٰلٰتِهٖ ہے لام کے بعد الف اور تا کے کسرہ (اور ھا کے کھڑے زیر) سے۔

ضَيِّقًا میں یہاں اور فرقان میں ابن کثیر کے لیے ضَيْقًا ہے یا کے سکون اور تخفیف سے اور باقی چھ کے لیے دونوں میں یا پر تشدید اور کسرہ ہے۔

حَرَجًا میں نافع۔شعبہ کے لیے را کا کسرہ اور باقی ساڑھے پانچ کے لیے را کا فتحہ ہے۔

كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر کے لیے يَصْعَدُ صاد کے سکون اور الف کے حذف اور صاد و عین دونوں کی تخفیف سے (۲) شعبہ کے لیے يَصَّاعَدُ صاد کی تشدید اور فتحہ اور اس کے بعد الف اور عین کی تخفیف سے (۳) باقی ساڑھے پانچ کے لیے صاد اور عین دونوں پر تشدید ہے الف کے بغیر۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ میں یہاں اور یہ اس سورۃ کا دوسرا (يَحْشُرُهُمْ) ہے اور یونس کے دوسرے (نحشرهم) میں اور يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ ثُمَّ يَقُوْلُ سبا میں يَحْشُرُهم کے تمام (تینوں) کلمات میں اور ثُمَّ يَقُوْلُ چاروں میں حفص کے لیے یا اور باقی ساڑھے چھ کے لیے چاروں میں نون ہے (اور انعام و یونس کے پہلے نَحْشُرُهُمْ میں ساتوں کے لیے نون ہے)

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ میں ابن عامر کے لیے تا اور باقی چھ قراء کے لیے یا ہے۔

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اور مَكَانَتِهِمْ میں ہر (پانچ) جگہ شعبہ کے لیے مَكَانٰتِكُمْ اور مَكَانٰتِهِمْ ہے جمع کے صیغہ اور نون کے بعد الف سے اور باقی ساڑھے چھ کیلئے واحد ہونے کی بنا پر نون کے بعد والے الف کا حذف ہے۔

مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ میں یہاں اور قصص میں حمزہ اور کسائی کے لیے يَكُوْنُ ہے یا سے اور باقی پانچ کے لیے تا ہے۔

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ میں ابن

https://alislami.net

عامر کے لیے زُیِّنَ لِکَثِیْرٍ مِّنَ الْمُشْرِ کِیْنَ قَتْلُ اَوْلَا دَ ھُمْ شُرَ کَآ ئِھِمْ ہے۔یعنی زُیِّنَ میں زا کا ضمہ یا کا کسرہ اور قَتْلَ میں لام کا ضمہ اور اَوْ لَادَ ھُمْ میں دال کا فتحہ (ھا کا ضمہ) اور شُرَ کَآ ؤُ ھُمْ میں ہمزہ اور ھا دونوں کا کسرہ ہے اور باقی چھ کے لیے زَیَّنَ میں زا اور یا دونوں کا فتحہ اور قَتْلَ میں لام کا فتحہ اَوْ لَا دِھِمْ میں دال اور ھا کا کسرہ اور شُرَ کَآ ؤُ ھُمْ میں ہمزہ اور ھا کا ضمہ ہے۔

بِزَ عْمِھِمْ میں دونوں جگہ کسائی کے لیے زا کا ضمہ اور باقی چھ قراء کے لیے زا کا فتحہ ہے۔

وَ اِنْ یَّکُنْ میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے وَاِنْ تَکُنْ ہے تا سے اور باقی ساڑھے پانچ قراء کے لیے یا ہے۔

مَیْتَۃً میں ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے تا کے دو پیش اور باقی پانچ کے لیے تا کے دو زبر ہیں (پس ان دونوں میں چار قراء تیں ہوگئیں (۱) ابن عامر کے لیے وَاِنْ تَکُنْ مَیْتَۃٌ (۲) شعبہ کے لیے وَاِنْ تَکُنْ مَیْتَۃً (۳) ابن کثیر کے لیے وَاِنْ یَکُنْ مَیْتَۃٌ (۴) باقی ساڑھے چار قراء کے لیے وَاِنْ یَکُنْ مَیْتَۃً )

اَلَّذِیْنَ قَتَلُوْا (میں تا کی تشدید اور تخفیف کا اختلاف) آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

یَوْ مَ حِصَا دِہٖ میں ابو عمرو۔ابن عامر۔عاصم کے لیے حا کا فتحہ اور باقی چار کیلئے کسرہ ہے

وَمِنَ الْمَعْزِ میں نافع اور کوفیین کیلئے عین کا سکون ہے اور باقی تین قراء کیلئے ومِنَ ا لْمَعَزِ ہے عین کا فتحہ ہے

خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ (میں طا کا ضمہ و سکون) بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

اِلَّا اِنْ یَّکُوْنَ میں ابن کثیر عامر حمزہ کے لئے اَنْ تَکُوْنَ ہے تا سے اور باقی چار کے لئے یا ہے۔

مَیْتَۃً میں ابن عامر کے لیے تا کا ضمہ اور باقی چھ کے لیے فتحہ ہے (پس اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَۃً میں تین قراء تیں ہوگئیں (۱) ابن کثیر اور حمزہ کے لیے اَنْ تَکُوْنَ مَیْتَۃً (۲) ابن عامر کے لیے اَنْ تَکُوْنَ مَیْتَۃٌ (۳) باقی چار کے لیے اَنْ یَّکُوْنَ مَیْتَۃً )

تَذَ کَّرُوْنَ میں ہر جگہ جب کہ یہ ایک تا سے لکھا ہوا ہو حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے ذال کی تخفیف ہے اور باقی ساڑھے چار کے لیے تَذَّ کَّرُوْنَ ہے ذال کی تشدید ہے۔

وَاَنَّ ھٰذَ ا صِرَا طِیْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی پانچ کے لیے فتحہ ہے اور ان میں سے ابن عامر کے لیے نون کی تخفیف اور اس کا سکون ہے اور باقی چار کے لیے نون پر تشدید اور فتحہ ہے

https://alislami.net

(پس اس میں تین قراءتیں ہوگئیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے وَإنَّ هٰذا (۲) ابن عامر کے لیے وَأنْ هٰذا (۳) باقی چار کے لیے وَأنَّ هٰذا) صِرَاطِي کا اختلاف صراط کے مثل ہے۔

دونوں جگہ میں يَصدِفُونَ (کے صاد کا اشمام) نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

إلَّا أنْ تَأتِيَهُمُ میں یہاں اور نحل میں حمزہ اور کسائی کے لیے أنْ يَأتِيَهُمُ ہے یا سے اور باقی پانچ کے لیے تا ہے۔

فَرَّقُوا دِينَهُمُ میں یہاں اور روم میں حمزہ اور کسائی کے لیے فَارَقُوا ہے (فا کے بعد الف اور را کی تخفیف سے اور باقی پانچ کے لیے الف کا حذف اور را پر تشدید ہے۔

دِينًا قِيَمًا میں کوفیین اور ابن عامر کے لیے قاف کا کسرہ اور یا کا فتحہ اور اس کی تخفیف ہے اور باقی تین قراء کے لیے قَيِّمًا ہے قاف کے فتحہ اور یا کے کسرہ اور تشدید سے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آٹھ ہیں

(۱) إنِّيَ أخَافُ اور (۲) إنِّيَ أرٰكَ ان دونوں میں نافع۔ مکی اور ابو عمرو کے لیے یا کا فتحہ ہے (۳) إنِّيَ أُمِرْتُ (۴) اور مَمَاتِيَ لِلّٰهِ ان دونوں میں نافع کے لیے یا کا فتحہ ہے (۵) وَجْهِيَ لِلَّذِي اس میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے فتحہ ہے (۶) صِرَاطِيَ مُسْتَقِيمًا اس میں ابن عامر کے لیے فتحہ ہے (۷) رَبِّيَ إلٰى صِرَاطٍ اس میں نافع اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے (۸) وَمَحْيَايَ اس میں نافع (قالون) کے لیے سکون (اور مد لازم) ہے اور ورش کے لیے یا کا سکون (مع مدِ لازم اور فتحہ دونوں ہیں احمد بن عمر بن محمد نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے احمد بن ابراہیم نے بیان کیا اور وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابو بکر بن سہل نے بیان کیا اور وہ کہتے ہیں کہ ہم سے ابوالازہر نے بیان کیا جس کو انھوں نے ورش سے اور ورش نے نافع سے نقل کیا ہے کہ وَمَحْيَايَ میں یا کا سکون ہے ابوالازہر کہتے ہیں کہ مجھے عثمان بن سعید (ورش) نے یہ حکم دیا ہے کہ مَثْوَايَ کی طرح اس یا کو بھی فتحہ سے پڑھو اور یہ فرمایا ہے کہ یہ نحوی قاعدہ کے زیادہ موافق ہے (کیونکہ الف کے بعد سب جگہ یا پر فتحہ ہی آتا ہے) خلف بن ابراہیم معلم نے بیان کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم سے احمد بن اسامہ نے بیان کیا جس کو انھوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے یونس سے اور یونس نے ورش سے اور ورش نے نافع سے نقل کیا ہے کہ وَمَحْيَايَ میں یا کا سکون اور وَمَمَاتِيَ لِلّٰهِ میں یا کا فتحہ ہے یونس کہتے ہیں کہ مجھ سے عثمان (ورش) نے کہا کہ

https://alislami.net

مجھے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ تم وَمَحْيَایَ میں یا کا فتحہ پڑھو اور وَمَمَاتِی میں یا کا سکون پڑھو۔

ابو عمرو دانیؒ کہتے ہیں کہ ورش کا یہ قول دلیل ہے اس پر کہ وہ نافع سے تو سکون روایت کرتے ہیں لیکن اپنی ذاتی رائے سے فتحہ کو پسندیدہ سمجھتے ہیں (جیسا کہ باقی چھ کی قراءت ہے)

اس سورۃ میں یائے زائدہ ایک ہے جو وَقَدْ هَدٰنِ میں ہے اس کو ابو عمرو بصری رحمۃ اللہ وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۷) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ (مکی)

اس سورہ میں کل دو سو چھ آیتیں۔ تین ہزار تین سو پچیس کلمے۔ چودہ ہزار دس حروف اور چوبیس رکوع ہیں اسکے فواصل مَنَدَ لُ کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ میں ابن عامر کے لیے یَتَذَکَّرُوْنَ ہے یعنی تا سے پہلے یا زیادہ کرتے ہیں اور باقی چھ تا سے پہلے یا زیادہ نہیں کرتے (اور ذال کی تخفیف اور تشدید میں یہ سب اپنے اس قاعدہ پر ہیں جو ابھی انعام میں گذرا ہے

وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ میں یہاں اور کَذٰلِکَ تُخْرَجُوْنَ زخرف میں دونوں میں ابن ذکوان۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تَخْرُجُوْنَ ہے تا کے فتحہ اور را کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے دونوں میں تا کا ضمہ اور را کا فتحہ ہے۔

وَلِبَاسَ التَّقْوٰی میں نافع۔ ابن عامر۔ کسائی کے لیے سین کا فتحہ ہے اور باقی (چار) کے لیے سین کا ضمہ ہے

خَالِصَۃً میں نافع کے لیے تا کے دو پیش اور باقی چھ کے لیے تا کے دو زبر ہیں۔

وَلٰکِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ میں شعبہ کے لیے یا ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تا ہے۔

لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو کے لے لَا تُفْتَحُ تا سے (اور فا کے سکون) اور (دوسری تا کی) تخفیف سے (۲) حمزہ اور کسائی کے لیے لَا یُفْتَحُ یا سے (اور فا کے سکون اور (تا

https://alislami.net

کی) تخفیف سے (۳) باقی (چار) کے لیے لَا تُفَتَّحُ تا سے (اور فا کے فتحہ) اور (تا کی) تشدید سے۔

وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ میں ابن عامر کے لیے مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ ہے واو کے بغیر اور باقی چھ کے لیے وَمَا ہے واو سے۔

قَالُوْا نَعَمْ و قَالَ نعم اس سورت میں اور قُلْ نَعَمْ صٰفٰت میں اور قَالَ نَعَمْ شعراء میں

کسائی کے لیے نَعِمْ ہے عین کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لیے عین کا فتحہ ہے۔

اَنْ لَعْنَةُ اللّٰهِ میں بزی۔ ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ ہے نون کی تشدید (اور فتحہ) اور تا کے فتحہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے نون کی تخفیف اور سکون (اور اس کا لام میں ادغام اور تا کا ضمہ ہے۔

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ میں یہاں اور رعد میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے يُغَشِّي الَّيْلَ النَّهَارَ ہے غین کے فتحہ اور شین کی تشدید سے اور باقی (ساڑھے چار قراء) کے لیے (غین کا سکون اور شین کی) تخفیف ہے۔

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ چاروں میں ابن عامر کے لیے سین اور را اور میم اور تا کا ضمہ ہے اور باقی چھ کے لیے چاروں حرفوں کا نصب ہے جو اول کے تین میں فتحہ سے اور مُسَخَّرٰتٍ میں کسرہ سے آئے گا۔

وَخُفْيَةً (میں خا کا کسرہ اور ضمہ) انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

اور اَلرِّيٰحَ (کا اختلاف) بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

بُشْرًا میں ہر جگہ چار قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے بُشْرًا با اور اس کے ضمہ اور شین کے سکون سے (۲) ابن عامر کے لیے نُشْرًا نون اور اس کے ضمہ اور شین کے سکون سے (۳) حمزہ اور کسائی کیلئے نَشْرًا نون اور اس کے فتحہ اور شین کے سکون سے (۴) باقی (تین) کے لیے نُشُرًا نون اور اس کے ضمہ اور شین کے ضمہ سے۔

مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ میں ہر جگہ جب کہ اِلٰهٍ سے پہلے وہ مِنْ ہو جو اسموں کو جر دیا کرتا ہے کسائی کے

https://alislami.net

لیے غَیۡرِہٖ ہے را کے کسرہ (سے اور ھا کے کھڑے زیر) سے اور باقی چھ کیلئے را کا ضمہ (اور ھا کا الٹا پیش) ہے۔

اُبۡلِغُکُمۡ میں دونوں جگہ یہاں اور احقاف میں تینوں میں ابو عمرو کے لیے اُبۡلِغُکُمۡ ہے (با کے سکون اور لام کی) تخفیف سے اور باقی چھ کے لیے تینوں میں با کا فتحہ اور لام پر تشدید ہے۔

بَصۡطَۃً (میں سین اور صاد کا اختلاف) بقرہ بیان ہو چکا ہے۔

قَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ اسۡتَکۡبَرُوۡا جو صالح علیہ السلام کے قصہ میں ہے اس میں ابن عامر کے لیے وَقَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ ہے واو سے اور باقی چھ کے لیے واو کے بغیر ہے (اور جو شعیب علیہ السلام کے قصہ میں ہے اس میں سب کے لیے واو کے بغیر ہے)

اِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ میں نافع اور حفص کے لیے ایک ہمزہ کسرہ والا ہے خبر کی بنا پر اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے ءَاِنَّکُمۡ ہے استفہام کی بنا پر دو ہمزوں سے اور اس میں ادخال و تسہیل کے بارے میں جو قراء کا مذہب ہے وہ باب الہمزتین آٹھویں فصل میں بیان ہو چکا ہے۔

## پارہ (۹) قَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ

لَفَتَحۡنَا انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

اَوَاَمِنَ میں نافع۔ ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے اَوۡ اَمِنَ ہے واو کے سکون سے اور ورش اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ کی حرکت واو کو دیدیتے ہیں (اور اَوَ مِنَ پڑھتے ہیں) اور باقی (چار) کے لیے واو کا فتحہ ہے۔

حَقِیۡقٌ عَلٰۤی اَنۡ لَّا میں نافع کے لیے عَلَیَّ ہے یا کے فتحہ اور تشدید سے اور باقی چھ کے لیے عَلٰی ہے (یا کے سکون سے اور وہ یا تلفظ میں الف سے بدل جاتی ہے)۔

اَرۡجِہۡ میں یہاں اور شعرا میں دونوں میں چھ قراءتیں ہیں (تین ہمزہ کے بغیر اور تین ہمزہ کے ساتھ) (۱) قالون کے لیے اَرۡجِہِ جیم کے بعد ہمزہ کے حذف اور ہا کے کسرہ کے اختلاس (چھوٹے زیر) سے (۲) ورش و کسائی کے لیے اَرۡجِہٖ جیم کے بعد والے ہمزہ کے بغیر اور ہا کو یا کے ساتھ صلہ کرتے ہیں (۳) عاصم اور حمزہ کے لیے اَرۡجِہۡ ہمزہ کے حذف سے اور ہا کو ساکن پڑھتے ہیں (۴) ابن کثیر اور ہشام کے لیے اَرۡ

https://alislami.net

اَرجِئــــہُ جیم کے بعد ہمزہ ساکنہ اور ہا کے ضمہ سے اور اس ہا کا واو کے ساتھ صلہ کرتے ہیں (۵) ابوعمرو کے لیے اَرْجِئہُ جیم کے بعد ہمزہ اور ہا کے ضمہ سے صلہ کے بغیر (۶) ابن ذکوان کے لے اَرْجِئہِ جیم کے بعد ہمزہ اور ہا کے کسرہ سے اور اس کا یا کے ساتھ صلہ نہیں کرتے اور وقفاً یہ ہا بلا خلاف ساکن پڑھی جاتی ہے لیکن جو حضرات ہا کا ضمہ (یا کسرہ) پڑھتے ہیں عام ہے کہ وہ اس کا صلہ کرتے ہوں یا نہ کرتے ہوں ان کی قراءۃ پر سکون کے ساتھ (ضمہ کی صورت میں) اشمام وروم (اور کسرہ کی صورت میں صرف روم) بھی جائز ہے۔

بِکُلِّ سٰحِرٍ میں یہاں اور یونس میں حمزہ اور کسائی کے لئے سَحّٰرٍ ہے یعنی الف حا کے بعد ہے اور باقی (پانچ) کے لیے الف سین کے بعد ہے (اور حا کا کسرہ ہے)

اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا میں نافع۔ ابن کثیر اور حفص کے لیے خبر ہونے کی بنا پر ایک ہمزہ کسرہ والا ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے ءَاِنَّ لَنَا ہے استفہام کی بنا پر دو ہمزوں سے اور یہ سب (ادخال وتسہیل کے بارہ میں) اپنے ان قواعد پر ہیں جو باب الہمزتین من کلمۃ یعنی آٹھویں فصل میں بیان ہو چکے ہیں۔

قَالَ نَعَمْ میں عین کا فتحہ اور کسرہ اسی سورۃ میں بیان ہو چکا ہے۔

تَلْقَفُ میں یہاں اور طٰہٰ وشعراء میں حفص کے لیے لام کا سکون اور قاف کی تخفیف ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تینوں میں تَلَقَّفُ ہے لام کے فتحہ اور قاف کی تشدید سے۔

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ میں یہاں اور قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ طٰہٰ اور شعرا میں تینوں میں چار قراء تیں ہیں (۱) قنبل کے لیے اعراف میں وصلاً فِرْعَوْنُ وَاٰمَنْتُمْ ہے یعنی استفہام کے (پہلے) ہمزہ کو فتحہ والے واو سے بدلتے ہیں اور اس کے بعد دوسرے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں (اور اس تسہیل کو اس طرح بیان کیا ہے) کہ پہلے ہمزہ کے بعد مد کرتے ہیں جس کا اندازہ دو الف کے برابر ہے (کیونکہ تسہیل کے سبب ہمزہ نرم ہو کر الف مدہ کی طرح ہو جاتا ہے گو بالکل الف نہیں ہوتا ایک الف تو یہ ہے اور دوسرا وہ ہے جو اٰمَنْتُمْ میں ہمزہ کے بعد ظاہراً آ رہا ہے تسہیل کو اکثر جگہ مد اور مدہ سے تعبیر کر دیتے ہیں اور طٰہٰ میں اٰمَنْتُمْ ہے (تحقیق والے ایک ہمزہ اور (اس کے بعد) الف سے خبر ہونے کی بنا پر شعرا میں (وصل واعادہ دونوں حالتوں میں ءَاٰمَنْتُمْ ہے) استفہام کی بنا پر ایک ہمزہ اور اس کے بعد طویل مدہ ہے جس کا اندازہ دو الف کے برابر ہے (یعنی پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل بلا ادخال ہے پس تحقیق والے کو ہمزہ اور تسہیل والے کو مدہ کہا ہے اور اعراف والے

https://alislami.net

میں جب اٰمَنْتُمْ سے اعادہ کرتے ہیں تو اس کو بھی اسی طرح پہلے کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل سے ءٰ اٰمَنْتُمْ پڑھتے ہیں پس پہلے ہمزہ کا واو سے ابدال اسی صورت میں کرتے ہیں جب کہ اس کو فِرْعَوْنُ سے ملاکر پڑھیں کیونکہ ہمزہ سے پہلے ضمہ ہونے کی بنا پر قاعدہ وصل ہی کی صورت میں پایا جاتا ہے)

خلاصہ یہ کہ اعراف میں وصلاً فِرْعَوْنُ وَاٰمَنْتُمْ ہے پہلے ہمزہ کے بجائے واو اور دوسرے کی تسہیل سے اور اعادہ میں ءٰ اٰمَنْتُمْ ہے پہلے کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل سے اور شعرا میں دونوں حالتوں میں اسی طرح ءٰ اٰمَنْتُمْ ہے اور طٰہٰ میں ہر حال میں اٰمَنْتُمْ ہے (۲) حفص کیلئے تینوں جگہ اٰمَنْتُمْ ہے خبر کی بنا پر (تحقیق والے) ایک ہمزہ اور (اس کے بعد) الف سے (۳) شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تینوں جگہ ءٰ اٰمَنْتُمْ ہے استفہام کی بنا پر تحقیق والے دو ہمزوں سے اور دونوں کے بعد ایک الف ہے (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے تینوں میں ایک ہمزہ اور اس کے بعد طویل مدہ ہے جس کا اندازہ دو الفوں کے برابر ہے۔

(جس کی تقریر اوپر گزر چکی ہے یعنی پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل ہے) اور ان تینوں موقعوں میں (پہلے) ہمزہ کے بعد تین الفوں کے جمع ہونے کو ناپسند رکھنے کی وجہ سے تحقیق و تسہیل والے ہمزہ کے درمیان کسی نے بھی ادخال کا الف زیادہ نہیں کیا یعنی جو حضرات ءَ اَنْذَرْتَهُمْ اور اس جیسے دوسرے کلمات میں الف فاصل زیادہ کرتے ہیں وہ بھی ان تین کلمات میں الف زیادہ نہیں کرتے۔

سَنُقَتِّلُ میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے سَنَقْتُلُ ہے نون کے فتحہ (اور قاف کے سکون) اور تا کے ضمہ سے تشدید کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے نون کا ضمہ (اور کاف کا فتحہ) اور تا پر تشدید اور کسرہ ہے۔

يَعْرِشُوْنَ میں یہاں اور نحل میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے ضمہ ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے دونوں میں را کا کسرہ ہے۔

يَعْكُفُوْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے کاف کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے کاف کا ضمہ ہے

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ میں ابن عامر کے لیے اَنْجٰكُمْ ہے جیم کے بعد الف کے ساتھ یا اور نون کے بغیر اور باقی چھ کے لیے (جیم کے بعد) یائے ساکنہ اور نون اور اس کے بعد الف ہے۔

يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ میں نافع کے لیے يَقْتُلُوْنَ ہے یا کے فتحہ قاف کے سکون اور تا کے ضمہ سے تشدید کے بغیر اور باقی چھ کے لیے یا کا ضمہ قاف کا فتحہ اور تا پر تشدید اور کسرہ ہے۔

https://alislami.net

جَعَلَهٗ دَكًّا میں حمزہ اور کسائی کے لیے دَكَّاءَ ہے (یعنی کاف کے بعد الف اور) اس میں مد متصل اور اس کے بعد ہمزہ اور اس پر فتحہ ہے تنوین کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے کاف پر دو زبروں کی تنوین ہے ہمزہ کے بغیر۔

بِرِسٰلٰتِیْ میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے بِرِسٰلَتِیْ ہے واحد کے صیغہ سے (یعنی لام کے بعد الف نہیں پڑھتے) اور باقی (پانچ) کے لیے جمع ہونے کی بنا پر لام کے بعد الف ہے۔

سَبِیْلَ الرُّشْدِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے سَبِیْلَ الرَّشَدِ ہے را اور شین کے فتحہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے را کا ضمہ اور شین کا سکون ہے۔

مِنْ حُلِیِّهِمْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے حا کا کسرہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے حا کا ضمہ ہے۔

لَئِنْ لَّمْ یَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَیَغْفِرْ لَنَا دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور رَبَّنَا میں با کا فتحہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں یا اور رَبُّنَا میں با کا ضمہ ہے۔

قَالَ ابْنَ اُمَّ میں یہاں اور طٰہٰ میں ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے میم کا کسرہ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے میم کا فتحہ ہے۔

عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ میں ابن عامر کے لیے اٰصَارَهُمْ ہے ہمزہ اور صاد کے فتحہ سے اور دونوں کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (چھ) کے لیے اِصْرَهُمْ ہے ہمزہ کے کسرہ اور صاد کے سکون سے دونوں الفوں کے بغیر واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر۔

نَغْفِرْ لَكُمْ میں نافع اور ابن عامر کے لیے تُغْفَرْ لَكُمْ ہے (نون کے بجائے) تا اور اس کے ضمہ اور فا کے فتحہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے نون اور اس کا فتحہ اور فا کا کسرہ ہے۔

خَطِیْئٰتِكُمْ میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو کے لیے خَطٰیٰكُمْ عَطَایَاكُمْ کے وزن پر ہمزہ کے بغیر (۲) ابن عامر کے لیے خَطِیْئَتُكُمْ ہے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر (یا کے بعد فتحہ والے) ہمزہ اور تا کے ضمہ سے الف کے بغیر (۳) نافع کے لیے خَطِیْئٰتُكُمْ ابن عامر کی طرح لیکن یہ جمع ہونے کی بنا پر ہمزہ کے بعد الف بھی پڑھتے ہیں۔ (۴) باقی (چار) کے لیے خَطِیْئٰتِكُمْ نافع کی طرح لیکن یہ حضرات تا پر ضمہ کے

https://alislami.net

بجائے کسرہ پڑھتے ہیں (پس نَغْفِرْ لَکُمْ خَطِیْئٰتِکُمْ میں چار قراءتیں ہوگئیں (۱) نافع کے لیے تُغْفَرْ لَکُمْ خَطِیْئٰتُکُمْ (۲) ابن عامر کے لیے تُغْفَرْ لَکُمْ خَطِیْئَتُکُمْ (۳) ابوعمرو کے لیے نَغْفِرْ لَکُمْ خَطٰیٰکُمْ (۴) باقی (چار) کے لیے نَغْفِرْ لَکُمْ خَطِیْئٰتِکُمْ )

قَالُوْا مَعْذِرَةً میں حفص کے لیے تا کے دو زبر اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تا کے دو پیش ہیں۔

بِعَذَابٍ بَئِیْسٍ میں چار قراءتیں ہیں (۱) نافع کے لیے بِیْسٍ با کے کسرہ اور اس کے بعد یے ساکنہ سے ہمزہ کے بغیر عِیْسٍ کے وزن پر (۲) ابن عامر کے لیے بِئْسٍ با کے کسرہ اور اس کے بعد ہمزہ ساکنہ سے (۳) شعبہ کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) بَیْئَسٍ با کے فتحہ یا کے سکون اور اس کے بعد فتحہ والے ہمزہ سے فَیْعَلٍ کے وزن پر (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے بَئِیْسٍ با کے فتحہ پھر کسرہ والے ہمزہ اور اس کے بعد یے ساکنہ سے رَئِیْسٍ کے وزن پر اور یہ وجہ شعبہ سے بھی منقول ہے (اسی بنا پر ان کے لیے دو وجوہ ہوگئیں)

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ سورۂ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

وَالَّذِیْنَ یُمَسِّکُوْنَ میں شعبہ کے لیے یُمْسِکُوْنَ ہے (میم کے سکون اور سین کی) تخفیف سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے میم کا فتحہ اور سین پر تشدید ہے۔

ذُرِّیَّتَهُمْ میں نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لیے ذُرِّیّٰتِهِمْ ہے جمع ہونے کی بنا پر یا کے بعد الف اور تا (اور ھا) کے کسرے اور باقی (چار) کے لیے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر الف کا حذف تا کا فتحہ (اور ھا کا ضمہ) ہے۔

اَنْ تَقُوْلُوْا اور اَوْ تَقُوْلُوْا دونوں میں ابوعمرو کے لیے اَنْ یَّقُوْلُوْا اور اَوْ یَقُوْلُوْا ہے یا سے اور باقی چھ کے لیے دونوں میں تا ہے۔

یُلْحِدُوْنَ میں یہاں اور فصلت میں حمزہ کے لیے یَلْحَدُوْنَ ہے یا اور حا کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے یا کا ضمہ اور حا کا کسرہ ہے۔

وَیَذَرُهُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابوعمرو۔ عاصم کے لیے نون کے بجائے یا اور را کے ضمہ سے (۲) حمزہ اور کسائی کے لیے وَیَذَرْهُمْ یا اور را کے جزم سے (۳) باقی (تین) کے لیے وَنَذَرُهُمْ نون

https://alislami.net

اور را کے ضمہ سے۔

لَهُ شُرَكَآءَ میں نافع۔شعبہ کے لیے شِرْكًا ہے شین کے کسرہ را کے سکون سے اور کاف پر دوزبر ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے شین کا ضمہ را کا فتحہ کاف کے بعد الف اور اس میں مد متصل اور اس کے بعد فتحہ والا ہمزہ ہے تنوین کے بغیر۔

لَا يَتَّبِعُوْكُمْ میں یہاں اور يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ شعرا میں نافع کے لئے لَا يَتْبَعُوْكُمْ اور يَتْبَعُهُمُ الْغَاوٗنَ (تا کے سکون اور اس کی) تخفیف اور با کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے دونوں میں تا پر تشدید اور فتحہ اور با کا کسرہ ہے۔

طٰٓـئِفٌ میں ابن کثیر اور ابوعمرو اور کسائی کے لیے طَيْفٌ ہے یائے ساکنہ سے الف اور ہمزہ کے بغیر اور باقی (چار) کے لیے طا کے بعد الف اور اس کے بعد کسرہ والا ہمزہ ہے یا کے بغیر۔

يَمُدُّوْنَهُمْ میں نافع کے لیے يُمِدُّوْنَهُمْ ہے یا کے ضمہ اور میم کے کسرہ سے اور باقی چھ کے لیے یا کا فتحہ اور میم کا ضمہ ہے

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت سات ہیں

(۱) رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ میں اس میں حمزہ کے لیے سکون ہے (۲) اِنِّيْٓ اَخَافُ (۳) مِنْۢ بَعْدِيْٓ اَعَجِلْتُمْ ان دونوں میں نافع۔ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اس میں حفص کے لیے فتحہ ہے (۵) اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ اس میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۶) عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ اس میں ابن عامر اور حمزہ کے لیے سکون ہے۔ (۷) عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے اس میں یائے زائدہ ایک ہے ثُمَّ كِيْدُوْنِ اس کو ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں اور ہشام کے لیے وقف و وصل دونوں میں اثبات و حذف دونوں ہیں (لیکن حذف طرق کے خلاف ہے اور نشر کے طرق سے بھی صرف وقفاً صحیح ہے)

# (۸) سُوْرَةُ الْاَنْفَال (مدنی)

اس سورہ میں کل پچھتر آیتیں۔ایک ہزار پچھتر کلمے۔پانچ ہزار اسی حروف۔دس رکوع ہیں اسکے فواصل مَنْطِقُ بَلْدٍ کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

مُرْدِفِیْنَ میں نافع کے لیے دال کا فتحہ ہے اور باقی چھ کے لیے دال کا کسرہ ہے۔

یُغَشِّیْکُمُ النُّعَاسَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے یَغْشٰکُمُ النُّعَاسُ یا کے فتحہ غین کے سکون اور شین کے فتحہ اور اس کے بعد الف اور اَلنُّعَاسُ کے سین کے ضمہ سے (۲) نافع کے لیے یُغْشِیْکُمُ النُّعَاسَ یا کے ضمہ غین کے سکون شین کے کسرہ اور اس کی تخفیف (اور اس کے بعد یائے ساکنہ) اور اَلنُّعَاسَ کے سین کے فتحہ سے (۳) باقی (چار) کے لیے بھی اسی طرح لیکن یہ یا کا ضمہ غین کا فتحہ اور شین پر تشدید پڑھتے ہیں (جس طرح شروع میں لکھا گیا)

اَلرُّعْبَ آل عمران میں اور وَلٰکِنَّ اللّٰہَ جو یہاں دو جگہ ہے وَمِیْکٰلَ کے بعد بقرہ میں بیان ہو چکا ہے

مُوْھِنُ کَیْدِالْکٰفِرِیْنَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے مُوَھِّنٌ کَیْدَ الْکٰفِرِیْنَ واو کے فتحہ ھا کی تشدید اور دال کے فتحہ سے اور نون پر تنوین ہے (۲) حفص کے لیے مُوْھِنُ کَیْدِالْکٰفِرِیْنَ واو کے سکون ھا کی تخفیف اور تنوین کے حذف سے اور اضافت کی بنا پر کَیْدِ کے دال کا کسرہ ہے (۳) باقی (ساڑھے تین ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی) کے لیے مُوْھِنٌ کَیْدَ الْکٰفِرِیْنَ واو کے سکون اور ہا کی تخفیف اور دال کے فتحہ سے اور نون پر تنوین ہے۔

وَاَنَّ اللّٰہَ مَعَ میں نافع ابن عامر۔ حفص کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

لِیَمِیْزَ اللّٰہُ اس سے پہلے (آل عمران میں) بیان ہو چکا ہے۔

## پارہ (۱۰) وَاعْلَمُوْا

بِالْعِدْوَۃِ میں دونوں جگہ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے عین کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں عین کا ضمہ ہے

مَنْ حَیَّ عَنْ بَیِّنَۃٍ میں نافع۔ بزی شعبہ کے لیے مَنْ حَیِیَ ہے دو یاؤں سے جن میں سے پہلی پر کسرہ ہے تشدید کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے ایک یا اور اس پر تشدید اور فتحہ ہے۔

اِذْ یَتَوَفَّی الَّذِیْنَ میں ابن عامر کے لیے دو تا ہیں (اور قاعدہ کے موافق ہشام کے لیے ذال

https://alislami.net

کا تا میں ادغام اِذْ تَّتَوَ فِی الَّذِیْنَ اور ابن ذکوان کے لیے اظہار ہے) باقی چھ کے لیے ایک یا اور تا ہے
وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا ہے۔
اِنَّھُمْ لَا یُعْجِزُوْنَ میں ابن عامر کے لئے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لئے ہمزہ کا کسرہ ہے
لِلسَّلْمِ میں شعبہ کے لیے سین کا کسرہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے سین کا فتحہ ہے۔
وَاِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ مِّائَۃٌ یَّغْلِبُوْا اور فَاِنْ یَّکُنْ مِّنْکُمْ مِّائَۃٌ صَابِرَۃٌ میں کوفیین کے لئے دونوں میں یَکُنْ ہے یا سے اور ابوعمرو کے لئے اول میں یا اور ثانی میں تا ہے یعنی وَاِنْ یَّکُنْ اور فَاِنْ تَکُنْ اور باقی (تین) کے لیے دونوں میں تا ہے۔
فِیْکُمْ ضَعْفًا میں عاصم اور حمزہ کے لیے ضاد کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے ضُعْفًا ہے ضاد کے ضمہ سے
اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ میں ابوعمرو کے لیے تَکُوْنُ ہے تا سے اور باقی چھ کے لیے یا ہے۔
مِنَ الْاَسْرٰی میں ابوعمرو کے لیے مِنَ الْاُسٰرٰی ہے فُعَالٰی کے وزن پر اور باقی چھ کے لیے مِنَ الْاَسْرٰی ہے فَعْلٰی کے وزن پر۔
مِنْ وَّلَا یَتِھِمْ میں حمزہ کے لیے واو کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے فتحہ ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) اِنِّیْ اَرٰی (۲) اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰہَ دونوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لئے فتحہ ہے

## (۹) سُوْرَۃُ التَّوْبَۃ (مدنی)

اس سورہ میں ایک سو انتیس آیتیں۔ چار ہزار اٹھہتر کلمے۔ دس ہزار چار سو اٹھاسی حروف اور سولہ رکوع ہیں اس کے فواصل لَمْ نُرَب کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَئِمَّۃَ الْکُفْرِ (میں یہاں اور اَئِمَّۃً) میں ہر پانچ جگہ ابن عامر اور کوفیین کے لیے دونوں ہمزوں کی تحقیق ہے ادخال کے بغیر اور ہشام اس قراءۃ کی رو سے جو ابوالفتح سے ہے دونوں کے درمیان ادخال کا

https://alislami.net

الف بھی زیادہ کرتے ہیں (اور ایمۃ پڑھتے ہیں اور قصیدہ میں ان کے لیے ابن ذکوان اور کوفیین کی طرح الف کا ترک بھی ہے جو دانی کے شیخ ابوالحسن سے ہے اس لیے وہ طریق کے موافق نہیں) اور باقی (تین) کے لیے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی یا کے مانند تسہیل ہے مد (ادخال کے الف) کے بغیر پس اس میں تین قراءتیں ہوگئیں (۱) ابن ذکوان اور کوفیین کے لیے اَئِمَّۃُ دونوں ہمزوں کی تحقیق بلا ادخال سے (۲) ہشام کے لئے اٰئِمَّۃ اور اَئِمَّۃ دونوں کی تحقیق مع ادخال اور بلا ادخال سے (۳) باقی (تین) کے لیے اول کی تحقیق اور ثانی کی تسہیل بلا ادخال سے)

لَا اِیْمَانَ لَھُمْ میں ابن عامر کے لئے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (چھ) کے لئے فتحہ ہے

اَنْ یَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰہِ میں جو پہلا مَسٰجِدَ ہے ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے مَسْجِدَ اللّٰہِ ہے (سین کے سکون اور الف کے حذف سے) واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ) کے لیے جمع کی بنا پر سین کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے (اور دوسرے مَسٰجِدَ اللّٰہِ میں جو اس کے بعد ہے کوئی اختلاف نہیں وہ سب کے لیے جمع ہی کے صیغہ سے ہے)

یُبَشِّرُھُمْ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

وَعَشِیْرَتُکُمْ میں شعبہ کے لیے عَشِیْرٰتُکُمْ ہے را کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

وَقَالَتِ الْیَھُوْدُ عُزَیْرُ ابْنُ اللّٰہِ میں عاصم اور کسائی کے لیے را پر تنوین ہے اور اس تنوین کو کسرہ دیتے ہیں اور کسائی کے لیے اس کو ضمہ دینا (اور عُزَیْرُنُ ابْنُ اللّٰہِ پڑھنا جیسا کہ فَتِیْلًا انْظُرْ وغیرہ میں ان کا قاعدہ ہے جائز نہیں کیونکہ یہاں اِبْن کے نون کا ضمہ اعرابی ہے اور بدلتا رہنے کے سبب لازمی نہیں (اور فَتِیْلًا نُ انْظُرْ میں ظا کا ضمہ لازمی ہے اس لیے وہاں اس کی رعایت سے تنوین کو بھی ضمہ دیتے ہیں اور یہاں کسرہ ہی پڑھتے ہیں) اور باقی (پانچ) کے لیے عُزَیْرُ ابْنُ اللّٰہِ ہے تنوین کے بغیر۔

یُضَاھِئُوْنَ میں عاصم کے لیے ھا کا کسرہ اور اس کے بعد ضمہ والا ہمزہ ہے اور باقی چھ کے لیے یُضَاھُوْنَ ہے ھا کے ضمہ سے ہمزہ کے بغیر۔

اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ میں ورش کے لیے اِنَّمَا النَّسِیُّ ہے یا کی تشدید سے ہمزہ کے بغیر اور باقی

https://alislami.net

(ساڑھے چھ) کے لیے یَا کا سکون اور اس میں مد (متصل) اور اس کے بعد ہمزہ ہے اور وقفاً ہشام اور حمزہ بھی اس کو ورش کی طرح پڑھتے ہیں۔

یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ میں حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے یَا کا ضمہ اور ضاد کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یَضِلُّ ہے یا کے فتحہ اور ضاد کے کسرہ سے۔

اَوْ كَرْهًا نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یُقْبَلَ ہے یا سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

اُذُنٌ قُلْ اُذُنُ خَیْرٍ لَّكُمْ (کا اختلاف) مائدہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِیْنَ میں حمزہ کے لیے تا کے دو زیر اور باقی چھ کے لیے تا کے دو پیش ہیں۔

اِنْ نَّعْفُ اور نُعَذِّبْ طَآئِفَةً میں عاصم کے لیے نَعْفُ میں نون اور اس کا فتحہ اور فا کا ضمہ اور نُعَذِّبْ میں نون اور ذال کا کسرہ اور طَآئِفَةً کی تا پر دو زیر ہیں اور باقی چھ کے لیے اِنْ یُّعْفَ اور تُعَذَّبْ طَآئِفَةٌ ہے اول میں نون کے بجائے یَا کے ضمہ اور فا کے فتحہ سے اور ثانی میں نون کے بجائے تا اور ذال کے فتحہ اور طَآئِفَةٌ کی تا پر دو پیش ہیں

## پارہ (۱۱) یَعْتَذِرُوْنَ

دَآئِرَةُ السَّوْءِ میں یہاں اور سورۂ فتح میں دونوں میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے دَآئِرَةُ السُّوْٓءِ ہے سین کے ضمہ سے (اور اس سے واو میں مد متصل پیدا ہو جاتا ہے) اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں سین کا فتحہ ہے۔

قُرْبَةٌ لَّهُمْ میں ورش کے لیے قُرُبَةٌ ہے را کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے را کا سکون ہے۔

تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ میں ابن کثیر کے لیے مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ہے یعنی مِنْ زیادہ کرتے ہیں اور دوسری تا کا کسرہ پڑھتے ہیں اور باقی چھ مِنْ کو حذف کر کے تا کا فتحہ پڑھتے ہیں۔

اِنَّ صَلٰوتَكَ میں یہاں اور اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ ہود میں دونوں میں

https://alislami.net

حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے لام کے بعد الف ہے واو کے بغیر واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر اور یہاں تا پر فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یہاں اِنَّ صَلٰوتَکَ اور ہود میں اَصَلٰوتُکَ ہے لام کے بعد والے واو اور الف سے اور یہاں تا کا نصب ہے جو کسرہ کے ساتھ آئے گا اور ہود والے میں سب کے لیے بلا خلاف تا کا ضمہ ہے۔

مُرْجَوْنَ میں یہاں اور تُرْجِیْ احزاب میں دونوں میں ابن کثیر۔ابوعمرو۔ابن عامر اور شعبہ کے لیے مُرْجَئُوْنَ اور تُرْجِئُ ہے جیم کے بعد ضمہ والے ہمزہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے دونوں میں ہمزہ کا حذف ہے۔

وَالَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا میں نافع۔ابن عامر کے لیے اَلَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا ہے یعنی اَلَّذِیْنَ سے پہلے واو نہیں پڑھتے اور باقی (پانچ) کے لیے واو کے ساتھ ہے۔

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ ' اور خَیْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْیَانَهٗ دونوں میں نافع۔ابن عامر کے لیے اُسِّسَ بُنْیَانُهٗ ہے ہمزہ کے ضمہ سین کے کسرہ اور بُنْیَانُهٗ کے دوسرے نون کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے ہمزہ اور سین اور بُنْیَانَهٗ کے نون تینوں کا فتحہ ہے۔

شَفَا جُرُفٍ میں ابن عامر شعبہ۔حمزہ کے لیے جُرْفٍ ہے را کے سکون سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے را کا ضمہ ہے۔

هَارٍ میں ابن کثیر۔ہشام۔حفص۔حمزہ کیلئے ترک امالہ ہے اور ورش کے لیے امالہ صغریٰ ہے اور باقی (تین قالون۔ابوعمرو۔شعبہ۔کسائی) کے لیے امالہ کبریٰ ہے اور ان تمام قراءتوں میں را فعل کا لام کلمہ تھی (کیونکہ یہ اصل میں هَائِرٌ تھا) پھر قلب مکانی کے ذریعہ عین کلمہ بنادی گئی (اور لام کلمہ حذف ہوگیا)

اِلَّا اَنْ تَقَطَّعَ میں ابن عامر۔حفص۔حمزہ کے لیے تا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا کا ضمہ ہے۔

فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

یَزِیْغُ قُلُوْبُ میں حفص اور حمزہ کے لیے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے تا ہے

اَوَلَا یَرَوْنَ میں حمزہ کے لئے تا ہے اور باقی (چھ) کے لئے یا ہے

https://alislami.net

### اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) مَعِیَ اَبَدًا اس میں شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے سکون ہے (۲) مَعِیَ عَدُوًّا اس میں حفص کے لیے فتحہ ہے۔

## (۱۰) سُوْرَۃُ یُوْنُسَ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو نو آیتیں۔ ایک ہزار آٹھ سو بتیس کلمے۔ نو ہزار ننانوے حروف اور گیارہ رکوع ہیں اسکے فواصل لِمَنْ کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

الٓرٰا اور الٓمٓرٰا میں قالون۔ ابن کثیر۔ حفص کے لیے را کا فتحہ ترک امالہ اور ورش کے لیے امالہ صغریٰ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے امالہ محضہ ہے۔

لَسٰحِرٌ مُّبِیْنٌ میں ابن کثیر اور کوفیین کے لیے سین کے بعد الف اور حا کا کسرہ ہے اور باقی (تین) کے لیے لَسِحْرٌ ہے (سین کے کسرہ حا کے سکون سے) الف کے بغیر۔

ضِیَآءً میں یہاں اور انبیاء اور قصص تینوں میں قنبل کے لیے ضِئَآءً ہے ضاد کے بعد ہمزہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے ضاد کے بعد فتحہ والی یا ہے۔

یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ میں ابن کثیر اور ابو عمرو اور حفص کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے نون ہے۔

لَقُضِیَ اِلَیْھِمْ اَجَلُھُمْ میں ابن عامر کے لیے لَقَضٰیٓ اِلَیْھِمْ اَجَلَھُمْ ہے قاف اور ضاد کے فتحہ اور اس کے بعد الف اور اَجَلَھُمْ کے لام کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے قاف کا ضمہ اور ضاد کا کسرہ یا کا فتحہ اور اَجَلُھُمْ کے لام کا ضمہ ہے

وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ (میں یہاں اور سورۂ قیامہ کے پہلے لَآ اُقْسِمُ میں دونوں میں قنبل کے لیے وَلَاَدْرٰىكُمْ اور لَاُقْسِمُ یعنی دونوں جگہ الف حذف ہے ایک روایت بزی کے لئے بھی حذف ہی ہے اور باقی چھ کے لیے دونوں جگہ الف کا اثبات ہے۔

اَدْرٰىكَ اور اَدْرٰىكُمْ میں ہر جگہ قالون۔ ابن کثیر۔ ہشام۔ حفص کے لیے اور نقاش کی

https://alislami.net

روایت پر اخفش سے (ابن ذکوان کے لیے) را کا فتحہ ہے ترک امالہ (اور قصیدہ میں امالہ بھی ہے جو اخفش سے ابن اخرم کی روایت ہے) اور ورش کے لیے امالہ صغریٰ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے امالہ کبریٰ ہے۔

عَسٰـا یُبَشِّرِ کُوْنَ میں یہاں اور دو جگہ میں سورۂ نحل کے شروع میں اور سورۂ روم میں چاروں میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

یُسَیِّرُ کُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ میں ابن عامر کے لیے یَنْشُرُ کُمْ ہے یا کے فتحہ نون کے سکون اور شین کے ضمہ سے جو نَشْـرٌ سے بنا ہے اور باقی چھ کے لیے یا کا ضمہ اور سین کا فتحہ اور اس کے بعد تشدید اور کسرہ والی یا ہے جو تَسْیِیْرٌ سے بنا ہے

مَتَاعَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا میں حفص کے لیے عین کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے عین کا ضمہ ہے۔

قِطَعًا مِّنَ الَّیْلِ میں ابن کثیر اور کسائی کے لیے قِطْعًا ہے طا کے سکون سے اور باقی (پانچ) کے لیے طا کا فتحہ ہے۔

هُنَا لِکَ تَبْلُوْا میں حمزہ اور کسائی کے لیے تَتْلُوْا ہے دو تاؤں سے اور تلاوۃ سے ہے اور باقی (پانچ) کے لیے تا اور با کے ساتھ ہے بَلاء سے۔

کَلِمٰتُ رَبِّکَ میں یہاں اور اسی سورۃ کے آخر میں اور غافر میں تینوں میں نافع۔ابن عامر کے لیے کَلِمٰتُ رَبِّکَ ہے میم کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ) کے لیے واحد ہونے کی بنا پر الف کا حذف ہے۔

اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْ میں چھ قراء تیں ہیں (۱) ورش۔ابن کثیر۔ابن عامر کے لیے لَا یَهَدِّیْ یا اور ھا کے فتحہ اور دال کی تشدید سے (۲) قالون اور ابو عمرو کے لیے بھی اسی طرح لیکن یہ ھا کے فتحہ کو اختلاس سے پڑھتے ہیں اور یزیدی ابو عمرو سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ وہ ھا کو کسی قدر فتحہ کی بو دیا کرتے تھے (اور اختلاس کا اور بو دینے کا مطلب ایک ہی ہے) (۳) قالون کے لیے دوسری وجہ میں لَا یَهْدِّیْ ھا کے سکون اور دال کی تشدید سے چنانچہ قالون سے نص سکون ہی کے ساتھ آئی ہے (۴) شعبہ کے لیے لَا یِهِــــدِّیْ یا اور ھا دونوں کے کسرہ اور دال کی تشدید سے (۵) حفص کے لیے لَا یَهِدِّیْ یا کے فتحہ ہا کے کسرہ اور دال کی تشدید سے

https://alislami.net

(۶) حمزہ اور کسائی کے لیے لَا یَهْدِیْ ہا کے سکون اور دال کی تخفیف سے۔

وَلٰکِنَّ النَّاسَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَلٰکِنِ النَّاسُ ہے لٰکِنْ کے نون کے کسرہ اور اس کی تخفیف سے اور سین کا ضمہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے لٰکِنَّ کے نون پر تشدید اور فتحہ اور سین کا بھی فتحہ ہے۔

وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جس کے بعد كَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْا ہے انعام میں بیان ہو چکا ہے

بِهٖ آلْئٰنَ میں یہاں اور آلْئٰنَ وَقَدْ عَصَیْتَ نافع کے لیے الَنَ ہے نقل کی بنا لام کے فتحہ اور ہمزہ کے حذف سے اور باقی چھ کے لیے لام کا سکون اور اس کے بعد (فتحہ والا) ہمزہ ہے اور اس میں اور اس کے ہم شکل کلمات میں جیسے قُلْ ءٰاالذَّكَرَیْنِ (انعام میں دو جگہ) اور قُلْ ءٰاللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ (یونس میں) اور ءٰاللّٰهُ خَیْرٌ میں (اور ءٰالسِّحْرُ یونس میں ابوعمرو کی قراءۃ پر ساتویں میں صرف ابوعمرو اور باقی چھ میں) ساتوں دوسرے ہمزۂ وصلی کو تسہیل سے پڑھتے ہیں جو ہمزۂ استفہامیہ کے بعد ہے اور اس میں تحقیق کسی کے لیے بھی نہیں ہے نیز اس ہمزہ وصلی اور اس سے پہلے ہمزہ کے درمیان ادخال کے الف کے ذریعہ جدائی بھی کسی نے نہیں کی (پس ان میں سب کے لیے ءَ اَلذَّكَرَیْنِ. ءَ اَلْئٰنَ. ءَ اَللّٰهُ. ءَ اَلسِّحْرُ ہے تسہیل بلا ادخال سے اول کے تین کلمہ دو دو جگہ آئے ہیں اور چوتھا ایک جگہ آیا ہے اس لیے سات ہو گئے) کیونکہ (اول تو) ہمزۂ وصلی (عارضی ہونے کی بنا پر) ضعیف ہے (پس نقل ثابت نہیں ہوا تاکہ ادخال کے الف سے جدائی کرنے کی حاجت پیش آئے) اور (دوسرے) اکثر قراء اور نحاۃ کے قول پر اس (ہمزہ) کا (الف سے) ابدال لازم ہے۔ جس سے ان کی شکل ءٰالذَّكَرَیْنِ ءٰالْئٰنَ. ءٰاللّٰهُ ہو جاتی ہے اور ادخال دو ہمزوں میں جدائی کرنے کے لیے ہوا کرتا ہے نہ کہ ہمزہ اور الف میں جدائی کرنے کے لیے۔ خلاصہ یہ کہ ان ساتوں کلمات میں سب کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) تسہیل بلا ادخال (۲) ہمزہ کا الف سے ابدال مد لازم کے ساتھ) خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ میں ابن عامر کے لیے تا اور باقی چھ کے لیے یا ہے۔

وَمَا یَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ میں یہاں اور لَا یَعْزُبُ سبا میں دونوں میں کسائی کے لیے زا کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے زا کا ضمہ ہے۔

وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ میں حمزہ کے لیے را کا ضمہ ہے باقی چھ کے لیے فتحہ ہے۔

بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِیْمٍ اعراف میں بیان ہو چکا۔

https://alislami.net

بِهِ السِّحْرُ میں ابوعمرو کے لیے بِهِ آٰلسِّحْرُ ہے استفہام کی بناپر مد کے ساتھ (یعنی دوہمزہ پڑھ کر پہلے کو تحقیق سے پڑھتے ہیں اور دوسرے میں تسہیل یا مد لازم کے ساتھ الف سے ابدال کرتے ہیں تسہیل کی صورت میں ہمزہ مدہ کے مانند ہوجاتا ہے اور ابدال کی صورت میں خود الف مدہ ہی بن جاتا ہے اس لیے مد سے تعبیر کردیا) اور باقی چھ کے لیے خبر ہونے کی بناپر مد نہیں ہے (بلکہ خود ہمزۂ وصلی ہی حذف ہوجاتا ہے)

عبداللہ بن ابی مسلم اپنے والد اور ابوہبیرہ اور حفص سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اَنْ تَبَوَّاٰ میں ہمزہ کو یا سے بدل کر وقف کرتے تھے (اور اَنْ تَبَوَّیَا پڑھتے تھے) اور ابن الخواستی نے ابوطاہر سے اور انہوں نے اشنانی سے نقل کرکے ہم سے یہ بیان کیا ہے کہ ہمزہ سے وقف کرتے تھے اور میں نے بھی ہمزہ ہی پڑھا ہے اور اسی کو اختیار کرتا ہوں (اور یا والی وجہ ضعیف اور متروک ہے)

لِیُضِلُّوْا کا ذکر انعام میں آچکا ہے

وَلَا تَتَّبِعَآنِّ میں ابن ذکوان کے لیے وَلَا تَتَّبِعَانِ ہے نون کی تخفیف سے (اور قصیدہ میں ایک اور وجہ بھی ہے جو ضعیف ہے اور وہ وَلَا تَتْبَعَآنِ ہے) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے نون پر تشدید (اور اس سے پہلے الف میں مد) ہے اور (معتبر روایت کی بناپر) تا کی تشدید میں کسی کا بھی اختلاف نہیں۔

اٰمَنْتُ اِنَّهٗ میں حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے فتحہ ہے۔

وَیَجْعَلُ الرِّجْسَ میں شعبہ کے لیے نون اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یا ہے۔

نُنْجِ الْمُؤْمِنِیْنَ میں حفص اور کسائی کے لیے (نون کا سکون اور اس میں اخفا اور جیم کی) تخفیف ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے نُنَجِّ الْمُؤْمِنِیْنَ ہے (نون کے فتحہ اور جیم کی) تشدید سے اور اس پر اور اس کے ان (یائی) ہم شکلوں پر جو مصاحف میں یا کے بغیر لکھے ہوئے ہیں تمام قراء ان کی رسم کے موافق (یا کے بغیر ہی) وقف کرتے ہیں لیکن جن کلمات کے بارے میں ان سے یا پر وقف کرنے کی روایت ثابت ہوچکی ہے ان کا مرجع وہی روایت ہوتی ہے (اور ان پر یا ہی کے ساتھ وقف کرتے ہیں)

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت پانچ ہیں

(۱) لِیْ اَنْ اُبَدِّلَهٗ (۲) اِنِّیْ اَخَافُ ان میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۳) نَفْسِیْ اِنْ اَتَّبِعُ (۴) رَبِّیْ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ان دونوں میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۵) اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ میں یہاں اور اسی طرح اس میں ہر نو جگہ نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے فتحہ ہے۔

https://alislami.net

## (۱۱) سُوْرَةُ هُوْدٍ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو تیس آیتیں۔ایک ہزار چھ سو کلمے۔نو ہزار پانچسو سڑسٹھ حروف۔اور دس رکوع ہیں اسکے فواصل لَمْ نَدْ بَزْ ذَزْ ظطق کے گیارہ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

الٓرٰ ا(یونس میں) بیان ہو چکا ہے۔

## پارہ (۱۲) وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ

اِلَّا سٰحِرٌ (مائدہ میں) بیان ہو چکا ہے۔

اِنِّیْ لَکُمْ نَذِیْرٌ میں ابن کثیر۔ابوعمرو۔کسائی کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (چار) کے لیے کسرہ ہے۔

بَادِیَ الرَّاْیِ میں ابوعمرو کے لیے دال کے بعد والی یا کے بجائے فتحہ والا ہمزہ ہے (یعنی بَادِیَٔ الرَّاْیِ ہے) اور باقی چھ کے لیے فتحہ والی یا ہے یعنی بَادِیَ الرَّاْیِ (اور ہمزہ نہیں ہے)

فَعُمِّیَتْ عَلَیْکُمْ میں حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے عین پر ضمہ اور میم پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے فَعَمِیَتْ ہے عین کے فتحہ اور میم کی تخفیف سے۔

مِنْ کُلٍّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ میں یہاں اور مومنون میں حفص کے لیے لام پر تنوین دو زیر ہیں اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دونوں میں تنوین کا حذف (لام کا ایک زیر) یعنی مِنْ کُلِّ زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ ہے۔

مَجْرٖهَا میں حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے میم کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے میم کا ضمہ ہے اور اس کی را میں جو (فتح اور امالہ کا) اختلاف ہے وہ باب الامالہ میں بیان ہو چکا ہے

یٰبُنَیَّ ارْکَبْ مَّعَنَا میں یہاں عاصم کے لیے یا کا فتحہ اور باقی چھ کے لیے یا کا کسرہ ہے (اور اس کے باقی موقعوں کا بیان یوسف میں آئے گا)

ارْکَبْ مَّعَنَا ادغام صغیر کے بیان میں اور قِیْلَ اور غِیْضَ الْمَآءُ (کا اشمام بقرہ میں) اور مِنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ (اعراف میں) بیان ہو چکا ہے۔

اِنَّهٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ میں کسائی کے لیے عَمِلَ غَیْرَ صَالِحٍ ہے میم کے کسرہ اور لام کے فتحہ

https://alislami.net

ہے تنوین کے بغیر اور غَیرُ میں را کا فتحہ ہے اور باقی چھ کے لیے میم کا فتحہ را پر تنوین (دو پیش) اور غَیرُ کی را کا ضمہ ہے۔

فَلَا تَسْئَلْنِ میں نافع۔ ابن عامر کے لیے فَلَا تَسْئَلَنِّ ہے لام کے فتحہ اور نون کے کسرہ اور تشدید سے اور ابن کثیر کے لیے بھی اسی طرح ہے لیکن یہ نون کا فتحہ پڑھتے ہیں اور باقی (چار) کے لیے فَلَا تَسْئَلْنِ ہے لام کے سکون اور نون کے کسرہ سے تشدید کے بغیر (اور اس میں ورش اور ابو عمرو وصلاً نون کے بعد یائے ساکنہ بھی پڑھتے ہیں اس لیے اس میں پانچ قراءتیں ہو جاتی ہیں (۱) قالون و ابن عامر کے لیے فَلَا تَسْئَلَنِّ (۲) ورش کے لیے وقفاً تو اسی طرح اور وصلاً فَلَا تَسْئَلْنِی یا سے (۳) ابن کثیر کے لیے فَلَا تَسْئَلَنَّ (۴) ابو عمرو کے لیے وصلاً فَلَا تَسْئَلْنِیْ اور وقفاً فَلَا تَسْئَلْنِ (۵) باقی (تین) کوفیین کے لیے دونوں حالتوں میں فَلَا تَسْئَلْنِ یا کے بغیر)

وَمِنْ خِزْیِ یَوْمِئِذٍ میں یہاں اور مِنْ عَذَابِ یَوْمِئِذٍ بِبَنِیْهِ معارج میں دونوں میں نافع اور کسائی کے لیے یَوْمَ کے میم کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے میم کا کسرہ ہے۔

اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا میں یہاں اور (وَعَادًا وَّثَمُوْدَا) فرقان وعنکبوت میں تینوں میں حفص اور حمزہ کے لیے دال پر فتحہ ہے تنوین کے بغیر اور وقف بھی الف کے بغیر کرتے ہیں اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے تینوں میں ثَمُوْدًا ہے تنوین سے اور وقف بھی الف پر کرتے ہیں (اور ثَمُوْدَا پڑھتے ہیں) اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ میں کسائی کے لیے لِثَمُوْدٍ ہے تنوین اور کسرہ سے اور باقی (چھ) کے لیے دال پر فتحہ ہے تنوین کے بغیر۔

قَالَ سَلٰمٌ میں یہاں اور ذٰریٰت میں حمزہ اور کسائی کے لیے سِلْمٌ ہے سین کے کسرہ اور لام کے سکون سے الف کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے سین اور لام کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

یَعْقُوْبَ قَالَتْ یٰوَیْلَتٰی میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ کے لیے بَا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے بَا کا ضمہ ہے

سِیْٓءَ بِهِمْ میں یہاں اور عنکبوت میں اور سِیْٓـَٔتْ ملک میں نافع۔ ابن عامر۔ کسائی سین کے کسرہ کا ضمہ کے ساتھ اشمام کرتے ہیں یعنی ضمہ اور کسرہ دونوں کا کچھ کچھ حصہ ملا کر ایک حرکت بنا دیتے ہیں اور باقی (چار) سین کا خالص کسرہ پڑھتے ہیں۔

فَاَسْرِ اور اَنْ اَسْرِ میں ہر پانچ جگہ (جن میں سے فَاَسْرِ تین جگہ اور اَنْ اَسْرِ دو جگہ آیا ہے

https://alislami.net

نافع۔ ابن کثیر کے لیے فَاسْرِ. اَنِ اسْرِ ہے ہمزۂ وصلی سے (جو ماقبل سے ملنے کی صورت میں حذف ہوجاتا ہے) اور باقی (پانچ) کے لیے پانچوں میں ہمزۂ قطعی اور اس کا فتحہ ہے (اور یہ ہمزہ ہر حال میں باقی رہتا ہے)

اِلَّا امْرَاَتَکَ میں ابن کثیر۔ ابوعمرو کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا فتحہ ہے۔

اَصَلٰوتُکَ توبہ میں اور علیٰ مَکَانَتِکُمْ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

وَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سین کا ضمہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سین کا فتحہ ہے۔

وَاِنْ کُلًّا میں نافع۔ ابن کثیر اور شعبہ کے لیے وَاِنْ کُلًّا ہے نون کے سکون اور تخفیف سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے نون پر تشدید اور فتحہ ہے۔

لَمَّا لَیُوَفِّیَنَّھُمْ میں یہاں اور لَمَّا جَمِیْعٌ یٰسٓ میں اور لَمَّا عَلَیْھَا طارق میں تینوں میں ابن عامر۔ عاصم۔ حمزہ کے لیے میم پر تشدید ہے اور باقی (چار) کے لیے تینوں میں لَمَا ہے میم کی تخفیف سے (پس یہاں وَاِنْ کُلًّا لَمَا میں چار قراءتیں ہوگئیں (۱) نافع۔ ابن کثیر کے لیے وَاِنْ کُلًّا لَمَا نون اور میم دونوں کی تخفیف سے (۲) شعبہ کے لیے وَاِنْ کُلًّا لَمَّا نون کی تخفیف اور میم کی تشدید سے (۳) ابوعمرو اور کسائی کے لیے وَاِنَّ کُلًّا لَمَا نون کی تشدید اور میم کی تخفیف سے (۴) ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ کے لیے وَاِنَّ کُلًّا لَّمَّا نون اور میم دونوں کی تشدید سے)

وَاِلَیْہِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ میں نافع اور حفص کے لیے یا کا ضمہ اور جیم کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے یَرْجِعُ الْاَمْرُ ہے یا کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے۔

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ میں یہاں اور نمل کے آخر میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے تا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت اٹھارہ ہیں

(۱) فَاِنِّیْٓ اَخَافُ (۲) اِنِّیْٓ اَخَافُ (۳) اِنِّیْٓ اَعِظُکَ (۴) اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ (۵) اِنِّیْٓ اَخَافُ (۶) شِقَاقِیْٓ اَنْ ان چھوں میں نافع۔ ابن کثیر ابوعمرو کے لیے یا کا فتحہ ہے (۷) عَنِّیْٓ اِنَّہٗ (۸) اِنِّیْٓ اِذًا لَّمِنَ (۹) نُصْحِیْٓ اِنْ اَرَدْتُّ (۱۰) ضَیْفِیْٓ اَلَیْسَ ان چاروں میں نافع۔ ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے

https://alislami.net

(۱۱) وَلٰكِنِّيٓ اَرٰىكُمْ (۱۲) اِنِّيٓ اَرٰىكُم ان دونوں میں نافع۔ بزی۔ ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۱۳) اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰه (۱۴) اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ ان دونوں میں نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے فتحہ ہے (۱۵) فَطَرَنِيٓ اَفَلَا اس میں نافع اور بزی کے لیے فتحہ ہے (۱۶) اِنِّيٓ اُشْهِدُ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے (۱۷) وَمَا تَوْفِيْقِيٓ اِلَّا بِاللّٰه اس میں نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لیے فتحہ ہے (۱۸) اَرَهْطِيٓ اَعَزُّ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو اور ابن ذکوان کے لیے یا کا فتحہ ہے (اور ہشام کے لیے فتحہ اور سکون دونوں ہیں اور فتحہ مشہورتر بھی ہے اور طریق کے بھی موافق ہے لیکن تیسیر سے ان کے لیے صرف سکون نکلتا ہے کیونکہ فتحہ والوں میں ان کو بیان نہیں کیا پس اس میں دانی طریق سے نکل گئے ہیں

اور اس میں یا آت زوائد تین ہیں (۱) فَلَا تَسْـَٔلْنِ اس کو ورش اور ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں (۲) وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ اس کو ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۳) يَوْمَ يَاْتِ اس کو ابن کثیر وصل ووقف دونوں میں اور نافع۔ ابوعمرو۔ کسائی صرف وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۱۲) سُوْرَةُ يُوْسُفَ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو گیارہ آیتیں۔ ایک ہزار چھ سو کلمے۔ سات ہزار ایک سو چھیاسٹھ حروف اور بارہ رکوع ہیں اسکے فواصل لَمْ نَرَ کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

يٰٓاَبَتِ میں ہر (آٹھ) جگہ ابن عامر کے لیے تا کا فتحہ ہے اور باقی چھ کے لیے تا کا کسرہ ہے اور يٰٓاَبَتِ پر ابن کثیر اور ابن عامر ہا سے وقف کرتے ہیں (یعنی يٰٓاَبَهْ) اور یہ چودھویں فصل (اصول) میں بیان ہو چکا ہے۔

يٰبُنَيَّ میں یہاں اور لقمٰن میں دوسرے موقع يٰبُنَيَّ اِنَّهَا میں اور صٰفّٰت میں تینوں میں حفص کے لیے یا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یا کا کسرہ ہے (اور لقمٰن کے پہلے اور تیسرے يٰبُنَيَّ کا ذکر ان کے موقع پر آئے گا)

اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ میں ابن کثیر کے لیے اٰيَةٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ہے واحد کے صیغہ سے الف کے بغیر اور باقی (چھ) کے لیے جمع ہونے کی بنا پر یا کے بعد الف ہے۔

https://alislami.net

غَيٰبَتِ الْجُبِّ میں دونوں موقعوں میں نافع کے لیے غَيٰبٰتِ الْجُبِّ ہے با کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی چھ کے لیے واحد ہونے کی بنا پر الف کا حذف ہے

اور مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا میں (جو اصل میں لَا تَاْمَنُنَا تھا) تمام قراء پہلے نون کا دوسرے میں ادغام کرتے ہیں اور (اصل کی طرف اشارہ کرنے کے لیے) اس کا پیش کے ساتھ اشمام کرتے ہیں۔ (یعنی پہلے نون پر ہلکا سا ضمہ پڑھتے ہیں جس کو روم کہتے ہیں اور اسی کو یہاں مجازاً (اشمام کہدیا ہے) اور یہاں اشمام کی حقیقت یہ ہے کہ عضو کے ذریعہ نہیں (بلکہ قدرے) حرکت کے ذریعہ (پہلے) نون کی (اصل کی) طرف اشارہ کیا جائے پس یہ اخفا (روم) ہوگا صحیح ادغام نہ ہوگا کیونکہ حرکت کے بجائے پورا سکون نہیں آتا بلکہ اس کی آواز کمزور ہو جاتی ہے اور اسی (معمولی سی حرکت) کے سبب مدغم اور مدغم فیہ (دونوں نونوں) میں جدائی ہو جاتی ہے اور یہ ہمارے اکثر اماموں کا قول ہے اور یہ درست بھی ہے کیونکہ روم سے حرکت کا حال بخوبی معلوم ہو جاتا ہے اور سننے والا سمجھ لیتا ہے کہ پہلے اس نون پر ضمہ تھا اور قیاس کی رو سے بھی صحیح ہے) اور قصیدہ میں اشمام بھی درج ہے جو ہونٹوں سے ہوتا ہے اور اس میں صحیح ادغام بھی ہو جاتا ہے لیکن حرکت کا پتہ دینے میں روم کے برابر نہیں ہے غرض یہ کہ لَا تَاْمَنَّا میں ساتوں کے لیے روم و اشمام دونوں صحیح ہیں اور روم میں نون کا اظہار اور اشمام میں ادغام ہوتا ہے)

يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ دونوں میں نافع اور کوفیین کے لیے یا اور باقی (تین) کے لیے دونوں میں نون ہے اور نافع يَرْتَعِ میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے يَرْتَعِ ہے عین کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے عین کا سکون ہے (پس يَرْتَعْ میں چار قراءتیں ہو گئیں (۱) نافع کے لیے يَرْتَعِ (۲) ابن کثیر کے لیے نَرْتَعِ (۳) ابو عمرو اور ابن عامر کے لیے نَرْتَعْ (۴) کوفیین کے لیے يَرْتَعْ)

اَلذِّئْبُ میں تینوں جگہ ورش اور ابو عمرو اور کسائی کے لیے ہمزہ کا یا سے ابدال یعنی الذِّيْبُ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے دونوں حالتوں میں تحقیق والا ہمزہ ہے اور حمزہ جب اس پر وقف کرتے ہیں تو وہ بھی اپنے قاعدہ کے موافق (یا سے ابدال کرتے) ہیں۔

يٰبُشْرٰى کوفیین کے لیے فُعْلٰى کے وزن پر ہے (اور الف کے بعد فتحہ والی یا نہیں ہے) اور ان میں سے حمزہ اور کسائی را کے فتحہ کا امالہ کرتے ہیں اور باقی (چار) کے لیے يٰبُشْرَىَ ہے را کے بعد الف

https://alislami.net

پھر فتحہ والی یا سے اور ان میں سے ورش کے لیے را میں امالۂ صغریٰ ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے را کا خالص فتحہ ہے اور ابوعمرو کی قراءۃ میں بھی اکثر اہل ادا کے فتحہ ہی کو پسند کرتے ہیں اور ابن مجاہد کا قول بھی یہی ہے اور علامہ دانی نے بھی فتحہ ہی پڑھا ہے اور یزیدی کے طریق سے ابوشعیب سوسی سے اور ان کے علاوہ اوروں سے ابو عمرو سے فتحہ ہی کے ساتھ نص بھی آئی ہے (اور قصیدہ میں تقلیل و امالہ بھی درج ہے اور ابوعمرو کے لیے تینوں صحیح ہیں لیکن فتح اولیٰ ہے پھر تقلیل کا پھر امالہ کا درجہ ہے)

هَيْتَ لَكَ میں پانچ قراءتیں ہیں (۱) نافع۔ ابن ذکوان کے لیے هِيْتَ لَكَ ھا کے کسرہ اور (اس کے بعد یائے ساکنہ سے) ہمزہ کے بغیر اور تا کے فتحہ سے (۲) ہشام کے لیے هِئْتَ لَكَ ہے پہلی قراءۃ کی طرح لیکن یہ (یا کے بجائے) ہمزہ (ساکنہ) پڑھتے ہیں (۳) ہشام ہی سے هِئْتُ بھی منقول ہے تا کے ضمہ سے (اور دانی نے اس کو صحیح بتایا ہے لیکن یہ طریق کے خلاف ہے) (۴) ابن کثیر کے لیے هَيْتُ لَكَ ہا کے فتحہ اور تا کے ضمہ اور دونوں کے درمیان یائے ساکنہ سے (۵) باقی (چار) کے لیے هَيْتَ لَكَ ہا اور تا دونوں کے فتحہ سے

الْمُخْلَصِيْنَ میں جب کہ اس کے شروع میں الف لام ہو ہر (آٹھ) جگہ نافع اور کوفیین کے لیے لام کا فتحہ اور باقی (تین) کے لیے کسرہ ہے

حَاشَ لِلّٰهِ میں دونوں جگہ (یہاں اور اسی سورۃ میں) ابوعمرو کے لیے وصلاً حَاشَا لِلّٰهِ ہے شین کے بعد الف سے اور جب اس پر وقف کرتے ہیں تو رسم کی پیروی کے سبب اس الف کو حذف کر دیتے ہیں (اور باقین کی طرح حَاشَ پڑھتے ہیں)

دَاَبًا میں حفص ہمزہ کو فتحہ کی حرکت دیتے ہیں اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دَاْبًا ہے ہمزہ کے سکون سے۔

وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

## پارہ (۱۳) وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ

بِالسُّوْٓءِ اِلَّا میں قالون اور بزی کے لیے وصلاً بِالسُّوِّ اِلَّا ہے ہمزہ کے بجائے تشدید والے واو اور

https://alislami.net

اِلًّا کے ہمزہ کی تحقیق ہے (اور دوسری وجہ میں دونوں کے لیے پہلے ہمزہ کی تسہیل ہے مد اور قصر کے ساتھ اور دوسرا صرف تحقیق ہے) اور ورش اور قنبل اپنے اس قاعدہ پر ہیں جو کسرہ والے دو ہمزوں میں ہے جو ہمزتین فی کلمتین میں اور ابوعمرو بھی اپنے اسی قاعدہ پر ہیں اور باقی (چار) بھی اپنے اپنے قواعد پر ہیں۔

حَیۡثُ یَشَآءُ میں ابن کثیر کے لیے نون اور باقی چھ کے لیے یا ہے۔

وَقَالَ لِفِتۡیٰنِہِ اجۡعَلُوۡا میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یا کے بعد الف پھر نون ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لِفِتۡیَتِہِ اجۡعَلُوۡا ہے (یا کے بعد) تا ہے الف کے بغیر۔

اَخَانَا نَکۡتَلۡ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا ہے اور باقی (پانچ) کے لیے نون ہے۔

خَیۡرٌ حٰفِظًا میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے حا کا فتحہ اور اس کے بعد الف اور فا کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے حِفۡظًا ہے حا کے کسرہ اور فا کے سکون سے الف کے بغیر۔

نَرۡفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنۡ نَّشَآءُ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

فَلَمَّا اسۡتَیۡئَسُوۡا. وَلَا تَایۡئَسُوۡا مِنۡ رَّوۡحِ اللّٰہِ اور اِنَّہٗ لَا یَایۡئَسُ میں یہاں اور اِذَا اسۡتَیۡئَسَ الرُّسُلُ (اسی سورۃ میں) اور اَفَلَمۡ یَایۡئَسِ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا رعد میں پانچوں میں بزی کے لیے فَلَمَّا اسۡتَایۡئَسُوۡا. وَلَا تَایۡئَسُوۡا. لَا یَایۡئَسُ اِذَا اسۡتَایۡئَسَ الرُّسُلُ. اَفَلَمۡ یَایۡئَسِ الَّذِیۡنَ ہے یائے ساکنہ کے بجائے الف سے پھر فتحہ والی یا سے ہمزہ کے بغیر (یعنی حروف کی ترتیب بدل کر ہمزہ کو کلمہ کا دوسرا حرف بنا کر ساکن کر دیتے ہیں اور اس کو الف سے بدل لیتے ہیں اور یا کو تیسرے حرف کی جگہ لاکر فتحہ دیتے ہیں اس کو قلب مکانی کہتے ہیں اور یہاں قلب کے بعد ہمزہ کا الف سے بدلنا ضروری ہے) یہ اس قراءۃ کی رو سے ہے جو ابوالقاسم فارسی سے ہے جس کو انہوں نے نقاش سے اور انہوں نے ابوربیعہ سے پڑھا ہے (اور دوسری وجہ میں ان کے لیے باقین کی طرح بھی ہے جس کو دانی نے ابوالفتح اور ابوالحسن سے پڑھا ہے اسی لیے گو وہ صحیح تو ہے لیکن طریق کے خلاف ہے (اور باقی ساڑھے چھ کے لیے پانچوں میں یائے ساکنہ پھر فتحہ والا ہمزہ ہے لفظی الف کے بغیر (جس طرح شروع میں درج کیے گئے ہیں یعنی یہ حضرات قلب وابدال نہیں کرتے) اور حمزہ جب وقف کرتے ہیں تو اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ کی حرکت یا کو دیتے ہیں) اور ہمزہ کو حذف کر کے فَلَمَّا اسۡتَیَسُوۡا. وَلَا تَیَسُوۡا پڑھتے ہیں اور باقی تین کو بھی اسی طرح سمجھ لو)

https://alislami.net

ءَ اِنَّکَ لَاَ نْـتَ یُوْسُفُ میں ابن کثیر کے لیے اِنَّکَ ہے خبر کی بنا پر کسرہ والے ایک ہمزہ سے اور باقی چھ کے لیے استفہام کی بنا پر دو ہمزہ ہیں (جن میں سے پہلے پر فتحہ اور دوسرے پر کسرہ ہے) اور استفہام (کی صورت) میں ادخال اور دوسرے ہمزہ کی تحقیق و تسہیل میں سب اپنے ان قواعد پر ہیں جو اصول میں ہمزتین کی بحث میں ہے۔

نُوْ حِیْٓ اِلَیْھِمْ میں یہاں اور نحل میں اور انبیاء کے پہلے موقع میں حفص کے لیے یا کے بجائے نون اور حا کا کسرہ (پھر یائے ساکنہ ہے) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یُوْ حٰی ہے نون کے بجائے یا اور حا کے فتحہ (اور اس کے بعد الف) سے اور حمزہ اور کسائی اپنے قاعدہ کے موافق اس الف میں امالہ کرتے ہیں (اور ورش امالہ صغریٰ اور فتح پڑھتے ہیں اور انبیاء کے دوسرے نُوْ حِیْ کا ذکر اس موقع پر آئے گا)

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لیے تا اور باقی (چار) کے لیے یا ہے

قَدْ کُذِ بُوْ ا میں کوفیین کے لیے ذال کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کیلئے کُذِّ بُوْا ہے ذال کی تشدید سے

فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَآ ءُ وَلَا یُرَ دُّ میں ابن عامر۔ عاصم کے لیے (ضمہ والا) ایک نون اور جیم پر تشدید اور یا کا فتحہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے فَنُـنْـجِیْ ہے دو نون سے جن میں سے پہلے پر ضمہ ہے اور دوسرا ساکن ہے (اور اس میں اخفا بھی ہے) اور جیم کی تخفیف اور یا کا سکون ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت بائیس ہیں

(۱) لَیَحْزُ نُنِیَٓ اَنْ اس میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے فتحہ ہے (۲) رَبِّیَٓ اَحْسَنَ (۳) اَرٰ نِیَٓ اَعْصِرُ (۴) اَرٰ نِیَٓ اَحْمِلُ (۵) اِنِّیَٓ اَرٰ سَبْعَ بَقَرٰ تٍ (۶) اِنِّیَٓ اَنَا اَخُوْ کَ (۷) اَبِیَٓ اَوْیَحْکُمَ اللّٰہُ (۸) اِنِّیَٓ اَعْلَمُ ان ساتوں میں حرمیان اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۹و۱۰) اِنِّیَٓ اَرٰ نِیْ دونوں جگہ اس سے مراد اِنِّیْ کی یا ہے نہ کہ اَرٰ نِیْ کی (۱۱) رَبِّیَٓ اِنِّیْ تَرَ کْتُ (۱۲) نَفْسِیَٓ اِنَّ النَّفْسَ (۱۳) رَبِّیَٓ اِنَّ رَ بِّیْ (۱۴) یَاْ ذَنَ لِیَٓ اَبِیْ اس سے مراد لِیْ کی یا ہے (۱۵) رَ بِّیَٓ اِنَّہٗ (۱۶) بِیَٓ اِذْ اَخْرَ جَنِیْ ان آٹھوں میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۱۷) اٰ بَآ ءِیَٓ اِبْرٰ ھِیْمَ (۱۸) لَعَلِّیَٓ اَرْ جِعُ ان دونوں میں کوفیین کے لیے سکون (اور مد) ہے (اور باقی چار کے لیے فتحہ ہے) (۱۹) اَنِّیَٓ اُوْفِی الْکَیْلَ (۲۰) سَبِیْلِیَٓ اَدْعُوْ ا ان دونوں میں نافع کے لیے فتحہ ہے

https://alislami.net

(۲۱) و حُزۡنِیۡ اِلَی اللّٰهِ اس میں نافع۔ ابو عمرو۔ ابن عامر کے لیے فتحہ ہے (۲۲) اِخۡوَتِیۡ اِنۡ اس میں ورش کے لیے فتحہ ہے۔

اور اس میں یا آت زوائد دو ہیں (۱) تُؤۡتُوۡنِ اس کو ابن کثیر وقف و وصل دونوں میں اور ابو عمرو صرف وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۲) اِنَّهٗ مَنۡ یَّتَّقِ اس کو قنبل دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں اور باقی حضرات وقف و وصل دونوں میں ان دونوں کو حذف کر دیتے ہیں اور نَرۡتَعِیۡ میں قنبل سے ابو ربیعہ اور ابن صباح نے دونوں حالتوں میں عین کے بعد یا کا اثبات روایت کیا ہے (لیکن چونکہ قنبل کا طریق ابن مجاہد سے ہے اور ان سے حذف ہے اس لیے اثبات طریق کے خلاف ہے) اور ان دونوں کے سوا اوروں نے دونوں حالتوں میں قنبل سے یا کا حذف نقل کیا ہے اور باقی حضرات اس یا کو دونوں حالتوں میں حذف کرتے ہیں۔

## (۱۳) سُوۡرَةُ الرَّعۡدِ (مکی) مختلف فیہ (مدنی)

اس سورہ میں تینتالیس آیتیں۔ آٹھ سو پچپن کلمے۔ تین ہزار پانچسو چھ حروف اور چھ رکوع ہیں اس کے فواصل قَعَدَ لِنُرَب کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

یُغۡشِی الَّیۡلَ النَّهَارَ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

وَزَرۡعٌ وَّنَخِیۡلٌ. صِنۡوَانٌ. وَّغَیۡرُ چاروں کلمات میں ابن کثیر۔ ابو عمرو۔ حفص کے لیے (آخری حرف عین۔ لام۔ نون۔ را کا) ضمہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے چاروں حرفوں کا کسرہ ہے۔

یُسۡقٰی بِمَآءٍ وَّاحِدٍ میں ابن عامر۔ عاصم کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

وَنُفَضِّلُ بَعۡضَهَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے نون ہے۔

### استفہام مکرر (پاس پاس) دو جگہ دو دو ہمزوں کے جمع ہونے کا قاعدہ

جب دو استفہام جمع ہو جائیں جیسے ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِیۡ خَلۡقٍ جَدِیۡدٍ اور ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ. ءَاِذَا ضَلَلۡنَا فِی الۡاَرۡضِ ءَاِنَّا لَفِیۡ خَلۡقٍ جَدِیۡدٍ وغیرہ تو ان میں قراء کا اختلاف ہے اور یہ سب گیارہ جگہ آئے ہیں (۱) ایک موقع تو اس سورہ رعد میں ہے (۲و۳) اور دو موقع سورۃ الاسراء میں ہیں (۴) اور ایک موقع مومنون میں ہے (۵) اور ایک موقع نمل میں ہے (۶) اور ایک موقع

عنکبوت میں ہے(۷) اور ایک موقع الٓمّٓ السجدہ میں ہے(۸و۹) اور دو موقع صٰفّٰت میں ہیں(۱۰) اور ایک موقع واقعہ میں ہے(۱۱) اور ایک جگہ نٰزعٰت میں ہے۔(ان میں سے (۱تا۵و۷تا۱۰) ان نو میں تو ءَ اِذَا ءَ اِنَّا ہے اور(۶) میں ءَ اِنَّكُمْ ءَ اِنَّكُمْ ہے اور(۱۱) میں ءَ اِنَّا ءَ اِنَّا اِذَا ہے)(۱) پس نافع اور کسائی (کے لیے ان سب موقعوں میں ءَ اِذَا اِنَّا اور ءَ اِنَّا اِذَا ہے یعنی) دونوں میں سے اول کو استفہام (دو ہمزوں) سے اور ثانی کو خبر (ایک ہمزہ) سے پڑھتے ہیں پھر استفہام (والے موقع ہیں نافع کے لیے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی یا کے مانند تسہیل ہے اور قالون دونوں کے درمیان ادخال کا الف بھی زیادہ کرتے ہیں (جس سے ءَاِذَا . ءَاِنَّا ہو جاتا ہے اور ورش ادخال نہیں کرتے صرف دوسرے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں) اور کسائی کے لیے دونوں ہمزوں کی تحقیق (بلا ادخال) ہے اور نافع نمل وعنکبوت میں اپنے اس قاعدہ کے خلاف کر کے ونمل میں اِذَا ءَاِنَّا اور عنکبوت میں اِنَّكُمْ ءَ اِنَّكُمْ اول کو اخبار (ایک ہمزہ) سے اور ثانی کو استفہام (دو ہمزوں) سے پڑھتے ہیں اور کسائی صرف عنکبوت میں اپنے قاعدہ کے خلاف کر کے دونوں کو استفہام سے (ءَ اِنَّكُمْ اَ ئِنَّكُمْ) پڑھتے ہیں اور سورۂ نمل خبر (دوسرے موقع) میں ایک نون زیادہ کر کے (ءَ اِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّ اٰبَآ ؤُنَآ) اِنَّنَا لَمُخْرَجُوْنَ پڑھتے ہیں (۱) اور ابن کثیر اور ابو عمرو تمام قرآن میں (گیارہ کے گیارہ موقعوں میں دونوں جگہ استفہام ، ءَ اِذَا ءَ اِنَّا پڑھتے ہیں اور پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل کرتے ہیں (۲) اور ابن کثیر تو (پہلے) ہمزہ کے بعد مد ادخال نہیں کرتے اور ابو عمرو ادخال کرتے ہیں ابن کثیر ایک جگہ عنکبوت میں اپنے قاعدہ کے خلاف اول کو اخبار کسرہ والے ایک ہمزہ سے (اور ثانی کو دو ہمزوں سے اِنَّكُمْ ءَ اِنَّكُمْ) پڑھتے ہیں (۳) عاصم وحمزہ دونوں کو ہر جگہ استفہام دونوں ہمزوں کی تحقیق (بلا ادخال) سے پڑھتے ہیں اور حفص اپنے قاعدہ کے خلاف صرف عنکبوت کے پہلے کو خبر کسرہ والے ایک ہمزہ سے (اِنَّكُمْ) پڑھتے ہیں (۴) ابن عامر ہر جگہ دونوں استفہاموں میں سے پہلے کو خبر کسرہ والے ایک ہمزہ سے اور ثانی کو استفہام دو ہمزوں سے (اِذَا ءَ اِنَّا) پڑھتے ہیں اور ہشام (جمہور کی روایت پر) دونوں ہمزوں کے درمیان ادخال کا الف بھی زیادہ کرتے ہیں (اور بعض کے مذہب پر عدم ادخال بھی ہے) اور ابن ذکوان ادخال کا الف نہیں لاتے اور نمل وواقعہ اور نٰزعٰت تین موقعوں میں انہوں نے اپنے قاعدہ کے خلاف کیا ہے پس نمل ونٰزعٰت میں تو اول کو استفہام اور ثانی کو اخبار سے ءَ اِذَا اِنَّا پڑھتے ہیں اور نمل میں کسائی کی طرح خبر میں ایک نون زیادہ کر کے (ءَ اِذَا اِنَّنَا) پڑھتے ہیں اور واقعہ

https://alislami.net

میں دونوں کو استفہام تحقیق والے دو ہمزوں سے (ءَ اِذَا ءَ اِنَّا) پڑھتے ہیں اور ہشام (یہاں بھی) اپنے قاعدہ کے موافق دونوں ہمزوں کے درمیان ادخال کا الف زیادہ کرتے ہیں۔

هَادٍ اور مِنْ وَّالٍ میں اور وَاقٍ میں اور وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ نحل میں صرف ان چار کلمات میں ہر جگہ ابن کثیر کے لیے وصلاً تنوین (دوزیر) ہیں اور جب ان پر وقف کرتے ہیں تو یا سے کرتے ہیں (اور هَادِیْ .وَالِیْ وَاقِیْ .بَاقِیْ پڑھتے ہیں) اور باقی چھ وصلاً تنوین سے اور وقفاً یا کے بغیر (هَادْ. وَالْ. وَاقْ .بَاقْ پڑھتے ہیں۔

اَمْ هَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ میں شعبہ۔حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا ہے

وَمِمَّا یُوْقِدُوْنَ عَلَیْهِ فِی النَّارِ ابْتِغَآءَ میں حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا ہے۔

اَفَلَمْ یَایْـَٔسِ الَّذِیْنَ میں بزی کے لیے یَا یَسِ الَّذِیْنَ ہے یائے ساکنہ کے بجائے الف پھر فتحہ والی یا سے ہمزہ کے بغیر اور انھیں کے لیے باقین کی طرح بھی ہے لیکن یہ طریق کے خلاف ہے اور یہ یوسف میں بھی بیان ہو چکا ہے۔

وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِیْلِ میں یہاں اور وَصُدَّ غافر میں کوفیین کے لیے دونوں میں صاد کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے دونوں میں صاد کا فتحہ ہے۔

اُکُلُهَا (بقرہ میں) بیان ہو چکا ہے۔

وَیُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ میں ابن کثیر۔ابوعمرو۔عاصم کے لیے ثا کا سکون اور با کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے وَیُثَبِّتُ ہے ثا کے فتحہ اور با کی تشدید سے۔

وَسَیَعْلَمُ الْکُفّٰرُ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے (کاف کا ضمہ فا پر تشدید اور اس کے بعد الف ہے پس یہ) جمع کا صیغہ ہے اور باقی (تین) کے لیے (وَسَیَعْلَمُ الْکٰفِرُ ہے کاف کے بعد الف اور فا کے کسرہ اور تخفیف سے پس یہ) واحد کا صیغہ ہے۔

اس سُورۃ میں یائے زائدہ ایک ہے

الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں اور باقی چھ دونوں حالتوں میں حذف کرتے ہیں۔

https://alislami.net

# (۱۴) سُوْرَةُ اِبْرٰهِیْمَ (مکی)

اس سورہ میں باون آتیں۔ آٹھ سو اکسٹھ کلمے۔ تین ہزار چار سو چونتیس حروف اور سات رکوع ہیں اس کے فواصل دُمْ رَبْ نَزْ صَالَ کے نو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَلْحَمِيْدِ اللهِ الَّذِیْ میں وصل وابتداء دونوں میں نافع۔ ابن عامر کے لیے اَللّٰہُ کی ھا کا ضمہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے ھا کا کسرہ ہے۔

رُسُلُهُمْ. سُبُلَنَا بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

بِهِ الرِّيْحُ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ میں یہاں اور خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ (نور) میں دونوں حمزہ اور کسائی کے لیے (یہاں خٰلِقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور (نور میں) خٰلِقُ كُلِّ دَآبَّةٍ ہے (یعنی خَلَقَ کے بجائے خٰلِقُ ہے) خا کے بعد الف اور لام کے کسرہ اور قاف کے ضمہ سے فَاعِلٌ کے وزن پر اور اس کے مابعد یہاں تا اور ضاد کے اور سورہ نور میں كُلَّ کے لام کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے خَلَقَ ہے فَعَلَ کے وزن پر اور بعد کے اسموں کا نصب ہے جو اَلسَّمٰوٰتِ کی تا میں کسرہ کے ساتھ آئے گا کیونکہ یہ جمع مؤنث سالم کی تا ہے اور وَالْاَرْضِ کے ضاد اور كُلَّ کے لام پر فتحہ کی صورت میں آئے گا۔

بِمُصْرِخِيَّ اِنِّیْ میں حمزہ کے لیے یا کا کسرہ ہے اور متکلم کی یا میں کسرہ بھی ایک لغت ہے جس کو فراء اور قطرب نے نقل کیا ہے اور ابو عمرو (بصری) نے بھی اس کو جائز رکھا ہے اور باقی چھ کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

لِيُضِلُّوْا میں یہاں اور لِيُضِلَّ حج۔ لقمٰن۔ زمر میں چاروں میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے یا کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا ضمہ ہے۔

لَا بَيْعٌ وَّلَا خِلٰلٌ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

اَفْئِدَةً میں ہشام کے لیے اَفْئِيْدَةً ہے ہمزہ کے بعد یائے ساکنہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے اس یا کا حذف ہے۔

لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ میں کسائی کے لیے لَتَزُوْلُ ہے پہلے لام کے فتحہ اور دوسرے لام کا ضمہ سے اور

https://alislami.net

باقی (چھ) کے لیے پہلے لام کا کسرہ اور دوسرے کا فتحہ ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

(۱) وَمَا كَانَ لِيَ اس میں حفص کے لیے فتحہ ہے (۲) قُلْ لِعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اس میں ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یا کا سکون اور وصلاً حذف ہے (۳) اِنِّيَ اَسْكَنْتُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے

اس میں یا آت زوائد تین ہیں:۔

(۱) وَخَافَ وَعِيْدِ اس کو ورش وصلاً ثابت رکھتے ہیں (۲) بِمَا اَشْرَكْتُمُوْنِ اس کو ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں (۳) وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ اس کو بزی دونوں حالتوں میں اور ورش ابوعمرو۔ حمزہ وصل میں ثابت رکھتے ہیں

## (۱۵) سُوْرَةُ الْحِجْرِ (مکی)

اس سورہ میں ننانوے آیتیں۔ چھ سو چون کلمے۔ دو ہزار سات سو ساٹھ حروف اور چھ رکوع ہیں اسکے فواصل نملِ کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

### پارہ (۱۴) رُبَمَا

رُبَمَا میں نافع اور عاصم کے لیے بَا کی تخفیف ہے اور باقی (پانچ) کے لیے رُبَّمَا ہے بَا کی تشدید ہے۔

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے اسی طرح دونوں نون جن میں سے پہلے پر ضمہ اور دوسرے پر فتحہ ہے اور زا کا کسرہ اور الْمَلٰٓئِكَةَ کی تا پر فتحہ ہے (۲) شعبہ کے لیے مَا تُنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ ضمہ والی تا اور نون اور زا کے فتحہ اور الْمَلٰٓئِكَةُ کی تا کے ضمہ سے (۳) اور باقی (چار) کے لیے مَا تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ یعنی ان کے لیے پہلے تا پر فتحہ ہے اور باقی میں شعبہ کی طرح ہیں۔

سُكِّرَتْ میں ابن کثیر کے لیے سُكِرَتْ ہے کاف کی تخفیف سے اور باقی چھ کے لیے کاف پر تشدید ہے۔

الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

الْمُخْلَصِيْنَ یوسف میں اور جُزْءٌ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَعُيُوْنٍ ہر (سات جگہ اور الْعُيُوْنِ یٰسٓ میں نافع۔ ابوعمرو۔ ہشام۔ حفص کے لیے عین کا ضمہ اور باقی

https://alislami.net

(چار) کے لیے عین کا کسرہ ہے۔

اِنَّا نُبَشِّرُکَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع کے لیے تُبَشِّرُوْنِ نون کے کسرہ سے تشدید کے بغیر (۲) ابن کثیر کے لیے تُبَشِّرُوْنِّ نون کے کسرہ اور تشدید سے (۳) باقی (پانچ) کے لیے تُبَشِّرُوْنَ نون کے فتحہ اور تخفیف سے۔

وَمَنْ یَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ میں یہاں اور یَقْنَطُوْنَ روم میں اور لَا تَقْنَطُوْا زمر میں تینوں میں ابوعمرو کسائی کے لیے نون کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے نون کا فتحہ ہے۔

لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِیْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے لَمُنْجُوْهُمْ ہے (نون کے سکون اور اخفا اور جیم کی) تخفیف سے اور باقی (پانچ) کے لیے (نون کا فتحہ اور جیم پر) تشدید ہے۔

قَدَّرْنَآ اِنَّهَا میں یہاں اور قَدَّرْنٰهَا نمل میں دونوں میں شعبہ کے لیے قَدَرْنَا ہے دال کی تخفیف سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دال پر تشدید ہے۔

فَاَسْرِ ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یاآت چار ہیں

(۱و۲) نَبِّئْ عِبَادِیْٓ اَنِّیْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ (۳) اِنِّیْٓ اَنَا النَّذِیْرُ ان تینوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) بَنَاتِیْٓ اِنْ کُنْتُمْ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے۔

# (۱۶) سُوْرَةُ النَّحْلِ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو اٹھائیس آیتیں۔ دو ہزار آٹھ سو چالیس کلمے۔ سات ہزار سات سو سات حروف اور سولہ رکوع ہیں اسکے فواصل نمر کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

عَمَّا یُشْرِکُوْنَ جو دو جگہ ہے یونس میں بیان ہو چکا ہے۔

یُنْبِتُ لَکُمْ میں شعبہ کے لیے نون اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یا ہے۔

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌ چاروں میں ابن عامر کے لیے سین۔ را میم۔ تا کا ضمہ اور

https://alislami.net

حفص کے لیے (اول کے دو میں فتحہ اور) صرف وَالنُّجُوْمُ اور مُسَخَّرٰتٌ میں ضمہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے چاروں میں نصب ہے جو اول کے تین میں فتحہ کے ساتھ اور مُسَخَّرٰتٍ کی تا میں کسرہ کی شکل میں آئے گا۔

وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ میں عاصم کے لیے یا اور باقی چھ کے لیے تا ہے۔

اَیْنَ شُرَکَآءِیَ الَّذِیْنَ میں بزی کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) شُرَکَایَ الَّذِیْنَ ہمزہ کے حذف سے اور یہ ضعیف اور متروک ہے (۲) الف کے بعد کسرہ والے ہمزہ سے اور یہی صحیح ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے بھی یہی ہے۔

تُشَآقُّوْنِ فِیْھِمْ میں نافع کے لیے نون کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے نون کا فتحہ ہے۔

اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ میں دونوں جگہ حمزہ کے لیے یا اور باقی چھ کے لیے تا ہے۔

اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیَھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا یَھْدِیْ مَنْ یُّضِلُّ میں کوفیین کے لیے یا کا فتحہ دال کا کسرہ (پھر یائے ساکنہ) ہے اور باقی (چار) کے لیے لَا یُھْدٰی ہے یا کے ضمہ دال کے فتحہ (اور اس کے بعد الف) سے (اور ورش اپنے قاعدہ کے موافق الف میں تقلیل بھی کرتے ہیں) اور یُضِلُّ میں بلا خلاف سب کے لیے یا کا ضمہ ہے۔

فَیَکُوْنُ میں یہاں اور یٰسٓ میں ابن عامر اور کسائی کے لیے نون کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں نون کا ضمہ ہے۔

نُوْحِیْٓ اِلَیْھِمْ یوسف میں بیان ہو چکا ہے۔

اَوَلَمْ یَرَوْا اِلٰی مَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

یَتَفَیَّؤُا ظِلٰلُہٗ میں ابوعمرو کے لیے تا اور باقی چھ کے لیے یا ہے۔

مُفْرَطُوْنَ میں نافع کے لیے را کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے را کا فتحہ ہے۔

نُسْقِیْکُمْ میں یہاں اور مؤمنون میں نافع۔ ابن عامر۔ شعبہ کے لیے نون کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے دونوں میں نون کا ضمہ ہے۔

یَعْرِشُوْنَ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

یَجْحَدُوْنَ میں شعبہ کیلئے تا اور باقی (ساڑھے چھ) کیلئے یا ہے

https://alislami.net

مِنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ میں ابن عامر، حمزہ کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے عین کا سکون اور باقی (تین) کے لیے عین کا فتحہ ہے۔

وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ میں ابن کثیر اور عاصم کے لیے نون ہے اور نقاش نے اخفش سے اور انہوں نے ابن ذکوان سے روایت کر کے (ابن ذکوان کے لیے بھی) نون ہی بتایا ہے اور علامہ دانی کے نزدیک یہ وہم ہے کیونکہ اخفش نے اپنی کتاب میں اس میں ابن ذکوان کے لیے یا ہی بیان کی ہے (اور حق یہ ہے کہ اس میں ابن ذکوان کے لیے یا کی طرح نون بھی صحیح ہے رہا یہ کہ اخفش نے اپنی کتاب میں یا ہی بیان کی ہے سو اس سے نون کی روایت کا غلط اور وہم ہونا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ اخفش نے دو میں سے ایک ہی وجہ کے بیان پر اکتفا کر لی ہو (غیث) اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے (اور یہی ابن ذکوان کی دوسری وجہ ہے اور وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ میں سب کے لیے نون ہے)

اَلْقُدُسِ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

يُلْحِدُوْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے يَلْحَدُوْنَ ہے یا اور حا دونوں کے فتحہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا ضمہ اور حا کا کسرہ ہے۔

مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا میں ابن عامر کے لیے فَتَنُوْا ہے فا اور تا دونوں کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے فا کا ضمہ اور تا کا کسرہ ہے

فِيْ ضَيْقٍ میں یہاں اور نمل میں دونوں میں ابن کثیر کے لیے ضاد کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے فتحہ ہے اور اس میں دونوں قسم کی یا آت میں سے کوئی یا بھی نہیں ہے۔

## (۱۷) سُوْرَةُ بَنِيْ اِسْرَائِيْل (مکی)

اس سورہ میں ایک سو گیارہ آیتیں۔ ایک ہزار پانچسو تینتیس کلمے۔ تین ہزار چار سو ساٹھ حروف اور بارہ رکوع ہیں اسکے فواصل (ر ا) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

## پارہ (۱۵) سُبْحٰنَ الَّذِيْ ۔

اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ میں ابو عمرو کے لئے یا اور باقی چھ کے لیے تا ہے۔

https://alislami.net

لِیَسُوْ ءٗ وُجُوْھَکُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ کے لیے لِیَسُوْ ءَ وُجُوْھَکُمْ نون کے بجائے یا اور ہمزہ کے فتحہ سے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر (۲) کسائی کے لیے لِنَسُوْ ءَ نون اور ہمزہ کے فتحہ سے جمع متکلم ہونے کی بنا پر (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے یا اور ہمزہ کا ضمہ اور اس کے بعد واو ساکن ہے جمع غائب ہونے کی بنا پر (لِیَسُوْ ءٗ ا)

وَیُبَشِّرُ الْمُؤْ مِنِیْنَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

یَلْقٰهُ میں ابن عامر کے لیے یُلَقّٰهُ ہے یا کے ضمہ لام کے فتحہ۔ قاف کی تشدید سے اور باقی چھ کے لیے یا کا فتحہ۔ لام کا سکون اور قاف کی تخفیف ہے۔

اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَکَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یَبْلُغٰنِّ ہے نون کے کسرہ سے اور اس سے پہلے الف اور اس میں مد لازم ہے اور باقی (پانچ) کے لیے نون پر فتحہ ہے الف کے بغیر اور نون کی تشدید میں کسی کا بھی اختلاف نہیں۔

اُفٍّ میں یہاں اور انبیاء میں اور احقاف میں تینوں میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع اور حفص کے لیے اُفٍّ ہے فا کے کسرہ اور تنوین سے (۲) ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے اُفَّ فا کے فتحہ سے تنوین کے بغیر (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے اُفِّ فا کے کسرہ سے تنوین کے بغیر۔

کَانَ خِطْاً میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر کے لیے خِطَآءً خا کے کسرہ اور طا کے فتحہ اور اس کے بعد الف مد متصل سے۔ (۲) ابن ذکوان کے لیے خَطَأً خا کے کسرہ اور طا دونوں کے فتحہ سے الف اور مد کے بغیر (۳) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے خِطْاً خا کسرہ اور طا کے سکون سے۔

فَلَا یُسْرِفْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

بِالْقِسْطَاسِ میں یہاں اور شعرا میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے قاف کا کسرہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے قاف کا ضمہ ہے

کَانَ سَیِّئُهٗ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے ہمزہ اور ھا دونوں کا ضمہ ہے مذکر کی ضمیر ہونے کی بنا پر اور باقی (تین) کے لیے سَیِّئَةً ہے ہمزہ اور تا کے فتحہ اور تنوین سے مونث کا صیغہ ہونے کی بنا پر

لِیَذَّکَّرُوْا میں یہاں اور فرقان میں حمزہ اور کسائی کے لیے لِیَذْکُرُوْا ہے ذال کے سکون اور کاف

https://alislami.net

کے ضمہ اور دونوں کی تخفیف سے اور باقی (پانچ) کے لیے ذال اور کاف دونوں پر فتحہ اور تشدید ہے۔

کَمَا یَقُوْلُوْنَ میں ابن کثیر اور حفص کے لیے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا ہے۔

عَمَّا یَقُوْلُوْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے (پس ابن کثیر اور حفص کے لیے دونوں میں یا اور حمزہ اور کسائی کے لیے دونوں میں تا اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے اول میں تا اور ثانی میں یا ہے)

تُسَبِّحُ لَهٗ میں نافع ابن کثیر اور ابن عامر اور شعبہ کے لیے یا اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے تا ہے دونوں موقعوں کے دونوں استفہام ءَ اِذَا ءَ اِنَّا رعد میں بیان ہو چکے ہیں۔

زُبُوْرًا نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

وَرَجِلِكَ میں حفص کے لیے جیم کا کسرہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے وَرَجْلِكَ ہے جیم کے سکون سے۔

اَنْ يَّخْسِفَ . اَوْيُرْسِلَ . اِنْ يُّعِيْدُ كُمْ فَيُرْسِلَ فَيُغْرِ قَكُمْ پانچوں میں ابن کثیر۔ ابو عمرو کے لئے اَنْ نَّخْسِفَ . اَوْنُرْسِلَ . اَنْ نُّعِيْدَ كُمْ . فَنُرْسِلَ فَنُغْرِ قَكُمْ ہے نون سے اور باقی (پانچ) کے لیے پانچوں میں یا ہے۔

اَعْمٰى میں دونوں جگہ چار قراءتیں ہیں (۱) شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے دونوں میں امالۂ محضہ (۲) ابو عمرو کے لیے صرف پہلے میں امالۂ محضہ اور دوسرے میں فتح (۳) ورش کے لیے ان کے قاعدہ کے موافق دونوں میں امالۂ صغریٰ (اور فتح) (۴) اور باقی (تین) کے لیے دونوں میں فتح

خِلٰفَكَ اِلَّا میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے خا کا کسرہ لام کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے خَلْفَكَ ہے خا کے فتحہ اور لام کے سکون سے۔

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ میں یہاں اور فصلت میں ابن ذکوان کے لیے دونوں میں وَنَآءَ ہے یعنی ترتیب بدل کر ہمزہ کو الف کے بعد کلمہ کے آخر میں کر دیتے ہیں اور باقی چھ تبدیلی کے بغیر ہمزہ کو الف سے پہلے رکھتے ہیں پھر ان میں ان کے لیے پانچ وجوہ ہیں (۱) خلف اور کسائی کے لیے دونوں سورتوں میں نون اور ہمزہ دونوں کے فتحہ میں امالۂ محضہ (۲) خلاد کے لیے دونوں میں صرف ہمزہ کے فتحہ کا امالہ اور ابو شعیب سوسی سے بھی خلاد کی طرح

(ہمزہ کا امالہ) منقول ہے (لیکن یہ صحیح نہیں۔ کذا فی النشر) (۳) شعبہ کے لیے یہاں ہمزہ کے فتحہ کا امالہ اور فصلت میں ہمزہ کا خالص فتحہ (۴) ورش اپنے اس قاعدہ پر ہیں جو یائی کلمات میں (مقرر) ہے (پس ان کے لیے صرف ہمزہ میں امالہ صغریٰ اور فتح دونوں ہیں اور بدل کی وجوہ بھی ہوں گی) (۵) باقی (ساڑھے تین) کے لیے دونوں جگہ دونوں حرفوں کا فتح ہے یعنی ترک امالہ

حَتّٰی تَفۡجُرَ لَنَا میں کوفیین کے لیے تا کا فتحہ (فا کا سکون) جیم کا ضمہ اور اس کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے تُفَجِّرَ لَنَا ہے تا کے ضمہ فا کے فتحہ جیم کے کسرہ اور تشدید سے اور دوسرے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (پس اس میں سب کے لیے فَتُفَجِّرَ ہے)

كِسَفًا میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لیے سین کا فتحہ ہے اور باقی (چار) کے لیے كِسۡفًا ہے سین کے سکون سے۔

قُلۡ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ میں ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے قَالَ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ ہے قاف کے بعد الف اور لام کے فتحہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے قُلۡ ہے قاف کے ضمہ اور لام کے سکون سے الف کے بغیر۔

لَقَدۡ عَلِمۡتُ میں کسائی کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (چھ) کے لیے تا کا فتحہ ہے۔

اور اَیًّا مَّا میں وقف (کا طریقہ) اصول میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

رَحۡمَةِ رَبِّیۡ اِذًا کی یا ہے اس میں نافع اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے۔

اس سورۃ میں یا آت زوائد دو ہیں (۱) لَئِنۡ اَخَّرۡتَنِ اِلٰی اس کو ابن کثیر وقف و وصل دونوں میں ثابت رکھتے ہیں اور نافع اور ابو عمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں (۲) فَهُوَ الۡمُهۡتَدِ اس کو نافع۔ ابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

# (۱۸) سُوۡرَةُ الۡكَهۡفِ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو دس آیتیں۔ ایک ہزار پانچسو ستھتر کلمے۔ چھ ہزار تین سو ساٹھ حروف اور بارہ رکوع ہیں اس کے فواصل (لا) کے دو حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

حفص ان چاروں موقعوں میں سانس لینے کے بغیر معمولی سا سکتہ کر کے پڑھتے ہیں (۱) عِوَجًا کے

https://alislami.net

الف پر اور اس میں تنوین نہیں پڑھتے پس الف پر تھوڑی دیر ٹھہرتے ہیں پھر قَیِّمًا لِّیُنْذِ رَ کہتے ہیں (۲) اور اسی طرح وصل کی نیت رکھتے ہوئے مِنْ مَّرْ قَدِنَا یٰسٓ کے الف پر سکتہ کرتے ہیں پھر ھٰذَا کہتے ہیں (۳) اور اسی طرح قیمہ میں بھی مَنْ کے نون پر سکتہ کرتے ہیں پھر رَاقٍ کہتے ہیں (۴) اور اسی طرح سورۃ تطفیف میں بَلْ کے لام پر سکتہ کرتے ہیں پھر رَانَ کہتے ہیں اور باقی (ساڑھے چھ) ان سب میں سکتہ کے بغیر وصل کرتے ہیں اور (مَنْ کے) نون اور (بَلْ کے) لام کا راء میں ادغام کرتے ہیں۔

مِنْ لَّدُنْهُ میں شعبہ کے لیے مِنْ لَّدْنِهٖ ہے دال کے سکون اور نون کے کسرہ سے اور ھا کا یا کے ساتھ صلہ کرتے ہیں اور دال کے اصلی ضمہ کی طرف اشارہ کرنے کے لیے ہونٹوں کو گول کر کے اس کے سکون میں اشمام کرتے ہیں اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دال کا ضمہ نون کا سکون اور ھا کا ضمہ ہے اور ابن کثیر اپنے قاعدہ کے موافق اس کا واو کے ساتھ صلہ کرتے ہیں (یعنی مِنْ لَّدُنْهُوْ)

وَ یُبَشِّرَ الْمُؤْ مِنِیْنَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

مِرْ فَقًا میں نافع۔ ابن عامر کے لیے مَرْ فِقًا ہے میم کے فتحہ اور فا کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے میم کا کسرہ اور فا پر فتحہ ہے۔

تَزٰوَ رُ عَنْ کَهْفِهِمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر کے لیے تَزْوَرُّ زا کے سکون اور را کی تشدید سے (۲) کوفیین کے لیے تَزٰوَرُ زا کے فتحہ اور اس کی تخفیف اور اس کے بعد الف سے (۳) باقی تین قراء کے لیے تَزّٰوَرُ زا کی تشدید اور اس کے بعد الف سے

وَلَمُلِئْتَ میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے وَلَمُلِّئْتَ ہے لام کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لیے لام کی تخفیف ہے۔

رُعْبًا آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

بِوَرِ قِكُمْ میں ابو عمرو۔ شعبہ۔ حمزہ کے لیے بِوَرْ قِكُمْ ہے را کے سکون سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے را کا کسرہ ہے۔

ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے مِائَةِ سِنِیْنَ ہے تا کے کسرہ سے تنوین کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے تا پر تنوین دو زبر ہیں۔

https://alislami.net

وَلَا يُشْرِكُ میں ابن عامر کے لیے وَلَا تُشْرِكْ ہے یا کے بجائے تا اور کاف کے سکون سے اور باقی چھ کے لیے یا اور کاف کا ضمہ ہے۔

بِالْغَدٰوۃِ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

وَكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ اور وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ میں تین قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے اسی طرح دونوں میں ثا اور میم دونوں کے فتحہ سے (۲) ابو عمرو کے لیے ثُمْرٌ اور بِثُمْرِهٖ ثا کے ضمہ اور میم کے سکون سے (۳) باقی (پانچ) کے لیے ثُمُرٌ اور بِثُمُرِهٖ ثا اور میم دونوں کے ضمہ سے۔

خَيْرًا مِّنْهَا میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر کے لیے مِنْهُمَا ہے ھا کے ضمہ اور اس کے بعد میم سے تثنیہ ہونے کی بنا پر اور باقی (چار) کے لیے مِنْهَا ہے میم کے بغیر واحد ہونے کی بنا پر۔

لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ میں ابن عامر وصل میں بھی نون کے بعد الف کو ثابت رکھتے ہیں اور باقی چھ وصل میں الف کو حذف کرتے ہیں اور وقفاً الف کے ثابت رکھنے پر سب کا اتفاق ہے۔

وَلَمْ تَكُنْ لَهٗ فِئَةٌ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ میں حمزہ اور کسائی کے لئے واو کا کسرہ اور باقی پانچ کے لئے واو کا فتحہ ہے۔

لِلّٰهِ الْحَقِّ میں ابو عمرو اور کسائی کے لیے قاف کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے قاف کا کسرہ ہے۔

وَخَيْرٌ عُقْبًا میں عاصم اور حمزہ کے لیے قاف کا سکون ہے اور باقی (پانچ) کے لیے عُقُبًا ہے قاف کے ضمہ سے۔

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ میں نافع اور کوفیین کے لیے نون اور یا کا کسرہ اور اَلْجِبَالَ کے لام کا فتحہ ہے اور باقی (تین) کے لیے تُسَيَّرُ الْجِبَالُ ہے نون کے بجائے تا اور یا کے فتحہ اور اَلْجِبَالُ کے لام کے ضمہ سے۔

وَيَوْمَ يَقُوْلُ میں حمزہ کے لیے نون اور باقی چھ کے لیے یا ہے

قُبُلًا میں کوفیین کے لیے قاف اور با دونوں کا ضمہ ہے اور باقی (چار) کے لیے قِبَلًا ہے قاف کے کسرہ اور با کے فتحہ سے۔

لِمَهْلِكِهِمْ میں یہاں اور مَهْلِكَ نمل میں تین قراءتیں ہیں (۱) شعبہ کے لئے لِمَهْلَكِهِمْ اور

https://alislami.net

مَهْلَک میم اور لام دونوں کے فتحہ سے (۲) حفص کے لیے لِمَهْلِكِهِمْ اور مَهْلَک میم کے فتحہ اور لام کے کسرہ سے (۳) اور باقی چھ کے لیے لِمُهْلَكِهِمْ اور مُهْلَک میم کے ضمہ اور لام کے فتحہ سے۔

وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ میں یہاں اور عَلَيْهُ اللّٰهَ فتحا میں حفص کے لیے وصلاً دونوں میں ہا کا ضمہ ہے اور دونوں میں یا کے ساتھ صلہ بھی نہیں کرتے بلکہ صرف ضمہ پڑھتے ہیں اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے اَنْسٰنِيْهِ اور عَلَيْهِ اللّٰهَ ہے دونوں میں ہا کے کسرہ سے (اور ابن کثیر اول میں ھا کا یا کے ساتھ صلہ کرنے میں اپنے قاعدہ پر ہیں)

مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا میں ابوعمرو کے لیے رَشَدًا ہے را اور شین دونوں کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے را کا ضمہ اور شین کا سکون ہے۔

فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ میں نافع۔ ابن عامر کے لیے فَلَا تَسْـَٔلَنِّيْ ہے لام کے فتحہ اور نون کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لیے لام کا سکون اور نون کی تخفیف سے۔

لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے لِيَغْرَقَ اَهْلُهَا ہے تا کے بجائے فتحہ والی یا اور را کے فتحہ اور اَهْلُهَا کے لام کے ضمہ سے اور باقی پانچ کے لئے ضمہ والی تا اور را کا کسرہ اور اَهْلَهَا کے لام کا فتحہ ہے (جیسا کہ شروع میں درج کیا گیا ہے)

نَفْسًا زَكِيَّةً میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے زا کے بعد والے الف کا حذف اور یا پر تشدید ہے اور باقی (تین) کے لیے زَكِيَّةً ہے زا کے بعد الف اور یا کی تخفیف سے۔

نُكْرًا میں دونوں جگہ یہاں اور طلاق میں تینوں میں نافع۔ ابن ذکوان اور شعبہ کے لیے نُكُرًا ہے کاف کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے تینوں میں کاف کا سکون ہے۔

## پارہ (۱۶) قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکَ

مِنْ لَّدُنِّيْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع کے لیے مِنْ لَّدُنِيْ دال کے ضمہ اور نون کی تخفیف سے (۲) شعبہ کے لیے مِنْ لَّدْنِيْ دال کے سکون اور نون کی تخفیف سے اور یہاں بھی ضمہ کی طرف اشارہ کرنے کے لیے دال کو ساکن پڑھنے کی حالت میں اشمام کرتے ہیں (۳) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے مِنْ لَّدُنِّيْ دال کا ضمہ اور نون کی تشدید سے۔

https://alislami.net

لَتَخِذْتَ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے لَتَخِذْتَ ہے پہلی تا کی تخفیف اور خا کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا پر تشدید اور خا کا فتحہ ہے (اور چونکہ اس کے ذال میں ابن کثیر اور حفص کے لیے اظہار اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے ادغام ہے اس لیے اس میں چار قراءتیں ہو جاتی ہیں (۱) ابن کثیر کے لیے لَتَخِذْتَ (۲) ابو عمرو کے لیے لَتَخِذتَّ (۳) حفص کے لیے لَتَّخَذْتَ (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے لَتَّخَذتَّ

اَنْ یُّبْدِلَهُمَا میں یہاں اور اَنْ یُّبْدِلَهٗ تحریم میں اور اَنْ یُّبْدِلَنَا نٓ والقلم میں تینوں میں نافع۔ ابو عمرو کے لیے یُبَدِّلَ ہے (با کے فتحہ اور دال کی) تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لیے (با کا سکون اور دال کی) تخفیف ہے۔

رُحُمًا میں ابن عامر کے لیے رُحُمًا ہے حا کے ضمہ سے اور باقی چھ کے لیے حا کا سکون ہے۔

فَاَتْبَعَ ثُمَّ اَتْبَعَ ثُمَّ اَتْبَعَ تینوں موقعوں میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے (اسی شکل کے موافق) ہمزہ قطعی اور اس کا فتحہ اور تا کا سکون اور اس کی تخفیف ہے اور باقی (تین) کے لیے فَاتَّبَعَ۔ ثُمَّ اتَّبَعَ ہے ہمزۂ وصلی اور تا کے فتحہ اور تشدید سے (اور ہمزۂ وصلی حذف ہو جاتا ہے)

فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ میں ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ۔ کسائی کے لیے حَامِیَةٍ ہے حا کے بعد الف ہمزہ کے بجائے یا سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے حذف اور ہمزہ سے۔

فَلَهٗ جَزَآءَ ۨالْحُسْنٰی میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور تنوین ہے (جس کو بعد کے ساکن کے سبب کسرہ دیتے ہیں) اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے جَزَآءُ الْحُسْنٰی ہے ہمزہ کے ضمہ سے تنوین کے بغیر۔

بَیْنَ السَّدَّیْنِ میں ابن کثیر۔ ابو عمرو۔ حفص کے لیے سین کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سین کا ضمہ ہے۔

یَفْقَهُوْنَ قَوْلًا میں حمزہ اور کسائی کے لیے یُفْقِهُوْنَ ہے یا کے ضمہ اور قاف کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا اور قاف دونوں کا فتحہ ہے۔

یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ میں یہاں اور انبیاء میں عاصم کے لیے چاروں میں الف کے بجائے ہمزۂ ساکنہ ہے اور باقی چھ کے لیے یَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ ہے (الف سے) ہمزہ کے بغیر۔

https://alislami.net

لَکَ خَرْجًا میں یہاں اور اَمْ تَسْئَلُهُمْ خَرْجًا مومنون میں دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے خَرٰجًا ہے را کے بعد الف سے اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں را کا سکون ہے الف کے بغیر۔

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا میں نافع۔ ابن عامر۔ شعبہ کے لیے سُدًّا ہے سین کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سین کا فتحہ ہے۔

مَا مَكَّنِّي میں ابن کثیر کے لیے مَكَّنَنِي ہے تخفیف والے دونون سے جن میں سے پہلے پر فتحہ اور دوسرے پر کسرہ ہے اور باقی چھ کے لیے ایک نون ہے جس پر تشدید اور کسرہ ہے۔

رَدْمًا اٰتُوْنِيْ میں شعبہ کے لیے رَدْمَانِ ائْتُوْنِيْ ہے تنوین کے کسرہ اور اس کے بعد ہمزۂ ساکنہ سے اور یہ اتیان سے ہے جو مَجِيْ (آنے) کے معنٰی میں ہے اور جب اس کلمہ سے ابتدا کرتے ہیں تو ہمزۂ وصلی کو کسرہ دے کر اس کے بعد والے ہمزۂ ساکنہ کو یا سے بدلتے ہیں (اور اِیْتُوْنِی پڑھتے ہیں) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے وصل وابتدا دونوں میں اٰتُوْنِيْ ہے ہمزۂ قطعی اور اس کے بعد الف مدہ سے اور ورش اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ کی حرکت تنوین کو دیتے ہیں (جس سے رَدْمَنِ اٰتُوْنِيْ ہو جاتا ہے)[1]

بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لیے بَيْنَ الصُّدُفَيْنِ صاد اور دال دونوں کے ضمہ سے (۲) شعبہ کے لیے بَيْنَ الصُّدْفَيْنِ صاد کے ضمہ اور دال کے سکون سے (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے صاد اور دال دونوں کا فتحہ ہے۔

قَالَ اٰتُوْنِيْ میں حمزہ کے لیے قَالَ ائْتُوْنِي ہے لام کے بعد ہمزۂ ساکنہ سے اور یہ اتیان کے باب سے ہے جو مَجِيْءٌ کے معنٰی میں ہے اور جب اس سے ابتدا (اعادہ) کرتے ہیں تو ہمزۂ وصلی کو کسرہ دے کر ہمزۂ ساکنہ کو یا سے بدل دیتے ہیں اور یہ بھی اِیْتُوْنِی ہو جاتا ہے اور شعبہ کے لیے اس میں دو وجوہ ہیں (۱) حمزہ کی طرح (۲) باقین کی طرح اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے دونوں حالتوں میں قَالَ اٰتُوْنِيْ ہے ہمزۂ قطعی اور اس کے بعد الف مدہ سے۔

فَمَا اسْطَاعُوْا میں حمزہ کے لیے فَمَا اسْطَّاعُوْا ہے طا کی تشدید سے اور باقی چھ کے لیے طا کی تخفیف ہے۔

---

[1] پڑھنے کی صورت رَدْمَنِ تُوْنِیْ ج قادری ۱۲

https://alislami.net

جَعَلَهٗ دَ كَّآءَ میں کوفیین کے لیے الف میں مد اور اس کے بعد فتحہ والا ہمزہ ہے تنوین کے بغیر اور باقی (چار) کے لیے دكًّا ہے تنوین سے مد اور ہمزہ کے بغیر۔

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ میں حمزہ اور کسائی کے لیے اَنْ يَّنْفَدَ ہے یا سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

## اس سُورۃ میں اضافت کی یا آت نو ہیں

(۱) رَبِّىٓ اَعْلَمُ (۲) بِرَبِّىٓ اَحَدًا (۳) رَبِّىٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ ) بِرَبِّىٓ اَحَدًا نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۵تا۷) مَعِىَ صَبْرًا تینوں موقعوں میں (ان میں سے ایک اور دو میں ہیں) ان میں حفص کے لیے فتحہ ہے (۸) سَتَجِدُنِىٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے (۹) مِنْ دُوْنِىٓ اَوْلِيَآءَ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے۔

### اس میں یا آتِ زوائد سات ہیں

اَلْمُهْتَدِ اس کو نافع۔ ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۲) اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّىْ (۳) اَنْ يُّؤْتِيَنِ (۴) عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ ان تینوں کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابوعمرو ان کو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۵) اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور قالون و ابوعمرو وصلاً ثابت رکھتے ہیں (۶) مَا كُنَّا نَبْغِ اس کو ابن کثیر وقف و وصل دونوں میں اور نافع۔ ابوعمرو اور کسائی وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۷) فَلَا تَسْئَلْنِ اس میں ابن ذکوان کے لیے دونوں حالتوں میں حذف و اثبات دونوں ہیں جو اخفش کی روایت سے ابن ذکوان سے منقول ہیں (لیکن چونکہ حذف عبدالعزیز کے بجائے ابوالحسن سے ہے اس لئے طریق کے خلاف ہے اور باقی (چھ) اس یا کو دونوں حالتوں میں ثابت رکھتے ہیں اور اس یا کی رسم بھی اسی طرح (اثبات ہی کے ساتھ) ہے۔

## (۱۹) سُوْرَةُ مَرْيَمَ (مکی)

اس سورہ میں اٹھانوے آیتیں۔ سات سو اسی کلمے تین ہزار سات سو حروف اور چھ رکوع ہیں اس کے فواصل ( نَا دِم ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ میں سے ھا اور یا میں پانچ وجوہ ہیں (۱) شعبہ اور کسائی کے لیے ھا اور یا دونوں کے فتحہ میں امالہ محضہ اور علامہ دانی نے فارس بن احمد سے اور انہوں نے اپنے شیوخ سے ابوشعیب سوسی کی روایت میں بھی

https://alislami.net

اسی طرح دونوں کا امالہ پڑھا ہے (لیکن ان کے لیے یا کا امالہ نہ تیسیر کے طرق سے صحیح ہے اور نہ نشر کے طرق سے پس ان کے لیے یا میں صرف فتحہ ہے) (۲) ابن کثیر اور حفص کے لیے ھا اور یا دونوں کا فتحہ (۳) ابن عامر اور حمزہ کے لیے ھا کا فتح اور یا کا امالہ۔ (۴) ابوعمرو کے لیے ھا کا امالہ اور یا کا فتح (پس سوسی کے لئے بھی یہی صحیح ہے) (۵) نافع کے لیے ھا اور یا دونوں میں امالہ صغریٰ (لیکن قالون کے لیے امالہ صغریٰ ابونشیط کے بجائے حلوانی سے ہے اور اس کو دانی نے ابوالفتح کے بجائے ابوالحسن سے پڑھا اس لیے طریق کے خلاف ہے پس ان کے لیے فتح صحیح ہے اور ورش کے لیے تقلیل)

صٓ ذِکْرُ میں نافع۔ ابن کثیر اور عاصم کے لیے صاد کے ہجا والے دال کا ذال سے پہلے اظہار ہے اور باقی (چار) کے لیے صٓ ذِّکْرُ ہے یعنی دال کا ذال میں ادغام کرتے ہیں

زَکَرِیَّآ اِذْ نَادٰی اور یٰزَکَرِیَّآ اِنَّا وغیرہ میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے دونوں ہمزوں کی تحقیق ہے اور یہ آل عمران میں (تفصیل سے) بیان ہو چکا ہے۔

یَرِثُنِیْ وَیَرِثُ دونوں میں ابوعمرو اور کسائی کے لیے یَرِثْنِیْ وَیَرِثْ ہے ثا کے جزم سے اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں ثا کا ضمہ ہے۔

اِنَّا نُبَشِّرُکَ اور لِتُبَشِّرَ (اسی سورۃ میں) دونوں آل عمران میں بیان ہو چکے ہیں۔

عِتِیًّا. جِثِیًّا دو جگہ اور صِلِیًّا میں تینوں میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے پہلے حروف عین۔ جیم۔ صاد کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تینوں میں عُتِیًّا. جُثِیًّا. صُلِیًّا ہے پہلے حرف کے ضمہ سے اور وَبُکِیًّا میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَبِکِیًّا ہے با کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے با کا ضمہ ہے۔

وَقَدْ خَلَقْتُکَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے خَلَقْنٰکَ ہے نون اور الف سے اور باقی (پانچ) کے لیے قاف کے بعد ضمہ والی تا ہے الف کے بغیر۔

لِاَهَبَ لَکِ میں ورش اور ابوعمرو کے لیے لِیَهَبَ لَکِ ہے یا سے اور حلوانی نے قالون سے بھی اسی طرح یا کے ساتھ نقل کیا ہے اور قصیدہ میں ان کے لیے ہمزہ بھی ہے اور وہی طریق کے موافق ہے) اور باقی (پانچ) کے لیے لِاَهَبَ ہے ہمزہ سے۔

وَکُنْتُ نَسْیًا میں حفص و حمزہ کے لیے نون کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے نون کا کسرہ ہے

https://alislami.net

مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا میں ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ابن عامر۔ شعبہ کے لیے مَنْ تَحْتَهَا ہے میم اور تا کے فتحہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے میم اور دوسری تا دونوں کا کسرہ ہے۔

تُسٰقِطْ عَلَيْكِ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص کے لیے اسی طرح تا کے ضمہ سین کی تخفیف اور قاف کے کسرہ سے (۲) حمزہ کے لیے تَسَاقَطْ تا اور قاف کے فتحہ اور سین کی تخفیف سے (۳) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تَسَّقَطْ تا اور قاف کے فتحہ اور سین کی تشدید سے۔

قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِىْ میں ابن عامر۔ عاصم کے لیے لام کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے لام کا ضمہ ہے

وَاِنَّ اللّٰهَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (تین) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

كُنْ فَيَكُوْنُ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

يٰٓاَبَتِ یوسف میں بیان ہو چکا ہے۔

مُخْلَصًا میں کوفیین کے لیے لام کا فتحہ اور باقی (چار) کے لیے لام کا کسرہ ہے۔

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

ءَ اِذَا مَـا مُتُّ میں ابن ذکوان کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) اِذَا مَـا مُتُّ خبر کی بنا پر کسرہ والے ایک ہمزہ سے ہے (یہ نقاش کے بجائے ابن اخرم سے عبدالعزیز فارسی کے بجائے ابوالفتح اور ابوالحسن سے ہے) (۲) دو ہمزوں سے اس کو نقاش نے اخفش سے اور انہوں نے ابن ذکوان سے اسی طرح روایت کیا ہے (اور یہی طریق کے موافق ہے) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دو ہمزہ ہیں استفہام کی بنا پر اور اس میں وہ سب اپنے اُن قواعد پر ہیں جو ہمزتین فی کلمتین میں بیان ہو چکے ہیں۔

اَوَ لَا يَـذْ كُـرُالْاِنْسَـا نُ میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لئے (اسی طرح) ذال کا سکون اور قاف کا ضمہ اور دونوں کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لئے اَوَلَا يَذَّكَّرُالْاِنْسَا نُ ہے ذال اور کاف دونوں کے فتحہ اور دونوں کی تشدید سے۔

ثُـمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا میں کسائی کے لیے نُنْجِى الَّذِيْنَ ہے (نون کے سکون اور اخفا اور جیم کی) تخفیف سے اور باقی چھ کے لیے (دوسرے نون کا فتحہ اور جیم پر) تشدید ہے۔

خَيْرٌ مَّقَامًا میں ابن کثیر کے لیے میم کا ضمہ اور باقی چھ کے لیے میم کا فتحہ ہے۔

https://alislami.net

اَنَا فَا وَرِءْیًا میں قالون اور ابن ذکوان کے لیے وَرِیًّا ہے ہمزہ کے بغیر یا کے تشدید سے (ادغام کی بناپر) اور باقی (چھ) کے لئے را کے بعد ہمزہ ساکنہ ہے اور اس پر حمزہ کے وقف کا طریقہ اصول میں بیان ہو چکا ہے

مَا لًا وَّ وَلَدًا (میں یہاں) اور وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا اور اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا اور اَنْ یَّتَّخِذَ وَلَدًا اور اِنْ کَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ زخرف میں پانچوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے وُّلْدًا. وُلْدًا. وُلْد ہے واو کے ضمہ اور لام کے سکون سے اور باقی (پانچ) کے لیے سب میں واو اور لام دونوں کا فتحہ ہے۔

تَکَادُ السَّمٰوٰتُ میں یہاں اور شوریٰ میں نافع اور کسائی کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

یَتَفَطَّرْنَ میں یہاں اور شوریٰ میں تین قراءتیں (۱) نافع۔ ابن کثیر اور حفص اور کسائی کے لیے دونوں جگہ یا کے بعد فتحہ والی تا اور طا کے فتحہ اور تشدید سے (اسی شکل کے موافق) (۲) ابوعمرو اور شعبہ کے لیے دونوں میں یَنْفَطِرْنَ یا کے بعد نون ساکن اور طا کے کسرہ سے تشدید کے بغیر۔ (۳) باقی دو ابن عامر اور حمزہ کے لیے یہاں یَنْفَطِرْنَ نمبر دو کی طرح اور شوریٰ میں یَتَفَطَّرْنَ نمبر ایک کی طرح۔

### اس سورۃ میں اضافت کی یا آٹھ ہیں۔

(۱) مِنْ وَّرَآءِیْ اس میں ابن کثیر کے لیے فتحہ ہے (۲) اِجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَةً (۳) اور اسی طرح رَبِّیْ اِنَّهٗ ان دونوں میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) اِنِّیْٓ اَعُوْذُ (۵) اِنِّیْٓ اَخَافُ ان دونوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۶) اٰتٰىنِیَ الْكِتٰبَ اس میں حمزہ کے لیے سکون (اور حذف[1]) ہے۔

## (۲۰) سُوْرَۃُ طٰهٰ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو پینتیس آیتیں۔ ایک ہزار چھ سو اکتالیس کلمے۔ پانچ ہزار دو سو بیالیس حروف۔ اور آٹھ رکوع ہیں اسکے فواصل (یَوْ مَا) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

طٰـهٰ میں تین قراءتیں ہیں (۱) شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے طا اور ھا دونوں میں امالہ محضہ (۲) ورش اور ابوعمرو کے لیے صرف ھا میں امالہ محضہ (اور طا کا فتح اور ورش نے صرف اسی ایک جگہ امالہ محضہ کیا ہے اور باقی

---

[1] اجتماع ساکنین کی وجہ سے۔

https://alislami.net

سب جگہ بین بین کرتے ہیں)(۳) باقی (تین) کے لیے طا اور ھا دونوں کا فتح۔

لَا هٰلِيَةِ امْكُثُوْا میں یہاں اور قصص میں دونوں میں حمزہ کے لیے وصلاً دوسری ھا کا ضمہ ہے اور باقی چھ کے لیے اس میں ھا کا کسرہ ہے۔

اِنِّىٓ اَنَا رَبُّكَ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے اِنِّىٓ کے ہمزہ کا فتحہ اور باقی چھ کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

طُوًى میں یہاں اور نٰزِعٰت میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے واو پر تنوین (دو زبر) ہیں (اور یہاں تو اس تنوین کا بعد کے واو میں ادغام ہو جاتا ہے) اور نٰزِعٰت میں دو ساکن جمع ہونے کے سبب تنوین کو کسرہ دیتے ہیں (اور طُوَىِ اِذْهَبْ پڑھتے ہیں) اور باقی (تین) کے لیے دونوں جگہ تنوین کا حذف ہے (پس یہاں طُوًى وَاَنَا اخْتَرْتُكَ اور وہاں طُوًى اذْهَبْ پڑھتے ہیں)

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ میں حمزہ کے لیے وَاَنَّا اخْتَرْنٰكَ ہے پہلے نون کی تشدید سے اور را کے بعد نون اور الف سے اور باقی چھ کے لیے (پہلی شکل کے موافق) نون کی تخفیف اور را کے بعد ضمہ والی تا ہے الف کے بغیر۔

اَخِى اشْدُدْ اور وَاَشْرِكْهُ فِىٓ میں ابن عامر کے لیے اَخِىَ اَشْدُدْ اور وَ اُشْرِكْهُ فِىٓ ہے۔یعنی اَشْدُدْ میں وصل و ابتدا دونوں میں ہمزۂ قطعی اور اس کا فتحہ ہے اور وَاُشْرِكْهُ فِىٓ میں ہمزہ کا ضمہ ہے اور باقی چھ کے لیے (بالکل اسی طرح ہیں جس طرح شروع میں درج کیے گئے ہیں۔یعنی اُشْدُدْ میں ہمزۂ وصلی ہے (جو وصل میں تو حذف ہو جاتا ہے) اور ابتدا کی حالت میں اُشْدُدْ پڑھتے ہیں ہمزہ کے ضمہ سے اور وَاَشْرِكْهُ میں ہمزہ کا فتحہ ہے۔

مَهْدًا میں یہاں اور زخرف میں دونوں میں کوفیین کے لیے میم کا فتحہ اور ھا کا سکون ہے الف کے بغیر اور باقی (چار) کے لیے مِهٰدًا ہے میم کے کسرہ ھا کے فتحہ اور اس کے بعد الف سے اور سورۂ نبا والے میں کوئی اختلاف نہیں ہے (اس میں سب کے لیے مِهٰدًا ہے)

مَكَانًا سُوًى میں ابن عامر۔عاصم۔حمزہ کے لیے سین کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے سین کا کسرہ ہے اور مَكَانًا سُوًى میں یہاں اور اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى قیامہ میں دونوں میں وقفاً تین قراءتیں ہیں (۱) شعبہ۔حمزہ اور کسائی کے لیے دونوں میں امالۂ محضہ (۲) ورش و ابوعمرو کے لیے ان کے قاعدہ کے موافق امالۂ صغریٰ (۳) باقی (تین) کے لیے ان کے قواعد کے موافق واو اور دال کا فتح ہے یعنی ترک امالہ

https://alislami.net

فَيُسۡحِتَكُمۡ میں حفص، حمزہ اور کسائی کے لیے یا کا ضمہ اور حا کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے فَيَسۡحَتَكُمۡ ہے یا اور حا دونوں کے فتحہ سے۔

فَالُوْٓا اِنْ میں ابن کثیر اور حفص کے لیے نون کا سکون ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے فَالُوْٓا اِنَّ ہے نون کے (فتحہ اور) تشدید سے۔

هٰذٰنِ میں ابوعمرو کے لیے هٰذَيۡنِ ہے یا سے اور باقی چھ کے لیے ذال کے بعد الف ہے اور ابن کثیر نون کو تشدید سے پڑھتے ہیں اور باقی چھ تخفیف سے (پس اِنۡ هٰذٰنِ میں چار قراءتیں ہوگئیں (۱) ابن کثیر کے لیے اِنۡ هٰذٰنّ (۲) حفص کے لیے اِنۡ هٰذٰنِ (۳) ابوعمرو کے لیے اِنَّ هٰذَيۡنِ (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے اِنَّ هٰذٰنِ )

فَاَجۡمِعُوۡا میں ابوعمرو کے لیے فَاجۡمَعُوۡا ہے فا کے بعد ہمزہ وصلی اور میم کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے ہمزہ قطعی اور اس کا فتحہ اور میم کا کسرہ ہے۔

يُخَيَّلُ میں ابن ذکوان کے لیے تا ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یا ہے۔

تَلۡقَفۡ میں ابن ذکوان کے لیے تَلَقَّفُ ہے فا کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے فا کا سکون ہے اور بزی کی قراءت میں جو اس کی تا پر تشدید ہے اس کا بیان بقرہ میں گذر چکا ہے اور حفص کے لئے اس میں لام کا سکون اور قاف کی تخفیف ہے اس کا بیان (اعراف میں) گذر چکا ہے (پس اس میں یہاں چار قراءتیں ہوجاتی ہیں (۱) بزی کے لیے يَمِيۡنِكَ تَّلَقَّفۡ مَا (۲) ابن ذکوان کے لئے يَمِيۡنِكَ تَلَقَّفُ مَا (۳) حفص کے لئے يَمِيۡنِكَ تَلۡقَفۡ مَا (۴) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے يَمِيۡنِكَ تَلَقَّفۡ مَا )

كَيۡدُ سٰحِرٍ میں حمزہ اور کسائی کے لیے سِحۡرٍ ہے سین کے کسرہ اور حا کے سکون سے اور باقی (پانچ) کے سین کا فتحہ اور اس کے بعد الف اور حا کا کسرہ ہے۔

اٰمَنۡتُمۡ لَهٗ میں قنبل اور حفص کے لیے ایک ہمزہ ہے خبر کی بنا پر اور باقی چھ کے لیے استفہام (دو ہمزوں) سے (ءَاٰمَنۡتُمۡ) ہے اور اس کا بیان اعراف میں گزر چکا ہے۔

وَمَنۡ يَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا میں وصلاً سوسی کے لیے یَاۡتِهۡ ہے ھا کے سکون سے اور قالون کے لیے اس میں دو وجوہ ہیں (۱) يَاۡتِهِ صلہ کے بغیر (ھا کے پڑے زیر سے) (۲) يَاۡتِهٖ صلہ (ھا کے کھڑے زیر سے) اور باقی چھ کے لیے بھی اسی طرح ہے (اور وقفاً سوسی کے لیے صرف سکون ہے اور باقین کے لیے سکون اور روم ہے صلہ کے

https://alislami.net

بغیر پس اس میں ہشام کے لیے بھی صرف صلہ ہے اور شاطبیہ سے عدم صلہ بھی نکلتا ہے لیکن وہ نہ تیسیر کے طرق سے صحیح ہے اور نہ نشر کے طرق سے)

لَا تَخَفْ دَرَكًا میں حمزہ کے لیے لَا تَخَفْ ہے (الف کے حذف اور) فا کے جزم سے اور باقی چھ کے لیے فا کا ضمہ اور اس سے پہلے الف ہے۔

قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ اور وٰعَدْنٰكُمْ اور مَا رَزَقْنٰكُمْ تینوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے اَنْجَيْتُكُمْ وَعَدْتُكُمْ ما رَزَقْتُكُمْ ہے ضمہ والی تا سے اور باقی (پانچ) کے لیے (تا کے بجائے) فتحہ والا نون اور اس کے بعد الف ہے۔

فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ اور وَمَنْ يَّحْلِلْ میں کسائی کے لیے فَيَحُلَّ اور فَيَحُلَّ اور وَمَنْ يَّحْلُلْ ہے اول میں حا کے اور دوسرے کلمہ میں پہلے لام کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لیے پہلے میں حا کا اور دوسرے میں لام کا کسرہ ہے اور اَنْ يَّحِلَّ میں جو اسی رکوع میں تیسرا کلمہ ہے) کسی کا بھی اختلاف نہیں اس میں سب کے لیے حا کا کسرہ ہی ہے۔

بِمَلْكِنَا میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع۔ عاصم کے لیے میم کا فتحہ (۲) حمزہ اور کسائی کیلئے بِمُلْكِنَا میم کی ضمہ سے (۳) باقی (تین) کے لیے بِمِلْكِنَا میم کے کسرہ سے۔

حُمِّلْنَا میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے حا کا ضمہ اور میم پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے حَمَلْنَا ہے حا اور میم کے فتحہ سے تشدید کے بغیر۔

يَابْنَؤُمَّ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

لَنْ تُخْلَفَهٗ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے لام کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

يَوْمَ يُنْفَخُ میں ابو عمرو کے لیے نَنْفُخُ ہے فتحہ والے نون اور فا کے ضمہ سے اور باقی چھ کے لیے ضمہ والی یا اور فا کا فتحہ ہے۔

فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا میں ابن کثیر کے لیے فَلَا يَخَفْ ہے الف کے حذف اور فا کے جزم سے اور باقی چھ کے لیے فا کا ضمہ اور اس سے پہلے الف ہے۔

https://alislami.net

وَاَنَّکَ لَا میں نافع اور شعبہ کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے

لَعَلَّکَ تَرْضٰی میں شعبہ اور کسائی کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا کا فتحہ ہے

اَوَلَمْ تَاْتِھِمْ میں نافع۔ ابوعمرو۔ حفص کے لیے تا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے

اور اس سورۃ کی آیات کے آخری الفات میں امالہ اور فتح کے اعتبار سے چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے لِتَشْقٰی سے وَمَنِ اھْتَدٰی تک کی تمام آیات کے آخری الفات میں امالۂ محضہ ہے (تفصیل یہ ہے کہ لِذِکْرِیْ کے سوا سب آیات میں ہے اور سُؤْلَکَ یٰمُوْسٰی سے لِتَرْضٰی تک کی تمام آیات میں ہے لیکن عَیْنِیْ. لِنَفْسِیْ. فِیْ ذِکْرِیْ صَفًّا اور غَشِیَھُمْ ان چار میں نہیں پھر صرف اِلَیْنَا مُوْسٰی میں ہے پھر اَبٰی سے آخر تک کی تمام آیات میں ہے لیکن بَصِیْرًا میں نہیں) (۲) ابوعمرو کے لیے ان میں سے جن آیات میں الف سے پہلے را ہے جیسے اَلثَّرٰی. مَنِ افْتَرٰی. وَلَا تَعْرٰی وغیرہ ان میں تو امالۂ محضہ ہے اور ان کے علاوہ باقی آیات میں امالۂ صغریٰ ہے (۳) ورش کے لیے تمام آیات میں امالۂ صغریٰ ہے (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح ہے (سوائے سِوًی کے کہ اس میں شعبہ کے لیے بھی وقفاً امالہ ہے

## اس سُورۃ میں اضافت کی یا آٹھ تیرہ ہیں

(۱) اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ (۲) اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّکَ (۳) اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ ان تینوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) لَعَلِّیْٓ اٰتِیْکُمْ اس میں کوفیین کے لیے سکون ہے (۵) لِذِکْرِیْ اِنَّ السَّاعَۃَ (۶) وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ (۷) عَلٰی عَیْنِیْٓ اِذْ (۸) وَلَا بِرَاْسِیْٓ اِنِّیْٓ ان چاروں میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۹) وَلِیَ فِیْھَا مَاٰرِبُ اس میں ورش وحفص کے لیے فتحہ ہے (۱۰) اَخِیْ اشْدُدْ اس میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۱۱) لِنَفْسِیْ اذْھَبْ (۱۲) فِیْ ذِکْرِی اذْھَبْ ان دونوں میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے سکون ہے پس اس صورت میں یہ دونوں یا آت دو ساکن جمع ہو جانے کے سبب تلفظ میں سے حذف ہو جاتی ہیں (اور باقی (تین) کے لیے دونوں میں یا کا فتحہ ہے اور ہمزہ وصلی حذف ہو جاتا ہے پس لِنَفْسِیَ اذْھَبْ اور فِیْ ذِکْرِیَ اذْھَبَا پڑھتے ہیں) (۱۳) لِمَ حَشَرْتَنِیْٓ اَعْمٰی اس میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

اس میں یائے زائد ایک ہے یعنی اَلَّا تَتَّبِعَنِ اَفَعَصَیْتَ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابوعمرو صرف وصلاً ثابت رکھتے ہیں اور (تینوں) یا کو ساکن پڑھتے ہیں۔

https://alislami.net

# (۲۱) سُوْرَةُ الْاَنْبِیَاءِ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو بارہ آیتیں۔ ایک ہزار ایک سو چھیاسی کلمے۔ چار ہزار آٹھ سو نوے حروف۔ اور سات رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

## پارہ (۱۷) اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ

قٰلَ رَبِّیْ یَعْلَمُ الْقَوْلَ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے قاف اور لام کا فتحہ اور دونوں کے درمیان الف ہے باقی (ساڑھے چار) کے لیے قُلْ رَبِّیْ ہے (قاف کے ضمہ سے اور لام کے سکون اور ادغام سے) الف کے بغیر۔

نُوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ یوسف میں بیان ہو چکا ہے۔

نُوْحِیْٓ اِلَیْهِ میں جو اس سورۃ کا دوسرا کلمہ ہے حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے نون اور حا کا کسرہ اور اس کے بعد یائے ساکنہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یُوْحٰیٓ اِلَیْهِ ہے (نون کے بجائے) یا اور حا کے فتحہ (اور اس کے بعد الف سے اور ورش اپنے قاعدہ کے موافق امالۂ صغریٰ اور فتح سے پڑھتے ہیں)

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا میں ابن کثیر کے لیے اَلَمْ ہے واو کے بغیر اور باقی چھ کے لیے اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ ہے واو سے۔

وَلَا یَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ میں ابن عامر کے لیے وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ ہے یا کے بجائے ضمہ والی تا اور میم کے کسرہ اور اَلصُّمَّ کے میم کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے فتحہ والی یا اور میم کا فتحہ اور اَلصُّمُّ کے میم کا ضمہ ہے۔

مِثْقَالُ حَبَّةٍ میں یہاں اور لقمٰن میں دونوں میں نافع کے لیے لام کا ضمہ اور باقی چھ کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

وَضِیَآءً یونس میں بیان ہو چکا ہے۔

جُذٰذًا میں کسائی کے لیے جیم کا کسرہ اور باقی چھ کے لیے جیم کا ضمہ ہے۔

اُفٍّ لَّکُمْ اسراء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَئِمَّةً براءۃ میں بیان ہو چکا ہے۔

لِیُحْصِنَکُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر۔ حفص کے لیے تا ہے (۲) شعبہ کے لیے

https://alislami.net

لِنُحْصِنَكُمْ ہے نون سے (۳) باقی (پانچ) کے لیے لِيُحْصِنَكُمْ ہے یا سے۔

نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے نُجِّي الْمُؤْمِنِينَ ہے ایک نون اور (جیم کی) تشدید سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے دونون ہیں اور جیم کی تخفیف ہے۔

وَحَرَامٌ عَلَىٰ میں شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے وَحِرْمٌ ہے حا کے کسرہ اور را کے سکون سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے حا اور را دونوں کا فتحہ اور را کے بعد الف ہے۔

إِذَا فُتِحَتْ انعام میں اور يَاجُوجُ وَمَاجُوجُ کہف میں بیان ہو چکے ہیں۔

لِلْكُتُبِ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے جمع کا صیغہ ہے (کاف اور تا کے ضمہ سے) اور باقی (ساڑھے چار) کے لئے لِلْكِتَابِ ہے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر (کاف کے کسرہ اور تا کے بعد الف سے)

فِي الزَّبُورِ نساء کے آخر میں بیان ہو چکا ہے۔

قَالَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ میں حفص کے لیے قَالَ ہے (اور لام کے فتحہ) سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے قُلْ رَّبِّ احْكُمْ ہے الف کے بغیر (قاف کے ضمہ اور لام کے سکون اور ادغام سے)

## اور اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چار ہیں

(۱) ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ اس میں حفص کے لیے فتحہ (اور باقی ساڑھے چھ کے لیے سکون ہے (۲) إِنِّيَ إِلٰهٌ اس میں نافع اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے (۳) أَنِّيَ مَسَّنِيَ الضُّرُّ (۴) عِبَادِيَ الصّٰلِحُونَ ان دونوں میں حمزہ کے لیے سکون (اور حذف) ہے۔

# (۲۲) سُوْرَةُ الْحَجِّ (مدنی)

اس سورہ میں اٹھہتر آیتیں۔ ایک ہزار دو سو اکانوے کلمے۔ پانچ ہزار پچھتر حروف اور دس رکوع ہیں اسکے فواصل (بجذر ز ظظ قمنا) گیارہ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

سُكَارَىٰ وَمَا هُم بِسُكَارَىٰ دونوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے سَكْرَىٰ ہے فَعْلَىٰ کے وزن پر کاف کے سکون سے الف کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے سُكَارَىٰ ہے (کاف کے بعد) الف سے فُعَالَىٰ کے وزن پر اسمیں امالہ ہے جو اصول میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

لِيُضِلَّ ابراہیم میں بیان ہو چکا ہے۔

ثُمَّ لْيَقْطَعْ میں ورش وابوعمرو اور ابن عامر کے ثُمَّ لِيَقْطَعْ ہے لام کے کسرہ سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لام کا سکون ہے۔

هٰذٰنِ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلُؤْلُؤًا میں یہاں اور فاطر میں نافع اور عاصم کے لیے ہمزہ کے دو زبر ہیں اور وقفا اس تنوین کو الف سے بدلتے ہیں اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں وَلُؤْلُؤٍ ہے ہمزہ کے دو زیروں سے اور لُؤْلُؤٌ ۔لُؤْلُؤٍ ۔اَللُّؤْلُؤُ میں ہر جگہ تمام قرآن میں ہمزہ کی تخفیف وتحقیق کے لحاظ سے چار وجوہ ہیں (۱) شعبہ (کے لئے ہر حال میں) اور ابوعمرو کے لئے (ہمزہ ساکنہ کے) ابدال والی قراءت پر لُوْلُؤٍ اور اَللُّوْلُؤُ اور لُوْلُؤًا ہے یعنی صرف پہلے ہمزہ کا واو سے ابدال کرتے ہیں (۲) امام حمزہ وقفا اپنے قاعدہ کے موافق دونوں ہمزوں میں تخفیف کرتے ہیں اور لُوْلُوْ ۔اَللُّوْلُوْ اور لُوْلُوًا پڑھتے ہیں (۳) ہشام اپنے قاعدہ کے موافق صرف دوسرے ہمزہ کا واو سے ابدال کرتے ہیں جب کہ اس پر کسرہ یا ضمہ ہو فتحہ نہ ہو (پس لُؤْلُؤٍ اور اَللُّؤْلُؤُ میں لُؤْلُوْ ۔اَللُّؤْلُوْ پڑھتے ہیں اور لُؤْلُؤًا میں وقفا بھی دونوں ہمزوں کو تحقیق سے پڑھتے ہیں اور اس میں ہشام اور حمزہ کی وجوہ کی پوری تفصیل کاشف الابہام میں ہے (۴) باقی (چار) کے لیے (ہر حال میں) دونوں ہمزوں کی تحقیق ہے۔

لِلنَّاسِ سَوَآءً ۨ الْعَاكِفُ میں حفص کے لیے ہمزہ کا نصب (دو زبروں کی تنوین) ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے سَوَآءٌ ۨ الْعَاكِفُ ہے ہمزہ کے رفع (ضمہ کی تنوین) سے (اور اس تنوین کو وصلاً تو سب کسرہ دے کر لام سے ملا دیتے ہیں اور وقفا حفص الف سے بدل کر سَوَآ پڑھتے ہیں اور باقی حضرات تنوین کو حذف کر کے سَوَآءْ پڑھتے ہیں)

ثُمَّ لْيَقْضُوْا میں ورش۔قنبل۔ابوعمرو۔ابن عامر کے لیے ثُمَّ لِيَقْضُوْا ہے لام کے کسرہ سے اور باقی (چار) کے لیے لام کا سکون ہے

اور وَلْيُوْفُوْا۔وَلْيَطَّوَّفُوْا میں ابن ذکوان کے لیے وَلِيُوْفُوْا اور وَلِيَطَّوَّفُوْا ہے دونوں میں لام کے کسرہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دونوں میں لام کا سکون ہے۔

وَلْيُوْفُوْا میں شعبہ کے لیے وَلْيُوَفُّوْا ہے دوسرے واو کے فتحہ اور فا کی تشدید سے اور باقی

https://alislami.net

(ساڑھے چھ) کے لیے واو کا سکون اور فا کی تخفیف ہے۔

فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ میں نافع کے لئے فَتَخَطَّفُهُ الطَّيْرُ ہے خا کے فتحہ اور طا کی تشدید سے اور باقی (چھ) کے لئے خا کا سکون اور طا کی تخفیف ہے۔

مَنْسَكًا میں دونوں جگہ حمزہ اور کسائی کے لیے سین کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے سین کا فتحہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے يَدْفَعُ ہے یا اور فا کے فتحہ اور دال کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا ضمہ اور دال کا فتحہ اور اس کے بعد الف اور فا کا کسرہ ہے۔

اُذِنَ لِلَّذِيْنَ میں نافع۔ ابوعمرو۔ عاصم کے لیے ہمزہ کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

يُقٰتَلُوْنَ میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے تا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا کا کسرہ ہے (پس ان دونوں میں چار قراءتیں ہوگئیں (۱) نافع اور حفص کے لیے اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ (۲) ابوعمرو اور شعبہ کے لیے اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتِلُوْنَ (۳) ابن کثیر اور حمزہ اور کسائی کے لیے اَذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتِلُوْنَ (۴) ابن عامر کے لیے اَذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ۔

وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے لَهُدِمَتْ ہے دال کی تخفیف سے اور باقی (پانچ) کے لیے دال پر تشدید ہے اور یہاں ابوعمرو۔ ابن ذکوان۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تا کا صاد میں ادغام ہے (یعنی لَهُدِّمَتْ صَّوَامِعُ۔

اَهْلَكْنٰهَا میں ابوعمرو کے لیے اَهْلَكْتُهَا ہے ضمہ والی تا سے اور باقی چھ کے لیے (کاف کے بعد) فتحہ والا نون اور اس کے بعد الف ہے۔

مِمَّا تَعُدُّوْنَ میں ابن کثیر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (چار) کے لیے تا ہے۔

مُعٰجِزِيْنَ میں یہاں اور سبا کے دونوں موقعوں میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے تینوں میں مُعَجِّزِيْنَ ہے الف کے حذف اور جیم کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لیے (عین کے بعد) الف اور جیم کی تخفیف ہے۔

ثُمَّ قُتِلُوْا آل عمران میں اور مُدْخَلًا نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ میں یہاں اور لقمٰن میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر۔ شعبہ کے لیے دونوں میں تا اور

https://alislami.net

باقی (ساڑھے تین) کے لیے یا ہے۔

مَنۡ مَّعِیَ اسی سورۃ کے شروع میں بیان ہو چکا ہے۔

## اور اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

مِنِّیۡ لِلطّٰٓـئِفِیۡنَ اس میں نافع۔ ہشام۔ حفص کے لیے فتحہ ہے۔

اس سورۃ میں یا آت زوائد دو ہیں (۱) وَالۡبَادِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور ورش و ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۲) کَانَ نَکِیۡرِ اس کو ورش ہر (چار) جگہ وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۲۳) سُوۡرَۃُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو اٹھارہ آیتیں۔ ایک ہزار آٹھ سو چالیس کلمے۔ چار ہزار آٹھ سو دو حروف اور چھ رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنۡ) کے دو حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

## پارہ (۱۸) قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ

لِاَمٰنٰتِہِمۡ میں یہاں اور معارج میں ابن کثیر کے لیے دونوں میں لِاَمٰنَتِہِمۡ ہے نون کے بعد والے الف کے بغیر واحد کے صیغہ سے اور باقی چھ کے لیے دونوں میں نون کے بعد بھی الف ہے جمع ہونے کی بنا پر۔

عَلٰی صَلَوٰتِہِمۡ میں حمزہ اور کسائی کے لیے صَلوٰتِہِمۡ ہے واو کے بغیر واحد کے صیغہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے لام کے بعد واو ہے جمع ہونے کی بنا پر۔

عِظٰمًا فَکَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ دونوں میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے عَظۡمًا فَکَسَوۡنَا الۡعَظۡمَ ہے عین کے فتحہ اور ظا کے سکون سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے عین کا کسرہ ظا کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

سَیۡنَآءَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے سین کا فتحہ اور باقی (تین) کے لئے سین کا کسرہ ہے

تَنۡبُتُ بِالدُّہۡنِ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے تُنۡبِتُ ہے تا کے ضمہ اور با کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا فتحہ اور با کا ضمہ ہے۔

نُسۡقِیۡکُمۡ نحل میں بیان ہو چکا ہے۔

مِنۡ اِلٰہٍ غَیۡرِہٖ (اور غَیۡرُہٗ اعراف) میں اور مِنۡ کُلٍّ زَوۡجَیۡنِ اثۡنَیۡنِ ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

مُنْزَلًا میں شعبہ کے لیے مُنْزِلًا ہے میم کے فتحہ اور زا کے کسرہ سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے میم کا ضمہ اور زا کا فتحہ ہے۔

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ باب الوقف علیٰ مرسوم الخط میں بیان ہو چکا ہے ۔

تَتْرَا كُلَّ مَا میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے تَتْرًا ہے تنوین (را کے دو زبروں) سے اور وقفا اس تنوین کو الف سے بدلتے ہیں اور باقی (پانچ) کے لیے را کے بعد الف ہے تنوین کے بغیر اور یہ سب اس را میں اپنے قواعد پر ہیں (پس ورش کے لیے امالہ صغریٰ اور حمزہ اور کسائی کے لیے امالہ محضہ اور باقی (اڑھائی) کے لیے فتح ہے)

اِلٰى رَبْوَةٍ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَاِنَّ هٰذِهٖ میں تین قراءتیں ہیں (۱) کوفیین کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور نون پر تشدید اور فتحہ ہے (۲) ابن عامر کے لیے وَاَنْ هٰذِهٖ ہمزہ کے فتحہ نون کے جزم اور تخفیف سے (۳) باقی (تین) کے لیے وَاَنَّ هٰذِهٖ ہے ہمزہ کے فتحہ اور نون کی تشدید اور فتحہ سے۔

تَهْجُرُوْنَ میں نافع کے لیے تُهْجِرُوْنَ ہے تا کے ضمہ اور جیم کے کسرہ سے اور باقی (چھ) کے لیے تا کا فتحہ اور جیم کا ضمہ ہے۔

اَمْ تَسْئَلُهُمْ خَرْجًا اور خَرْجًا کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

فَخَرْجُ رَبِّكَ میں ابن عامر کے لیے فَخَرْجُ ہے را کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقی (چھ) کے لیے را کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے (پس ان دونوں میں تین قراءتیں ہوگئیں (۱) ابن عامر کے لیے خَرْجًا فَخَرْجُ (۲) حمزہ کسائی کے لئے خَرْجًا فَخَرْجُ (۳) باقی چار کے لئے خَرْجًا فَخَرْجُ

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ میں اخیر والے دو موقعوں میں ابوعمرو کے لیے سَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ہے نون کے بعد الف (ہمزۂ وصلی) سے جو حذف ہو جاتا ہے اور ھا کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لیے لِلّٰهِ ہے الف کے بغیر کسرہ والے لام اور ھا کے کسرہ سے اور پہلے موقع میں سب کے لیے سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ہے اس میں کسی کا بھی اختلاف نہیں۔

عٰلِمِ الْغَيْبِ میں ابن کثیر اور ابوعمرو۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے میم کا کسرہ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے میم کا ضمہ ہے۔

شِقْوَتُنَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے شَقَاوَتُنَا ہے شین اور قاف کے فتحہ اور اس کے بعد الف سے اور

https://alislami.net

باقی (پانچ) کے لیے شین کا کسرہ قاف کا سکون ہے۔

سِخْرِیًّا میں یہاں اور صٓ میں نافع، حمزہ اور کسائی کے لئے دونوں میں سین کا ضمہ باقی (چار) کے لئے سین کا کسرہ ہے اور زخرف والے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے سین کا ضمہ ہے)

اَنَّھُمْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

قٰلَ کَمْ لَبِثْتُمْ میں ابن کثیر حمزہ اور کسائی کے لئے قُلْ کَمْ ہے قاف کے ضمہ اور لام کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقی (چار) کے لیے قٰلَ ہے (قاف کے بعد) الف (اور لام کے فتحہ) سے اور قٰلَ اِنْ لَبِثْتُمْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے قُلْ اِنْ لَبِثْتُمْ ہے الف کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے قٰلَ ہے الف سے۔

لَا تُرْجَعُوْنَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے لَا تَرْجِعُوْنَ ہے تا کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا ضمہ اور جیم کا فتحہ ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

لَعَلِّیْٓ اس میں کوفیین کے لیے سکون اور باقی چار کے لیے فتحہ ہے۔

## (۲۴) سُوْرَۃُ النُّوْرِ (مدنی)

اس سورہ میں چونسٹھ آیتیں ایک سو بیالیس کلمے۔ چھ سو اکتالیس حروف اور نو رکوع ہیں اس کے فواصل (نمرٌ لبٌ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَفَرَضْنٰھَا میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے وَفَرَّضْنٰھَا ہے را کی تشدید سے اور باقی (پانچ) کے لیے را کی تخفیف ہے۔

بِھِمَا رَاْفَۃٌ میں ابن کثیر کے لیے رَاَ ہے ہمزہ کے فتحہ سے اور باقی چھ کے لیے ہمزہ کا سکون ہے اور حدید والے رَاْفَۃً میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے سکون ہی ہے)

اور اَلْمُحْصَنٰتِ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَرْبَعُ شَھٰدٰتٍ میں پہلی جگہ حفص، حمزہ اور کسائی کے لیے عین کا ضمہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے عین کا فتحہ ہے اور دوسرے (اَرْبَعَ) میں (جو اس کے بعد اسی رکوع میں ہے) کسی کا بھی اختلاف نہیں

https://alislami.net

(اس میں سب کے لیے عین کا فتحہ ہے)

اَنْ لَعْنَتَ اللّٰهِ اور اَنْ غَضَبَ اللّٰهِ میں نافع کے لیے اَنْ لَعْنَتُ اللّٰهِ اور اَنْ غَضِبَ اللّٰهُ ہے یعنی اول میں نون کی تخفیف اور سکون (اور اس کا لام میں ادغام) اور تا کا ضمہ ہے اور ثانی میں نون کی تخفیف اور سکون اور ضاد کا کسرہ اور اَللّٰهُ کی ھا کا ضمہ ہے اور باقی چھ کے لیے دونوں میں نون پر تشدید اور فتحہ اور لَعْنَتَ میں تا اور غَضَبَ میں ضاد کا فتحہ اور اَللّٰهِ کی ھا کا کسرہ ہے۔

وَالْخَامِسَةُ اَنْ غَضَبَ اللّٰهِ میں حفص کے لیے تا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تا کا ضمہ ہے اور پہلے (وَالْخَامِسَةُ) میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے تا کا ضمہ ہی ہے)

خُطُوٰتِ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

یَوْمَ تَشْهَدُ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

عَلٰی جُیُوْبِهِنَّ میں نافع۔ ابو عمرو۔ ہشام۔ عاصم کے لیے جیم کا ضمہ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے جیم کا کسرہ ہے۔

غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے غَیْرَ کی را کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے را کا کسرہ ہے۔

اَیُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ میں یہاں اور یٰاَیُّهُ السّٰحِرُ ادْعُ زخرف میں اور اَیُّهُ الثَّقَلٰنِ رحمٰن تینوں میں ابن عامر کے لیے وصلاً ھا کا ضمہ اور باقی چھ کے لیے ھا کا فتحہ ہے اور ان تینوں پر ابو عمرو اور کسائی ھا کے بعد الف زیادہ کر کے وقف کرتے ہیں اور اَیُّهَا پڑھتے ہیں (کیونکہ اصل میں ھا کے بعد الف تھا) اور باقی (پانچ رسم کے موافق) الف کے بغیر ھا پر وقف کرتے ہیں (اور اَیُّهْ پڑھتے ہیں)

اِکْرَاهِهِنَّ (کا حکم امالہ میں بیان ہو چکا ہے (اصول میں)

اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ میں دونوں جگہ یہاں اور طلاق میں تینوں میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یا کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

دُرِّیٌّ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو اور کسائی کے لیے دِرِّیٌٔ دال کے کسرہ اور یا میں مد اور اس کے بعد ہمزہ سے (۲) شعبہ اور حمزہ کے لیے دُرِّیٌٔ دال کے ضمہ اور یا میں مد اور اس کے بعد ہمزہ سے اور حمزہ جب

https://alislami.net

اس پر وقف کرتے ہیں تو اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ کا یا سے ابدال کرتے ہیں (پھر پہلی یا کا دوسری یا میں ادغام کر دیتے ہیں کیونکہ یہ ہمزہ یائے زائد کے بعد ہے پس ان کی قراءۃ بھی باقین کی طرح ہو جاتی ہے) (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے دُرِّیٌّ دال کے ضمہ اور یا کی تشدید سے ہمزہ کے بغیر۔

یُوْقَدُ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے تَوَقَّدَ فتحہ والی تا اور واو اور دال کے فتحہ اور قاف کی تشدید سے (۲) شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تُوْقَدُ ضمہ والی تا اور واو کے سکون اور قاف کی تخفیف اور دال کے ضمہ سے (۳) باقی (اڑھائی) کے لیے یُوْقَدُ نمبر دو کی طرح لیکن اس میں تا کے بجائے یا ہے (اور ان دونوں کلمات کے ملانے سے پانچ قراءتیں ہو جاتی ہیں (۱) نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے دُرِّیٌّ یُوْقَدُ (۲) ابن کثیر کے لیے دُرِّیٌّ تَوَقَّدَ (۳) شعبہ اور حمزہ کے لیے دُرِّیْءٌ تُوْقَدُ (۴) ابو عمرو کے لیے دِرِّیْءٌ تَوَقَّدَ (۵) کسائی کے لیے دِرِّیْءٌ تُوْقَدُ)

یُسَبِّحُ لَهٗ میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے با کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے با کا کسرہ ہے۔

سَحَابٌ میں بزی کے لیے سَحَابُ ہے با کے ایک پیش سے تنوین کے بغیر اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے با پر تنوین دو پیش ہیں۔

ظُلُمٰتٌ میں ابن کثیر کے لیے تا کے دو زیر اور باقی (چھ) کے لیے تا پر دو پیش ہیں (پس ان دونوں میں تین قراءتیں ہو گئیں (۱) بزی کے لیے سَحَابُ ظُلُمٰتٍ (۲) قنبل کیلیے سَحَابٌ ظُلُمٰتٍ (۳) باقی چھ کے لیے سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ)

خٰلِقُ کُلِّ دَآبَّةٍ ابراہیم میں بیان ہو چکا ہے۔

وَیَتَّقْهِ میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو اور شعبہ کے لیے وَیَتَّقْهِ قاف کے کسرہ اور ھا کے سکون سے (۲) قالون کے لیے وَیَتَّقِهِ قاف کے کسرہ اور ھا کے اختلاس (بڑے زیر) سے (۳) حفص کے لیے وَیَتَّقْهِ قاف کے سکون اور ھا کے اختلاس (بڑے زیر) سے (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے وَیَتَّقِهٖ یعنی قاف کا کسرہ اور ھا کا یا کے ساتھ صلہ (کھڑا زیر) ہے لیکن ان میں سے خلاد کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) وَیَتَّقْهِ نمبر ایک کی طرح (۲) وَیَتَّقِهٖ نمبر چار کی طرح (ان کے لیے سکون ابو الفتح سے ہے اور طریق بھی انھی سے ہے اور صلہ ابو الحسن سے ہے اور اسی طرح ہشام کے لیے بھی دو وجوہ ہیں (۱) وَیَتَّقِهٖ نمبروں کی طرح اور یہ زیادات میں سے ہے (۲) وَیَتَّقِهٖ نمبر چار کی

https://alislami.net

طرح نمبر ایک ابوالفتح سے ہے اور طریق بھی انہیں سے ہے اور نمبر دو ابوالحسن سے ہے اور یہاں اختلاس عدم صلہ کے معنیٰ میں ہے نہ کہ اصطلاحی معنیٰ میں جیسا کہ اوپر بھی بتایا جا چکا ہے) اور وقفا یہ ھا بالاتفاق ساکن ہے۔

كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ میں شعبہ کے لیے كَمَا اسْتُخْلِفَ الَّذِيْنَ ہے تا کے ضمہ اور لام کے کسرہ سے اور جب اس کلمہ سے ابتدا (اعادہ) کرتے ہیں تو ہمزۂ وصلی کا ضمہ پڑھتے ہیں (یعنی اُسْتُخْلِفَ الَّذِيْنَ) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لئے تا اور لام دونوں کا فتحہ ہے اور ابتدا (اعادہ) کے وقت ہمزہ وصلی کا کسرہ پڑھتے ہیں۔ یعنی (اِسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ)

وَلَيُبْدِلَنَّهُمْ میں ابن کثیر اور شعبہ کے لیے وَلَيُبْدِلَنَّهُمْ ہے با کے سکون اور دال کی تخفیف سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے با کا فتحہ اور دال پر تشدید ہے۔

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ میں ابن عامر اور حمزہ کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ میں شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے ثا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے ثا کا ضمہ ہے۔

بُيُوْتِ بقرہ میں اور اُمَّهٰتِكُمْ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اور اس سورۃ میں کوئی یا بھی نہیں ہے (نہ اضافت کی اور نہ زائدہ)

## (۲۵) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ (مکی)

اس سورہ میں سترّ آیتیں۔ آٹھ سو بانوے کلمے۔ تین ہزار سات سو تین حروف اور چھ رکوع ہیں اسکے فواصل (لا) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

جَنَّةٌ يَّأْكُلُ مِنْهَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے جَنَّةٌ نَّأْكُلُ ہے نون سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا میں ابن کثیر۔ ابن عامر اور شعبہ کے لیے وَيَجْعَلُ لَكَ ہے لام کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لام کا جزم اور اس کا دوسرے لام میں ادغام ہے۔

ضَيِّقًا انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ میں ابن کثیر اور حفص کے لیے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے نون ہے۔

فَيَقُوْلُ ءَ اَنْتُمْ میں ابن عامر کے لیے نون ہے اور باقی (چھ) کے لیے یا ہے۔

فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ میں حفص کے لیے تا اور باقین کے لیے یا ہے۔

https://alislami.net

# پارہ (۱۹) وَقَالَ الَّذِیْنَ

وَیَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ میں یہاں اور تَشَقَّقُ الْاَرْضُ قٓ میں ابوعمرو اور کوفیین کے لیے شین کی تخفیف ہے اور باقی (تین) کے لیے تَشَّقَّقُ ہے شین کی تشدید سے۔

وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِکَةُ میں ابن کثیر کے لیے وَنُنْزِلُ الْمَلٰٓئِکَةَ ہے دونوں سے جن میں سے دوسرا ساکن ہے (اور اس میں اخفا ہے) اور زا کی تخفیف اور لام کا ضمہ اور اَلْمَلٰٓئِکَةَ کی تا کا فتحہ ہے اور باقی (چھ) کے لیے ایک نون اور زا پر تشدید اور لام کا فتحہ اور اَلْمَلٰٓئِکَةُ کی تا کا ضمہ ہے۔

وَثَمُوْدَ ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلرِّیْحَ بقرہ میں اور بُشْرًا اعراف میں اور لِیَذَّکَّرُوْا اسراء میں اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے

لِمَا تَاْمُرُنَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

فِیْھَا سِرٰجًا میں حمزہ اور کسائی کے لیے سُرُجًا ہے سین اور را کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے سین کا کسرہ اور را کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

اَنْ یَّذَّکَّرَ میں حمزہ کے لیے اَنْ یَّذْکُرَ ہے ذال کے سکون اور کاف کے ضمہ اور دونوں کی تخفیف سے اور باقی (چھ) کے لیے ذال اور کاف دونوں پر تشدید اور فتحہ ہے۔

وَلَمْ یَقْتُرُوْا میں تین قراتیں ہیں (۱) نافع اور ابن عامر کے لیے وَلَمْ یُقْتِرُوْا یا کے ضمہ اور تا کے کسرہ سے (۲) ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے وَلَمْ یَقْتِرُوْا یا کے فتحہ اور تا کے کسرہ سے (۳) باقی (تین) کے لیے یا کا فتحہ اور تا کا ضمہ ہے۔

یُضٰعَفْ لَہُ وَیَخْلُدْ فِیْہٖ دونوں میں ابن عامر اور شعبہ کے لیے یُضٰعَفُ اور وَیَخْلُدُ ہے فا اور دال کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے فا اور دال دونوں کا جزم ہے اور ابن کثیر اور ابن عامر اپنے قاعدہ کے موافق یُضٰعَفْ میں الف کو حذف کرتے ہیں اور عین کو مشدد پڑھتے ہیں (پس ان میں چار قراءتیں ہو جاتی ہیں (۱) ابن عامر کے لئے یُضَعَّفُ وَیَخْلُدُ (۲) شعبہ کے لئے یُضٰعَفُ وَیَخْلُدُ (۳) ابن عامر کے لیے یُضَعَّفْ وَیَخْلُدْ (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے یُضٰعَفْ وَیَخْلُدْ)

https://alislami.net

فِيْهٖ مُهَانًا میں ابن کثیر (اپنے عام قاعدہ کے موافق) اور حفص صرف اسی جگہ ھا کا یا کے ساتھ صلہ کرتے ہیں (یعنی فِيْهٖ مُهَانًا پڑھتے ہیں) اور باقی (ساڑھے پانچ) ھا کے کسرہ سے صلہ کے بغیر پڑھتے ہیں۔

وَذُرِّيّٰتِنَا میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے یا کے بعد الف ہے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے وَذُرِّيَّتِنَا ہے الف کے بغیر واحد کے صیغہ سے۔

وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے وَيَلْقَوْنَ ہے یا کے فتحہ لام کے سکون اور قاف کی تخفیف سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا کا ضمہ۔ لام کا فتحہ اور قاف پر تشدید ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) يٰلَيْتَنِيَ اتَّخَذْتُ اس میں ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۲) اِنَّ قَوْمِيَ اتَّخَذُوْا اس میں نافع۔ بزی۔ ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے۔

# (۲۶) سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ (مکی)

اس سورہ میں دو سو ستائیس آیتیں۔ ایک ہزار دو سو اناسی کلمے۔ پانچ ہزار پانچ سو چالیس حروف اور گیارہ رکوع ہیں اسکے فواصل (لِمَنْ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

طٰسٓمّٓ میں یہاں اور قصص کے شروع میں اور طٰسٓ نمل کے شروع میں تینوں میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے طا کا امالہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے طا کا خالص فتح ہے اور یہاں اور قصص کے شروع میں حمزہ کے لیے طٰسٓمٓ ہے یعنی میم سے پہلے اس نون کا اظہار کرتے ہیں جو سین کے ہجا میں آتا ہے اور باقی چھ کے لیے نون کا میم میں ادغام ہے۔

اَرْجِئْهُ اور تَلْقَفُ اور اٰمَنْتُمْ اعراف میں اور قَالَ نَعَمْ (اعراف) بیان ہو چکا ہے۔

اَنِ اسْرِ ہود میں اور وَعُيُوْنٍ حجر میں بیان ہو چکا ہے۔

حٰذِرُوْنَ میں ابن ذکوان اور کوفیین کے لیے (حا کے بعد) الف ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے حَذِرُوْنَ ہے الف کے حذف سے۔

فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ میں حمزہ وصلاً صرف را کے فتحہ میں امالہ کرتے ہیں اور جب اس کلمہ پر وقف

https://alislami.net

کرتے ہیں تو ہمزہ کو اس کے ساتھ شامل کر کے اس میں بھی امالہ کرتے ہیں اور اپنے قاعدہ کے موافق (مد وقصر کے ساتھ) ہمزہ میں تسہیل بین بین بھی کرتے ہیں پس یہ ہمزہ امالہ والے دو الفوں کے درمیان ہو جاتا ہے جن میں سے پہلے الف میں را کے فتحہ کے امالہ کی وجہ سے امالہ ہوا ہے اور دوسرے الف میں ہمزہ کے فتحہ کے امالہ کی بنا پر امالہ ہوا ہے اور حمزہ کے مذہب کے موافق اس کلمہ کے اختلاف کی حقیقت یہی ہے (جو بیان کی گئی) لیکن اس کی ادا کا (صحیح) فیصلہ (کامل استاذ کے) منہ سے سننے ہی پر موقوف ہے اور باقی حضرات وصل کی حالت میں را اور ہمزہ دونوں کا خالص فتح پڑھتے ہیں اور ان کے لیے اس میں وقف کا حکم یہ ہے کہ کسائی اس میں وقفاً ہمزہ کے فتحہ میں امالہ کرتے ہیں اور اسی کے امالہ کی بنا پر اس الف میں بھی امالہ ہو جاتا ہے جو ہمزہ کے بعد ہے اور یا سے بدلا ہوا ہے اور ورش اس میں اپنے اس قاعدہ کے موافق جو یائی کلمات میں ہے۔ ہمزہ میں امالہ صغریٰ اور فتح پڑھتے ہیں اور باقی حضرات ہمزہ کے فتح (ترک امالہ) سے وقف کرتے ہیں۔

**فائدہ**: تَرَآءَ اصل میں تَرَآءَی تھا یا الف سے بدل گئی تو تَرَآءَ ہو گیا لیکن قرآن میں اس کی رسم عام قیاس کے خلاف ہے یعنی الف کے بجائے یا لکھی ہوئی نہیں ہے اسی لیے صاحب غیث کے ارشاد کے موافق اس میں بہت سے حضرات سے لغزش ہوگئی ہے لیکن حق یہ ہے کہ یہ یَخْشٰی۔ یَرْضٰی جیسے یائی کلمات کے حکم میں سے اور چونکہ اصل کے لحاظ سے اس کے آخر میں یا سے بدلا ہوا الف ہے رسم میں نہیں اس لیے وقفاً سب قراء اس الف کو پڑھتے ہیں اور قاعدہ کے موافق امالہ اور فتح بھی ہوتا ہے پس وصلاً تو صرف حمزہ کے لیے را میں امالہ ہے اور وقفاً اس میں پانچ وجوہ ہیں (اول) حمزہ کے لیے را اور ہمزہ دونوں میں امالہ اور ہمزہ کی تسہیل مد وقصر کے ساتھ (۳) کسائی کے لیے صرف ہمزہ میں امالہ اور اس کی تحقیق (۴) ورش کے لیے ہمزہ میں امالہ صغریٰ اور فتح اور امالہ کی صورت میں بدل میں توسط اور طول اور فتح کی صورت میں قصر وطول چار وجوہ ہوں گی (۵) باقی (ساڑھے چار) کے لیے ہمزہ کا خالص فتحہ ہے۔

اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِیْنَ میں ابن کثیر اور ابو عمرو اور کسائی کے لیے خَلْقُ الْاَوَّلِیْنَ ہے خا کے فتحہ اور لام کے سکون سے اور باقی (چار) کے لیے خا اور لام دونوں کا ضمہ ہے۔

فٰرِهِیْنَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے (فا کے بعد) الف ہے اور باقی (تین) کے لیے فَرِهِیْنَ ہے الف کے بغیر۔

https://alislami.net

اَصۡـحٰبُ لۡئَیۡکَۃِ میں یہاں اور صٓ میں نافع۔ ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے اَصۡـحٰبُ لَیۡکَۃَ ہے فتحہ والے لام سے اور تا پر بھی فتحہ ہے اور نہ تو لام کے بعد ہمزہ ہے اور نہ اس سے پہلے الف ہے اور باقی (چار) کے لیے لام سے پہلے الف ہے (جو وصلاً حذف ہو جاتا ہے) اور لام کے بعد فتحہ والا ہمزہ ہے اور تا کا کسرہ ہے اور حجر اور قٓ والا بالاتفاق سب کے لیے اسی طرح ہے جس طرح یہاں دوسری قراءۃ ہے لیکن ان میں ورش اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ کی حرکت نقل کر کے لام کو دیدیتے ہیں (اور اَصۡـحٰبُ لَیۡکَۃِ پڑھتے ہیں)

بِالۡقِسۡطَاسِ اسراء میں بیان ہو چکا ہے۔

کِسَفًا میں یہاں اور سبا میں حفص کے لیے سین کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے دونوں میں کِسۡفًا ہے سین کے سکون سے۔

نَزَلَ بِهِ الرُّوۡحُ الۡاَمِیۡنُ میں ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لئے نَزَّلَ بِهِ الرُّوۡحَ الۡاَمِیۡنَ ہے زا کی تشدید اور حا اور نون کے فتحہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے زا کی تخفیف اور حا اور نون کا ضمہ ہے۔

اَوَلَمۡ یَکُنۡ لَّهُمۡ اٰیَةً میں ابن عامر کے لیے اَوَلَمۡ تَکُنۡ لَّهُمۡ اٰیَةٌ ہے یا کے بجائے تا سے اور ا یَةٌ تا پر دو پیش ہیں اور باقی چھ کے لیے یا ہے اور تا کے دو زبر ہیں۔

وَتَوَکَّلۡ میں نافع اور ابن عامر کے لیے فَتَوَکَّلۡ ہے فا سے اور باقی (پانچ) کے لیے تا سے پہلے (فا کے بجائے) واو ہے۔

یَتَّبِعُهُمُ الۡغَاوٗنَ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تیرہ ہیں

(۱و۲) اِنِّیۡۤ اَخَافُ۔ اِنِّیۡۤ اَخَافُ (۳) رَبِّیۡۤ اَعۡلَمُ ان تینوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) بِعِبَادِیۡۤ اِنَّکُمۡ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے (۵) اِنَّ مَعِیَ رَبِّیۡ اس میں حفص کے لیے فتحہ ہے (۶) عَدُوٌّ لِّیۡۤ اِلَّا رَبَّ (۷) لِاَبِیۡۤ اِنَّهٗ ان دونوں میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۸) وَمَنۡ مَّعِیَ اس میں ورش و حفص کے لیے فتحہ ہے (۹ تا ۱۳) اِنۡ اَجۡرِیَ اِلَّا پانچ جگہ ان میں نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے فتحہ ہے۔

## (۲۷) سُوۡرَةُ النَّمۡلِ (مکی)

اس سورہ میں تیرانوے آیتیں۔ ایک ہزار تین سو سترہ کلمے۔ چار ہزار سات سو ننانوے حروف اور سات

https://alislami.net

رکوع ہیں اس کے فواصل (نمو) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

بِشِهَابٍ قَبَسٍ میں کوفیین کے لیے با پر تنوین ہے اور باقی (چار) کے لیے بِشِهَابِ ہے تنوین کے بغیر ایک زیر سے۔

اَوْ لَيَأْتِيَنِّي میں ابن کثیر کے لیے لَيَأْتِيَنَّنِي ہے دونونوں سے جن میں سے پہلے پر تشدید اور فتحہ ہے اور باقی (چھ) کے لیے ایک نون ہے جس پر تشدید اور کسرہ ہے۔

فَمَكُثَ میں عاصم کے لیے کاف کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لیے کاف کا ضمہ ہے۔

مِنْ سَبَإٍ میں یہاں اور (لِسَبَإٍ) سبا میں دونوں میں تین قراءتیں ہیں (۱) بزی اور ابوعمرو کے لئے مِنْ سَبَأَ۔ لِسَبَأَ ہے ہمزہ کے فتحہ سے تنوین کے بغیر (۲) قنبل کے لیے مِنْ سَبَأْ۔ لِسَبَأْ ہے ہمزہ کے سکون سے اور یہ سکون وقف کی نیت کر لینے کی بنا پر ہے (جس کو وصل بہ نیت وقف کہتے ہیں) (۳) باقی (پانچ) کے لیے دونوں جگہ ہمزہ پر کسرہ اور تنوین ہے۔

اَلَّا يَسْجُدُوا میں کسائی کے لیے اَلَا يَسْجُدُوا ہے لام کی تخفیف سے (اور وقفِ اضطراری واختیاری میں) اَلَا (پر اور) یَا پر وقف کرتے ہیں اور اس سے ابتدا (اعادہ) کرنے کے وقت اُسْجُدُوْا پڑھتے ہیں امر کا صیغہ ہونے کی بنا پر یعنی يَاَيُّهَا النَّاسُ اسْجُدُوا اور باقی (چھ) لام کو تشدید سے پڑھتے ہیں اس بنا پر کہ نون کا لام میں ادغام کرتے ہیں کیونکہ اَلَّا اصل میں اَنْ لَا تھا اور وقف پورے کلمہ (یعنی اَلَّا پر یا يَسْجُدُوا) پر کرتے ہیں۔

مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ دونوں میں حفص اور کسائی کے لیے تا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے یا ہے۔

فَأَلْقِهْ اِلَيْهِمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابوعمرو۔ عاصم اور حمزہ کے لیے ھا کا سکون (۲) قالون کے لیے فَأَلْقِهِ ھا کے اختلاس (پڑے زیر) سے (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے فَأَلْقِهٖ ہے ھا کے صلہ (کھڑے زیر) سے (جس سے اس میں مد منفصل پیدا ہو جائے گا لیکن ان میں سے ہشام کے لیے دو وجوہ ہیں (الف) فَأَلْقِهِ نمبر دو کی طرح اور یہ زیادات میں سے ہے (ب) فَأَلْقِهٖ نمبر تین کی طرح اول ابوالفتح سے ہے اور طریق بھی انھیں سے ہے اور ثانی ابوالحسن سے ہے)

اَنَا اٰتِيْكَ اصول میں بیان ہو چکا ہے۔ (احکام امالہ میں)

عَنْ سَاقَيْهَا میں یہاں اور بِالسُّوْقِ ص اور عَلٰى سُوْقِهٖ فتح ان تینوں میں قنبل کے لیے عَنْ سَاْقَيْهَا

https://alislami.net

اوربالسُّوْقِ اور عَلٰی سُؤْقِہٖ ہے (الف اور واو کے بجائے) ہمزۂ (ساکنہ) ہے (اور قصیدہ میں حق اور فتحا والے میں بِالسُّؤْقِ اور عَلٰی سُؤْقِہٖ بھی ہے سین کے بعد ضمہ والے ہمزہ اور اس کے بعد واو ساکنہ سے پس ان میں دو وجوہ ہوگئیں) اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تینوں میں ہمزہ نہیں ہے بلکہ اول میں سین کے بعد الف اور باقی دو میں واو ہے۔

لَنُبَیِّتَنَّہٗ اور ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ میں حمزہ اور کسائی کے لیے لَتُبَیِّتُنَّہٗ اور ثُمَّ لَتَقُوْلُنَّ ہے دونوں میں تا سے اور اول میں دوسری تا کے اور ثانی میں دوسرے لام کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں نون ہے اور تا اور لام کا فتحہ ہے۔

مَہْلِکَ اَھْلِہٖ کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

اَنَّا دَمَّرْنٰھُمْ میں کوفیین کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (چار) کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

قَدَّرْنٰھَا حجر میں بیان ہو چکا ہے۔

خَیْرٌ اَمَّا یُشْرِکُوْنَ میں ابوعمرو و عاصم کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے

## پارہ (۲۰) اَمَّنْ خَلَقَ

قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ میں ابوعمرو و ہشام کے لیے یَذَّکَّرُوْنَ ہے یا سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا ہے (اور ذال میں جو تشدید و تخفیف کا اختلاف ہے وہ انعام میں ہو چکا ہے اس لیے اس میں تین قراء تیں ہیں (۱) حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تَذَکَّرُوْنَ (۲) ابوعمرو و ہشام کے لیے یَذَّکَّرُوْنَ (۳) باقی (تین) کے لیے تَذَّکَّرُوْنَ الرِّیٰحَ بقرہ اور بُشْرًا اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

بَلِ ادّٰرَکَ عِلْمُھُمْ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے بَلْ اَدْرَکَ ہے (لام کے سکون اور) ہمزۂ قطعی (اور اس کے فتحہ) اور دال کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقی (پانچ) کے لیے (لام کا کسرہ اور) ہمزۂ وصلی ہے (جو وصلاً حذف ہو جاتا ہے اور اعادہ میں کسرہ سے پڑھا جاتا ہے) اور دال پر تشدید اور فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

ءَ اِذَا کُنَّا تُرٰبًا میں نافع کے لیے اِذَا کُنَّا ہے خبر کی بنا پر کسرہ والے ایک ہمزہ سے اور باقی (چھ)

https://alislami.net

کے لیے استفہام ہے (دو ہمزوں سے) اور تحقیق وادخال و تسہیل میں سب اپنے (ان) قواعد پر ہیں جو ہمز تین بیان ہو چکے ہیں اور یہ رعد میں بھی بیان ہو چکا ہے۔

اَئِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ میں ابن عامر اور کسائی کے لیے اِنَّا ہے دونوں سے اور خبر کی بنا پر کسرہ والے ایک ہمزہ (سے اور باقی پانچ) کے لیے ایک نون اور استفہام دو ہمزہ ہیں اور (اس میں بھی) سب اپنے اصول پر ہیں اور یہ رعد میں بھی بیان ہو چکا ہے۔

فِیْ ضَیْقٍ نحل میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ میں یہاں اور روم میں دونوں میں ابن کثیر کے لیے وَلَا یَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ ہے فتحہ والی یا اور میم کے فتحہ اور اَلصُّمُّ کے میم کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لئے دونوں میں ضمہ والی تا اور میم کا کسرہ اور اَلصُّمَّ کے میم کا فتحہ ہے۔

وَمَآ اَنْتَ بِھٰدِی الْعُمْیِ میں دونوں سورتوں میں یہاں اور روم میں حمزہ کے لیے تَھْدِی الْعُمْیَ ہے فتحہ والی تا اور ھا کے سکون اور اَلْعُمْیَ کی یا کے فتحہ سے اور وقفاً دونوں میں یا کو ثابت رکھتے ہیں (اور تَھْدِیْ پڑھتے ہیں) اور باقی (چھ) کے لیے کسرہ والی با اور ھا کا فتحہ اور اس کے بعد الف اور اَلْعُمْیِ کی یا کا کسرہ ہے اور جب بِھٰدِی پر وقف کرتے ہیں تو رسم کی موافقت کی بنا پر یہاں تو یا کو ثابت رکھتے ہیں اور روم میں یا کو حذف کر دیتے ہیں (پس یہاں بِھٰدِیْ اور وہاں بِھٰدِ پڑھتے ہیں) سوائے کسائی کے یہ دونوں میں یا سے وقف کرتے ہیں۔

اَنَّ النَّاسَ میں کوفیین کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (چار) کے لیے کسرہ ہے۔

وَکُلٌّ اَتَوْہُ میں حفص اور حمزہ کے لیے ہمزہ کے بعد والے الف کا حذف اور تا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے اٰتُوْہُ ہے ہمزہ کے بعد الف اور تا کے ضمہ سے۔

خَبِیْرٌ بِمَا تَفْعَلُوْنَ میں ابن کثیر اور ابو عمرو اور ہشام کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا ہے۔

مِنْ فَزَعٍ میں کوفیین کے لیے عین پر تنوین ہے اور باقی (چار) کے لیے فَزَعِ ہے تنوین کے بغیر (عین کے ایک زیر سے) یَوْمَئِذٍ میں نافع اور کوفیین کے لیے میم کا فتحہ اور باقی (تین) کے لیے میم کا کسرہ ہے (پس ان دونوں میں تین قراءتیں ہو گئیں (۱) نافع کے لیے فَزَعِ یَوْمَئِذٍ (۲) کوفیین کے لیے فَزَعٍ یَّوْمَئِذٍ (۳) باقی (تین) کے لیے فَزَعِ یَوْمِئِذٍ)

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

## اس سُورۃ میں اضافت کی یا آت پانچ ہیں

(۱) اِنِّيٓ اٰنَسۡتُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۲) اَوۡزِعۡنِيٓ اَنۡ اَشۡکُرَ (اس میں ورش اور بزی کے لیے فتحہ ہے (۳) مَا لِيَ لَآ اَرَی اس میں ابن کثیر ہشام۔ عاصم اور کسائی کے لیے فتحہ ہے (۴) اِنِّيٓ اُلۡقِيَ (۵) لِيَبۡلُوَنِيٓ ءَ اَشۡکُرُ ان دونوں میں نافع کے لیے فتحہ ہے۔

### اس سورۃ میں یا آت زوائد دو ہیں

(۱) اَتُمِدُّوۡنَنِ بِمَالٍ اس کو حمزہ اَتُمِدُّوۡنِّ پڑھتے ہیں تشدید والے ایک نون سے اور باقی چھ کے لیے دونون ہیں اور دونوں میں اظہار ہے اور اس میں ابن کثیر اور حمزہ دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابوعمرو وصل میں یا کو ثابت رکھتے ہیں (۲) فَمَآ اٰتٰنِ اللّٰهُ اس میں قالون۔ ابوعمرو۔ حفص یا کو ثابت رکھتے ہیں۔ اور وصلاً تو اٰتٰنِیَ اللّٰهُ فتحہ سے پڑھتے ہیں اور وقفاً دو وجوہ ہیں (۱) اٰتٰنِی یا کو ساکن کر کے ثابت رکھتے ہیں (۲) اٰتٰنْ یا کے حذف سے (لیکن تحقیق یہ ہے کہ قالون اور ابوعمرو کے لیے وقفاً بھی اثبات ہی ماخوذ و پسندیدہ ہے اور حفص کے لیے وقفاً دونوں وجوہ صحیح ہیں لیکن اثبات ابوالحسن کے بجائے ابو الفتح سے ہے۔ **کذا فی المفردات لِلدّانی** ) اور ورش کے لیے وصلاً یا کا فتحہ اور وقفاً حذف ہے اور باقی (چار) دونوں حالتوں میں یا کو حذف کرتے ہیں (یعنی اٰتٰنِ اللّٰهُ اور اٰتٰنْ اور وَادِ النَّمۡلِ میں کسائی یا سے اور باقی چھ یا کے بغیر وقف کرتے ہیں۔

## (۲۸) سُوۡرَۃُ الۡقَصَصِ (مکی)

اس سورہ میں اٹھاسی آیتیں۔ چار سو اکتالیس کلمے۔ پانچ ہزار آٹھ سو حروف اور نو رکوع ہیں اسکے فواصل ( لَمۡ نَرْ ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَنُرِيَ فِرۡعَوۡنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوۡدَهُمَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَيَرٰی فِرۡعَوۡنُ وَهَامٰنُ وَجُنُوۡدُهُمَا ہے فتحہ والی یا اور را کے فتحہ (پھر الف) سے اور را کے فتحہ میں امالہ بھی ہے اور (بعد کے) تینوں اسموں میں نون اور دال کا ضمہ ہے یعنی پہلے دو میں نون کا اور تیسرے میں دال کا اور باقی (پانچ) کے لیے ضمہ والا نون اور را کا کسرہ اور اس کے بعد یا پر فتحہ اور تینوں اسموں میں بھی نون اور دال کا فتحہ ہے۔

عَدُوًّا وَّحَزَنًا میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَحُزۡنًا ہے حا کے ضمہ اور زا کے سکون سے اور باقی

https://alislami.net

(پانچ) کے لیے خا اور زا دونوں کا فتحہ ہے۔

حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَآءُ میں ابوعمرو اور ابن عامر کے لیے یَصْدُرَ الرِّعَآءُ ہے یا کے فتحہ اور دال کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا ضمہ اور دال کا کسرہ ہے۔

یٰٓاَبَتِ یوسف میں اور ھٰاتَیْنِ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْا طٰہٰ میں بیان ہو چکا ہے۔

اَوْ جَذْوَةٍ میں تین قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے جَذْوَةٍ جیم کے فتحہ سے (۲) حمزہ کے لیے جُذْوَةٍ جیم کے ضمہ سے (۳) باقی (پانچ) کے لیے جِذْوَةٍ جیم کے کسرہ سے۔

مِنَ الرَّهْبِ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص کے لیے را کے فتحہ اور ھا کے سکون سے (۲) نافع۔ ابن کثیر۔ ابوعمرو کے لیے مِنَ الرَّهَبِ را اور ھا دونوں کے فتحہ سے (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے مِنَ الرُّهْبِ را کے ضمہ اور ھا کے سکون سے۔

فَذٰنِكَ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فَذٰنِّكَ ہے نون کی تشدید اور (مدلازم غنہ) سے اور باقی (پانچ) کے لیے نون کی تخفیف ہے۔

مَعِيَ رِدْاً میں نافع کے لیے رِدًا ہے (نقل کی بنا پر) دال کے فتحہ اور ہمزہ کے حذف سے اور باقی (چھ) کے لیے دال کا سکون اور (اس کے بعد) ہمزہ ہے اور وقفاً حمزہ اپنے مذہب پر ہیں (پس ان کے لیے کلمی نقل کے سبب رِدًا ہو جائے گا)

یُصَدِّقُنِیْ میں عاصم اور حمزہ کے لیے قاف کا ضمہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے یُصَدِّقْنِیْ ہے قاف کے جزم سے۔

وَقَالَ مُوْسٰی میں ابن کثیر کے لیے قَالَ مُوْسٰی ہے واو کے حذف سے اور باقی چھ کے لیے (قاف سے پہلے فتحہ والا) واو ہے۔

وَمَنْ یَّكُوْنُ لَهٗ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

اِلَیْنَا لَا یُرْجَعُوْنَ میں نافع۔ حمزہ اور کسائی کے لیے لَا یَرْجِعُوْنَ ہے یا کے فتحہ اور جیم کے کسرہ سے اور باقی (چار) کے لیے یا کا ضمہ اور جیم کا فتحہ ہے۔

https://alislami.net

اَئِمَّةً (جو اس سورۃ میں دو جگہ ہے وہ) توبہ میں بیان ہو چکا ہے۔

فَالْوٗا اسْحٰرٰنِ میں کوفیین کے لیے سین کا کسرہ اور الف کا حذف اور حا کا سکون ہے اور باقی (چار) کے لیے سٰحِرٰنِ ہے سین کے فتحہ اور اس کے بعد الف اور حا کے کسرہ سے۔

یُجْبٰی اِلَیْہِ میں نافع کے لیے تا اور باقی (چھ) کے لیے یا ہے۔

فِیْٓ اُمِّھَا رَسُوْلًا نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ میں ابوعمرو کے لیے یا اور باقی (چھ) کے لیے تا ہے۔

ثُمَّ ھُوَ بقرہ میں اور بِضِیَآءٍ یونس میں بیان ہو چکا ہے۔

وَیْکَاَنَّ اللّٰہَ اور وَیْکَاَنَّہٗ کے وقف کا حکم اصول بیان ہو چکا ہے۔

لَخَسَفَ بِنَا میں حفص کے لیے خا اور سین کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے لَخُسِفَ ہے خا کے ضمہ اور سین کے کسرہ سے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت بارہ ہیں

(۱) رَبِّیْٓ اَنْ یَّھْدِیَنِیْ (۲) اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ (۳) اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰہُ (۴) اِنِّیْٓ اَخَافُ (۵) رَبِّیْٓ اَعْلَمُ (۶) عِنْدِیْ اَوَلَمْ یَعْلَمْ (۷) رَبِّیْٓ اَعْلَمُ ان ساتوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے لیکن ان میں سے صرف عِنْدِیْ اَوَلَمْ یَعْلَمْ میں ابو ربیعہ نے بزی اور قنبل دونوں سے سکون روایت کیا ہے (جو بزی کے لیے طریق کے موافق ہے اور قنبل کے طریق کے خلاف ہے پس اس یا میں قنبل کے لیے فتحہ اور بزی کے لیے سکون طریق کے موافق ہے) (۸) اِنِّیْٓ اُرِیْدُ (۹) سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ ان دونوں میں نافع کے لیے فتحہ ہے (۱۰) لَعَلِّیْٓ اٰتِیْکُمْ (۱۱) لَعَلِّیْٓ اَطَّلِعُ ان میں کوفیین کے لیے سکون ہے (۱۲) مَعِیَ رِدْاً اس میں حفص کے لیے فتحہ ہے۔

### اس میں یائے زائد ایک ہے

اَنْ یُّکَذِّبُوْنِ قَالَ اس کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۲۹) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ (مکی)

اس سورہ میں اُنہتر آیتیں۔ نو سو اسی کلمے۔ چار ہزار ایک سو پینسٹھ حروف۔ اور سات رکوع ہیں اس کے

https://alislami.net

فواصل (نموٌ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ میں شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے۔

اَلنَّشْاَةَ میں یہاں اور نجم اور واقعہ تینوں میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے اَلنَّشَآءَةَ ہے شین کے فتحہ اور اس کے بعد الف (اور مد) سے اور باقی (پانچ) کے لیے شین کا سکون ہے الف کے بغیر اور اس میں حمزہ کے لیے وقفاً دو وجوہ ہیں (۱) اَلنَّشَةَ یعنی قیاس عام ہونے کی بنا پر ہمزہ کی حرکت شین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں (۲) اَلنَّشَاہ یعنی رسم کی پیروی کی بنا پر شین کو فتحہ دے کر ہمزہ کو الف سے بدل لیتے ہیں اور (ہمزہ میں) اس قسم کی تخفیف عرب سے سنی گئی ہے۔

مَوَدَّةَ بَيْنِكُمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر۔ ابو عمرو۔ کسائی کے لیے مَوَدَّةُ بَيْنِكُمْ تا کے ضمہ اور تنوین کے حذف اور بَيْنِكُمْ کے نون کے کسرہ سے (۲) حفص وحمزہ کے لیے مَوَدَّةَ بَيْنِكُمْ تا کے فتحہ اور تنوین کے حذف اور بَيْنِكُمْ کے نون کے کسرہ سے (۳) باقی (اڑھائی) کے لیے مَوَدَّةً بَيْنَكُمْ تا کے فتحہ اور تنوین اور بَيْنَكُمْ کے نون کے فتحہ سے۔

پہلے اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے خبر کی بنا پر کسرہ والا ایک ہمزہ ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے استفہام کی بنا پر دو ہمزہ ہیں اور دوسرے ءَ اِنَّكُمْ میں بالاتفاق سب کے لئے استفہام کے بنا پر دو ہمزہ ہیں اور سب اس میں اپنے ان قواعد پر ہیں جو رعد میں بیان ہو چکے ہیں

لَنُنَجِّيَنَّهٗ میں حمزہ اور کسائی کے لیے لَنُنْجِيَنَّهٗ ہے (نون کے سکون اور اخفا اور جیم کی) تخفیف سے اور باقی (پانچ) کے لیے (نون کا فتحہ اور جیم پر) تشدید ہے۔

اِنَّا مُنَجُّوْكَ میں ابن کثیر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے مُنْجُوْكَ ہے (لَنُنْجِيَنَّهٗ کی طرح) تخفیف سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے نون کا فتحہ اور جیم پر تشدید ہے۔

وَلَمَّا اَنْ اور سِيْٓءَ بِهِمْ ہود میں اور اِنَّا مُنْزِلُوْنَ آل عمران میں بیان ہو چکے ہیں۔

مَا يَدْعُوْنَ میں ابو عمرو اور عاصم کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

## پارہ (۲۱) اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ

اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ میں ابن کثیر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے اٰيَةٌ ہے الف کے بغیر واحد کے صیغہ سے

https://alislami.net

اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے یا کے بعد الف ہے جمع کے صیغہ سے۔

وَيَقُوْلُ ذُوْ قُوْا میں نافع اور کوفیین کے لیے یا اور باقی (تین) کے لیے نون ہے۔

اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ میں شعبہ کے لیے یا اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے تا ہے۔

لَنُبَوِّئَنَّهُمْ میں حمزہ اور کسائی کے لیے لَنُثْوِيَنَّهُمْ ہے سکون والی ثا (اور واو کی تخفیف اور اس کے بعد یا) سے ہمزہ کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے فتحہ والی با (اور واو پر تشدید) اور (اس کے بعد) ہمزہ ہے۔

وَلِيَتَمَتَّعُوْا میں قالون۔ ابن کثیر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے وَلْيَتَمَتَّعُوْا ہے لام کے سکون سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے لام کا کسرہ ہے۔

## اور اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

(۱) اِلٰى رَبِّيَ اِنَّهٗ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۲) يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اس یا کو منادیٰ ہونے کی بنا پر ابوعمرو حمزہ اور کسائی وصل میں حذف کرتے ہیں (اور يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ پڑھتے ہیں) اور چونکہ یہ یا مصاحف میں موجود ہے اور قراء کا یہ قول بھی اپنی جگہ پر ثابت) ہے کہ وقف میں رسم کی موافقت ضروری ہے اس لیے اس قول پر قیاس کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس يٰعِبَادِيْ میں ان کے لیے بھی وقفاً یا کا ثابت رکھنا واجب ہے اور باقی (چار) وصل میں یا کا فتحہ پڑھتے ہیں اور وقفاً یا کو ساکن کر کے ثابت رکھتے ہیں (۳) اِنَّ اَرْضِيَ وَاسِعَةٌ اس میں ابن عامر کے لیے فتحہ ہے۔

## (۳۰) سُوْرَةُ الرُّوْم (مکی)

اس سورہ میں ساٹھ آیتیں۔ آٹھ سو انیس کلمے۔ تین ہزار پانچسو چونتیس حروف۔ اور چھ رکوع ہیں اسکے فواصل (نمر) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے تا کا فتحہ اور باقی (تین) کے لیے تا کا ضمہ ہے۔

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ میں ابوعمرو اور شعبہ کے لیے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا ہے۔

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ میں یہاں اور فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ جاثیہ میں حمزہ اور کسائی کے لیے (یہاں) تَخْرُجُوْنَ اور (وہاں) لَا يَخْرُجُوْنَ ہے یہاں تا کے اور وہاں یا کے فتحہ سے اور دونوں میں را کے

https://alislami.net

ضمہ سے اور صرف رُوم والے میں (ابن ذکوان بھی ان کے ساتھ شریک ہیں پس ان کے لیے بھی تَسۡخَرُجُوۡنَ ہے چنانچہ ان کے لیے) نقاش نے اخفش سے اسی طرح روایت کیا ہے (اور قصیدہ میں ان کے لیے یہاں دوسری وجہ میں تَخۡرُجُوۡنَ بھی درج ہے جو طریق کے خلاف ہے) اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے دونوں میں تا اور یا کا ضمہ اور را کا فتحہ ہے (پس ابن ذکوان کے لیے یہاں تَخۡرُجُوۡنَ ہے اور جاثیہ میں باقین کی طرح لَایُخۡرَجُوۡنَ ہے) اور اسی سورۃ کے دوسرے کلمہ میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے تَخۡرُجُوۡنَ ہے تا کے فتحہ اور را کے ضمہ سے)

لِلۡعٰلَمِیۡنَ میں حفص کے لیے لام کا کسرہ اور باقین کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

فَرَّقُوۡا انعام میں اور یَقۡنَطُوۡنَ حجر میں اور وَمَآ اٰتَیۡتُمۡ مِنۡ رِّبًا بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لِیَرۡبُوَا میں نافع کے لیے لِتُرۡبُوۡا ہے ضمہ والی تا اور واو کے سکون سے اور باقی (چھ) کے لیے فتحہ والی یا ہے اور واو کا بھی فتحہ ہے۔

عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ یونس میں بیان ہو چکا ہے۔

لِیُذِیۡقَهُمۡ میں قنبل کے لیے نون اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے یا ہے۔

یُرۡسِلُ الرِّیٰحَ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

کِسَفًا میں ابن ذکوان کے لیے کِسۡفًا ہے سین کے سکون سے اور ہشام کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) سین کا سکون (۲) سین کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لیے سین کا فتحہ ہے۔

اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے اٰثٰرِ ہے جمع ہونے کی بنا پر ہمزہ اور ثا کے بعد الف مدہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے اَثَرِ ہے دونوں الفوں کے بغیر واحد کے صیغہ سے۔

وَلَا یُسۡمِعُ الصُّمَّ وَمَآ اَنۡتَ تَهۡدِی الۡعُمۡیِ دونوں نمل میں بیان ہو چکے ہیں۔

ضُعۡفٍ اور ضُعۡفًا میں تینوں جگہ شعبہ اور حمزہ کے لیے ضَعۡفٍ ضَعۡفًا ہے ضاد کے فتحہ سے اور حفص نے بھی عاصم سے تینوں میں ضاد کا فتحہ ہی روایت کیا ہے لیکن پھر فتحہ کو ترک کر کے ضمہ کو اختیار کر لیا تھا تا کہ اس روایت کی پیروی ہو جائے جو ان سے فضل بن مرزوق نے بیان کی تھی جس کو فضل نے عطیہ عوفی سے اور انہوں

https://alislami.net

نے عبداللہ بن عمر سے نقل کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ضُعْفٍ (اور ضُعْفًا) میں ابن عمر کو ضمہ ہی پڑھایا تھا اور فتحہ کا ان کے سامنے رد فرما کر اس کا انکار کر دیا تھا اور ناقلین عطیہ کو ضعیف راوی بتاتے ہیں اور جو حفص نے عاصم سے اور انہوں نے اپنے شیوخ سے روایت کیا ہے وہ صحیح تر ہے۔ اور علامہ دانی حفص کی روایت میں (ضاد کے فتحہ اور ضمہ) دونوں وجوہ کو اختیار کرتے ہیں تا کہ فتحہ میں عاصم کی قراءۃ کی پیروی ہو جائے اور ضمہ میں حفص کے اختیار کی موافقت ہو جائے پس حفص کے لیے فتحہ اور ضمہ دونوں وجوہ ہیں اور دونوں صحیح ہیں اور باقی (پانچ) کے لیے تینوں میں ضاد کا ضمہ ہے۔

لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ میں کوفیین کے لیے یا اور باقی (چار) کے لیے تا ہے۔

اس سورۃ میں یا آت میں سے کوئی یا بھی نہیں ہے۔

## (۳۱) سُوْرَةُ لُقْمٰنَ (مکی)

اس سورہ میں چونتیس آیتیں۔ پانچسو اڑتالیس کلمے۔ دو ہزار ایک سو دس حروف۔ اور چار رکوع ہیں اسکے فواصل (نمرٌ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

هُدًى وَّرَحْمَةً میں حمزہ کے لیے تا کے پیش اور باقی (چھ) کے لیے تا کے زبر ہیں۔

لِيُضِلَّ ابراہیم میں اور فِيْٓ اُذُنَيْهِ مائدہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے ذال کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے ذال کا ضمہ ہے۔

(اس رکوع میں يٰبُنَيَّ تین جگہ ہے) (۱) يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ اور یہ پہلا ہے (۲) يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اور یہ درمیانی ہے (۳) يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ اور یہ آخری ہے

پس ان تینوں میں چار قراءتیں ہیں۔ (۱) بزی کے لیے نمبر ایک میں يٰبُنَيْ یا کے سکون سے اور نمبر دو میں يٰبُنَيِّ یا کی تشدید اور کسرہ سے اور نمبر تین میں يٰبُنَيَّ تشدید اور فتحہ سے (۲) قنبل کے لیے نمبر ایک اور نمبر تین میں يٰبُنَيْ سکون سے نمبر دو میں يٰبُنَيِّ تشدید اور کسرہ سے (پس نمبر ایک میں پورے ابن کثیر کے لیے سکون ہے اور نمبر دو میں دونوں راویوں کے لیے تشدید اور کسرہ ہے اور نمبر تین میں بزی کے لیے تشدید اور فتحہ اور قنبل کے لیے

https://alislami.net

سکون ہے)(۳) حفص کے لیے تینوں میں یٰبُنَیَّ ہے یا کی تشدید اور فتحہ سے (۴) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تینوں میں یٰبُنَیِّ ہے تشدید اور کسرہ سے۔

مِثْقَالَ حَبَّةٍ انبیاء میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ میں ابن کثیر۔ ابن عامر اور عاصم کے لیے عین پر تشدید اور الف کا حذف ہے اور باقی (چار) کے لیے وَلَا تُصَاعِرْ ہے صاد کے بعد الف اور عین کی تخفیف سے۔

عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ میں نافع۔ ابوعمرو۔ حفص کے لیے (عین کا فتحہ اور میم کے بعد ضمہ اور صلہ والی ہا ہے پس) نِعَمَ جمع ہے اور عائد کی ضمیر ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے نِعْمَةً ہے عین کے سکون اور میم کے بعد فتحہ اور تنوین والی تا سے) واحد مؤنث ہونے کی بنا پر۔

وَالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ میں ابوعمرو کے لیے را کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لیے را کا ضمہ ہے۔

وَاَنَّمَا تَدْعُوْنَ حج میں بیان ہو چکا ہے۔

يُنَزِّلُ الْغَيْثَ میں یہاں اور شوریٰ میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لیے نون کا فتحہ اور زا پر تشدید ہے اور باقی (چار) کے لیے يُنْزِلُ الْغَيْثَ ہے (نون کے سکون اور اخفا اور زا کی) تخفیف سے اور یہ بقرہ میں بھی بیان ہو چکا ہے۔

## (۳۲) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ (مکی)

اس سورہ میں تیس آیتیں۔ تین سو اسی کلمے۔ ایک ہزار پانچسو اٹھارہ حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل (ندم) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ میں ابن کثیر۔ ابوعمرو اور ابن عامر کے لیے خَلْقَهٗ ہے لام کے سکون سے اور باقی (چار) کے لیے لام کا فتحہ ہے اور (ءَ اِذَا ءَ اِنَّا کے) دونوں استفہام رعد میں بیان ہو چکے ہیں۔

مَآ اُخْفِيَ لَهُمْ میں حمزہ کے لیے اُخْفِيْ ہے یا کے سکون سے اور باقی (چھ) کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

لَمَّا صَبَرُوْا میں حمزہ اور کسائی کے لئے لِمَا ہے لام کے کسرہ اور میم کے تخفیف سے اور باقی پانچ کے لئے لام کا فتحہ اور میم پر تشدید ہے۔

https://alislami.net

# (۳۳) سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (مدنی)

اس سورہ میں تہتر آیتیں۔ایک ہزار دو سو اسی کلمے۔پانچ ہزار سات سو نوے حروف اور نو رکوع ہیں۔
اس کے فواصل (لا) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرًا میں (یہاں) اور بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا دونوں میں ابوعمرو کے لیے یا اور باقی (چھ) کے لیے تا ہے۔

اَلنَّبِیِّ میں (چاروں جگہ) (۱) یہاں (۲) مجادلہ میں (۳و۴) طلاق میں چار قراءتیں ہیں (۱) قالون اور قنبل کے لیے اَلنَّبِیْٓ (تحقیق والے) ہمزہ سے یا کے بغیر (۲) ورش کے لیے یا کا حذف اور ہمزہ کی کسرہ والی یا کے مانند تسہیل ہے مد و قصر کے ساتھ پس (قالون کی اور ان کی قراءت میں یہ فرق ہے کہ) یہ تحقیق والے ہمزہ کے بجائے تسہیل والا ہمزہ پڑھتے ہیں۔اور جب اس پر وقف کرتے ہیں تو ہمزہ کو یائے ساکنہ سے بدل لیتے ہیں (اور اَلنَّبِیْ ہوجاتا ہے) (۳) بزی اور ابوعمرو کے لیے اَلنَّبِیْ ہے یعنی وقف و وصل دونوں میں ہمزہ کا یائے ساکنہ سے ابدال کر کے مد لازم سے پڑھتے ہیں (اور قصیدہ میں ان کے لیے ورش کی طرح یا کا حذف اور مد و قصر کے ساتھ تسہیل بھی ہے پس ان کے لیے دو وجوہ ہوگئیں (۱) یائے ساکنہ سے ابدال مد لازم کے ساتھ (۲) تسہیل مد و قصر کے ساتھ لیکن وقفاً ان دونوں کے لیے بھی ورش کی طرح صرف یائے ساکنہ سے ابدال ہے
تسہیل قطعاً نہیں) (۴) باقی (چار) کے لیے دونوں حالتوں میں اَلنَّبِیْٓ ہے (تحقیق والے) ہمزہ اور اس کے بعد (یائے ساکنہ) سے اور حمزہ وقفاً اپنے قاعدہ کے موافق مد و قصر کے ساتھ ہمزہ میں تسہیل بین بین کرتے ہیں۔اور (لام کے بعد والے) الف میں سب حضرات مد کرتے ہیں عام ہے کہ وہ ان میں سے ہوں جو الف کے بعد (تحقیق والا ہمزہ پڑھتے ہیں جیسے قالون۔قنبل ابن عامر کوفیین یا ان میں سے ہوں ہمزہ نہیں پڑھتے (بلکہ یا سے ابدال کرتے ہیں جیسے بزی اور عمرو) سوائے ورش کے کہ ان کی قراءۃ میں (ہمزہ کی تسہیل کے سبب) الف میں مد و قصر دونوں جائز ہیں (اور تسہیل والی وجہ میں بزی اور ابوعمرو کے لیے بھی مد و قصر دونوں ہیں)

تُظٰهِرُوْنَ میں چار قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے تا کا ضمہ اور ظا کی تخفیف اور اس کے بعد الف اور ہا کا کسرہ ہے (۲) ابن عامر کے لیے تَظّٰهَرُوْنَ تا اور ہا کے فتحہ اور ظا کی تشدید اور اس کے بعد الف سے (۳) حمزہ اور کسائی کے لیے تَظٰهَرُوْنَ ابن عامر کی طرح لیکن یہ ظا پر تشدید نہیں پڑھتے (۴) باقی (تین) کے لیے

https://alislami.net

تَظَّهَّرُوْنَ تا کے فتحہ اور ظا اور ہا کی تشدید سے الف کے بغیر۔

اَلظُّنُوْنَا میں یہاں اور اَلرَّسُوْلَا اور اَلسَّبِیْلَا (اسی سورۃ میں ان تینوں میں تین قراءتیں ہیں (۱)

ابوعمرو وحمزہ کے لیے وقف ووصل دونوں حالتوں میں الف کا حذف (یعنی وصلاً اَلظُّنُوْنَ. اَلرَّسُوْلَ اور اَلسَّبِیْلَ اور

وقف میں اَلظُّنُوْنْ۔ اَلرَّسُوْلْ۔ اَلسَّبِیْلْ) (۲) ابن کثیر۔ حفص۔ کسائی کے لیے تینوں میں صرف وصلاً الف کا

حذف (اور وقفاً اثبات) (۳) باقی (اڑھائی) کے لیے دونوں حالتوں میں الف کا اثبات ہے۔

لَا مُقَامَ لَکُمْ میں حفص کے لیے میم کا ضمہ اور باقین کے لیے میم کا فتحہ ہے۔

لَاٰتَوْهَا میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے لَاَتَوْهَا ہے (ہمزہ کے بعد والے) الف کے حذف سے اور

باقی (پانچ) کے لیے ہمزہ کے بعد الف مدہ ہے۔

اُسْوَةٌ میں یہاں اور دو جگہ ممتحنہ میں تینوں میں عاصم کے لیے ہمزہ کا ضمہ اور باقی (چھ) کے لیے ہمزہ کا

کسرہ ہے۔

اَلرُّعْبَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

مُبَيِّنَةٍ نساء میں (بیان ہو چکا ہے)

یُضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے نُضَعِّفْ لَهَا الْعَذَابَ

(یا کے بجائے) نون اور الف کے حذف اور عین کی تشدید اور کسرہ اور اَلْعَذَابَ کی با کے فتحہ سے (۲) ابوعمرو کے

لیے یُضَعَّفْ لَهَا الْعَذَابُ یا اور الف کے حذف اور عین کی تشدید اور فتحہ اور اَلْعَذَابُ کی با کے ضمہ سے (۳) باقی

(چار) کے لیے یُضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ یا اور ضاد کے بعد اور عین کی تخفیف اور اَلْعَذَابُ کی با کے ضمہ سے۔

## پارہ (۲۲) وَمَنْ یَّقْنُتْ

وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَا اَجْرَهَا میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَیَعْمَلْ صَالِحًا یُّؤْتِهَا ہے دونوں

میں یا سے اور باقی (پانچ) کے لیے اول میں تا اور ثانی میں نون ہے۔

وَقَرْنَ فِیْ میں نافع اور عاصم کے لیے قاف کا فتحہ اور باقی (پانچ) کے لیے قاف کا کسرہ ہے۔

اَنْ یَّکُوْنَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ میں ہشام کوفیین کے لیے یا ہے اور باقی کے لیے اَنْ تَکُوْنَ ہے تا سے۔

وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ میں عاصم کے لیے تا کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لیے تا کا کسرہ ہے۔

https://alislami.net

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ بقرہ میں اور تُرْجِیْ توبہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا یَحِلُّ لَکَ میں ابوعمرو کے لیے تا اور باقی (چھ) کے لیے یا ہے۔

اِنَّہٗ کا حکم اصول میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ میں بزی کے لیے تا پر تشدید ہے

سَادَتَنَا میں ابن عامر کے لیے سَادَاتِنَا ہے دال کے بعد الف اور تا کے کسرہ سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (چھ) کے لیے واحد ہونے کی بنا پر الف کا حذف اور تا کا فتحہ ہے۔

لَعْنًا کَبِیْرًا میں عاصم کے لیے با ہے اور باقی (چھ) کے لیے کَثِیْرًا ہے ثا سے

اس سورہ میں یا ایک بھی نہیں ہے۔

## (۳۴) سُوْرَۃُ سَبَاٍ (مکی)

اس سورہ میں چوّن آیتیں۔ آٹھ سو تینتیس کلمے۔ ایک ہزار پانچ سو بارہ حروف اور چھ رکوع ہیں اس کے فواصل (ظن لمذبر) کے سات حروف میں کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

عٰلِمِ الْغَیْبِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے عَلّٰمِ الْغَیْبِ ہے لام مشدد اس کے بعد الف اور میم کے کسرہ سے فعّال کے وزن پر اور باقی (پانچ) کے لیے عٰلِمُ الْغَیْبِ ہے عین کے بعد الف سے فاعل کے وزن پر اور نافع اور ابن عامر کے لیے اس میں میم کا ضمہ اور باقی (تین) کے لیے میم کا کسرہ ہے (پس اس میں تین قراء تیں ہو گئیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے عَلّٰمِ الْغَیْبِ (۲) نافع اور ابن عامر کے لیے عٰلِمُ الْغَیْبِ (۳) باقی تین کے لیے عٰلِمِ الْغَیْبِ)

لَا یَعْزُبُ یونس میں اور مُعٰجِزِیْنَ جو (اس سورۃ میں) دو جگہ ہے وہ حج میں بیان ہو چکا ہے۔

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ میں یہاں اور جاثیہ میں دونوں میں ابن کثیر اور حفص کے لیے میم کے پیش اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے میم کے زیر ہیں

اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِھِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ تینوں میں حمزہ اور کسائی کے لیے اِنْ یَّشَاْ یَخْسِفْ بِھِمُ الْاَرْضَ اَوْ یُسْقِطْ ہے یا سے اور کسائی کے لیے فا کا با میں ادغام بھی ہے (یعنی یَخْسِفْ بِّھِمُ الْاَرْضَ) اور باقی (پانچ) کے لیے تینوں میں نون ہے۔

https://alislami.net

كِسَفًا شعرا میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ میں شعبہ کے لیے حا کا ضمہ اور باقین کے لیے حا کا فتحہ ہے۔

مِنْسَاَتَهٗ میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع اور ابو عمرو کے لیے مِنْسَاتَهٗ الف ساکنہ سے جو ہمزہ سے بدلا ہوا ہے اور (فتحہ کے بعد فتحہ والے ہمزہ کا) ابدال (بھی) عرب سے سنا گیا ہے (۲) ابن ذکوان کے لیے مِنْسَاْتَهٗ (سین کے بعد) ہمزۂ ساکنہ سے (۳) باقی (ساڑھے چار) کے لیے مِنْسَاَتَهٗ ہمزہ کے فتحہ سے اور حمزہ جب اس پر وقف کرتے ہیں تو اپنے قاعدہ کے موافق ہمزہ میں تسہیل بین بین کرتے ہیں۔

لِسَبَاٍ نمل میں بیان ہو چکا ہے۔

فِيْ مَسْكَنِهِمْ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص وحمزہ کے لیے سین کا سکون اور کاف کا فتحہ (۲) کسائی کے لیے مَسْكِنِهِمْ ہے اسی طرح (سین کے سکون سے) لیکن یہ کاف کا کسرہ پڑھتے ہیں (۳) باقی (ساڑھے چار) کے لیے مَسٰكِنِهِمْ ہے سین کے فتحہ اور کاف کے کسرہ اور دونوں کے درمیان الف سے۔

ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ میں ابو عمرو کے لیے اُكُلِ خَمْطٍ ہے لام کے (ایک زیر سے) تنوین کے بغیر اور باقی (چھ) کے لیے لام پر تنوین ہے اور نافع۔ مکی اُكُل کے کاف کو سکون سے اُكْلٍ پڑھتے ہیں اور یہ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے (پس یہاں تین قراءتیں ہو گئیں (۱) ابو عمرو کے لیے اُكُلِ خَمْطٍ (۲) نافع ابن کثیر کے لیے اُكْلٍ خَمْطٍ (۳) باقی (چار) کے لیے اُكُلٍ خَمْطٍ

وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ میں حفص حمزہ اور کسائی کے لیے نون اور زا کا کسرہ (اور اس کے بعد یائے ساکنہ اور اَلْكَفُوْرَ کی را کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے وَهَلْ يُجٰزٰٓى اِلَّا الْكَفُوْرُ ہے نون کے بجائے یا اور زا کے فتحہ اور اس کے بعد الف سے اور اَلْكَفُوْرُ کی را پر ضمہ ہے۔

رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا میں ابن کثیر اور ابو عمرو اور ہشام کے لیے بَعِّدْ ہے الف کے حذف اور عین کی تشدید سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے با کے بعد الف اور عین کی تخفیف ہے۔

وَلَقَدْ صَدَّقَ میں کوفیین کے لیے دال پر تشدید ہے اور باقی (چار) کے لیے وَلَقَدْ صَدَقَ ہے دال کی تخفیف سے۔

لِمَنْ اَذِنَ میں ابو عمرو وحمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

اِذَا فُزِّعَ میں ابن عامر کے لیے فَزَّعَ ہے فا اور زا کے فتحہ سے اور باقی (چھ) کے لیے فا کا ضمہ اور زا

https://alislami.net

کا کسرہ ہے اور زا کی تشدید میں کسی قاری کا بھی اختلاف نہیں۔

فِي الْغُرُفٰتِ میں حمزہ کے لیے فِي الْغُرْفَةِ ہے واحد کا صیغہ ہونے کی بنا پر (را کے سکون اور) الف کے حذف سے اور باقی (چھ) کے لیے جمع ہونے کی بنا پر (را کا ضمہ اور فا کے بعد) الف ہے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ اور اسی طرح ثُمَّ يَقُولُ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلتَّنَاوُشُ میں نافع ابن کثیر۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے الف کے بعد ضمہ والا واو ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے لَهُمُ التَّنَاؤُشُ ہے الف کے بعد ضمہ والے ہمزہ سے اور اس میں حمزہ کے لیے وقفا دو وجوہ ہیں (۱) ہمزہ میں تسہیل بین بین مد و قصر کے ساتھ کیونکہ یہ نَئِشَ سے بنا ہے جو تاخیر اور سستی سے حرکت کرنے کے معنٰی میں ہے پس یہ ہمزہ اصل ہی سے ہمزہ تھا (۲) ہمزہ کا ضمہ والے واو سے ابدال کیونکہ یہ بھی جائز ہے کہ یہ نَوْشٌ سے بنا ہو جو لینے کے معنٰی میں ہے پھر واو کے ضمہ کے لازمی ہونے کے سبب واو کو ہمزہ سے بدل دیا ہو پس اس صورت میں وقفا واو سے ابدال اسی لیے کرتے ہیں کہ ہمزہ کو اس کی اصل کی طرف لوٹا دیں۔

وَحِيلَ بَيْنَهُمْ میں یہاں اور وَسِيقَ الَّذِينَ زمر میں دو جگہ جو سورہ بقرہ میں گذرا۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

(۱) عِبَادِيَ الشَّكُورُ میں حمزہ کے لیے سکون ہے (۲) إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا اس میں ابن کثیر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سکون ہے (۳) رَبِّيَ إِنَّهُ اس میں نافع اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے۔

### اور اس میں یا آت زوائد دو ہیں

(۱) كَالْجَوَابِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور ورش و ابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۲) نَكِيرِ اس کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

# (۳۵) سُوْرَةُ فَاطِرٍ (مکی)

اس سورہ میں پینتالیس آیتیں۔ نو سو ستر کلمے۔ تین ہزار ایک سو تیس حروف۔ اور پانچ رکوع ہیں۔ اس کے فواصل (زَادَ مِنْ بَرٍّ) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

غَيْرُ اللّٰهِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے را کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے را کا ضمہ ہے۔

أَرْسَلَ الرِّيحَ بقرہ میں اور بَلَدٍ مَّيِّتٍ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

يُدْ خُلُوْ نَهَا میں ابوعمرو کے لیے یُدْ خَلُوْ نَهَا ہے یا کے ضمہ اور خا کے فتحہ سے اور باقی (چھ) کے لیے یا کا فتحہ اور خا کا ضمہ ہے۔

وَلُؤْ لُؤًا ج میں بیان ہو چکا ہے۔

كَذٰلِكَ نَجْزِیْ كُلَّ كَفُوْرٍ میں ابوعمرو کے لیے یُجْزٰی كُلُّ ہے ضمہ والی یا اور زا کے فتحہ (اور اس کے بعد الف) اور كُلُّ کے لام کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لیے فتحہ والا نون اور زا کا کسرہ (اور اس کے بعد یائے ساکنہ) اور كُلَّ کے لام پر فتحہ ہے۔

عَلٰی بَیِّنَتٍ میں نافع۔ابن عامر۔شعبہ۔کسائی کے لیے بَیِّنٰتٍ ہے (نون کے بعد) الف سے جمع ہونے کی بناء پر اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

وَمَكْرَ السَّیِّیءِ میں حمزہ لگاتار کئی حرکتوں کے جمع ہو جانے کی بنا پر آسانی کی غرض سے وصل میں ہمزہ کو ساکن پڑھتے ہیں (یعنی وَمَكْرَ السَّیِّیْٔ) جیسا کہ بَارِئِكُمْ میں ابوعمرو بھی اسی بنا پر ہمزہ کو ساکن کرتے ہیں اور جب وقف کرتے ہیں تو حمزہ اس ہمزہ کو یائے ساکنہ سے بدل لیتے ہیں (جس سے وَمَكْرَ السَّیِّیْ ہو جاتا ہے) اور باقی (چھ) کے لیے وصل میں ہمزہ کا کسرہ ہے اور وقف میں (ان کے لیے) اس ہمزہ میں سکون بھی جائز ہے اور روم بھی۔

اس سورۃ میں یائے زائدہ ایک ہے

اور وہ كَانَ نَكِیْرِ اَلَمْ تَرَ ہے اس کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۳۶) سُوْرَةُ یٰسٓ (مکی)

اس سورہ میں تراسی آیتیں۔سات سو انتیس کلمے۔تین ہزار حروف اور پانچ رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

یٰسٓ میں شعبہ۔حمزہ اور کسائی کے لیے یا کے فتحہ کا امالۂ محضہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا کا خالص فتحہ ہے اور ورش۔ابن عامر۔شعبہ۔کسائی سین کے ہجا والے نون کا واو میں ادغام کرتے ہیں اور نون کا غنہ بھی ثابت رکھتے ہیں (یعنی یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ) اور نٓ وَالْقَلَمِ میں بھی اسی طرح ہے لیکن مصر والوں میں سے عام اہل اداء نٓ وَالْقَلَمِ میں ورش کے لیے اظہار پسند کرتے ہیں (پس ان کے لیے یٰسٓ میں صرف ادغام اور نٓ

https://alislami.net

وَالْقَلَمِ میں ادغام اور اظہار دونوں ہیں (اور اظہار مشہورتر ہے) اور باقی چار کے لئے دونوں میں نون کا اظہار ہے۔ (پس یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ میں چار قراءتیں ہیں (۱) شعبہ وکسائی کے لیے یَا میں امالہ اور ادغام (۲) حمزہ کے لیے امالہ اور اظہار (۳) ورش۔ ابن عامر کے لیے فتح اور ادغام (۴) باقی (تین) کے لیے فتح اور اظہار اور نٓ وَالْقَلَمِ میں دو قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر اور شعبہ کے لیے نٓوْ الْقَلَمِ ادغام سے اور ورش کے لئے ادغام واظہار دونوں سے۔ (۲) اور باقی (چار) کے لئے صرف اظہار ہے)

تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے (پہلے) لام کا فتحہ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے لام کا ضمہ ہے

سَدًّا میں دونوں جگہ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سین کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سین کا ضمہ ہے۔

فَعَزَّزْنَا میں شعبہ کے لیے فَعَزَ زْنَا ہے زا کی تخفیف سے اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے زا پر تشدید ہے۔

## پارہ (۲۳) وَمَا لِیَ

لَمَّا جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلْاَ رْضُ الْمَیْتَةُ انعام میں اور مِنْ ثُمُرِہٖ بیان ہو چکا ہے۔

وَمَا عَمِلَتْهُ اَیْدِیْهِمْ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے عَمِلَتْ اَیْدِیْهِمْ ہے ضمہ والی ہا کے حذف سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تا کے بعد ہا بھی ہے

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے را کا فتحہ اور باقی (تین) کے لیے را کا ضمہ ہے

ذُرِّیَّتَهُمْ میں نافع اور ابن عامر کے لیے ذُرِّیّٰتِهِمْ ہے یا کے بعد الف اور تا (اور ھا) کے کسرہ سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ) کے لیے واحد ہونے کی بنا پر الف کا حذف اور تا کا فتحہ (اور ھا کا ضمہ) ہے

یَخِصِّمُوْنَ میں پانچ قراءتیں ہیں (۱) ورش۔ ابن کثیر۔ ہشام کے لیے یَخَصِّمُوْنَ خا کے پورے فتحہ اور صاد کی تشدید سے (۲) قالون اور ابو عمرو کے لیے خا کے فتحہ کا اختلاس (دو تہائی) اور صاد پر تشدید (۳) قالون کے لیے (دوسری وجہ میں) یَخْصِّمُوْنَ خا کے سکون اور صاد کی تشدید سے چنانچہ قالون سے نص سکون

https://alislami.net

عی کے ساتھ آئی ہے (۴) حمزہ کے لیے یَخْصِمُوْنَ خا کے سکون اور صاد کی تخفیف سے (۵) باقی (اڑھائی ابن ذکوان۔ عاصم اور کسائی) کے لیے یَخِصِّمُوْنَ خا کے کسرہ اور صاد کی تشدید سے۔

مِنْ مَّرْقَدِنَا کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

فِیْ شُغُلٍ میں نافع۔ ابن کثیر۔ ابوعمرو کے لیے شُغْلٍ ہے غین کے سکون سے اور باقی (چار) کے لیے غین کا ضمہ ہے۔

فِیْ ظِلٰلٍ میں حمزہ اور کسائی کے لیے ظُلَلٍ ہے ظا کے ضمہ اور الف کے حذف سے اور باقی (پانچ) کے لیے ظا کا کسرہ اور لام کے بعد الف ہے۔

جِبِلًّا میں تین قراءتیں ہیں (۱) نافع اور عاصم کے لیے جیم اور با کا کسرہ اور لام کی تشدید (۲) ابوعمرو اور ابن عامر کے لیے جُبْلًا جیم کے ضمہ اور با کے سکون اور لام کی تخفیف سے (۳) باقی (تین) کے لیے جُبُلًا جیم اور با کے ضمہ اور لام کی تخفیف سے۔

عَلٰی مَکٰنَتِهِمْ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

نُنَکِّسْهُ فِی الْخَلْقِ میں عاصم اور حمزہ کے لیے پہلے نون کا ضمہ اور دوسرے کا فتحہ اور کاف پر تشدید اور کسرہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے نَنْکُسْهُ ہے پہلے نون کے فتحہ اور دوسرے کے سکون (اور اخفا) اور کاف کے ضمہ سے تشدید کے بغیر۔

اَفَلَا یَعْقِلُوْنَ میں یہاں نافع اور ابن ذکوان کے لیے تا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے یا ہے۔

لِیُنْذِرَ مَنْ کَانَ میں یہاں نافع اور ابن عامر کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

وَمَشَارِبُ امالہ اصول میں اور فَیَکُوْنُ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

(۱) وَمَا لِیَ لَآ اَعْبُدُ اس میں حمزہ کے لیے سکون ہے (۲) اِنِّیْ اِذًا لَّفِیْ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۳) اِنِّیْ اٰمَنْتُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے۔

اور اس میں یائے زائد ایک ہے

وَلَا یُنْقِذُوْنِ اس کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

https://alislami.net

# (۳۷) سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ (مکی)

اس سورہ میں ایک سو بیاسی آیتیں۔ آٹھ سو ساٹھ کلمے۔ تین ہزار آٹھ سو چھتیس حروف اور پانچ رکوع ہیں اسکے فواصل (قَدِمَ بِنَا) کے چھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا. فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۔ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا میں یہاں اور اسی طرح وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا (ذریت) میں چاروں میں حمزہ کے لیے وَالصّٰفّٰتْ صَّفًّا ۔ فَالزّٰجِرٰتْ زَّجْرًا۔ فَالتّٰلِيٰتْ ذِّكْرًا اور وَالذّٰرِيٰتْ ذَّرْوًا ہے یعنی تا کا اس کے بعد والے حرف (صاد۔ زا۔ ذال) میں کامل ادغام کر کے پڑھتے ہیں اور نہ تا کے کسرہ کی طرف روم سے اشارہ بھی نہیں کرتے (جو ابو عمرو کی قراءۃ میں ادغام کے موقعوں میں جائز ہے۔

ابو عمرو دانی کہتے ہیں کہ مجھے ابوالفتح بن احمد نے خلاد کی روایت میں فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا اور فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا مرسلٰت اور عادیٰت میں بھی اشارہ کے بغیر ادغام پڑھایا ہے (اور قصیدہ میں ان دونوں موقعوں میں خلاد کے لیے اظہار بھی ہے جو ابوالفتح کے بجائے ابوالحسن سے ہے پس ان میں خلاد کے لیے ادغام و اظہار دونوں ہیں) اور باقی (چھ) ان چھیوں موقعوں میں تا کا کسرہ پڑھتے ہیں اور ادغام نہیں کرتے لیکن ابو عمرو کی قراءۃ پر ان سب میں ادغام کبیر ہے

بِزِيْنَةِ ۣالْكَوَاكِبِ میں عاصم اور حمزہ کے لیے تا پر تنوین دو زیر ہیں (لیکن اس نون کو کسرہ دے کر لام سے ملا دیتے ہیں) اور باقی (پانچ) کے لیے بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ہے تنوین کے بغیر (تا کے ایک زیر سے) اَلْكَوَا كِبَ میں شعبہ کے لیے بَا کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لیے بَا کا کسرہ ہے (پس یہاں تین قراءتیں ہیں (۱) شعبہ کے لیے بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبَ (۲) حفص و حمزہ کے لئے بِزِيْنَةٍ نِ الْكَوَاكِبِ (۳) باقی (پانچ) کے لیے بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ

لَا يَسَّمَّعُوْنَ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سین اور میم دونوں پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لَا يَسْمَعُوْنَ ہے سین کے سکون اور میم کی تخفیف سے۔

بَلْ عَجِبْتُ میں حمزہ اور کسائی کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا فتحہ ہے۔

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ میں یہاں اور واقعہ میں قالون اور ابن عامر کے لیے دونوں میں (اَوَ کے بجائے) اَوْ ہے واو کے سکون سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے واو کا فتحہ ہے۔

https://alislami.net

قُلْ نَعَمْ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلْمُخْلَصِیْنَ کے وہ تمام (پانچوں) کلمے جو اس سورۃ میں ہیں ان کا حکم یوسف میں بیان ہو چکا ہے

یُنْزِفُوْنَ میں یہاں حمزہ اور کسائی کے لیے زا کا کسرہ اور باقی (پانچ) کے لیے زا کا فتحہ ہے اور یا کے ضمہ میں کسی کا بھی اختلاف نہیں۔

اِلَیْهِ یَزِفُّوْنَ میں حمزہ کے لیے یا کا ضمہ اور باقی (چھ) کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

یٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اور یٰٓاَبَتِ یوسف میں بیان ہو چکا ہے۔

مَا ذَا تَرٰی میں حمزہ اور کسائی کے لیے مَا ذَا تُرِیْ ہے تا کے ضمہ اور را کے خالص کسرہ (پھر یائے ساکنہ سے) یہ دونوں اس کو فعل رباعی (باب افعال سے) قرار دیتے ہیں اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا فتحہ اور را کا بھی خالص فتحہ (اور اس کے بعد الف) ہے اور یہ سب اس کو فعل ثلاثی قرار دیتے ہیں اور ان میں سے ابوعمرو را کے فتحہ میں امالہ کرتے ہیں اور ورش کے لیے ان کے قاعدہ کے موافق امالۂ صغریٰ ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے را کا خالص فتحہ ہے (پس اس میں چار قراءتیں ہوگئیں جو ظاہر ہیں)

وَ اِنَّ اِلْیَاسَ میں ابن ذکوان کے لیے وَاِنَّ اَلْیَاسَ ہے ہمزہ کے حذف سے (اس بنا پر کہ یہ وہ ہمزۂ وصلی ہے جو الْ تعریفی میں آتا ہے) یہ وجہ علامہ دانی نے فارسی سے اور انہوں نے نقاش سے اور نقاش نے اخفش سے اور انہوں نے ابن ذکوان سے پڑھی ہے اور باقین کے لیے وَاِنَّ اِلْیَاسَ ہے ہمزہ (کے کسرہ اور اس) کی تحقیق سے (اس بنا پر کہ یہ ہمزہ قطعی ہے) اور علامہ دانی نے اہل شام کے طریقہ سے ابن ذکوان کے لئے بھی اسی طرح پڑھا ہے لیکن ابن ذکوان نے اپنی کتاب میں ہمزہ کے بغیر ہی بیان کیا ہے اور (صحیح بات کو) اللہ خوب جانتا ہے (پس اس میں ابن ذکوان کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) وَاِنَّ اَلْیَاسَ (۲) باقین کی طرح وَاِنَّ اِلْیَاسَ لیکن یہ فارسی کے بجائے دانی کے دوسرے شیوخ سے ہے)

اَللّٰهَ رَبَّكُمْ وَ رَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تینوں اسموں میں ھا اور با کا فتحہ (یعنی اَللّٰهَ میں ھا کا اور رَبَّكُمْ وَرَبَّ میں با کا) اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے اَللّٰهُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ ہے تینوں میں ھا اور با کے ضمہ سے۔

عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ میں نافع۔ ابن عامر کے لیے اٰلِ یَاسِیْنَ ہے یعنی اٰل ۔ یٰسِیْنَ سے جدا ہے اور یہ دو

کلہ ہیں ال مُحَمَّد کی طرح (اور ضرورت کے وقت ال پر وقف جائز ہے) اور باقی (پانچ) کے لیے اِلْ یٰسِیْنَ ہے ہمزہ کے کسرہ اور لام کے سکون سے یعنی اِلْ (تلفظ میں) یٰسِیْنَ سے ملا ہوا ہے (اور اسی بنا پر ان کے لیے لام پر وقف جائز نہیں تمام مصاحف میں لام رسمایا سے جدا ہے)

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

(۱) اِنِّيٓ اَرٰی فِي الْمَنَامِ (۲) اِنِّيٓ اَذْبَحُکَ دونوں میں نافع۔ ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے (۳) سَتَجِدُ نِيٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے۔

اس میں یائے زائدہ ایک ہے

لَتُرْدِیْنِ وَ لَوْ لَا کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۳۸) سُوْرَةُ صٓ (مکی)

اس سورہ میں اٹھاسی آیتیں۔ سات سو بتیس کلمے۔ تین ہزار سرسٹھ حروف اور پانچ رکوع ہیں اس کے فواصل (زَ قِبَ نَجْمَ دُ رُ طَلِصِ) کے گیارہ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

اَصْحٰبُ لَیْکَةَ شعرا میں بیان ہو چکا ہے۔

مِنْ فَوَاقٍ میں حمزہ اور کسائی کے لیے فا کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے فا کا فتحہ ہے

بِالسُّوْقِ (اور بالسُّؤْقِ) نمل میں بیان ہو چکا ہے۔

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ میں ابن کثیر کے لیے عَبْدَ نَا ہے (عین کے فتحہ اور با کے سکون اور الف کے حذف سے) واحد ہونے کی بنا پر اور باقی (چھ) کے لیے جمع ہونے کی بنا پر عِبٰدَ نَا ہے عین کے کسرہ اور با کے بعد الف سے۔

بِخَالِصَةٍ میں نافع اور ہشام کے لیے بِخَالِصَةِ ہے تا کے ایک زیر سے تنوین کے بغیر اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا پر تنوین دو زیر ہیں۔

وَالْيَسَعَ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے

https://alislami.net

وَغَسَّاقٌ میں یہاں اور وَغَسَّاقًا نبا میں دونوں میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سین پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے وَغَسَاقٌ اور وَغَسَاقًا ہے سین کی تخفیف سے۔

وَاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖ میں ابوعمرو کے لیے وَاُخَرُ ہے ہمزہ کے ضمہ سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (چھ) کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

مِنَ الْاَشْرَارِ اَتَّخَذْنٰهُمْ میں ابوعمرو حمزہ اور کسائی کے لیے (وصلاً تو) مِنَ الْاَشْرَارِ اتَّخَذْنٰهُمْ ہے ہمزہ وصلی سے (جو ماقبل کے ساتھ ملنے سے حذف ہو جاتا ہے) اور جب اس کلمہ سے ابتدا کرتے ہیں تو ہمزہ کا کسرہ پڑھتے ہیں (یعنی اِتَّخَذْنٰهُمْ) اور باقی (چار) کے لیے (وصل وابتدا دونوں حالتوں میں اَتَّخَذْنٰهُمْ ہے) ہمزہ قطعی اور اس کے فتحہ سے۔

سِخْرِيًّا سورۃ المؤمنون میں بیان ہو چکا ہے۔

قَالَ فَالْحَقُّ میں عاصم اور حمزہ کے لیے قاف کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے قاف کا فتحہ ہے اور دوسرے (وَالْحَقَّ) میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے قاف کا فتحہ ہے)

الْمُخْلَصِيْنَ سورۂ یوسف میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چھ ہیں

(۱) وَلِيَ نَعْجَةٌ (۲) مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ ان دونوں میں حفص کے لیے فتحہ ہے (۳) اِنِّيٓ اَحْبَبْتُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) مِنْ بَعْدِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۵) مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ اس میں حمزہ کے لیے سکون ہے (۶) لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے۔

# (۳۹) سُوْرَةُ الزُّمَرِ (مکی)

اس سورہ میں پچھتر آیتیں۔ ایک ہزار ایک سو بہتر کلمے۔ چار ہزار نو سو آٹھ حروف اور آٹھ رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ لِيْ بَدْرٌ) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ سورۂ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

يَرْضَهُ لَكُمْ میں نافع۔ عاصم۔ حمزہ کے لیے ھا کے ضمہ کا اختلاس[1] (یعنی سیدھا اور پورا پیش) ہے (صلہ کے بغیر) اور ہشام کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) یہی یَرْضَهُ ضمہ سے صلہ کے بغیر (۲) یَرْضَهْ ہا کے سکون سے اور اسکان ابوالفتح سے ہے اور یزیدی سے ابوشعیب (سوسی) اور ابوعمرو (دوری) نے اور ان کے سوا اوروں نے بھی ہا کا سکون ہی روایت کیا ہے اور اہل عراق کے طریق سے فارسی وغیرہ سے دوری کے لیے ہا کا واو کے ساتھ صلہ یَرْضَهُو ہے اور یہ یزیدی سے ابوعبدالرحمٰن اور ابوحمدون وغیرہ کی روایت ہے (پس دوری کے لیے دو وجوہ ہو گئیں (۱) یَرْضَهْ ھا کے سکون سے (۲) یَرْضَهُو ضمہ اور صلہ سے) اور باقی (ڈھائی) کے لیے ہا کا واو کے ساتھ صلہ (الٹا پیش) ہے یعنی یَرْضَهُو پس (۱) نافع۔ عاصم۔ حمزہ کے لیے یَرْضَهُ (۲) دوری کے لیے یَرْضَهُو اور یَرْضَهْ ہے لیکن دوسری وجہ یعنی سکون ابوالزعراء کے بجائے ابن فرح سے ہے۔ (۳) سوسی کے لیے یَرْضَهْ (۴) ہشام کے لیے یَرْضَهُ اور یَرْضَهْ لیکن پہلی وجہ عدم صلہ طریق کے موافق ہے اور دوسری نہ تیسیر کے طرق سے ہے نہ نشر کے طرق سے ان سے مشہور اور صحیح ضرور ہے پس اولیٰ یہ ہے کہ اس میں ان کے لیے صرف عدم صلہ پڑھا جائے اور یہ بھی ابوالفتح کے بجائے ابوالحسن سے ہے)

لِيُضِلَّ سورۂ ابراهیم میں بیان ہو چکا ہے۔

اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ میں نافع۔ ابن کثیر اور حمزہ کے لیے اَمَنْ هُوَ ہے میم کی تخفیف سے اور باقی (چار) کے لیے میم پر تشدید ہے

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ میں ابوشعیب سوسی کے لیے وصلاً عِبَادِيَ الَّذِيْنَ ہے فتحہ والی یا سے اور وقفاً عِبَادِيْ ہے یائے ساکنہ سے (اور قصیدہ میں بھی یہی درج ہے اور یہ وجہ دانیؒ نے فارس بن احمد سے پڑھی ہے لیکن یہ ابن جریر کے بجائے محمد بن اسماعیل قرشی کے طریق سے ہے) اور ابوحمدون وغیرہ نے یزیدی سے (نقل کرکے) یہ بیان کیا ہے کہ وصل میں فتحہ والی یا ہے اور وقف میں عِبَادْ ہے یا کے حذف سے اور چونکہ ابوعمرو کا قول یہ ہے کہ وہ وقف میں رسم کی پیروی کرتے ہیں اس لیے یہی وجہ ان کے قیاس کے موافق ہے اور باقی (ساڑھے چھ قراء) دونوں حالتوں میں یا کو حذف کرتے ہیں۔

وَرَجُلًا سَلَمًا میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے سَالِمًا ہے سین کے بعد الف اور لام کے کسرہ سے اور

---

[1] اختلاس صلہ کے مقابلہ میں کامل حرکت مراد ہے ۱۲ ح قادری

https://alislami.net

باقی (پانچ قراء) کے لیے الف کا حذف اور لام کا فتحہ ہے۔

## پارہ (۲۴) فَمَنْ اَظْلَمُ

بِکَافٍ عَبْدَهٗ میں حمزہ اور کسائی کے لیے عِبٰدَهٗ ہے عین کے کسرہ اور با کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ قراء) کے لیے (عین کا فتحہ اور با کا سکون اور) الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

کٰشِفٰتُ ضُرِّهٖ اور مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ میں ابوعمرو کے لیے کٰشِفٰتٌ ضُرَّهٗ مُمْسِكٰتٌ رَحْمَتَهٗ ہے دونوں میں تا کے تنوین دو پیشوں سے ضُرَّهٗ اور رَحْمَتَهٗ میں را اور تا کے فتحہ (اور ہا کے الٹے پیش سے اور پہلے تنوین میں ضاد کے سبب اخفا اور دوسرے کا را میں ادغام ہے) اور باقی (چھ قراء) کے لیے دونوں میں تنوین کا حذف (تا کا ایک پیش) اور ضُرِّهٖ اور رَحْمَتِهٖ میں را اور تا کا کسرہ (اور ہا کا صلہ کھڑا زیر) ہے۔

عَلٰی مَكَانَتِكُمْ انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

فَیُمْسِكُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا الْمَوْتَ میں حمزہ اور کسائی کے لیے قُضِیَ عَلَیْهَا الْمَوْتُ ہے قاف کے ضمہ اور ضاد کے کسرہ اور فتحہ والی یا سے اور الْمَوْتُ میں تا کے ضمہ سے اور باقی (پانچ قراء) کے لیے قاف اور ضاد کا فتحہ اور اس کے بعد تلفظ میں الف ہے اور الْمَوْتَ کی تا کا فتحہ ہے۔

لَا تَقْنَطُوْا حجر میں بیان ہو چکا ہے۔

بِمَفَازَتِهِمْ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے بِمَفَازَاتِهِمْ ہے زا کے بعد الف سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (ساڑھے چار قراء) کے لیے اس الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

تَاْمُرُوْنِّیْٓ اَعْبُدُ میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر کے لیے تَاْمُرُوْنَنِیْ دونون سے جن میں سے پہلے پر فتحہ اور دوسرے کا کسرہ ہے (۲) نافع کے لیے تَاْمُرُوْنِیَ کسرہ اور تخفیف والے ایک نون سے (۳) باقی (پانچ) کے لیے کسرہ اور تشدید والا ایک نون ہے۔ (۴) کی نون مشددہ مکسورہ یا مفتوحہ پڑھتے ہیں۔

جِایْٓءَ (میں یہاں اور فجر میں) اور سِیْقَ کا اشمام بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا میں دونوں جگہ یہاں اور فُتِحَتِ السَّمَآءُ نبا میں تینوں میں کوفیین کے لیے تا کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے فُتِّحَتْ ہے تا کی تشدید سے۔

https://alislami.net

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چھ ہیں

(۱) اِنِّیٓ اُمِرْتُ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے (۲) اِنِّیٓ اَخَافُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے (۳) اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰہُ اس میں حمزہ کے لیے سکون ہے اور نون کے کسرہ کے سبب لام کو باریک پڑھتے ہیں (۴) قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا اس کو ابوعمرو۔ حمزہ اور کسائی وصل میں حذف کرتے ہیں اور وقف میں اس کو ساکن (یٰعِبَادِیْ) پڑھتے ہیں جیسا کہ ہم اس کو (دلیل سمیت) عنکبوت (کے آخر میں بیان کر چکے ہیں اور باقی (چار) اس کو (وصلاً) فتحہ سے (اور وقفاً ساکن) پڑھتے ہیں (۵) تَاْمُرُوْنِّیٓ اَعْبُدُ اس میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے فتحہ ہے (۶) فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ اس میں جو اختلاف ہے وہ اس سے پہلے (اسی سورۃ میں) بیان ہو چکا ہے۔

# (۴۰) سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنْ (مکی)

اس سورہ میں پچاسی آیتیں۔ ایک ہزار ایک سو ننانوے کلمے۔ چار ہزار نو سو ساٹھ حروف اور نو رکوع ہیں اسکے فواصل (مُدْ بَرٌ نَعْلَقْ) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں

حٰمٓ میں تمام جگہ تین قراءتیں ہیں (۱) قالون۔ ابن کثیر۔ ہشام اور حفص کے لئے ساتوں حامیموں کا فتح (۲) ورش وابوعمرو کے لئے امالہ صغریٰ (۳) باقی (تین) کے لئے امالہ کبریٰ

کَلِمٰتُ رَبِّکَ یونس میں بیان ہو چکا ہے۔

وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ میں نافع اور ہشام کے لئے تا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے یا ہے۔

اَشَدَّ مِنْھُمْ میں ابن عامر کے لئے مِنْکُمْ ہے کاف سے اور باقی (چھ) کے لئے مِنْھُمْ ہے ھا سے

دِیْنَکُمْ اَوْ اَنْ میں کوفیین واو سے پہلے فتحہ والا ہمزہ زیادہ کر کے واو کو ساکن (اَوْاَنْ) پڑھتے ہیں اور باقی (چار) کے لئے وَاَنْ ہے (پہلے) ہمزہ کے حذف اور واو کے فتحہ سے۔

یُظْھِرَ میں نافع۔ ابوعمرو۔ حفص کے لئے یا کا ضمہ اور ھا کا کسرہ اور فِی الْاَرْضِ الْفَسَادَ میں دال کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لئے یا اور ھا کا فتحہ اور اَلْفَسَادُ کی دال کا ضمہ ہے۔ (پس یہاں چار قراء تیں ہو گئیں (۱) نافع اور ابوعمرو کے لئے وَاَنْ یُّظْھِرَ فِی الْاَرْضِ الْفَسَادَ (۲) ابن کثیر اور ابن عامر کے

https://alislami.net

لئے وَاَنْ یُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ (۳) حفص کے لئے اَوْ اَنْ یُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ (۴) باقی (اڑھائی) کے لئے اَوْ اَنْ یَّظْهَرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادُ)

كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ میں ابوعمرو۔ابن ذکوان کے لئے قَلْبٍ مُتَكَبِّرٍ ہے با کی تنوین دو زیروں سے اور اس تنوین کا میم میں ادغام کرتے ہیں اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ ہے (با کے ایک زیر سے) تنوین کے بغیر۔

فَاَطَّلِعَ میں حفص کے لئے عین کا فتحہ اور باقی (ساڑھے چھ) کے لئے عین کا ضمہ ہے۔

وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ رعد میں بیان ہو چکا ہے۔

يُدْخَلُوْنَ الْجَنَّةَ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ اَدْخِلُوْا میں ابن کثیر۔ابوعمرو۔ابن عامر۔شعبہ کے لئے السَّاعَةُ ادْخُلُوْا ہے ہمزہ وصلی سے (جو حذف ہو جاتا ہے) اور خا کے ضمہ سے اور جب اس سے ابتدا کرتے ہیں تو ہمزہ کا بھی ضمہ پڑھتے ہیں (یعنی اُدْخُلُوْا) اور باقی (ساڑھے تین) کے لئے دونوں حالتوں میں اَدْخِلُوْا ہے ہمزہ قطعی (اور اس کے فتحہ) اور خا کے کسرہ سے۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ میں نافع اور کوفیین کے لئے یا اور باقی (تین) کے لئے تا ہے۔

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ میں کوفیین کے لئے دو تائیں ہیں اور باقی (چار) کے لئے يَتَذَكَّرُوْنَ ہے یا اور تا سے۔

سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ میں ابن کثیر اور شعبہ کے لئے سَيُدْخَلُوْنَ ہے یا کے ضمہ اور خا کے فتحہ سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے یا کا فتحہ اور خا کا ضمہ ہے (اور یہ نساء میں بھی بیان ہو چکا ہے)

شُيُوْخًا میں نافع۔ابوعمرو۔ہشام اور حفص کے لئے شین کا ضمہ اور باقی (چار) کے لئے شین کا کسرہ ہے

كُنْ فَيَكُوْنُ بقرہ مین بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورہ میں اضافت کی یا آت آٹھ ہیں

(۱) اِنِّيْ اَخَافُ تینوں جگہ ان میں نافع۔ابن کثیر۔ابوعمرو کے لئے فتحہ ہے (۴) ذَرُوْنِيْ اَقْتُلْ مُوْسٰى (۵) اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ان دونوں میں ابن کثیر کے لئے فتحہ ہے (۶) لَعَلِّيْ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ

https://alislami.net

اس میں کوفیین کے لئے سکون ہے (۷) مَـا لِـيَ اَدْعُوْكُمْ اس میں ابن ذکوان اور کوفیین کے لئے سکون ہے (۸) اَمْرِیَ اِلَی اللّٰہِ اس میں نافع اور ابو عمرو کے لئے فتحہ ہے۔

اور اس میں یا آت زوائد تین ہیں

(۱) اَلتَّلَاقِ (۲) اَلتَّـنَـادِ ان دونوں کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور ورش صرف وصل میں ثابت رکھتے ہیں اور قالون سے ان دونوں میں اختلاف ہے پس میں نے ان کے لئے ان دونوں کو وصلاً اثبات وحذف دونوں وجوہ سے پڑھا ہے (لیکن چونکہ یا کا اثبات بیان کرنے میں فارس بن احمد منفرد ہیں اس بنا پر ان دونوں میں قالون کے لئے دونوں حالتوں میں حذف ہی صحیح ہے) (۳) اِتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور قالون وابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں

## (۴۱) سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة (سُوْرَةُ فُصِّلَتْ) (مکی)

اس سورہ میں چون آیتیں۔ سات سو چھیانوے کلمے۔ تین ہزار تین سو پچاس حروف اور چھ رکوع ہیں اسکے فواصل (مُنْدِبٌ صَضَطْ ظٌ) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں

نَحِسٰتٍ میں ابن عامر اور کوفیین کے لئے حا کا کسرہ ہے اور باقی (تین) کیلئے نَحْسٰتٍ ہے حا کے سکون سے۔

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ میں نافع کے لئے وَيَوْمَ نَحْشُرُ اَعْدَآءَ اللّٰهِ ہے فتحہ والے نون اور شین کے ضمہ اور ہمزہ کے فتحہ سے اور باقی (چھ) کے لئے ضمہ والی یا اور شین کا فتحہ اور اَعْدَآءُ کے دوسرے ہمزہ کا ضمہ ہے

رَبَّنَـا اَرِنَا الَّذَيْنِ میں یہاں بھی تین قراءتیں ہیں۔(۱) ابن کثیر اور ابو شعیب سوسی (کے لیے ہر جگہ) اور ابن عامر اور شعبہ کے لیے صرف اسی جگہ اَرْنَا الَّذَيْنِ ہے را کے سکون سے۔(۲) یزیدی سے ابو عمرو (دوری) کے لیے (ہر جگہ کی طرح یہاں بھی) را کے کسرہ کا اختلاس (دو تہائی زیر) ہے (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے را کا پورا کسرہ ہے (اور یہ بقرہ میں بھی بیان ہو چکا ہے)۔

الَّذَيْنِ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

يُلْحِدُوْنَ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

ءَ اَعْجَمِیٌّ میں ہشام کے لیے (۱) اَعْجَمِیٌّ ہے خبر کی بنا پر ایک ہمزہ سے ادخال کے الف کے بغیر اور باقین کے لیے استفہام کی بنا پر دو ہمزہ ہیں پس شعبہ حمزہ اور کسائی کے لیے تو (۲) ءَ اَعْجَمِی ہے دونوں ہمزوں کی تحقیق سے (ادخال کے بغیر) اور باقی (چار) کے لیے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل ہے پھر ان میں سے قالون اور ابوعمرو کے لیے (۳) ءَ اَعْجَمِیٌّ ہے یعنی پہلے ہمزہ میں ایک الف کے برابر مد کرتے ہیں کیونکہ ان دونوں کا مذہب یہ ہے کہ تحقیق اور تسہیل والے ہمزہ کے درمیان ادخال کا الف زیادہ کیا کرتے ہیں اور ورش کے لیے (۴) آعْجَمِیٌّ ہے یعنی وہ اپنے قاعدہ کے موافق دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال کرتے ہیں اور ابن کثیر کے لیے (۵) ءَ اَعْجَمِیٌّ ہے یعنی اپنے قاعدہ کے موافق دوسرے ہمزہ کی تسہیل بین بین کرتے ہیں اور یہ بھی دونوں کے درمیان (ادخال سے) جدائی نہیں کرتے (اور یہ وجہ ورش کے لیے بھی ہے پس ان کے لیے دو وجوہ ہوگئیں (۱) دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال اور اس میں مد لازم (۲) تسہیل بلا ادخال اور یہ زیادات میں سے ہے) اور ابن ذکوان اور حفص کے مذہب کا قیاس بھی یہی (چاہتا) ہے (کہ ان کے لیے بھی ابن کثیر کی طرح تسہیل بلا ادخال ہو) کیونکہ ان دونوں کا مذہب یہ ہے کہ اور موقعوں میں دونوں ہمزوں کی تحقیق کیا کرتے ہیں اور دونوں میں الف سے جدائی نہیں کیا کرتے (پس یہاں بھی تحقیق و تسہیل والے ہمزہ میں جدائی نہ ہونی چاہیے۔

## پارہ (۲۵) اِلَیْهِ یُرَدُّ

مِنْ ثَمَرٰتٍ میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے را کے بعد الف ہے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے مِنْ ثَمَرَتٍ ہے واحد ہونے کی بنا پر الف کے حذف سے)۔

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ اسراء میں بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) اَیْنَ شُرَکَآءِیَ قَالُوْٓا اس میں ابن کثیر کے لیے فتحہ ہے (۲) اِلٰی رَبِّیْٓ اِنَّ لِیْ اس میں نافع اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے لیکن ان میں سے قالون کے لیے فتحہ اور سکون دونوں ہیں (اور فتحہ جمہور کی روایت ہے اور قوی تر اور مشہور تر اور قیاس سے زیادہ موافق ہے (نشر)

https://alislami.net

# (۴۲) سورۃ الشوریٰ (مکی)

اس سورہ میں ترپن آیتیں ۔آٹھ سو ساٹھ کلمے ۔تین ہزار پانچ سو اٹھاسی حروف ۔اور پانچ رکوع ہیں اسکے فواصل (نل فم دزبز) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

کذٰلک یوحیٓ میں ابن کثیر کے لیے یوحیٰ ہے حا کے فتحہ (اور اس کے بعد الف) سے (اور ان کے لیے من قبلک پر وقف مطلق ہے) اور باقی چھ کے لیے حا کا کسرہ اور اس کے بعد یائے ساکنہ ہے (اور من قبلک پر لا ہے)

تکاد السمٰوٰت (مریم میں) بیان ہو چکا ہے۔

یتفطرن میں یہاں ابوعمرو اور شعبہ کے لیے ینفطرن ہے تا کے بجائے نون ساکن اور طا کے کسرہ اور اس کی تخفیف سے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے فتحہ والی تا اور طا پر تشدید اور فتحہ ہے (اور یہ مریم میں بھی بیان ہو چکا ہے)۔

یبشر اللہ میں نافع ۔ابن عامر ۔عاصم کے لیے یا کا ضمہ اور با کا فتحہ اور شین پر تشدید اور کسرہ ہے اور باقی (چار) کے لیے یبشر اللہ ہے یا کے فتحہ اور با کے سکون اور شین کے ضمہ اور اس کی تخفیف سے (اور یہ آل عمران میں بھی بیان ہو چکا ہے)

ویعلم ما تفعلون میں حفص ۔حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے۔

ینزل الغیث (لقمٰن اور بقرہ میں) بیان ہو چکا ہے۔

فبما کسبت میں نافع اور ابن عامر کے لیے مصیبۃ بما ہے فا کے بغیر (اور با کے سبب تنوین میں اقلاب بھی کرتے ہیں) اور باقی (پانچ) کے لیے فبما ہے فا سے صرف اخفا ہوگا۔

الجوار احکام امالہ میں اور الریح بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

ویعلم الذین میں نافع اور ابن عامر کے لیے میم کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے میم کا فتحہ ہے۔

کبٰئر الاثم میں یہاں اور نجم میں حمزہ اور کسائی کے لیے کبیر الاثم ہے با کے کسرہ (پھر یائے ساکنہ) سے الف اور ہمزہ کے بغیر اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں با کا فتحہ اور اس کے بعد الف پھر (کسرہ والا) ہمزہ ہے۔

https://alislami.net

اَوْ يُرْسِلَ اور فَيُوْحِيَ بِاِذْنِہٖ میں نافع کے لیے اَوْ يُرْسِلُ ۔فَيُوْحِيْ ہے اول میں لام کے ضمہ اور ثانی میں دوسری یا کے سکون سے اور باقی (چھ) کے لیے لام اور یا دونوں کا فتحہ ہے۔

اور اس میں یائے زائدہ ایک ہے

اور وہ اَلْجَوَا رِ فِي الْبَحْرِ ہے ابن کثیر اس کو دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۴۳) سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ (مکی)

اس سورہ میں نواسی آیتیں۔آٹھ سو اڑتالیس کلمے (تفسیر خازن)۔تین ہزار چار سو حروف۔اور سات رکوع ہیں اسکے فواصل (لمن) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ (نساء میں) بیان ہو چکا ہے۔

صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ میں نافع۔حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (چار) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا طٰهٰ میں بیان ہو چکا ہے۔

كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

جُزْءًا البقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا میں حفص۔حمزہ اور کسائی کے لیے یا کا ضمہ اور نون کا فتحہ اور شین پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے اَوَمَنْ يَّنْشَؤُا ہے یا کے فتحہ اور نون کے سکون (اور اخفا) اور شین کی تخفیف سے

هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ میں نافع ابن کثیر۔ابن عامر کے لیے عِنْدَ الرَّحْمٰنِ ہے نون ساکن اور دال کے فتحہ سے اور باقی (چار) کے لیے نون کے بجائے فتحہ والی با اور اس کے بعد الف اور دال کا ضمہ ہے۔

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ میں نافع کے لیے ءَاُشْهِدُوْا ہے دو ہمزوں سے جن میں سے پہلا تحقیق اور فتحہ والا ہے اور دوسرے پر ضمہ ہے اور اس کی ہمزہ اور واو کے درمیان تسہیل ہے اور قالون کے لیے ابونشیط کی روایت سے اس میں دو وجوہ ہیں (۱) دوسرے ہمزہ سے پہلے الف کا ادخال اور تسہیل (۲) تسہیل بلا ادخال (اور ورش کے لیے صرف یہی ایک وجہ ہے) اور شین (ہر صورت میں ساکن ہی ہے اور باقی (چھ) کے لیے اَشَهِدُوْا ہے

https://alislami.net

نقز والے ایک ہمزہ سے شین کا بھی فتحہ ہے۔

قٰلَ اَوَ لَوْ میں ابن عامر اور حفص کے لیے (قاف کے بعد الف اور لام کا فتحہ ہے) اور باقی ساڑھے پانچ کے لئے قُلْ اَوَ لَوْ ہے (قاف کے ضمہ اور) الف کے حذف (اور لام کے سکون) سے۔

سُقُفًا میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے سَقْفًا ہے سین کے فتحہ اور قاف کے سکون سے واحد ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ) کے لیے سین اور قاف دونوں کا ضمہ ہے۔ جمع ہونے کی بنا پر۔

لَمَّا مَتَاعُ میں ہشام۔ عاصم اور حمزہ کے لیے میم پر تشدید ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لَمَا ہے میم کی تخفیف سے (اور قصیدہ میں ہشام کے لیے تخفیف بھی درج ہے پس ان کے لیے دونوں وجوہ ہو گئیں تشدید ابوالحسن سے ہے اور تخفیف ابوالفتح سے اس لیے یہی طریق کے موافق ہے صحیح دونوں ہیں)

حَتّٰى اِذَا جَآءَ نَا میں نافع ابن کثیر۔ ابن عامر۔ شعبہ کے لیے جَآءَانَا ہے ہمزہ کے بعد الف سے تثنیہ ہونے کی بنا پر اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بنا پر۔

يٰاَيُّهُ السّٰحِرُ نور میں بیان ہو چکا ہے۔

عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ میں حفص کے لیے سین کا سکون اور الف کا حذف ہے اور باقین کے لیے اَسٰوِرَةٌ ہے سین کے فتحہ اور اس کے بعد الف سے۔

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا میں حمزہ اور کسائی کے لیے سُلُفًا ہے سین اور لام کے ضمہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے سین اور لام دونوں کا فتحہ ہے۔

مِنْهُ يَصِدُّوْنَ میں نافع۔ ابن عامر۔ کسائی کے لیے صاد کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے صاد کا کسرہ ہے۔

ءَ اٰلِهَتُنَا خَيْرٌ میں کوفیین کے لیے دونوں ہمزوں کی تحقیق اور ان کے بعد الف ہے اور باقی (چار) کے لیے دوسرے کی تسہیل اور اس کے بعد الف ہے اور تحقیق و تسہیل والے ہمزوں کے درمیان الف کا ادخال کسی کے لیے بھی نہیں ہے (جیسا کہ ہم اس کو سورۂ اعراف میں ءَ اٰمَنْتُمْ کی بحث میں بھی) بیان کر چکے ہیں۔

مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے دو ھائیں ہیں اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے تَشْتَهِي الْاَنْفُسُ ہے ایک ھا سے۔

لِلرَّحْمٰنِ وُلْدٌ سورۂ مریم میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

وَ اِلَيۡهِ تُرۡ جَعُوۡنَ میں ابن کثیر اور حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقی (چار) کے لیے تا ہے

وَقِیۡلِہٖ میں عاصم اور حمزہ کے لیے لام کا جر اور ہا کا کسرہ (اور اس کا یا کے ساتھ صلہ) ہے اور باقی پانچ کے لئے وَقِيۡلُهٗ ہے لام کے فتحہ ہا کے ضمہ اور واو کے ساتھ صلہ سے

فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ میں نافع اور ابن عامر کے لیے تا اور باقی (پانچ) کے لیے یا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) مِنۡ تَحۡتِیَ اَفَلَا اس میں نافع ۔ بزی اور ابو عمرو کے لیے فتحہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سکون ہے (۲) يٰعِبَادِیَ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡكُمۡ اس میں تین قراءتیں ہیں (۱) شعبہ کے لیے وصلاً یٰعِبَادِیَ یا کے فتحہ سے (اور وقفاً یٰعِبَادِیۡ یا کے سکون سے) (۲) نافع ۔ ابو عمرو اور ابن عامر کے لیے دونوں حالتوں میں یا کا سکون (۳) باقی (ساڑھے تین) دونوں حالتوں میں یا کو حذف کرتے ہیں

اور اس میں یائے زائدہ ایک ہے

وَاتَّبِعُوۡنِ هٰذَا اس کو ابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

# (۴۴) سُوۡرَةُ الدُّخَانِ (مکی)

اس سورہ میں اُنسٹھ آیتیں ۔ تین سو چھیالیس کلمے ۔ ایک ہزار چار سو اکتیس حروف ۔ اور تین رکوع ہیں اس کے فواصل (مَنۡ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

رَبِّ السَّمٰوٰتِ میں کوفیین کے لیے با کا کسرہ اور باقی (چار) کے لیے با کا ضمہ ہے

يَغۡلِیۡ فِی الۡبُطُوۡنِ میں ابن کثیر اور حفص کے لیے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے تا ہے۔

فَاعۡتِلُوۡهُ میں نافع ۔ ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (چار) کے لیے تا کا کسرہ ہے

ذُقۡ اِنَّكَ میں کسائی کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقی (چھ) کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

فِیۡ مَقَامٍ میں نافع اور ابن عامر کے لیے میم کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے میم کا فتحہ ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) اِنِّیۡۤ اٰتِيۡكُمۡ اس میں نافع ۔ ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے (۲) لِیۡ فَاعۡتَزِلُوۡنِ اس میں ورش کے لیے فتحہ ہے۔

https://alislami.net

اور اس میں یا آتِ زوائد بھی دو ہیں

(۱) اَنْ تَرْجُمُوْنِ (۲) فَاعْتَزِلُوْنِ ان دونوں کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۴۵) سُوْرَۃُ الْجَاثِیَۃِ (مکی)

اس سورہ میں سینتیس آیتیں۔ چار سو اٹھاسی کلمے۔ دو ہزار ایک سو اکیانوے حروف۔ اور چار رکوع ہیں اسکے فواصل (نم) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

مِنْ دَآبَّۃٍ اٰیٰتٌ اور وَ تَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ اٰیٰتٌ میں حمزہ اور کسائی کے لیے اٰیٰتٍ ہے تا کے زیروں سے اور وَ تَصْرِیْفِ الرِّیْحِ ہے الف کے حذف اور یا کے سکون سے واحد ہونے کی بنا پر اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں جگہ اٰیٰتٌ ہے تا کے پیشوں سے اور وَ تَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ ہے جمع کے صیغہ سے (یا کے بعد الف سے)

وَاٰیٰتِہٖ یُؤْمِنُوْنَ میں ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے تا اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے یا ہے۔

مِنْ رِّجْزٍ اَلِیْمٌ (سبا میں) بیان ہو چکا ہے۔

لِیَجْزِیَ قَوْمًا میں ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے نون اور باقی (چار) کے لیے یا ہے۔

سَوَآءً مَّحْیَاھُمْ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کے زبر ہیں اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے سَوَآءٌ مَّحْیَاھُمْ ہے ہمزہ کے پیشوں سے۔

غِشٰوَۃً میں حمزہ اور کسائی کے لیے غَشْوَۃً ہے غین کے فتحہ شین کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقی (پانچ) کے لیے غین کا کسرہ اور شین کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

وَالسَّاعَۃُ لَا رَیْبَ فِیْھَا میں حمزہ کے لیے تا کا فتحہ اور باقین کے لیے تا کا ضمہ ہے

لَا یُخْرَجُوْنَ روم میں بیان ہو چکا ہے۔

اور اس سورۃ میں کوئی بھی یا نہیں ہے۔

پارہ (۲۶) حٰمٓ

## (۴۶) سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ (مکی)

اس سورہ میں پینتیس آیتیں۔ چھ سو چوالیس کلمے۔ دو ہزار پانچ سو پچانوے حروف۔ اور چار رکوع ہیں

https://alislami.net

اس کے فواصل (نَمُوْ) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں

لِیُنْذِرَ الَّذِیْنَ میں نافع۔ ابن عامر کے لیے تا اور بزی کے لیے تا اور یا دونوں ہیں (لیکن یا فارسی کے بجائے دالی" کے دوسرے شیوخ سے ہے اس لیے طریق کے خلاف ہے پس ان کے لیے بھی تا ہی صحیح ہے) اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے یا ہے۔

اِحْسٰـنًـا میں کوفیین کے لیے کسرہ والا ہمزہ اور حا کا سکون اور سین کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے اور باقی (چار) کے لیے حُسْنًا ہے حا کے ضمہ اور سین کے سکون سے ہمزہ اور الف کے بغیر۔

کُـرْ هًـا میں دونوں جگہ کوفیین اور ابن ذکوان کے لیے کاف کا ضمہ اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے کاف کا فتحہ ہے۔

نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ نَتَجَاوَ زُ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے اسی طرح دونوں فعلوں نَتَقَبَّلُ اور نَتَجَاوَ زُ میں فتحہ والا نون ہے اور اَحْسَنَ کے نون پر بھی فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے (یُتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنُ اور وَیُتَجَاوَ زُ ہے) دونوں (فعلوں) میں ضمہ والی یا سے اور اَحْسَنُ کے نون پر بھی ضمہ ہے۔

اُفٍ لَّکُمَا اسراء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَتَعِدٰنِنِیْ میں ہشام کے لیے اَتَعِدٰنِّیْ ہے تشدید والے ایک نون سے اور باقین کے لیے کسرہ اور تخفیف والے دو نون ہیں۔

وَلِیُوَفِّیَهُمْ میں ابن کثیر۔ ابوعمرو۔ ہشام۔ عاصم کے لیے یا اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے نون ہے۔

اَذْهَبْتُمْ میں چار قراءتیں ہیں (۱) ابن ذکوان کے لیے ءَ اَذْهَبْتُمْ مد (ادخال) کے بغیر تحقیق والے دو ہمزوں سے (۲) ابن کثیر کے لیے بھی دو ہمزہ جن میں سے پہلے کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل ہے ادخال کے بغیر (۳) ہشام کے لیے ءَاَذْهَبْتُمْ ادخال کے ساتھ پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل سے پس یہ اپنے قاعدہ کے موافق (ابن کثیر سے) زیادہ مد کرتے ہیں (جس کی تشریح هٰـاَنْتُمْ آل عمران اور ءَامَنْتُمْ اعراف میں گزر چکی ہے اور قصیدہ میں ادخال کے ساتھ دونوں ہمزوں کی تحقیق بھی ہے پس ہشام کے لیے دو وجوہ ہو گئیں (۱) تسہیل مع الادخال (۲) تحقیق مع الادخال (۴) باقی (پانچ) کے لیے اَذْهَبْتُمْ ہے خبر کی بنا

https://alislami.net

ہر ایک ہمزہ سے ادخال کے بغیر۔

وَاَہٰلِفُکُمْ اعراف میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا یُرٰیٓ اِلَّا مَسٰکِنُھُمْ میں عاصم اور حمزہ کے لیے یُرٰی میں ضمہ والی یا سے اور مَسٰکِنُھُمْ میں نون کا ضمہ ہے اور باقی (پانچ) کے لیے لَا تَرٰیٓ اِلَّا مَسٰکِنَھُمْ ہے فتحہ والی تا اور نون کے فتحہ سے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت چار ہیں

(۱) اَوْزِعْنِیٓ اَنْ اَشْکُرَ اس میں ورش اور بزی کے لیے فتحہ ہے (۲) اَتَعِدٰنِنِیٓ اَنْ اُخْرَجَ اس میں نافع۔ ابن کثیر کے لیے فتحہ ہے (۳) اِنِّیٓ اَخَافُ اس میں نافع۔ ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے (۴) وَلٰکِنِّیٓ اَرٰکُمْ اس میں نافع۔ بزی اور ابو عمرو کے لیے فتحہ ہے

## (۴۷) سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ ﷺ (مدنی)

اس سورہ میں اڑتیس آیتیں۔ پانچ سو اٹھاون کلمے۔ دو ہزار چار سو پچھتر حروف اور چار رکوع ہیں اسکے فواصل (نام) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَالَّذِیْنَ قُتِلُوْا میں ابو عمرو اور حفص کے لیے قاف کا ضمہ اور تا کا کسرہ ہے اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے قٰتَلُوْا ہے قاف اور تا کے فتحہ سے اور دونوں کے درمیان الف بھی ہے

غَیْرِ اٰسِنٍ میں ابن کثیر کے لیے اَسِنٍ ہے الف کے حذف سے اور باقی (چھ) کے لیے ہمزہ کے بعد الف مدہ بھی ہے۔

فَھَلْ عَسَیْتُمْ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

وَاَمْلٰی لَھُمْ میں ابو عمرو کے لیے وَ اُمْلِیَ لَھُمْ ہے ہمزہ کے ضمہ اور لام کے کسرہ اور یا کے فتحہ سے اور باقین کے لیے ہمزہ اور لام کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے جو تلفظ میں (آتا) ہے۔

اِسْرَارَھُمْ میں حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے

وَلَنَبْلُوَنَّکُمْ حَتّٰی نَعْلَمَ الْمُجٰھِدِیْنَ مِنْکُمْ اور نَبْلُوَا اَخْبَارَکُمْ تینوں فعلوں میں شعبہ کے لیے یا اور باقین کے لیے نون ہے۔

https://alislami.net

وَتَدْعُوْٓا اِلَی السَّلْمِ میں شعبہ اور حمزہ کے لیے سین کا کسرہ اور باقین کے لیے سین کا فتحہ ہے۔

## سُوْرَةُ الْفَتْح (۴۸) (مدنی)

اس سورہ میں انتیس آیتیں۔ پانچ سو اڑسٹھ کلمے۔ دو ہزار پانچ سو انسٹھ حروف۔ اور چار رکوع ہیں اس کے فواصل صرف (الف) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

دَآئِرَةُ السَّوْءِ توبہ میں اور عَلَيْهُ اللّٰهَ کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

لِتُـؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ چاروں فعلوں میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے یا اور باقی (پانچ) کے لیے تا ہے۔

فَسَيُؤْتِيْهِ میں نافع۔ ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے نون اور باقی (چار) کے لیے یا ہے۔

بِكُمْ ضَرًّا میں حمزہ اور کسائی کے لیے ضاد کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے ضاد کا فتحہ ہے

كَلٰمَ اللّٰهِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے كَلِمَ اللّٰهِ ہے لام کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے لام کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

يُدْخِلْهُ اور يُعَذِّبْهُ میں دونوں میں نافع اور ابن عامر کے لیے نون اور باقی (پانچ) کے لیے دونوں میں یا ہے۔

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا میں ابوعمرو کے لیے یا اور باقی (چھ) کے لیے تا ہے۔

شَطْئَهٗ میں ابن کثیر اور ابن ذکوان کے لیے شَطَئَهٗ ہے یعنی طا کو (فتحہ کی) حرکت دیتے ہیں اور باقین کے لیے طا کا سکون ہے۔

فَاٰزَرَهٗ میں ابن ذکوان کے لیے فَاَزَرَهٗ ہے الف کے حذف سے اور باقین کے لیے ہمزہ کے بعد (الف) مدہ ہے۔

عَلٰى سُوْقِهٖ (اور سُؤْقِهٖ) نمل میں بیان ہو چکا ہے۔

## سُوْرَةُ الْحُجُرَات (۴۹) (مدنی)

اس سورہ میں اٹھارہ آیتیں۔ تین سو پینتالیس کلمے۔ ایک ہزار چار سو چھہتر حروف۔ اور دو رکوع ہیں

https://alislami.net

اسکے فواصل (نمرٌ) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

فَتَبَیَّنُوْا نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اور بزی کی وہ تا آت جن کو وہ تشدید سے پڑھتے ہیں اس سے پہلے بقرہ میں اور لَحْمَ اَخِیْہِ مَیْتًا انعام میں بیان ہو چکے ہیں۔

لَا یَلِتْکُمْ میں ابوعمرو کے لیے لَا یَاْلِتْکُمْ ہے یا کے بعد ہمزہ ساکنہ سے اور جب اس ہمزہ میں تخفیف کرتے ہیں تو اس کا الف سے ابدال کر لیتے ہیں سوسی اور باقی (چھ) کے لیے لَا یَلِتْکُمْ ہے ہمزہ اور الف دونوں کے بغیر۔

بَصِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ میں ابن کثیر کے لئے یا اور باقین کے لئے تا ہے۔

یَوْمَ نَقُوْلُ میں نافع اور شعبہ کے لئے یا اور باقی (ساڑھے پانچ) کے لئے نون ہے۔

ھٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ میں ابن کثیر کے لئے یا اور باقین کیلئے تا ہے۔

## (۵۰) سُوْرَۃُ قٓ (مکی)

اس سورہ میں پینتالیس آیتیں۔ تین سو ستاون کلمے۔ ایک ہزار چار سو چورانوے حروف اور تین رکوع ہیں۔ اس کے فواصل (بَجْدَزْ طَظْ) کے چھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ میں نافع۔ ابن کثیر اور حمزہ کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقی (چار) کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے۔ یَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ فرقان میں بیان ہو چکا ہے۔

اس سورۃ میں یا آت زوائد تین ہیں

(۱) وَعِیْدِ اَفَعَیِیْنَا (۲) مَنْ یَّخَافُ وَعِیْدِ ان دونوں کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۳) الْمُنَادِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں اور نقاش نے ابوربیعہ سے اور انہوں نے بزی سے اور ابن مجاہد نے قنبل سے نقل کر کے یہ بیان کیا ہے یُنَادِی میں وقف یا کے ساتھ ہے (اور قصیدہ میں یا کے حذف سے بھی ہے پس اس میں ابن کثیر کے لیے وقفاً دو وجوہ ہو گئیں) اور باقی (چھ) رسم کی پیروی کی بنا پر یا کے بغیر دال پر وقف کرتے ہیں۔

https://alislami.net

## (۵۱) سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ (مکی)

اس سورہ میں ساٹھ آیتیں۔ تین سو ساٹھ کلمے۔ ایک ہزار دو سو اتالیس حروف۔ اور تین رکوع ہیں۔

اس کے فواصل (کَفْ مِنْ قَا ع) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

مِثْلَ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے لام کا ضمہ اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

قَالَ سَلٰمٌ ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

## پارہ (۲۷) قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ میں کسائی کے لیے الصَّعْقَةُ ہے الف کے حذف اور عین کے سکون سے اور باقین کے لیے صاد کے بعد الف اور عین کا کسرہ ہے۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ میں ابو عمرو حمزہ اور کسائی کے لیے میم کا کسرہ اور باقین کے لیے فتحہ ہے۔

## (۵۲) سُوْرَةُ الطُّوْرِ (مکی)

اس سورہ میں انچاس آیتیں۔ تین سو بارہ کلمے۔ ایک ہزار پانچسو حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ رَاعَ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَاتَّبَعَتْهُمْ میں ابو عمرو کے لیے وَاَتْبَعْنٰهُمْ ہے فتحہ والے ہمزۂ قطعی اور تا اور عین کے سکون اور نون سے اور اس نون کے بعد الف سے اور باقین کے لیے ہمزۂ وصلی ہے جو حذف ہو جاتا ہے اور تا کے فتحہ اور تشدید اور عین کے فتحہ اور اس کے بعد تائے ساکنہ سے الف کے بغیر۔

ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابو عمرو کے لیے ذُرِّيّٰتِهِمْ ہے (یا کے بعد الف اور تا (اور ھا) کے کسرہ سے (جمع ہونے کی بنا پر (۲) ابن عامر کے لیے ذُرِّيّٰتُهُمْ ہے (یا کے بعد الف اور تا (اور ھا) کے ضمہ سے (جمع ہی ہونے کی بنا پر) (۳) باقین کے لیے ذُرِّيَّتُهُمْ واحد ہونے کی بنا پر (الف کے حذف اور تا (اور ھا) کے ضمہ سے (پس ابو عمرو کے لیے وَاَتْبَعْنٰهُمْ ذُرِّيّٰتِهِمْ اور ابن عامر کے لیے وَاتَّبَعَتْهُمْ

https://alislami.net

ذُرِّیَّتُهُمْ اور باقی (پانچ) کے لیے وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّیَّتُهُمْ ہے)

بِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ میں نافع۔ ابوعمرو۔ ابن عامر کے لیے ذُرِّیّٰتِهِمْ ہے (یا کے بعد الف اور) تا (اور ھا) کے کسرہ سے جمع ہونے کی بنا پر اور باقی (چار) کے لیے ذُرِّیَّتَهُمْ ہے واحد ہونے کی بنا پر (الف کے حذف) اور تا کے فتحہ (اور ھا کے ضمہ سے۔

وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ میں ابن کثیر کے لیے لام کا کسرہ اور باقی (چھ) کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

لَا لَغْوٌ فِیْهَا وَلَا تَاْثِیْمٌ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ میں نافع اور کسائی کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقین کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

اَلْمُصَیْطِرُوْنَ میں تین قراءتیں ہیں (۱) قنبل اور ہشام کے لیے اَلْمُسَیْطِرُوْنَ سین سے حفص کے لیے (سین اور صاد) دونوں وجوہ ہیں (۲) خلف کے لیے صاد کا زا کے ساتھ اشمام (یعنی صاد اور زا دونوں کا کچھ کچھ حصہ لے کر ایک حرف بنا لیتے ہیں جو سننے میں پُر زا کی طرح معلوم ہوتا ہے) اور خلاد کے لیے (اشمام اور خالص صاد) دونوں وجوہ ہیں (۳) باقی (ساڑھے چار) کے لیے خالص صاد ہے۔

یُصْعَقُوْنَ میں عاصم اور ابن عامر کے لیے یا کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا فتحہ ہے۔

## (۵۳) سُوْرَةُ النَّجْمِ (مکی)

اس سورہ میں باسٹھ آیتیں۔ تین سو ساٹھ کلمے۔ ایک ہزار چار سو پانچ حروف اور تین رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (هوٗنا) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اس سورۃ کی یائی آیات میں چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے اِذَا هَوٰی سے مِنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰی تک کی تمام آیات کے آخری الفات میں امالۂ (محضہ) (۲) ابوعمرو کے لیے جن کلمات میں یا سے پہلے را ہے (جیسے اُخْرٰی وغیرہ) ان میں (اور رَاٰی میں) امالۂ (محضہ) اور ان کے سوا باقی آیات میں امالۂ صغریٰ (۳) اور ورش کے لیے تمام آیات میں امالۂ صغریٰ لیکن شَیْئًا میں سب کے لیے فتح ہے (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ میں ہشام کے لئے كَذَّبَ ہے ذال کی تشدید سے اور باقین کے لئے ذال کی

https://alislami.net

تخفیف ہے

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ میں حمزہ اور کسائی کے لیے اَفَتَمْرُوْنَهٗ ہے تا کے فتحہ اور میم کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقین کے لیے تا کا ضمہ اور میم کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

وَمَنٰوةَ میں ابن کثیر کے لئے وَمَنَآءَةَ ہے مد اور (فتحہ والے) ہمزہ سے اور باقین کے لئے وَمَنٰوةَ ہے مد اور ہمزہ کے بغیر۔

ضِيْزٰى میں ابن کثیر کے لیے ضِئْزٰى ہے ہمزۂ (ساکنہ) سے اور باقین کے لیے (یا ہے) ہمزہ نہیں ہے۔

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ شوریٰ میں اور فِيْ بُطُوْنِ اِمَّهٰتِكُمْ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

اَلنَّشْاَۃَ عنکبوت میں بیان ہو چکا ہے۔

عَادًا ٱلْأُولَىٰ میں نافع اور ابوعمرو کے لیے عَادَ الُّوْلٰى ہے لام کے ضمہ سے یعنی ہمزہ کی حرکت نقل کر کے لام کو دیدیتے ہیں اور تنوین کا لام میں ادغام کرتے ہیں لیکن ان میں سے قالون کے لیے عَادَ الُّؤْلٰى ہے لام کے ضمہ اور اس کے بعد واو کے بجائے ہمزۂ ساکنہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے عَادَنِ الْاُوْلٰى ہے تنوین کے کسرہ اور لام کے سکون اور اس کے بعد والے ہمزہ کی تحقیق سے اور اَلُوْلٰى سے ابتدا (اعادہ) کرنے کی صورت میں ابوعمرو کی قراءۃ میں تین وجوہ جائز ہیں اول اَلُوْلٰى یعنی ہمزۂ وصلی کو ثابت رکھ کر اس کے بعد والے لام کا ضمہ پڑھتے ہیں دوم لُوْلٰى لام کے ضمہ اور ہمزۂ وصلی کے حذف سے کیوں جب لام پر حرکت آگئی تو ہمزۂ وصلی کی ضرورت نہیں رہی (اس بنا پر کہ ہمزۂ وصلی اسی لیے آیا کرتا ہے کہ ساکن سے ابتدا کرنے میں جو دشواری ہے وہ ہمزہ کی حرکت کے ذریعہ رفع ہو جائے پس ہمزہ کی ضرورت اُسی صورت میں بھی جب کہ لام ساکن تھا) اور یہ دونوں وجوہ ورش کی قراءۃ میں بھی جائز ہیں اس کلمہ میں بھی اور اس جیسے اور کلمات میں بھی (جن میں ہمزہ کی حرکت نقل کر کے لام تعریف کو دی گئی ہو اور اَلْ سے پہلے ایک حرفی کلمہ نہ ہو پس ورش کے لیے ایسے موقعوں میں ہر جگہ اَلُوْلٰى - لُوْلٰى - اَلَاخِرَةِ لَاخِرَةِ اَلَارْضِ اور لَارْضِ دونوں طرح ابتدا یا اعادہ کر سکتے ہیں اور وَالَارْضِ میں لام سے ابتدا نہیں کر سکتے بلکہ واو سے کریں گے کیونکہ یہ ایک حرفی کلمہ ہے) سوم اَلْؤُلٰى یعنی ہمزۂ وصلی کو ثابت رکھ کر لام کو ساکن پڑھتے ہیں اور اس کے بعد جو ہمزہ فعل کے فا کلمہ میں ہے اس کو

https://alislami.net

تحقیق سے پڑھتے ہیں اور اسی طرح اس کلمہ سے ابتدا کرنے کی صورت میں قالون کی قراءۃ میں بھی تین وجوہ جائز ہیں (۱) اَلُوْ لیٰ ہمزۂ وصلی کے اثبات اور لام کے ضمہ اور واو کے بجائے ہمزۂ ساکنہ سے (۲) لُؤْ لیٰ ہمزۂ وصلی کے حذف اور لام کے ضمہ اور واو کے بجائے ہمزہ ساکنہ سے (۳) اَلْـؤْ لیٰ ابوعمرو کی تیسری وجہ کی طرح اور قالون اور ابوعمرو کی قراءۃ میں علامہ دانی کے نزدیک یہ تیسری وجہ سب وجوہ سے خوب تر اور قیاس سے زیادہ موافق ہے۔

وَثَمُوْدَ اَفَمَآ اَبْقٰی میں عاصم اور حمزہ دال کو بلا تنوین پڑھتے ہیں اور وقف بھی الف کے بغیر کرتے ہیں اور باقی (پانچ) کے لیے دال پر تنوین (وَ ثَمُوْ دًا) ہے اور وقف بھی الف سے کرتے ہیں (یعنی وَثَمُوْ دَا)

## (۵۴) سُوْرَۃُ الْقَمَرِ (مکی)

اس سورہ میں پچپن آیتیں۔ تین سو بیالیس کلمے۔ ایک ہزار چار سو تیس حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل صرف (را) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اِلٰی شَیْءٍ نُّکُرٍ میں ابن کثیر کے لیے نُّکْرٍ ہے کاف کے سکون سے اور باقین کے لیے کاف کا ضمہ ہے۔

خُشَّعًا میں ابوعمرو۔ حمزہ اور کسائی کے لیے خَاشِعًا ہے خا کے فتحہ اور اس کے بعد الف اور شین کے کسرہ اور اس کی تخفیف سے اور باقین کے لیے خا کا ضمہ اور شین پر تشدید اور فتحہ ہے۔

فَفَتَّحْنَا انعام میں بیان ہو چکا ہے۔

سَیَعْلَمُوْنَ میں ابن عامر اور حمزہ کے لیے تا اور باقین کے لیے یا ہے۔

اس سورۃ میں یا آت زوائد آٹھ ہیں

(۱) یَدْعُ الدَّاعِ اس کو بزی دونوں حالتوں میں اور ورش و ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۲) اِلَی الدَّاعِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں اور نافع اور ابوعمرو وصل میں ثابت رکھتے ہیں (۳ تا ۸) عَذَابِیْ وَنُذُرِ چھ جگہ (۱ تا ۳) (۴ تا ۶) ان سب کو صرف ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۵۵) سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ (مکی)

اس سورہ میں اٹھہتر آیتیں۔ تین سو اکیاون کلمے۔ ایک ہزار چھ سو چھتیس حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل (نمرٌ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

وَالْحَبُّ ذُوالْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن عامر کے لیے وَالْحَبَّ ذَاالْعَصْفِ وَالرَّيْحَانَ تینوں اسموں میں (بااور ذال اور نون کے) فتحہ سے (اور ذال کے بعد ایک الف بھی ہے جو نصب کی علامت ہے) (۲) حمزہ اور کسائی کے لیے وَالْحَبُّ ذُوالْعَصْفِ وَالرَّيْحَانِ ہے یعنی وَالرَّيْحَانِ میں نون کا کسرہ اور باقی دو میں بااور ذال کا ضمہ ہے۔ (۳) باقی (چار) کے لیے تینوں میں (با۔ ذال اور نون کا) ضمہ ہے (اور ذُوالْعَصْفِ میں واو بھی ہے جو رفع کی علامت ہے)

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ میں نافع اور ابو عمرو کے لیے يُخْرَجُ ہے یا کے ضمہ اور را کے فتحہ سے اور باقین کے لیے یا کا فتحہ اور را کا ضمہ ہے۔

اَلْمُنْشَئٰتُ میں حمزہ کے لیے شین کا کسرہ اور شعبہ کے لیے کسرہ اور فتحہ دونوں وجوہ ہیں اور باقین کے لیے شین کا فتحہ ہے۔ سَنَفْرُغُ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقین کے لیے نون ہے۔

اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ نور میں بیان ہو چکا ہے۔

شُوَاظٌ میں ابن کثیر کے لیے شین کا کسرہ اور باقین کے لیے شین کا ضمہ ہے۔

وَنُحَاسٌ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے سین کے زیر اور باقین کے لیے سین کے پیش ہیں۔

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ میں (دونوں جگہ کسائی کے لیے چار قول ہیں) (۱) کسائی کے راوی دوری کے لیے پہلے میں میم کا ضمہ (اور دوسرے میں کسرہ ہے) (۲) ابوالحارث کے لیے دوسرے میں ضمہ (اور اول میں کسرہ) (۳) اور خود ابوالحارث سے اس کے متعلق نص دوری کی روایت کی طرح آئی ہے (یعنی پہلے میں میم کا ضمہ اور دوسرے میں کسرہ (۴) کسائی نے اختیار دیا ہے کہ دونوں میں سے جس میں چاہو میم کا ضمہ پڑھ لو پس جو باقی رہے گا اس میں کسرہ ہوگا۔ نتیجہ یہ کہ اگر اس کلمہ میں دونوں جگہ کسائی کی دونوں وجوہ پڑھنا چاہو تو اس طرح کرو کہ اول میں پہلے میم کا ضمہ پڑھو پھر کسرہ اور دوسرے میں پہلے کسرہ پڑھو پھر ضمہ) اور باقی (چھ) کے لیے دونوں میں میم کا کسرہ ہے۔

اس سورۃ کے آخر میں جو ذِي الْجَلٰلِ ہے اس میں ابن عامر کے لیے ذُوالْجَلٰلِ ہے (ذال کے ضمہ اور اس کے بعد) واو سے (جو وصل میں حذف ہو جاتا ہے اور وقف میں باقی رہتا ہے) اور باقی (چھ) کے لیے (ذال کا کسرہ اور اس کے بعد یا ہے۔

https://alislami.net

## (۵۶) سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ (مکی)

اس سورہ میں چھیانوے آیتیں۔ تین سو اٹھہتر کلمے۔ ایک ہزار سات سو تین حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل (مِنْ قَا وِ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَلَا یُنْزِفُوْنَ میں کوفیین کے لیے زا کا کسرہ اور باقین کے لیے زا کا فتحہ ہے۔

وَحُوْرٌ عِیْنٌ میں حمزہ اور کسائی کے لیے وَحُوْرٍ عِیْنٍ ہے را اور نون کے زیروں سے اور باقین کے لیے را اور نون دونوں کے پیش ہیں۔

عُرُبًا میں شعبہ اور حمزہ کے لیے عُرْبًا ہے را کے سکون سے اور باقین کے لیے را کا ضمہ ہے۔

(اَئِذَا ۔ ءَ اِنَّا کے) دونوں استفہام رعد میں بیان ہو چکے ہیں سوائے اس کے کہ یہاں نافع اور کسائی دونوں میں اول کو استفہام سے اور ثانی کو خبر سے (اَئِذَا ۔ اِنَّا) پڑھتے ہیں اور باقی (پانچ) کیلیے دونوں میں استفہام (اَئِذَا ۔ ءَ اِنَّا) ہے (اور دوسرے ہمزہ کی) تحقیق و تسہیل (اور ادخال) میں سب اپنے (ان) قواعد پر ہیں

اَوَ اٰبَآ ءُنَا صفّٰت میں بیان ہو چکا ہے۔

شُرْبَ الْھِیْمِ میں نافع۔ عاصم اور حمزہ کے لیے شین کا ضمہ اور باقین کے لیے شین کا فتحہ ہے۔

نَحْنُ قَدَّرْنَا میں ابن کثیر کے لیے قَدَرْنَا ہے دال کی تخفیف سے اور باقی (چھ) کے لیے دال پر تشدید ہے۔

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ میں شعبہ کے لیے ءَ اِنَّا ہے دو ہمزوں سے اور باقین کے لیے کسرہ والا ایک (ہمزہ) ہے۔

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے بِمَوْقِعِ النُّجُوْمِ ہے واو کے سکون اور الف کے حذف سے اور باقین کے لیے واو کا فتحہ اور اس کے بعد الف ہے۔

## (۵۷) سُوْرَةُ الْحَدِیْدِ (مدنی)

اس سورہ میں انتیس آیتیں۔ پانچ سو چوالیس کلمے۔ دو ہزار چار سو چھہتر حروف اور چار رکوع ہیں اسکے فواصل (رَبْ زَ مَنْدَ لِ) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَقَدْ اَخَذَ مِیْثَاقَکُمْ میں ابو عمرو کے لیے اُخِذَ مِیْثَاقُکُمْ ہے ہمزہ کے ضمہ اور خا کے کسرہ اور مِیْثَا

https://alislami.net

فَکُمْ کے قاف کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لیے ہمزہ اور خا اور مِیثَاقَکُمْ کے قاف تینوں کا فتحہ ہے۔

وَکُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الْحُسْنٰی میں ابن عامر کے لیے وَکُلٌّ ہے لام کے پیشوں سے اور باقین کے لیے لام پر دو زبر ہیں (اور اس کے بعد الف بھی ہے جو نصب کی علامت ہے)۔

فَیُضٰعِفُہٗ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا میں حمزہ کے لیے اٰمَنُوْٓا اَنْظِرُوْنَا ہے دونوں حالتوں میں ہمزۂ قطعی اور اس کے فتحہ اور ظا کے کسرہ سے اور باقین کے لیے ہمزۂ وصلی ہے (جو وصل میں حذف ہو جاتا ہے اور اٰمَنُوْا کا نون دوسرے نون سے مل جاتا ہے) اور ظا کا ضمہ ہے اور ابتدا (اعادہ) کے وقت ہمزہ کا بھی ضمہ پڑھتے ہیں (یعنی اُنْظُرُوْنَا)

فَالْیَوْمَ لَا یُؤْخَذُ میں ابن عامر کے لیے تا اور باقین کے لیے یا ہے

وَمَا نَزَلَ میں نافع اور حفص کے لیے زا کی تخفیف ہے اور باقین کے لیے وَمَا نَزَّلَ ہے زا کی تشدید سے

اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ دونوں میں ابن کثیر اور شعبہ کے لیے اِنَّ الْمُصَدِّقِیْنَ وَالْمُصَدِّقٰتِ ہے صاد کی تخفیف سے اور باقین کے لیے (دونوں میں) صاد پر تشدید ہے۔

وَرِضْوَانٌ آل عمران میں اور بِالْبُخْلِ نساء میں بیان ہو چکا ہے۔

بِمَآ اٰتٰکُمْ میں ابوعمرو کے لیے بِمَآ اَتٰکُمْ ہے (ہمزہ کے بعد والے) الف کے حذف سے اور باقین کے لیے (ہمزہ کے بعد) الف مدہ بھی ہے۔

فَاِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ میں نافع اور ابن عامر کے لیے فَاِنَّ اللّٰہَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ہے ھُوَ کے بغیر اور باقی (پانچ) ھُوَ زیادہ کر کے پڑھتے ہیں۔

## پارہ (۲۸) قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ

## (۵۸) سُوْرَۃُ الْمُجَادِلَۃِ (مدنی)

اس سورہ میں بائیس آیتیں۔ چار سو تہتر کلمے۔ ایک ہزار سات سو بانوے حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل (مرزبد) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

يُظٰهِرُوْنَ میں دونوں جگہ تین قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے یا کے ضمہ اور ظا کی تخفیف اور اس کے بعد الف اور ھا کے کسرہ سے (۲) ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے یَظّٰهَرُوْنَ یا اور ھا کے فتحہ اور ظا کی تشدید اور اس کے بعد الف سے (۳) باقی (تین) کے لیے یَظَّهَّرُوْنَ یا کے فتحہ اور ظا اور ھا دونوں کی تشدید اور فتحہ اور الف کے حذف سے۔

وَيَتَنٰجَوْنَ میں حمزہ کے لیے وَيَنْتَجُوْنَ ہے یا کے بعد نون ساکن پھر تا سے اور جیم کے ضمہ سے اور باقی (چھ) کے لیے یا اور نون کے درمیان فتحہ والی تا اور نون کے بعد الف اور جیم پر فتحہ ہے۔

فِی الْمَجٰلِسِ میں عاصم کے لیے (جیم کے بعد) الف ہے جمع ہونے کی بنا پر اور باقین کے لیے فِي الْمَجْلِسِ ہے (جیم کے سکون اور) الف کے حذف سے واحد ہونے کی بنا پر۔

قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا دونوں میں نافع۔ ابن عامر۔ حفص کے لیے شین کا ضمہ ہے اور ابتدا (اعادہ) کے وقت اول میں ہمزہ کا ضمہ (اُنْشُزُوْا) پڑھتے ہیں (اور ثانی میں ہمزہ سے اعادہ ہو ہی نہیں سکتا) اور شعبہ کے لیے شین کا ضمہ اور کسرہ دونوں وجوہ ہیں اور باقی (چار) کے لیے دونوں میں شین کا کسرہ ہے اور جب ابتدا (اعادہ) کرتے ہیں تو اول میں ہمزہ کا کسرہ (اِنْشِزُوْا) پڑھتے ہیں۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰهَ اس میں نافع اور ابن عامر کے لیے فتحہ ہے۔ اور توفیق حق تعالیٰ ہی کی مدد سے (نصیب ہوتی) ہے

## (۵۹) سُوْرَةُ الْحَشْرِ (مدنی)

اس سورہ میں چوبیس آیتیں۔ چار سو پینتالیس کلمے۔ ایک ہزار نو سو تیرہ حروف اور تین رکوع ہیں اسکے فواصل (مُرْ بِنْ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

يُخْرِبُوْنَ میں ابو عمرو کے لیے يُخَرِّبُوْنَ ہے خا کے فتحہ اور را کی تشدید سے اور باقی (چھ) کے لیے خا کا سکون اور را کی تخفیف ہے۔

الرُّعْبَ آل عمران میں بیان ہو چکا ہے۔

كَيْلَا يَكُوْنَ میں ہشام کے لیے تا ہے اور انھیں سے یا بھی منقول ہے اور دُوْلَةً میں دونوں

https://alislami.net

صورتوں میں تا کے پیش ہیں (پس یَکُوْنَ میں تو اختلاف ہے لیکن دُوْلَۃٌ میں نہیں پس یہاں ہشام کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) یَکُوْنَ دُوْلَۃٌ یہ فارسی سے ہے (۲) تَکُوْنَ دُوْلَۃٌ یہ ابوالفتح اور ابوالحسن سے ہے پس یہی طریق کے موافق ہے اور تیسری وجہ تَکُوْنَ دُوْلَۃً نہ روایتاً صحیح ہے نہ معناً (نشر) اور باقین کے لیے یَکُوْنَ میں یا اور دُوْلَۃً میں تا کے زیر ہیں۔

جُدُرٍ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے جِدَارٍ ہے جیم کے کسرہ اور دال کے بعد الف سے اور ابوعمرو کے لیے دال کے فتحہ میں امالہ بھی ہے اور باقین کے لیے جیم اور دال دونوں کا ضمہ ہے الف کے بغیر۔

## اس سورۃ میں (اضافت کی) یا ایک ہے

اِنِّیْٓ اَخَافُ اس میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے سکون (اور مد) ہے نافع۔ مکی اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے۔

## (۶۰) سُوْرَۃُ الْمُمْتَحِنَۃِ (مکی)

اس سورہ میں تیرہ آیتیں۔ تین سو اڑتالیس کلمے۔ ایک ہزار پانچسو دس حر... دو رکوع ہیں اسکے فواصل (لِنَرُ مِدٰ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

یَفْصِلُ بَیْنَکُمْ میں چار قراءتیں ہیں (۱) عاصم کے لیے یَفْصِلُ یا کے فتحہ۔ فا کے سکون اور صاد کے کسرہ اور اس کی تخفیف سے (۲) ابن عامر کے لیے یُفَصَّلُ یا کے ضمہ فا کے فتحہ اور صاد کی تشدید اور فتحہ سے (۳) حمزہ اور کسائی کے لیے یُفَصِّلُ ابن عامر کی طرح لیکن یہ دونوں صاد کا کسرہ پڑھتے ہیں (اور ابن عامر فتحہ) (۴) باقی (تین) کے لیے یُفْصَلُ یا کے ضمہ فا کے سکون اور صاد کے فتحہ سے تشدید کے بغیر۔

اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ جو دو جگہ ہے وہ احزاب میں بیان ہو چکا ہے۔

وَلَا تُمْسِکُوْا میں ابوعمرو کے لیے وَلَا تُمَسِّکُوْا ہے میم کے فتحہ اور سین کی تشدید سے اور باقین کے لیے میم کا سکون اور سین کی تخفیف ہے۔

## (۶۱) سُوْرَۃُ الصَّفِّ (مدنی)

اس سورہ میں چودہ آیتیں۔ دو سو اکیس کلمے۔ نو سو حروف اور دو رکوع ہیں اس کے فواصل (ضُمْنَ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

هٰذَا سِحْرٌ مائدہ میں بیان ہو چکا ہے۔

مُتِمُّ نُوْرِهٖ میں ابن کثیر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے مُتِمُّ میں تنوین کا حذف (میم کا ایک پیش) اور نُوْرِهٖ کی را (اور ھا) کا کسرہ (اور ھا کا یا کے ساتھ صلہ) ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے مُتِمٌّ نُوْرَهٗ ہے تنوین (اور اس کے ادغام) اور نُوْرَهٗ کی را کے فتحہ (اور ھا کے ضمہ اور واو کے ساتھ صلہ) سے۔

تُنْجِیْكُمْ میں ابن عامر کے لیے تُنَجِّیْكُمْ ہے (نون کے فتحہ اور جیم کی) تشدید سے اور باقین کے لیے (نون کا سکون اور اس میں اخفا اور جیم کی) تخفیف ہے۔

اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے را کا ایک زبر ہے تنوین اور کسرہ والے لام کے بغیر اور باقی (تین) کے لیے اَنْصَارًا لِلّٰهِ ہے را کی تنوین (دو زبروں) سے اور حق تعالیٰ شانہٗ کے نام کے شروع میں کسرہ والا لام بھی ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) مِنْۢ بَعْدِی اسْمُهٗ اس میں ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سکون (اور تلفظ میں سے حذف) ہے (۲) مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اس میں نافع کے لیے فتحہ ہے۔

## (۶۲) سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ (مدنی)

اس سورہ میں گیارہ آیتیں۔ ایک سو اسی کلمے۔ سات سو بیس حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حروف پر ختم ہوتے ہیں۔

اور اس میں امالہ وغیرہ کے مذکورہ بالا (اصولی) اختلافات کے علاوہ اور کسی قسم کا بھی اختلاف نہیں ہے۔

## (۶۳) سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ (مدنی)

اس سورہ میں گیارہ آیتیں۔ ایک سو اسی کلمے۔ نو سو چھہتر حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (صرف حرف نون ہے) یعنی صرف ایک حرف نون پر ختم ہوتے ہیں۔

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ میں قنبل۔ ابو عمرو اور کسائی کے لیے خُشْبٌ ہے شین کے سکون سے اور باقین کے لیے شین کا ضمہ ہے۔

https://alislami.net

لَوَّوْا میں نافع کے لیے لَوَوْا ہے واو کی تخفیف سے اور باقین کے لیے واو پر تشدید ہے۔

وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ میں ابوعمرو کے لیے وَاَكُوْنَ ہے کاف کے بعد واو ساکنہ اور نون کے فتحہ سے اور باقین کے لیے واو کا حذف اور نون کا جزم (اور اس کا میم میں ادغام) ہے۔

خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ جو سورۃ کے ختم پر ہے اس میں شعبہ کے لیے یا اور باقین کے لیے تا ہے۔

## (۶۴) سُوْرَةُ التَّغَابُنِ (مدنی)

اس سورہ میں اٹھارہ آیتیں۔ دوسو اکتالیس کلمے۔ ایک ہزار ستر حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (زمِدْنَ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

يُكَفِّرْ عَنْهُ وَيُدْخِلْهُ میں نافع اور ابن عامر کے لیے دونوں میں نون ہے اور باقین کے لیے یا ہے۔

يُضٰعِفْهُ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

## (۶۵) سُوْرَةُ الطَّلَاقِ (مدنی)

اس سورہ میں بارہ آیتیں۔ دوسو انچاس کلمے۔ ایک ہزار ساٹھ حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (زبا) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

مُبَيِّنَةٍ نساء میں اور وَالّٰٓئِیْ احزاب میں بیان ہو چکا ہے۔

بٰلِغُ اَمْرِهٖ میں حفص کے لیے تنوین کا حذف (یعنی غین کا ایک پیش) اور اَمْرِهٖ کی را (اور ھا) کا کسرہ (اور اس کا یا کے ساتھ صلہ) ہے اور باقین کے لیے بٰلِغٌ اَمْرَهٗ ہے تنوین اور را کے فتحہ (اور ھا کے ضمہ اور واو کے ساتھ صلہ) سے۔

نُكْرًا (اور نُكُرًا) کہف میں اور مُبَيَّنٰتٍ نور میں بیان ہو چکا ہے۔

يُدْخِلْهُ میں نافع اور ابن عامر کے لیے نون اور باقین کے لیے یا ہے۔

## (۶۶) سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ (مدنی)

اس سورہ میں بارہ آیتیں۔ دوسو سینتالیس کلمے۔ ایک ہزار ساٹھ حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل

https://alislami.net

(طلمونن) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔
عَرَّفَ بَعْضَهٗ کو کسائی عَرَفَ را کی تخفیف سے اور باقی (چھ) تشدید سے پڑھتے ہیں۔
وَاِنْ تَظٰهَرَا اور وَ جِبْرِیْلُ دونوں بقرہ میں بیان ہو چکے ہیں۔
اور یُبْدِلَهٗ کہف میں بیان ہو چکا ہے۔
نُصُوْحًا میں شعبہ کے لیے نون کا ضمہ اور باقین کے لیے نون کا فتحہ ہے۔
وَ كُتُبِهٖ میں ابوعمرو اور حفص کے لیے کاف اور تا پر ضمہ ہے جمع ہونے کی بنا پر اور باقین کے لیے وَکِتٰبِهٖ ہے کاف کے کسرہ اور تا کے بعد الف سے واحد ہونے کی بنا پر۔

# پارہ (۲۹) تَبٰرَكَ الَّذِیْ

## (۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ (مکی)

اس سورہ میں تیس آیتیں۔ تین سو تیس کلمے۔ ایک ہزار تین سو تیرہ حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (رمن) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

مِنْ تَفٰوُتٍ میں حمزہ اور کسائی کے لیے مِنْ تَفَوُّتٍ ہے الف کے حذف اور واو کی تشدید سے اور باقین کے لیے فا کے بعد الف اور واو کی تخفیف ہے۔

فَسُحْقًا میں کسائی کے لیے فَسُحُقًا ہے حا کے ضمہ سے اور باقین کے لیے حا کا سکون ہے۔

اَلنُّشُوْرُ ءَ اَمِنْتُمْ میں پانچ قراءتیں ہیں (۱) قنبل کے لیے اَلنُّشُوْرُ وَ اَمِنْتُمْ یعنی وصل میں پہلے ہمزہ کو جو استفہام کے لیے ہے فتحہ والے واو سے بدلتے ہیں اور اس کے بعد ایک الف کے برابر مد (یعنی ہمزہ کی تسہیل) کرتے ہیں (پس تسہیل کو مد سے تعبیر کر دیا اور اس کی تقریر آل عمران کے ءَاٰمَنْتُمْ اور ءَامَنْتُمْ اعراف وغیرہ میں کئی جگہ گزر چکی ہے) اور جب ءَ اَمِنْتُمْ سے ابتدا کرتے ہیں تو (پہلے) ہمزہ کی تحقیق (اور دوسرے کی تسہیل) کرتے ہیں (۲) ابن ذکوان اور کوفیین کے لیے دونوں ہمزوں کی تحقیق (بلا ادخال) ہے اور باقین سے ہمزہ کی تسہیل کرتے ہیں (اور ہشام کے لیے تحقیق بھی ہے) (۳) پس ان میں سے بزی تو ہمزہ سے پہلے ادخال کا الف زیادہ نہیں کرتے یعنی ان کے لیے تسہیل بلا ادخال ہے (۴) ورش بھی اپنے قاعدہ پر ہیں (چنا

https://alislami.net

چنانچہ ان کے لیے دو وجوہ ہیں (۱) اٰمِنتُم یعنی دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال کرتے ہیں (۲) بزی کی طرح دوسرے کی تسہیل بلا ادخال )(۵) اور باقین (قالون۔ ابوعمرو۔ ہشام) بھی اپنے قواعد پر ہیں (پس قالون وابو عمرو کے لیے ءَاٰمِنتُم ہے تسہیل اور ادخال سے اور ہشام کے لیے دو وجوہ ہیں تسہیل مع ادخال اور تحقیق مع ادخال اور دوسری زیادات میں سے ہے)

سِیْٓـئَتْ کا اشمام ہود میں بیان ہو چکا ہے۔

فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ میں کسائی کے لیے یا اور باقی (چھ) کے لیے تا ہے اور یہ آخری فَسَتَعْلَمُوْنَ ہے اور پہلے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں (اُس میں سب کے لیے تا ہے)

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ اس میں حمزہ کے لیے سکون (اور وصلاً حذف) ہے (۲) وَمَنْ مَّعِيَ اس میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے سکون اور مد ہے۔

اور اس سورۃ میں یا آت زوائد دو ہیں

(۱) نَذِيْرِ (۲) نَكِيْرِ ان دونوں کو ورش وصل میں ثابت رکھتے ہیں۔

## (۶۸) سُوْرَةُ الْقَلَمِ (نٓ) (مکی)

اس سورۃ میں باون آیتیں۔ تین سو کلمے۔ ایک ہزار دو سو چھپن حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (مَنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

نٓ وَالْقَلَمِ میں نون کا اظہار اور ادغام سورۂ یٰسٓ کے شروع میں بیان ہو چکا ہے۔

اَنْ كَانَ میں شعبہ اور حمزہ کے لیے (۱) ءَاَنْ كَانَ ہے تحقیق والے دو ہمزوں سے (ادخال کے بغیر) اور ابن عامر کے لیے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے کی تسہیل ہے اور ابن ذکوان ہشام سے کم مد کرتے ہیں اس دلیل کی بنا پر جس کو ہم فصلت میں بیان کر چکے ہیں) کیونکہ ہشام کے لیے تو (۲) ءَاٰنْ كَانَ ہے صرف تسہیل اور ادخال سے اور ابن ذکوان کے لیے (۳) تسہیل بلا ادخال ہے اور اس سے مد کا کم ہونا ظاہر ہے) (۴) باقی (ساڑھے چار) کے لیے اَنْ كَانَ ہے خبر کی بناء پر فتحہ والے ایک ہمزہ سے (پس اس میں یہ چار قراءتیں ہیں)

https://alislami.net

اَنۡ یُّبۡدِ لَنَا کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

لَیُزۡلِقُوۡنَکَ میں نافع کے لیے یا کا فتحہ اور باقین کے لیے یا کا ضمہ ہے۔

## (۶۹) سُوۡرَۃُ الۡحَآقَّۃِ (مکی)

اس سورہ میں باون آیتیں۔ دو سو چھپن کلمے۔ ایک ہزار چار سو تیس حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (لِمنۃ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَمَنۡ قَبۡلَہٗ میں ابوعمرو اور کسائی کے لیے قِبَلَہٗ ہے قاف کے کسرہ اور با کے فتحہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے قاف کا فتحہ اور با کا سکون ہے۔

وَتَعِیَھَا کو تمام قراء عین کے کسرہ اور یا کے فتحہ اور اس کی تخفیف سے پڑھتے ہیں اور ابن کثیر اور عاصم اور حمزہ سے اس میں اور وجوہ بھی آئی ہیں جو صحیح نہیں ہیں۔ (غیر مقرو)

اُذُنٌ وَّاعِیَۃٌ مائدہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا تَخۡفٰی مِنۡکُمۡ میں حمزہ اور کسائی کے لیے یا اور باقین کے لیے تا ہے۔

عَنِّیۡ مَالِیَہۡ اور عَنِّیۡ سُلۡطٰنِیَہۡ دونوں میں حمزہ کے لیے وصلاً مَا لِیۡ سُلۡطٰنِیۡ ہے دونوں ھاؤں کے حذف سے اور باقین دونوں حالتوں میں ھا کو ثابت رکھتے ہیں (اور ساکن پڑھتے ہیں)

قَلِیۡلًا مَّا تُؤۡمِنُوۡنَ اور قَلِیۡلًا مَّا تَذَکَّرُوۡنَ میں ابن کثیر اور ابن عامر کے لیے یُؤۡمِنُوۡنَ اور یَذَّکَّرُوۡنَ ہے دونوں میں یا سے اور باقین کے لیے دونوں میں تا ہے

## (۷۰) سُوۡرَۃُ الۡمَعَارِجِ (مکی)

اس سورہ میں چوالیس آیتیں۔ دو سو چوبیس کلمے۔ نو سو انتیس حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (لمنعجھا) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

سَاَلَ میں نافع اور ابن عامر کے لیے سَالَ ہے سین کے بعد الف ساکنہ سے جو ہمزہ سے بدلا ہوا ہے فتحہ کے بعد فتحہ والے ہمزہ کا ابدال بھی اہل عرب سے سنا گیا ہے اور باقی (پانچ) کے لیے سَاَلَ ہے فتحہ والے ہمزہ سے اور حمزہ اس میں وقفاً تسہیل بین بین کرتے ہیں۔

https://alislami.net

تَعْرُجُ میں کسائی کے لیے یا اور باقین کے لیے تا ہے۔

مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ میں نافع اور کسائی کے لیے میم کا فتحہ اور باقین کے لیے میم کا کسرہ ہے اور یہ (ہود میں بھی) بیان ہو چکا ہے۔

لَظٰى لِلشَّوٰى وَتَوَلّٰى فَاَوْعٰى چاروں میں تین قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی اپنے قواعد کے موافق امالہ کرتے ہیں (۲) ورش وابو عمرو کے لیے امالۂ صغریٰ ہے (۳) باقی (ساڑھے تین) کے لیے خالص فتحہ ہے۔

نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى میں حفص کے لیے تا کی دو زبر اور باقین کے لیے تا کے دو پیش ہیں۔

لِاَمٰنٰتِهِمْ مؤمنون میں بیان ہو چکا ہے۔

بِشَهَادٰتِهِمْ میں حفص کے لیے (دال کے بعد) الف ہے جمع ہونے کی بنا پر اور باقین کے لیے بِشَهَادَتِهِمْ ہے الف کے حذف سے واحد ہونے کی بنا پر

اِلٰى نُصُبٍ میں ابن عامر اور حفص کے لیے نون اور صاد دونوں کا ضمہ ہے اور باقین کے لیے نَصْبٍ ہے نون کے فتحہ اور صاد کے سکون سے۔

## (۷۱) سُوْرَةُ نُوْحٍ (مکی)

اس سورہ میں اٹھائیس آیتیں۔ دو سو چوبیس کلمے۔ نو سو ننانوے حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (مِنَا) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

وَوَلَدُهٗ میں نافع۔ ابن عامر۔ عاصم کے لیے واو اور لام دونوں کا فتحہ ہے اور باقی (چار) کے لیے وَوُلْدُهٗ ہے واو کے ضمہ اور لام کے سکون سے۔

وَدًّا میں نافع کے لیے واو کا ضمہ اور باقین کے لیے واو کا فتحہ ہے۔

مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ میں ابو عمرو کے لیے خَطَايَاهُمْ ہے قَضَايَاهُمْ کے وزن پر اور باقین کے لیے طا کے بعد یا اور ہمزہ پھر الف پھر تا ہے (اور اس کا کسرہ ہے)

اس سورۃ میں اضافت کی یا آت تین ہیں

https://alislami.net

(۱) دُعَآئِیٓ اِلَّا اس میں کوفیین کے لیے سکون ہے (۲) ثُمَّ اِنِّیٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ اس میں ابن ذکوان عامر اور کوفیین کے لیے سکون ہے (۳) بَیْتِیَ مُؤْمِنًا اس میں حفص اور ہشام کے لیے فتحہ ہے۔

## (۷۲) سُوْرَةُ الْجِنِّ (مکی)

اس سورہ میں اٹھائیس آیتیں۔ دوسو پچاس کلمے۔ اٹھ سو ستر حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (دا) کے دو حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

وَاَنَّهٗ تَعٰالٰی سے لے کر وَ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ تک ہر آیت کے شروع میں وَاَنَّا وَاِنَّا وَ اَنَّهُمْ میں جو بارہ جگہ آیا ہے ابن عامر۔ حفص۔ حمزہ اور کسائی کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

یَسْلُکْهُ میں کوفیین کے لیے یا اور باقی (چار) کے لیے نون ہے۔

وَاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ میں نافع اور شعبہ کے لیے ہمزہ کا کسرہ اور باقین کے لیے ہمزہ کا فتحہ ہے

عَلَیْهِ لِبَدًا میں ہشام کے لیے لام کا ضمہ ہے اور باقین کے لیے لام کا صرف کسرہ ہے۔

قُلْ اِنَّمَا اَدْعُوْا میں عاصم اور حمزہ کے لیے قاف کا ضمہ ہے الف کے بغیر اور باقین کے لیے قٰلَ ہے الف کے ساتھ۔

### اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

رَبِّیٓ اَمَدًا اس میں نافع۔ مکی اور ابوعمرو کے لیے فتحہ ہے۔

## (۷۳) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ (مکی)

اس سورہ میں بیس آیتیں۔ دوسو پچاسی کلمے۔ آٹھ سو اڑتیس حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (ما ل) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَشَدُّ وَطْاً میں ابوعمرو اور ابن عامر کے لیے وِطَآءً ہے واو کے کسرہ اور طا کے فتحہ اور اس کے بعد الف مدہ سے اور باقین کے لیے واو کا فتحہ اور طا کا سکون ہے۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ میں ابن عامر۔ شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے با کا کسرہ اور باقی (ساڑھے تین) کے

https://alislami.net

لیے ہا کا ضمہ ہے۔

مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ میں ہشام کے لیے ثُلْثَيِ الَّيْلِ ہے لام کے سکون سے اور باقین کے لیے لام کا ضمہ ہے۔

وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ ' میں ابن کثیر اور کوفیین کے لیے فا اور ثا کا فتحہ (اور ھا کا ضمہ اور اس کا واو کے ساتھ صلہ) ہے اور باقی (تین) کے لیے وَنِصْفِهٖ وَثُلُثِهٖ ہے فا اور (دوسری) ثا (اور ھا) کے کسرہ (اور یا کے ساتھ صلہ) سے۔

## (۷۴) سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ (مکی)

اس سورہ میں چھپن آیتیں۔ دو سو چھپن کلمے۔ ایک ہزار دس حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (دَارَ نَهٗ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَالرُّجْزَ میں حفص کے لیے را کا ضمہ اور باقین کے لیے را کا کسرہ ہے۔

وَالَّيْلِ اِذْاَدْبَرَ میں نافع۔ حفص۔ حمزہ کے لیے اِذْ میں ذال کا سکون ہے اور اَدْبَرَ اَفْعَلَ کے وزن پر ہے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے اِذَا دَبَرَ ذال کے بعد الف سے اور دَبَرَ فَعَلَ کے وزن پر ہے۔

مُّسْتَنْفِرَةٌ میں نافع اور ابن عامر کے لیے فا کا فتحہ اور باقین کے لیے فا کا کسرہ ہے۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ میں نافع کے لیے تا اور باقین کے لیے یا ہے۔

## (۷۵) سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ (مکی)

اس سورہ میں چالیس آیتیں۔ ایک سو ننانوے کلمے۔ چھ سو بانوے حروف اور دو رکوع ہیں۔ اسکے فواصل (هَرْ قِيَا) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

لَآ اُقْسِمُ میں قنبل کے لیے لَاُقْسِمُ ہے لام کے بعد والے الف کے حذف سے اور نقاش نے ابوربیعہ سے اور انہوں نے بزی سے بھی حذف ہی روایت کیا ہے (اور قصیدہ میں اثبات بھی ہے جو طریق کے خلاف ہے اور تفصیل وَلَآ اَدْرٰكُمْ یونس میں دیکھو) اور باقین کے لیے لام کے بعد الف ہے اور دوسرے (وَلَآ اُقْسِمُ) میں اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے الف ہے)

فَاِذَا بَرِقَ میں نافع کے لیے را کا فتحہ اور باقین کے لیے را کا کسرہ ہے۔

بَلْ تُحِبُّوْنَ وَتَذَرُوْنَ دونوں میں نافع اور کوفیین کے لیے تا ہے (اور حمزہ اور کسائی لام کا تا میں

https://alislami.net

ادغام بھی کرتے ہیں) اور باقی (تین) کے لیے دونوں میں یا ہے۔

مَنْ رَاقٍ (کا سکتہ) کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

سُدًی طٰهٰ میں بیان ہو چکا ہے۔

مِنْ مَنِيٍّ يُمْنٰى میں حفص کے لیے یا ہے اور باقین کے لیے مَنِيٍّ تُمْنٰى ہے تا سے

وَلَا صَلّٰى سے آخری آیت تک اس سورۃ کی آیات کے آخری الفات میں حمزہ اور کسائی کے لیے امالۂ کبریٰ اور ورش و ابوعمرو کے لیے امالۂ صغریٰ اور باقین کے لیے خالص فتحہ ہے۔

## (۷۶) سُوْرَةُ الدَّهْرِ (الانسان) (مکی)

اس سورہ میں اکتیس آیتیں۔ دوسو چالیس کلمے۔ ایک ہزار چون حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (صرف الف) یعنی ایک حرف الف پر ختم ہوتے ہیں۔

سَلٰسِلَا میں نافع اور ہشام۔ شعبہ اور کسائی کے لیے لام پر تنوین ہے اور وقف الف سے کرتے ہیں اور یہ (الف) تنوین کے عوض میں ہے اور باقی (چار) تنوین کے بغیر سَلٰسِلَا پڑھتے ہیں اور ان میں سے قنبل اور حمزہ اور حفص اس قراءۃ کی رو سے جو ابوالفتح سے ہے الف کے بغیر وقف کرتے ہیں (سَلٰسِلْ) اور نقاش نے ابوربیعہ سے انہوں نے بزی سے نیز (نقاش نے) اخفش سے اور انہوں نے ابن ذکوان سے بھی اسی طرح (الف کے بغیر وقف) بتایا ہے اور علامہ دانی نے بزی اور ابن ذکوان کی قراءت میں فارسی سے اسی طرح پڑھا ہے (اور قصیدہ میں حفص۔ بزی۔ ابن ذکوان کے لیے وقفا الف کا اثبات بھی ہے جو حفص کے لیے تو طریق کے موافق ہے کیونکہ یہ ابوالحسن سے ہے اور حذف جو یہاں مذکور ہے وہ حفص کے طریق کے خلاف ہے کیونکہ وہ ابوالفتح سے ہے اور بزی اور ابن ذکوان کے لیے اثبات فارسی کے بجائے ابوالفتح اور ابوالحسن سے ہے اس لیے طریق کے خلاف ہے) اور باقین (جو صرف ابوعمرو ہیں) الف سے وقف کرتے ہیں جو لام کے فتحہ کے) صلہ سے پیدا ہو جاتا ہے (پس بلا تنوین پڑھنے والوں میں سے قنبل۔ حمزہ الف کے بغیر اور ابوعمرو الف سے وقف کرتے ہیں اور بزی۔ ابن ذکوان۔ حفص کے لیے الف کا حذف اور اثبات دونوں ہیں)

قَوَارِيْرَ قَوَارِيْرَا میں پانچ قراءتیں ہیں (۱) نافع۔ شعبہ اور کسائی کے لیے قَوَارِيْرًا قَوَارِيْرًا ہے

https://alislami.net

یعنی دونوں میں را پر تنوین دو زبر ہیں اور وقف دونوں پر الف سے کرتے ہیں یعنی قَوَا رِ یْرَا قَوَا رِ یْرَا
(۲) ابن کثیر کے لیے اول میں را پر تنوین ہے اور اس پر وقف بھی الف سے ہے اور دوسرے میں تنوین کا حذف ہے اور وقف الف کے بغیر ہے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے دونوں میں تنوین کا حذف ہے پھر (ان کے لیے تین قراءتیں ہیں (۳) حمزہ دونوں پر الف کے بغیر وقف کرتے ہیں (پس ان کے لیے وصلاً قَوَا رِ یْرَا قَوَا رِ یْرَ اور وقفاً قَوَا رِ یْرَا قَوَا رِ یْرَ ہے (۴) اور ہشام دونوں پر الف سے وقف کرتے ہیں اور یہ الف فتحہ میں صلہ کرنے سے پیدا ہو جاتا ہے (پس ان کے لیے وصلاً الف کے بغیر ہے اور وقفاً قَوَا رِ یْرَا قَوَا رِ یْرَا ہے (۵) باقی دو دو، ابو عمرو۔ ابن ذکوان اور حفص ہیں اول پر الف سے اور ثانی میں الف کے بغیر وقف کرتے ہیں اور اس تقریر کا حاصل یہ ہے کہ جو قراء دونوں کو بلا تنوین پڑھتے ہیں وہ اول پر الف سے وقف کرتے ہیں لیکن حمزہ (الف کے بغیر کرتے ہیں) اور ثانی پر یہ سب الف کے حذف سے وقف کرتے ہیں لیکن ہشام (الف سے کرتے ہیں)

عٰلِیَهُمْ میں نافع اور حمزہ کے لیے عٰلِیْهِمْ ہے یا کے سکون اور ہا کے کسرہ سے اور باقی (پانچ) کے لیے یا کا فتحہ اور ہا کا ضمہ ہے

خُضْرٌ وَّ اِسْتَبْرَقٌ میں چار قراءتیں ہیں (۱) نافع اور حفص کے لیے را اور قاف دونوں کے پیش ہیں (۲) ابن کثیر اور شعبہ کے لیے خُضْرٍ وَّ اِسْتَبْرَقٌ سے را کے زیروں اور قاف کے پیشوں سے (۳) ابو عمرو۔ ابن عامر کے لیے خُضْرٌ وَّ اِسْتَبْرَقٍ ہے را کے پیشوں اور قاف کے زیروں سے (۴) حمزہ اور کسائی کے لیے خُضْرٍ وَّ اِسْتَبْرَقٍ وَّ حُلُّوْا ہے را اور قاف دونوں کے زیروں سے۔

وَمَا یَشَاءُوْنَ میں نافع اور کوفیین کے لیے تا اور باقی (تین) کے لیے یا ہے۔

## (۷۷) سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ (مکی)

اس سورہ میں پچاس آیتیں۔ ایک سو اسی کلمے۔ آٹھ سو سولہ حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (ہِرْ مَنْ عَالَ) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

فَالْمُلْقِیٰتِ ذِكْرًا میں ابو عمرو اور خلاد کے لیے فَا لْمُلْقِیٰتْ ذِّ كْرًا ہے ادغام سے (اور قصیدہ میں خلاد کے لیے باقین کی طرح اظہار بھی ہے) اور یہ صفّت میں بیان ہو چکا ہے۔

https://alislami.net

اَوْ نُذْرًا میں نافع ۔کی ۔ابن عامر ۔شعبہ کے لیے نُذُرًا ہے ذال کے ضمہ سے اور باقی (ساڑھے تین) کے لیے ذال کا سکون ہے۔

اُقِّتَتْ میں ابو عمرو کے لیے وُقِّتَتْ ہے واو سے اور باقین کے لیے ہمزہ ہے۔

فَقَدَرْنَا میں نافع اور کسائی کے لیے فَقَدَّرْنَا ہے دال کی تشدید سے اور باقین کے لیے دال کی تخفیف ہے۔

جِمٰلَتٌ میں حفص ۔حمزہ اور کسائی کے لیے لام کے بعد والے الف کا حذف ہے واحد ہونے کی بناپر اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے جِمٰلٰتٌ ہے لام کے بعد الف سے جمع ہونے کی بناپر

## پارہ (۳۰) عَمَّ

## (۷۸) سُوْرَةُ النَّبَا (مکی)

اس سورہ میں چالیس آیتیں ۔ایک سو تہتر کلمے ۔نو سو ستر حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (نـمـا) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ زمر وَغَسَّاقًا صٓ میں بیان ہو چکا ہے۔

لٰبِثِيْنَ فِيْهَا میں حمزہ کے لیے لَبِثِيْنَ ہے الف کے حذف سے اور باقین کے لیے لام کے بعد الف ہے۔

وَلَا كِذّٰبًا میں کسائی کے لیے وَلَا كِذَابًا ہے ذال کی تخفیف سے اور باقین کے لیے ذال پر تشدید ہے اور پہلے (کِذَّابًا) میں اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے تشدید ہے)

رَبِّ السَّمٰوٰتِ میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے بَا کا کسرہ اور وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ میں ابن عامر اور عاصم کے لیے نون کا کسرہ ہے اور باقی (تین) کے لیے دونوں اسموں میں بَا اور نون کا ضمہ ہے (پس رَبِّ السَّمٰوٰتِ اور الرَّحْمٰنِ میں تین قراءتیں ہو گئیں (۱) ابن عامر اور عاصم کے لیے رَبِّ السَّمٰوٰتِ اور الرَّحْمٰنِ بَا اور نون کے کسرہ سے (۲) نافع ۔کی اور ابو عمرو کے لیے رَبُّ السَّمٰوٰتِ اور الرَّحْمٰنُ دونوں کے ضمہ سے (۳) حمزہ اور کسائی کے لیے رَبِّ السَّمٰوٰتِ اور بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنُ بَا کے کسرہ اور نون کے ضمہ سے)

https://alislami.net

# (۷۹) سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ (مکی)

اس سورہ میں چھیالیس آیتیں۔ایک سوستانوے کلمے۔سات سوترپن حروف اور دو رکوع ہیں اسکے فواصل (ھُمَا) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

(ءَ اِنَّـا اور ءَ اِذَا کے) دونوں استفہام رعد میں بیان ہو چکے ہیں سوائے اس کے کہ یہاں نافع اور ابن عامر کسائی ان دونوں میں سے اول کو استفہام سے اور دوسرے کو خبر سے (ءَ اِنَّـا اِذَا) پڑھتے ہیں اور باقی (چار) کے لیے دونوں میں استفہام (ءَ اِنَّـا ءَ اِذَا) ہے اور (دوسرے ہمزہ کی) تحقیق و تسہیل میں سب اپنے (ان) قواعد پر ہیں جو اصول میں بیان ہو چکے ہیں۔

نَـخِرَ ۃً میں شعبہ۔حمزہ اور کسائی کے لیے نـَاخِـرَ ۃً ہے الف سے اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے الف کا حذف ہے۔

طُوًی نِ اذْ ھَبْ طٰہٰ میں بیان ہو چکا ہے۔

اَنْ تَزَ کّٰی میں نافع۔مکی کے لیے تَزَّ کّٰی ہے زا کی تشدید سے اور باقین کے لیے زا کی تخفیف ہے

ھَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ مُوْ سٰی سے آخری آیت (اَوْ ضُحٰھَا) تک اس سورۃ کی سب آیات کے آخری الفوں میں (جو یا سے یا واو سے بدلے ہوئے ہوں) چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے سب میں امالہ (محضہ) سوائے ضُحٰھَــا کے کہ اس کو حمزہ فتح سے (اور کسائی (امالہ سے) پڑھتے ہیں (۲) ورش ان میں سے جن الفات کے بعد ھا اور الف نہ ہو (جیسے تَزَ کّٰی۔فَتَخْشٰی اور اَلدُّ نْیَا وغیرہ) ان کو تو امالہ صغریٰ سے پڑھتے ہیں اور جن الفات کے بعد ھا اور الف ہو (جیسے بَنٰھَا وغیرہ) ان کو خالص فتحہ سے پڑھتے ہیں (اور قصیدہ میں امالہ صغریٰ بھی ہے جو ابوالفتح اور ابو القاسم بن خاقان سے ہے اور یہی طریق کے موافق ہے پس ھا والے کلمات میں دونوں وجوہ ہو گئیں) لیکن ان میں سے مِنْ ذِکْرٰ ھَا کو امالہ صغریٰ ہی سے پڑھتے ہیں کیونکہ اس میں امالہ کے الف سے پہلے را ہے (۳) ابو عمر وان میں سے جن کلمات میں را ہے (جیسے اَلْکُبْرٰی۔ذِکْرٰ ی) ان کو امالہ محضہ سے اور باقی الفات کو امالہ صغریٰ سے پڑھتے ہیں (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب کے سب میں خالص فتح ہے۔

https://alislami.net

## (۸۰) سُوْرَةُ عَبَسَ (مکی)

اس سورہ میں بیالیس آیتیں۔ایک سوتیس کلمے۔پانچسوتینتیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ۃ مہا) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

فَتَنۡفَعَهُ الذِّكۡرٰى میں عاصم کے لیے عین کا فتحہ اور باقین کے لیے عین کا ضمہ ہے۔

لَهٗ تَصَدّٰى میں نافع۔مکی کے لیے تَصَّدّٰى ہے صاد کی تشدید سے اور باقین کے لیے صاد کی تخفیف ہے

اَنَّا صَبَبۡنَا الۡمَآءَ میں کوفیین کے لیے ہمزہ کا فتحہ اور باقین کے لیے ہمزہ کا کسرہ ہے۔

اس سورۃ کے شروع سے تَلَهّٰى تک کی دس آیتوں کے آخری الفوں میں چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے سب میں امالہ (محضہ) (۲) ابوعمرو کے لیے اَلذِّكۡرٰى میں امالہ اور باقی نو میں امالہ صغریٰ (۳) ورش کے لیے سب میں امالہ صغریٰ (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح۔

## (۸۱) سُوْرَةُ التَّكْوِيْر (مکی)

اس سورہ میں اُنتیس آیتیں۔ایک سو چار کلمے۔پانچسوتیس حروف اور ایک رکوع ہے۔اسکے فواصل (نسعن) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

سُجِّرَتۡ میں ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے سُجِرَتۡ ہے جیم کی تخفیف سے اور باقین کے لیے جیم پر تشدید ہے

نُشِرَتۡ میں نافع۔ابن عامر اور عاصم کے لیے شین کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے نُشِّرَتۡ ہے شین کی تشدید سے۔

سُعِّرَتۡ میں نافع۔ابن ذکوان۔حفص کے لیے عین پر تشدید ہے اور باقی (پانچ) کے لیے سُعِرَتۡ ہے عین کی تخفیف سے۔

بِضَنِیۡنٍ میں ابن کثیر اور ابوعمرو اور کسائی کے لیے بِظَنِیۡنٍ ہے ظا سے اور باقی (چار) کے لیے اس طرح ضاد ہے۔

https://alislami.net

## (۸۲) سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ (مکی)

اس سورہ میں انیس آیتیں۔ اسی کلمے۔ تین سو ستائیس حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل (تمکنہ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

فَعَدَلَکَ میں کوفیین کے لیے دال کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے فَعَدَّلَکَ ہے دال کی تشدید سے۔

یَوْمُ لَا تَمْلِکُ میں ابن کثیر اور ابو عمرو کے لیے یَوْمُ کے میم کا ضمہ اور باقین کے لیے میم کا فتحہ ہے

## (۸۳) سُوْرَۃُ التَّطْفِیْفِ (مکی)

اس سورہ میں چھتیس آیتیں۔ ایک سو انہتر کلمے۔ سات سو تیس حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل (نم) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

بَلْ رَانَ کو شعبہ۔ حمزہ اور کسائی را کے فتحہ کے امالہ سے پڑھتے ہیں اور باقین کے لیے را کا فتح ہے اور حفص بَلْ کے لام پر سکتہ کرتے ہیں اور یہ کہف میں بیان ہو چکا ہے۔

خِتٰمُهٗ میں کسائی کے لیے خٰتَمُهٗ ہے یعنی ترتیب بدل کر الف کو خا کے بعد لے آتے ہیں اور باقین کے لیے خا کا کسرہ اور تا کے بعد الف ہے۔

فَکِهِیْنَ میں حفص کے لیے الف کا حذف ہے اور باقین کے لیے فٰکِهِیْنَ ہے (فا کے بعد) الف سے۔

## (۸۴) سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاقِ (مکی)

اس سورہ میں پچیس آیتیں۔ ایک سو سات کلمے۔ چار سو تیس حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل (فمن تا خرہ) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَیَصْلٰی سَعِیْرًا میں ابو عمرو۔ عاصم۔ حمزہ کے لیے یا کا فتحہ صاد کا سکون اور لام کی تخفیف ہے اور باقی (چار) کے لیے وَیُصَلّٰی ہے یا کے ضمہ اور صاد کے فتحہ اور لام کی تشدید سے۔

لَتَرْکَبُنَّ میں ابن کثیر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے با کا فتحہ اور باقی (چار) کے لیے با کا ضمہ ہے۔

https://alislami.net

## (۸۵) سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ (مکی)

اس سورہ میں بائیس آیتیں۔ایک سونوے کلمے۔چارسو پینسٹھ حروف اور ایک رکوع ہے۔اسکے فواصل (جذ ز قبطظ) کے سات حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ میں حمزہ اور کسائی کے لیے دال کا کسرہ اور باقین کے لیے دال کا ضمہ ہے۔

فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ میں نافع کے لیے ظا کے پیش اور باقین کے لیے ظا کے زیر ہیں۔

## (۸۶) سُوْرَةُ الطَّارِقِ (مکی)

اس سورہ میں سترہ آیتیں۔ اکسٹھ کلمے۔ دوسو انتالیس حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل (قبظر غلا) کے سات حروف میں سے کسی ایک حروف پر ختم ہوتے ہیں۔

لَـمَّا عَلَيْهَا میں ابن عامر۔عاصم۔حمزہ کے لیے میم پر تشدید ہے اور باقی (چار) کے لیے لَمَا ہے میم کی تخفیف سے اور یہ ہود میں (بھی) بیان ہو چکا ہے۔

## (۸۷) سُوْرَةُ الْاَعْلٰى (مکی)

اس سورہ میں انیس آیتیں۔بہتر کلمے۔دوسو کیاون حروف اور ایک رکوع ہے۔اسکے فواصل (صرف الف ہے) یعنی صرف الف پر ہی ختم ہوتے ہیں۔

وَالَّذِيْ قَدَّرَ میں کسائی کے لیے قَدَرَ ہے دال کی تخفیف سے اور باقین کے لیے دال پر تشدید ہے

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ میں ابوعمرو کے لیے یا اور باقین کے لیے تا ہے (اور ہشام اور حمزہ اور کسائی اپنے قاعدہ کے موافق لام کا تا میں ادغام بھی کرتے ہیں)

اس سورۃ کی تمام آیات کے آخری الفوں میں چار قراءتیں ہیں۔ (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے تمام آیات میں امالہ (۲) ورش کے لیے سب میں امالہ صغریٰ (۳) ابوعمرو کے لیے لِلْيُسْرٰى۔اَلذِّكْرٰى اَلْكُبْرٰى میں امالہ اور ان کے ماسوا (سب) میں امالہ صغریٰ (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح۔

## (۸۸) سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ (مکی)

اس سورہ میں چھبیس آیتیں۔بانوے کلمے۔تین سو کیاسی حروف اور ایک رکوع ہے۔اسکے فواصل

https://alislami.net

( هـعـتـرم ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

تَصْلٰی نَارًا میں ابوعمرو اور شعبہ کے لیے تا کا ضمہ اور باقین کے لیے تا کا فتحہ ہے۔

مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ فصل الامالہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً میں تین قراءتیں ہیں (۱) ابن کثیر اور ابوعمرو کے لیے لَا يُسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةٌ والی یا سے اور لَاغِيَةٌ میں بھی تا کے پیش ہیں (۲) نافع کے لیے لَا تُسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةٌ اسی (پہلی قراءۃ کی) طرح لیکن ان کے لیے یا کے بجائے تا ہے (۳) باقی (چار) کے لیے فتحہ والی تا ہے اور لَاغِيَةً میں بھی تا کے زبر ہیں۔

بِمُصَيْطِرٍ میں تین قراءتیں ہیں (۱) ہشام کے لیے بِمُسَيْطِرٍ سین سے (۲) حمزہ سے خلف کے لیے صاد کا زا کے ساتھ اشمام (اور اس کی کیفیت فاتحہ کے صِرَاط میں اور اَلْمُصَيْطِرُوْنَ طور میں درج کی گئی ہے) اور خلاد کے لیے اشمام اور خالص صاد دونوں وجوہ ہیں (لیکن صاد ابن شاذان کے بجائے حلوانی اور بزار سے ہے) (۳) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے خالص صاد ہے۔

## (۸۹) سُوْرَةُ الْفَجْرِ (مکی)

اس سورہ میں تیس آیتیں۔ ایک سو انتالیس کلمے۔ پانچ سو ستانوے حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل ( يَا مَنْ رُدَّبِهِ ) کے آٹھ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَالْوَتْرِ میں حمزہ اور کسائی کے لیے واو کا کسرہ اور باقین کے لیے واو کا فتحہ ہے۔

فَقَدَرَ عَلَيْهِ میں ابن عامر کے لیے فَقَدَّرَ ہے دال کی تشدید سے اور باقین کے لیے دال کی تخفیف ہے۔

بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ اور وَلَا تَحٰضُّوْنَ اور وَتَاْكُلُوْنَ اور وَتُحِبُّوْنَ چاروں میں ابوعمرو کے لیے یا اور باقین کے لیے تا ہے۔

وَلَا تَحٰضُّوْنَ میں کوفیین کے لیے حا کے بعد الف ہے اور باقین کے لیے تَحُضُّوْنَ ہے الف کے حذف اور حا کے ضمہ سے (پس اس میں تین قراءتیں ہیں جو ظاہر ہیں)

وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے۔

لَا يُعَذِّبُ وَلَا يُوْثِقُ میں کسائی کے لیے ذال اور ثا کا فتحہ ہے اور باقین کے لیے دونوں کا کسرہ ہے۔

https://alislami.net

## اس سورۃ میں اضافت کی یا آت دو ہیں

(۱) رَبِّیَ اَکْرَمَنْ (۲) رَبِّیْ اَهَانَنِ دونوں میں ابن عامر اور کوفیین کے لیے سکون ہے۔

اور اس میں یا آتِ زوائد چار ہیں۔

(۱) اِذَا یَسْرِ اس کو ابن کثیر دونوں حالتوں میں نافع اور ابو عمرو وصل میں ثابت رکھتے ہے (۲) بِالْوَادِ اس کو بزی دونوں حالتوں میں اور ورش و قنبل وصل میں ثابت رکھتے ہیں اور قنبل سے دونوں حالتوں میں ثابت رکھنا بھی منقول ہے (اور یہی صحیح اور طریق کے موافق ہے کیونکہ یہ فارس بن احمد سے ہے اور ان کے لیے وقفا حذف بھی ہے جو ابوالحسن سے ہے اور طریق ان سے نہیں ہے) (۳) اَکْرَمَنِ (۴) اَهَانَنِ ان دونوں کو بزی دونوں حالتوں میں نافع وصل میں ثابت رکھتے ہیں اور ابو عمرو نے وصلاً دونوں میں (حذف و اثبات میں) اختیار دیا ہے اور روس آیات میں جو ان کا قول (اور قاعدہ) ہے (کہ وہ ان میں یا کو ہر جگہ حذف کیا کرتے ہیں یا یہ کہ وقف اور آیت میں رسم کی پیروی ضروری ہے) اس پر قیاس کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں یا آت میں بھی حذف واجب ہے اور میں نے حذف ہی پڑھا ہے اور اسی کو اختیار کرتا ہوں۔ علامہ دانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

## (۹۰) سُوْرَةُ الْبَلَدِ (مکی)

اس سورہ میں بیس آیتیں۔ بیاسی کلمے۔ تین سو بیس حروف اور ایک رکوع ہے۔ اسکے فواصل (ذانۂ) کے چار حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

فَكُّ رَقَبَةٍ اَوْ اِطْعٰمٌ میں ابن کثیر۔ ابو عمرو۔ کسائی کے لیے فَکَّ رَقَبَةً اَوْ اَطْعَمَ ہے یعنی فَکَّ میں کاف کا فتحہ اور رَقَبَةً میں تا کے دو زبر اور اِطْعَمَ میں ہمزہ کا فتحہ اور عین کے بعد والے الف کا حذف اور میم کا فتحہ ہے تنوین کے بغیر اور باقی (چار) کے لیے کاف کا ضمہ اور تا کے دو زیر اور اِطْعٰمٌ میں ہمزہ کا کسرہ اور عین کے بعد الف اور میم کا ضمہ ہے تنوین سمیت

مُّؤْصَدَةٌ میں یہاں اور سورۂ ھُمَزَۃ میں ابو عمرو۔ حفص۔ حمزہ کے لیے (میم کے بعد) ہمزہ (ساکنہ) ہے اور حمزہ جب وقف کرتے ہیں تو اس ہمزہ کو واو سے بدل لیتے ہیں اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے مُوْصَدَةٌ ہے (واو ساکنہ سے)

https://alislami.net

## (۹۱) سُوْرَۃُ الشَّمْس (مکی)

اس سورہ میں پندرہ آیتیں۔ چون کلمے۔ دو سو سینتالیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (صرف الف ہے) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَلَا یَخَافُ میں نافع اور ابن عامر کے لیے فَلَا یَخَافُ ہے فا سے اور باقین کے لیے واو ہے۔

اس سورۃ کی آیات کے آخری الفوں میں (جو یا اور واو سے بدلے ہوئے ہیں اور ھا سے پہلے ہیں) تین قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے سب میں امالہ سوائے تَلٰھَا اور طَحٰھَا کے کہ ان میں حمزہ کے لیے فتح (اور کسائی کے لیے امالہ) ہے (۲) ابو عمرو کے لیے ان سب میں امالۂ صغریٰ (۳) باقی (چار) کے لیے سب میں خالص فتحہ (اور قصیدہ میں ورش کے لیے امالۂ صغریٰ بھی ہے اور یہی طریق کے موافق ہے کیونکہ یہ ابن خاقان سے ہے) یعنی خلف ہے۔

## (۹۲) سُوْرَۃُ الَّیْل (مکی)

اس سورہ میں اکیس آیتیں۔ اکہتر کلمے۔ تین سو دس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (صرف الف) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔ اس سورہ میں فرشی اختلاف نہیں ہے

## (۹۳) سُوْرَۃُ الضُّحٰی (مکی)

اس سورہ میں گیارہ آیتیں۔ چالیس کلمے۔ ایک سو بہتر حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (اثر) کے تین حروف (الف۔ ثا۔ را) کے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

سورۃ الیل۔ والضحٰی ان دونوں صورتوں کی آیتوں کے آخری الفات میں چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے سب میں امالہ لیکن سَجٰی میں حمزہ کے لیے فتحہ (اور کسائی کے لیے امالہ) ہے (۲) ابو عمرو کے لیے لِلْیُسْرٰی۔ لِلْعُسْرٰی میں امالہ اور ان کے سوا سب میں امالۂ صغریٰ (۳) ورش کے لیے سب میں صرف امالۂ صغریٰ (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح

https://alislami.net

## (۹۴) سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ (مکی)

اس سورہ میں آٹھ آیتیں۔ ستائیس کلمے۔ ایک سو تین حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (کَاب) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

## (۹۵) سُوْرَةُ التِّیْنِ (مکی)

اس سورہ میں آٹھ آیتیں۔ چونتیس کلمے۔ ایک سو پانچ حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (مَـنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَلَمْ نَشْرَحْ اور وَالتِّیْنِ میں (فرشی) اختلاف (ایک بھی) نہیں ہے صرف وہی اصولی (اختلاف) ہیں۔

## (۹۶) سُوْرَةُ الْعَلَقِ (مکی)

اس سورہ میں انیس آیتیں۔ بانوے کلمے۔ دو سو اسی حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (مِقْبَاهْ) کے پانچ حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰی میں قنبل کے لیے اَنْ رَّءٰهُ اسْتَغْنٰی ہے ہمزہ اور ھا کے درمیان والے الف کے حذف سے (اور دوسری وجہ میں ان کے لیے باقین کی طرح الف کا اثبات بھی ہے اور نشر کی رو سے دونوں وجوہ صحیح ہیں اور جن لوگوں نے قصر کو غلط بتایا ہے ان کا قول تمام محققین کے نزدیک مردود ہے) اور باقین کے لیے ہمزہ اور ھا کے درمیان الف مدہ ہے۔ ورش کے لیے تثلیث ہے۔

اور لَیَطْغٰی سے بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی تک اس سورۃ کی آیات کے آخری (نو) الفات میں چار قراءتیں ہیں (۱) حمزہ اور کسائی کے لیے سب میں امالہ (۲) ابو عمرو کے لیے صرف یَـرٰی میں امالہ اور اس کے سوا سب میں امالہ صغریٰ (۳) ورش کے لیے سب میں امالہ صغریٰ (۴) باقی (ساڑھے تین) کے لیے سب میں خالص فتح۔

## (۹۷) سُوْرَةُ الْقَدْرِ (مکی)

اس سورہ میں پانچ آیتیں۔ تیس کلمے۔ ایک سو بارہ حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (رَا) صرف ایک حرف را پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ میں کسائی کے لیے لام کا کسرہ اور باقی (چھ) کے لیے لام کا فتحہ ہے۔

## (۹۸) سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ (مدنی)

اس سورہ میں آٹھ آیتیں۔ چورانوے کلمے۔ تین سو ننانوے حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ھا) کے ایک حرف ھا پر ختم ہوتے ہیں۔

اَلْبَرِيَّةِ میں دونوں جگہ نافع اور ابن ذکوان کے لیے اَلْبَرِيْئَةِ ہے (یا مدہ اور اس کے بعد) ہمزہ سے اور باقین کے لیے دونوں میں تشدید والی یا ہے ہمزہ کے بغیر۔

## (۹۹) سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ (مدنی)

اس سورہ میں آٹھ آیتیں۔ پینتیس کلمے۔ ایک سو انتالیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ھام) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

خَيْرًا يَّرَهٗ اور شَرًّا يَّرَهٗ دونوں میں ہشام کے لیے یَرَہْ ہے دونوں حالتوں میں ھا کے سکون سے (اور روم و اشمام قطعاً نہیں ہے) اور باقین کے لیے دونوں میں ھا کا واو کے ساتھ صلہ ہے (اور وقفاً سکون اشمام و روم تینوں جائز ہیں)

## (۱۰۰) سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ (مکی)

اس سورہ میں گیارہ آیتیں۔ چالیس کلمے۔ ایک سو تریسٹھ حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ذار) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا کے ادغام میں ابوعمرو کا مذہب اور فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا کے ادغام میں ان کا اور خلاد کا مذہب اس سے پہلے (ادغام کبیر اور) صفت میں بیان ہو چکا ہے۔

## (۱۰۱) سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ (مکی)

اس سورہ میں گیارہ آیتیں۔ چھتیس کلمے۔ ایک سو باون حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ﮦ ﻨﮧ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

مَا هِيَهْ میں حمزہ کے لیے وصلاً مَا هِيَ ہے ھا کے بغیر اور باقین کے لیے دونوں حالتوں میں یا کے بعد ھائے ساکنہ کا اثبات ہے۔

## (۱۰۲) سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ (مکی)

اس سورہ میں آٹھ آیتیں۔ اٹھائیس کلمے۔ ایک سو بیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (نـمِرْ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

لَتَرَوُنَّ الْـجَحِيْمَ میں ابن عامر اور کسائی کے لیے تا کا ضمہ اور باقی (پانچ) کے لیے تا کا فتحہ ہے اور ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا میں اختلاف نہیں (اس میں سب کے لیے تا کا فتحہ ہی ہے)

## (۱۰۳) سُوْرَةُ الْعَصْرِ (مکی)

اس سورہ میں تین آیتیں۔ چودہ کلمے۔ اڑسٹھ حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (قَرْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

اس سورۃ میں فرشی اختلاف نہیں ہے

## (۱۰۴) سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ (مکی)

اس سورہ میں نو آیتیں۔ تیس کلمے۔ ایک سو تیس حروف اور ایک روکوع ہے اسکے فواصل (ھا) یعنی صرف ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

جَمَعَ مَالًا میں ابن عامر۔ حمزہ اور کسائی کے لیے جَمَّعَ ہے میم کی تشدید سے اور باقین کے لیے میم کی تخفیف ہے۔

فِيْ عَمَدٍ میں شعبہ۔ حمزہ اور کسائی کے لیے فِيْ عُمُدٍ ہے عین اور میم کے ضمہ سے اور باقین کے لیے عین اور میم دونوں کا فتحہ ہے۔

## (۱۰۵) سُوْرَةُ الْفِيْلِ (مکی)

اس سورہ میں پانچ آیتیں۔ بیس کلمے۔ چھیانوے حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (لام) یعنی

https://alislami.net

لام کے صرف ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اس سورۃ میں فروشی اختلاف نہیں ہے

## (۱۰۶) سُوْرَةُ الْقُرَیْشِ (مکی)

اس سورہ میں چار آیتیں۔ سترہ کلمے۔ تہتر حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (فتــــش) کے تین حروف میں سے کسی ایک پر ختم ہوتے ہیں۔

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ میں ابن عامر کے لیے لِاِ لٰفِ ہے ہمزہ کے بعد والی یا کے حذف سے اور باقین کے لیے (ہمزہ کے بعد) یائے ساکنہ ہے اور اس پر ساتوں کا اجماع ہے کہ اِلٰفِهِمْ میں ہمزہ کے بعد یائے ساکنہ تلفظ میں ثابت ہے اور رسم سے محذوف ہے (اور یہ دلیل ہے اس پر قراآت محض قیاس سے نہیں بنائی گئیں بلکہ سب نقل سے ثابت ہیں کیونکہ قیاس کا تقاضا تو یہ تھا کہ اختلاف لِاِیْلٰفِ کے بجائے اِلٰفِهِمْ میں ہوتا ہے)

## (۱۰۷) سُوْرَةُ الْمَاعُوْنَ (مکی)

اس سورہ میں سات آیتیں۔ پچیس کلمے۔ ایک سو پچیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (مـنْ) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اَرَءَیْتَ۔ راء کے بعد والے ہمزہ میں نافع تسہیل کرتے ہیں اور کسائی ہمزہ کو حذف کرتے ہیں۔ اور ورش کیلئے ہمزہ کا الف سے ابدال بھی ثابت ہے۔ باقی قاری ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں۔

## (۱۰۸) سُوْرَةُ الْکَوْثَرَ (مدنی) (مکی)

اس سورہ میں تین آیتیں۔ دس کلمے۔ بیالیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (صرف را) یعنی صرف ایک حرف را پر ختم ہوتے ہیں۔

اس سورۃ میں فروشی اختلاف نہیں ہے۔

## (۱۰۹) سُوْرَةُ الْکٰفِرُوْن (مکی)

اس سورہ میں چھ آیتیں۔ چھبیس کلمے۔ چورانوے حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (نـدمَ) کے

https://alislami.net

تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

عٰبِدُوْنَ اور عَابِدٌ اور عٰبِدُوْنَ تینوں کو ہشام امالہ سے اور باقی سب عین کے فتح سے پڑھتے ہیں اور ان کا حکم فصل الامالہ میں بھی بیان ہو چکا ہے۔

## اس سورۃ میں اضافت کی یا ایک ہے

وَلِيَ دِيْنِ اس میں نافع۔ ہشام اور حفص کے لیے فتحہ اور بزی کے لیے فتحہ اور سکون دونوں وجوہ ہیں اور باقی (ساڑھے چار) کے لیے وَلِيْ دِيْنِ ہے یا کے سکون سے اور بزی سے بھی سکون ہی مشہور ہے اور علامہ دانی (ان کے لیے) اسی کو اختیار کرتے ہیں (اور ان کے لیے یا کا فتحہ فارسی کے بجائے ابوالفتح اور ابوالحسن سے ہے)

## (۱۱۰) سُوْرَةُ النَّصْرِ (مکی)

اس سورہ میں تین آیتیں۔ سترہ کلمے۔ ستہتر حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (حـا) کے دو حرف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

اس سورۃ میں فرشی اختلاف نہیں ہے۔

## (۱۱۱) سُوْرَةُ اللَّهَبِ (مکی)

اس سورہ میں پانچ آیتیں۔ بیس کلمے۔ ستہتر حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (ذب) کے دو حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ میں ابن کثیر کے لیے لَهْبٍ ہے ھا کے سکون سے اور باقین کے لیے ھا کا فتحہ ہے (اور ذَاتَ لَهَبٍ میں اختلاف نہیں اس میں سب کے لیے ھا کا فتحہ ہے)

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ میں عاصم کے لیے تا کا فتحہ اور باقین کے لیے تا کا ضمہ ہے۔

## (۱۱۲) سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ (مکی)

اس سورہ میں چار آیتیں۔ پندرہ کلمے۔ سینتالیس حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (صرف دال) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

https://alislami.net

کُفُوًا اَحَدٌ میں تین قراءتیں ہیں (۱) حفص کے لیے فا کا ضمہ اور واو کے زبر ہیں ہمزہ کے بغیر (۲) حمزہ کے لیے وصل میں تو کُفْؤًا ہے فا کے سکون اور ہمزہ سے اور جب اس پر وقف کرتے ہیں تو رسم کی پیروی کی بنا پر ہمزہ کو واو سے بدل لیتے ہیں اور قیاس یہ چاہتا ہے کہ ہمزہ کی حرکت نقل کر کے فا کو دیدی جائے (پس اس میں وقفا دو وجوہ ہیں (۱) کُفَا (۲) کُفْوًا اول رسمی اور ثانی قیاسی ہے) (۳) باقی (ساڑھے پانچ) کے لیے کُفُؤًا ہے فا کے ضمہ اور ہمزہ سے۔ (کُفُؤًا)

## (۱۱۳) سُوْرَةُ الْفَلَقَ (مدنی)

اس سورہ میں پانچ آیتیں۔ تیس کلمے۔ چوہتر حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (قَ دْ بُ) کے تین حروف میں سے کسی ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

## (۱۱۴) سُوْرَةُ النَّاسِ (مدنی)

اس سورہ میں چھ آیتیں۔ بیس کلمے۔ اناسی حروف اور ایک رکوع ہے اسکے فواصل (صرف سین) کے ایک حرف پر ختم ہوتے ہیں۔

سورۂ فلق اور سورۂ ناس میں (فرشی) اختلاف ایک بھی نہیں ہے صرف وہی اصولی اختلافات ہیں جو اس سے پہلے اصول میں بیان ہو چکے ہیں۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَئِمَّةِ الْقُرَّآءِ وَمُقْرِئِ الْقُرْاٰنِ اَجْمَعِيْنَ

﴿احقر﴾

**احمد جمال القادری الاعظمی**

خادم القراءت جامعہ امجدیہ گھوسی مئو۔ یو۔ پی

۱۲ ربیع الاول شریف ۱۴۲۷ھ مطابق یکم اپریل ۲۰۰۷ء بروز یکشنبہ

https://alislami.net

# تسہیل الطبع

(فی)

# اجراء السبع

﴿مصنف﴾

الشیخ قاری مقری احمد جمال قادری اعظمی

شیخ التجوید والقراءت

جامعہ امجدیہ گھوسی. مئو. یو. پی

﴿ناشر﴾

احمد ضیاء اشرفی

قراءت اکیڈمی خیریہ روڈ مداپور گھوسی. مئو. یوپی

https://alislami.net

# رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

## (اجرائے قراءت سبعہ بطریقہ جمع وقفی)

قرآن مقدس کو اس طرح پڑھو جسطرح تمہیں سکھایا گیا اسمیں قول (روایت) کو دخل ہے قیاس کو نہیں۔

(نوٹ) (۱)۔قاری ومقری کو چاہئے کہ بغیر اصولی اختلاف پڑھائے ہوئے ہرگز اجراء نہ کرائیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ اصول وفروش پڑھانے کے بعد طلبہ میں اتنی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ خود سے اکثر طلبہ اجراء کرنا شروع کر دیتے ہیں لیکن بعض طلبہ ایسے ہوتے ہیں جنکو اجراء کرنے میں دشواری ہوتی ہے انھیں طلبہ کے لئے دو پارے اجراء (سورہ فاتحہ سے سیقول مکمل) اور گیارہ رکوع جمع وقفی (سورہ فاتحہ تا دس رکوع سورہ بقرہ) میں تحریر کر رہا ہوں تاکہ طلبہ کو اجرائے قراءت سبعہ میں دشواری نہ ہو انشاء اللہ تبارک وتعالیٰ اس سے طلبہ کو زیادہ ہی سہولت ہوگی اور اجراء پر عبور ہو جائیگا۔

(۲)۔عربی داں طلبہ کو اس کتاب کے بعد التیسیر۔الشاطبیہ ضرور پڑھائیں اسکے پڑھانے کے بعد سند قراءت سبعہ دیں۔

**علم قراءت کی تعریف**۔ایسے علم کو کہتے ہیں جسکے ذریعہ کلمات قرآنیہ میں قرآن مقدس کے ناقلین کا وہ اتفاق واختلاف معلوم ہو جو حضور ﷺ سے سن لینے کی بنا پر ہے (اپنی رائے کی بنا پر نہیں)

**علم قراءت کا موضوع**۔کلمات قرآن مقدس ہیں۔

**علم قراءت کی غایت**۔قرآن مقدس کو تبدیل وغلطی سے بچانا ہے۔

**علم قراءت کا حکم**۔اسکا حکم یہ ہے کہ اسکا سیکھنا سکھانا واجب علی الکفایہ ہے اگر فقدان کا اندیشہ ہو (یعنی کسی نے نہیں سیکھا تو سب گنہگار ہونگے۔

https://alislami.net

**علم قراءت کی فضیلت** ۔تمام علوم سے افضل ہے کیونکہ اسکا تعلق کلام الٰہی کے ساتھ ہے جو اشرف الکلام ہے

**رکن قراءت** ۔(۱) نحوی وجہ کی موافقت (۲) رسم عثمانی کی موافقت (۳) قراءت کی صحیح اور متصل سند سے ثابت ہونا۔ نماز میں اختلاف قراءت میں سے صرف ایک ہی روایت وقراءت پڑھی جائے یہی افضل وبہتر ہے تلاوتاً جمع کرنا جائز ہے مگر ترتیب قراء ورواۃ ضروری ہے اور مشائخ عظام سے ثابت ہے۔

**تعریف جمع وقفی** ۔ ہر اختلاف کرنے والے امام وراوی کے لئے مبداء سے موقف تک ہر بار پڑھنے کو جمع وقفی کہتے ہیں۔ جو امام وراوی شریک ہوتے جائیں گے انکے لئے دوبارہ نہیں پڑھا جائیگا مثلاً مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بحذف الف امام نافع کے لئے پڑھیں گے تو ان کے ساتھ بحذف الف والے امام وراوی شریک ہوجائیں گے ان حضرات کے لئے دوبارہ نہیں پڑھا جائیگا۔ اسی طرح اثبات الف سے (مَـــالِكِ) پڑھنے والے امام عاصم کے ساتھ امام کسائی شریک ہوجائیں گے انکے لئے دوبارہ نہیں پڑھا جائیگا۔

اجرائے قراءت سبعہ وعشرہ۔ تین ہی طریقے سے پڑھے پڑھائے جاتے ہیں۔

**(۱) جمع وقفی (۲) جمع عطفی (۳) جمع حرفی**

ہر ایک کی تعریف جامع القراءت میں تفصیل کے ساتھ تحریر ہے یاد نہ ہو تو دوبارہ دیکھلیں طریقہ جمع عطفی میں کئی کتابیں منظر عام پر ہیں اس لئے طلبہ کے آسانی کے لئے طریقہ جمع وقفی میں یہ اجرا تحریر کررہا ہوں اس کتاب کا نام تسھیل الطبع فی اجرائے قراءت السبع رکھتا ہوں مولیٰ تبارک وتعالیٰ جل شانہٗ اسکو قبول انام فرما کر قراءت سبعہ کا ذوق وشوق عطا فرمائے ا مین ثم امین یا رب العلمین بجاہ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

(نوٹ)۔ شرکاء میں تخفیفاً رموز تحریر کئے جائیں گے۔ (بوجہ قلت جگہ) قراء ورواۃ کے رموز حرفی وہی ہونگے جو الشاطبیہ میں رموز تحریر ہیں۔ یہ رموز صفحہ ۲۷۵ پر ہیں۔

https://alislami.net

## (رموز حرفی یہ ہیں)

| نمبر شمار | رموز حرفی | ائمہ | رواۃ | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | اَبَجْ | ا سے نافع | ب سے قالون | ج سے ورش |
| ۲ | دَهَزْ | د سے مکی | ہ سے بزی | ز سے قنبل |
| ۳ | حُطِّیْ | ح سے بصری | ط سے دوری بصری | ی سے سوسی |
| ۴ | کَلِمْ | ک سے شامی | ل سے ہشام | م سے ابن ذکوان |
| ۵ | نَصَعْ | ن سے عاصم | ص سے شعبہ | ع سے حفص |
| ۶ | فَضَقْ | ف سے حمزہ | ض سے خلف | ق سے خلاد |
| ۷ | رَسَتْ | ر سے کسائی | س سے ابوالحارث | ت سے دوری علی |

## چند حروف کی ادائیگی کی صورت طلبا کے آسانی کے لئے

(۱) ہائے ضمیر کے صلہ کی ادائیگی اس طرح فِیْهِ سے فِیْهِ بِهٖ کی طرح

(۲) میم جمع کے صلہ کی عَلَیْهِمْ سے عَلَیْهِمُوْا

(۳) ہا ساکن کی وَهُوَ سے وَهْوَ. وَهِیَ سے وَهْیَ

(۴) ادغام کبیر کی اَعْلَمُ مَا سے اَعْلَمّ مَّا

(۵) ابدال کی یُؤْمِنُوْنَ سے یُوْمِنُوْنَ جیسے یُوْقِنُوْنَ کی ادائیگی ہے لِئَلَّا سے لِیَلَّا مَاْکُوْلٌ سے ماکول وغیرہ۔

**تحقیق محض** ۔ یعنی دونوں ہمزوں کو خوب صاف صاف پڑھنا جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ جسطرح بروایت حفص علیہ الرحمہ پڑھتے ہیں **تحقیق مع الادخال** ۔ پہلے اور دوسرے ہمزہ کے درمیاں ایک الف داخل کرنا اور دونوں ہمزوں کو خوب صاف صاف پڑھنا جیسے ءَاَنْذَرْتَهُمْ انہیں مد فرعی نہیں ادا کریں گے کیونکہ روایتاً ثابت نہیں ہے۔

https://alislami.net

**تسہیل محض** ۔یعنی دوسرے ہمزہ کو ہمزہ اور حروف مدہ کے درمیان ادا کرنا اگر ہمزہ مفتوح ہو تو ہمزہ اور الف کے درمیان جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ کے ہمزہ ثانیہ کو اگر ہمزہ مکسور ہو تو ہمزہ اور یا کے درمیان جیسے ءَ اِذَا میں ہمزہ ثانیہ کو اور اگر ہمزہ مضموم ہو تو ہمزہ اور واو کے درمیان ادا کرنا جیسے ءَ اُنْزِلَ کے ہمزہ ثانیہ کو

**تسہیل مع الادخال** ۔یعنی ہمزہ محققہ اور ہمزہ مسہلہ کے درمیان الف داخل کرنا جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ ءَ اِذَا ۔ ءَ اُنْزِلَ وغیرہ۔

**ابدال بالمد** ۔یعنی دوسرے ہمزہ کو حروف مدہ سے بدل کر پڑھنا جیسے آنْذَرْتَهُمْ اس وقت مد لازم ہو جائیگا جسطرح ءٰآلْـٰٔنَ میں روایت حفص میں مد لازم ہو جاتا ہے الف سے بدل کر پڑھنے کی صورت میں یعنی اگر پہلا ہمزہ مفتوح ہو تو الف سے جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ اگر ہمزہ مکسور ہو تو جیسے هٰؤُلَاءِ اِنْ میں بروایت ورش دوسرے ہمزہ کو یا ساکنہ سے بدل کر پڑھنا اس وقت مد لازم ہو جائیگا جیسے هٰؤُلَاءِ یْنْ اگر مضموم ہو تو واو ساکنہ سے بدل کر پڑھنا جیسے اولیاءُ اُولٰٓئِكَ کو اولیآءُ وْلٰٓئِكَ پڑھنا۔

(۶) **نقل** جیسے قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَفْلَحَ ۔اَلْاَرْضِ سے اَلَرْضِ وغیرہ۔

(۷) **اسقاط** جیسے جَآءَ اَحَدٌ سے جَا اَحَدٌ ہمزہ اولی کا اسقاط

**حذف** جیسے دِفْءٌ سے دِفْ وقفاً حمزہ کے لئے

(نوٹ) ۔نقل ۔اسقاط حذف کا فرق جمال القرات میں تحریر کر دیا ہے۔

وضاحت ۔ابدال وغیرہ کی ادائیگی آسانی کے لئے اجرائے جمع وقفی میں درج کر دیا ہے اسی طرح خوب مشق کر لیں۔

امالہ جیسے مؤسی سے مؤسے جیسے سویرے بولتے ہیں اسی طرح ادا کریں

تقلیل جیسے موسٰی کی ادائیگی اس طرح کریں جیسے ہنر بمعنی دشمنی بولتے ہیں یہ سمجھانے کے لئے تحریر کیا ہے ویسے اسکی اچھی طرح ادائیگی اپنے شیخ یا کسی ماہر قاری و مقری سے سیکھلیں اور سیکھکر خوب مشق کریں۔

https://alislami.net

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(سُوْرَۃُ الفاتحہ)

شروع قراءت شروع سورت میں بالاتفاق کل قراء کے لئے استعاذہ وبسملہ ہے سوائے سورہ توبہ کے۔ان دونوں کے تفصیلی احکام والفاظ اور وصل وفصل کے طریقے روایت حفص علیہ الرحمہ والرضوان کی کتابوں میں پڑھ چکے ہیں۔اس وجہ سے یہاں تفصیل تحریر کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔

مٰلِکِ۔امام عاصم وامام کسائی میم کے بعد الف مٰلِکِ باقی قاری الف کے بغیر مَلِکِ پڑھتے ہیں الرحیم مَلِک بحالت وصل سوسی میم کا میم میں ادغام کبیر کرتے ہیں۔اَلصِّراط. صِراط کو قنبل سین سے پڑھتے ہیں۔

خلف۔ ہرجگہ صاد کو زا کی بو دیکر اشمام یعنی اشمام بالحرف کرتے ہیں۔

فائدہ۔اشمام صاد کو زا کی آواز دیکر زا کو پُر ادا کرنا یعنی صاد کی تمام صفتیں سوائے ہمس ادا کرنا جہر کی صفت کو اچھی طرح ادا کرنا خلاد صرف اسی جگہ پہلے الصراط میں اشمام کرتے ہیں باقی تمام جگہ صاد خالص پڑھتے ہیں باقی قراء خالص صاد سے پڑھتے ہیں۔

عَلَیْہِمْ ہرجگہ قالون بالخلف اور امام مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں امام حمزہ ہا کو مضموم پڑھتے ہیں باقی قراء ہرجگہ مثل حفص پڑھتے ہیں اِلَیْہِمْ۔اور لَدَیْہِمْ میں بھی یہی اختلاف ہے۔

## بین السورتین میں

قالون۔امام مکی۔امام عاصم۔امام کسائی کے لئے بسملہ ہے ورش کے لئے بسملہ وترک بسملہ۔وسکتہ تینوں وجہیں ہیں اور امام ابوعمرو بصری۔اور امام ابن عامر شامی کے لئے دو وجہیں وصل وسکتہ ہیں اور امام حمزہ کے لئے صرف ایک وجہ ترک بسملہ بغیر سکتہ کے۔مگر صرف چار سورتوں کے ابتدا میں۔یعنی بعض طرق سے حمزہ کے لئے سکتہ بھی ہے۔امام ابوعمرو بصری۔اور ابن عامر شامی کے لئے ان چار سورتوں میں بعض طرق سے بسملہ بھی ہے وہ چار سورتیں یہ ہیں (۱) سورۃ القیامہ (۲) سورۃ التطفیف (۳) سورۃ البلد (۴) سورۃ الھمزہ۔

https://alislami.net

اگر سورۃ کے آخر میں وقف کر دیا گیا تو بین السورتین کا جو حکم ہے وہ ختم ہو جائیگا یعنی ہیئت ساقط ہو جائیگی اس وقت تمام قراء کے لئے بسم اللہ پڑھیں گے

## (سورة البقرة)

الٓمٓ ۔ الف میں کسی قاری کے لئے مد نہ ہوگا (کیونکہ یہاں محل مد ہی نہیں ہے)۔ لامؔ اور میم دونوں میں سب قراء کے لئے طول ہوگا کیونکہ مد لازم ہے۔

فِیْہِ ھدی. فیه میں امام مکی کے لئے صلہ ہوگا اور سوسی کے لئے ھا کا ھا میں ادغام کبیر ہوگا وقفا نہ صلہ ہوگا اور نہ ادغام یُؤْمِنُوْنَ میں ورش۔ سوسی کے لئے واو سے ابدال ہوگا باقی قراء کے لئے ہمزہ ساکنہ سے (تحقیق) ہوگی۔ اَلصَّلٰوۃَ میں ورش کے لئے لام پُر بقیہ قراء کے لئے باریک۔ رَزَقْنٰھُمْ میں قالون کے لئے بالخلف اور امام مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے باقی قراء کے لئے ترک صلہ۔ بِمَآ اُنْزِلَ مَآ اُنْزِلَ میں قالون۔ امام بصری۔ قصر و توسط۔ ورش حمزہ صرف طول۔ مکی۔ سوسی۔ صرف قصر۔ شامی۔ عاصم۔ کسائی صرف توسط کرتے ہیں مد منفصل میں ہر جگہ یہی قاعدہ جاری ہوگا۔

وَبِالْاٰخِرَۃِ ۔ ورش کیلئے نقل اور مد بدل میں تثلیث ہے (یعنی تین وجہیں قصر۔ توسط۔ طول) اور را باریک ہے خلف کے لئے صرف سکتہ اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا ھُمْ میں قالون کے بالخلف صلہ اور مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہوگا

اُولٰٓئِکَ ۔ (دونوں) میں ورش اور حمزہ کے لئے صرف طول باقی قاریوں کے لئے صرف توسط ہے مِنْ رَّبِّھِمْ میں قالون کے لئے بالخلف صلہ اور مکی کے لئے صرف صلہ ہوگا۔

سَوَآءٌ ۔ میں ورش و حمزہ کے لئے طول بقیہ قراء کے لئے توسط ہوگا۔

ءَاَنْذَرْتَھُمْ ۔ قالون۔ بصری کے لئے تسہیل مع الادخال۔ ورش کے لئے تسہیل محض اور ابدال بالمد دو وجہیں۔ مکی کے لئے صرف تسہیل محض۔ ہشام کے لئے تسہیل مع الادخال۔ اور تحقیق مع الادخال بقیہ قراء کے لئے تحقیق محض (مثل حفص)

ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ ۔ قالون کے لئے صلہ اور ترک صلہ دو وجہیں صلہ کی حالت میں قصر و توسط۔ ورش و مکی کے لئے صرف صلہ۔ صلہ کی حالت میں ورش کے لئے طول اور مکی کے لئے قصر خلف کے لئے میم جمع میں سکتہ

https://alislami.net

اور ترک سکتہ بقیہ قراء کے لئے ترک صلہ وترک سکتہ ہے

تُنذِ رْ هُمْ صلہ ظاہر ہے۔ لَا یُؤْ مِنُوْ نَ میں وصلاً وقفاً دونوں حالت میں ورش وسوسی کے لئے ابدال ہوگا (واو ساکنہ سے) حمزہ کے لئے وقفاً ابدال ہوگا۔

قُلُوْ بِهِمْ. سَمْعِهِمْ۔ قالون۔ کمی کے لئے صلہ ظاہر ہے وَاَ بْصَا رِ هِم میں صلہ ظاہر ہے اسمیں ورش کے لئے تقلیل۔ بصری، دوری علی کے لئے امالہ ہے غِشَـا وَةٌ وَّ لَهُـمْ میں وصلاً خلف کے لئے ادغام تام وقفاً کسائی کے لئے امالہ بالحرکت ہے بقیہ قراء مثل حفص وَمِنَ النَّا سِ دوری بصری کے لئے امالہ ہے مَنْ یَّقُوْلُ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے اٰمَنَّا میں ورش کے لئے تثلیث اَلْاٰخِرِ میں ورش کے لئے نقل اور تثلیث ہے خلف کے سکتہ اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا را سبھی قراء کے لئے باریک ہے وَمَـا هُمْ صلہ ظاہر ہے بِمُؤْ مِنِیْنَ میں ورش۔ سوسی وصلاً و وقفاً ابدال بالواو حمزہ کے لئے وقفاً ابدال ہوگا یُـخٰدِ عُوْنَ میں سبھی قراء متفق ہیں الف پڑھنے میں اٰ مَنُوْ اور ش کے لئے تثلیث ظاہر ہے۔ وَمَا یَخْدَ عُوْ نَ کو نافع۔ کمی۔ بصری وَمَا یُخٰدِ عُـوْ نَ (یا مضموم بعد خا الف اور دال مکسور) پڑھتے ہیں بقیہ قراء مثل حفص پڑھتے ہیں اِلَّا اَنْـفُسَهُـمْ میں قالون۔ دوری بصری کے لئے قصر وتوسط۔ کمی سوسی کے لئے صرف قصر۔ ورش حمزہ کے لئے صرف طول بقیہ قراء کے لئے صرف توسط ہے۔ اَنْفُسَهُمْ میں وصلاً صلہ ظاہر ہے۔ فِیْ قُلُوْ بِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے فَزَا دَ هُم میں ابن ذکوان اور حمزہ کے لئے امالہ ہوگا هُمُ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسی کے لئے صلہ نہیں ہوگا۔

**فائدہ**۔ جسطرح اجتماع ساکنین کی وجہ سے روایت حفص میں حروف مدہ گر جاتے ہیں اسی طرح یہاں بھی صلہ نہیں ہوگا کیونکہ صلہ کی ادائیگی حروف مدہ کی طرح ہے۔

مَرَ ضًا وَّ لَهُمْ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے وَلَهُمْ کا صلہ ظاہر ہے۔ عَذَا بٌ اَلِیْمٌ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے سکتہ بالخلف (وصلاً) وقفاً حمزہ کے لئے نقل اور سکتہ ہے۔ یَكْذِ بُوْنَ کو نافع۔ کمی۔ بصری۔ شامی یا کو پیش کاف کو زبر ذال کو مشدد پڑھتے ہیں بقیہ قراء یا کو زبر کاف ساکن ذال کو مخفف یَكْذِبُوْنَ پڑھتے ہیں۔ واذا قِیْلَ لَهُمْ میں قِیْلَ کے قاف کے کسرہ میں ضمہ کی بو دے (یعنی اشمام بالحرکت) ہشام اور کسائی کرتے ہیں اور لام کا لام میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور لَهُمْ کا صلہ ظاہر ہے فِی الْاَ رْ ضِ میں ورش نقل

https://alislami.net

خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں

قَـا لُوْٓ ا اِنَّمَا میں قالون۔ دوری بصری قصر اور توسط کی۔ سوی صرف قصر ورش۔ حمزہ صرف طول۔ شامی۔ عاصم۔ کسائی صرف توسط کرتے ہیں اَلَآ اِنَّهُمْ میں مد منفصل اور صلہ کا اختلاف ظاہر ہے۔

وَ اِذَا قِيْلَ میں ہشام۔ کسائی کے لئے اشمام بالحرکت ہے۔ قِيْلَ لَهُمْ میں لام کا لام میں سوی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ لَهُمْ اٰمِنُوْا میں قالون صلہ قصر و توسط کے ساتھ ورش کے لئے صلہ طول کے ساتھ خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہوگا امنو میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔

كَمَآ اٰمَنَ میں مد منفصل ظاہر اور ا من میں تثلیث ظاہر ہے۔

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ میں مد منفصل ظاہر ہے اَنُؤْمِنُ میں ورش اور سوی کے لئے ابدال ہوگا۔ كَمَآ اٰمَنَ مد منفصل و مد بدل ظاہر ہے اَلسُّفَهَآءُ اَلَا وصلاً نافع۔ کی۔ بصری دوسرے ہمزہ کو واو متحرک مفتوح سے بدلتے ہیں وقفاً حمزہ و ہشام کے لئے تغیر ہوگا تفصیل کاشف الابہام میں درج ہے (پڑھ چکے ہونگے)

اَلَآ اِنَّهُمْ میں مد منفصل و صلہ ظاہر ہے۔ هُمُ السُّفَهَآءُ میں کسی کے لئے صلہ نہیں ہوگا مابعد ساکن ہونے کی وجہ سے اَلسُّفَهَآءُ میں مد متصل ظاہر ہے۔ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا میں مد بدل و منفصل ظاہر ہے وَ اِذَا خَلَوْا اِلٰى میں ورش کے نقل۔ خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے بقیہ قراء کے لئے تحقیق ہے شَيٰطِيْنِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ قَالُوْٓا اِنَّا مد منفصل ظاہر ہے۔

مَعَكُمْ اِنَّمَا ۔ قالون کے لئے صلہ بالخلف ہے صلہ کی حالت میں قصر و توسط ہے ورش کے لئے صلہ بلا خلف ہے اس حالت میں طول ہوگا خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہے۔ مُسْتَهْزِءُوْنَ میں ورش کے لئے تثلیث ہے مگر وقفاً مد عارض کو ترجیح دیں گے یعنی صرف ایک وجہ طول ہی بہتر ہے ( کیونکہ مد عارض مد بدل سے قوی ہے اسطرح اٰمِيْنَ میں صرف ایک ہی وجہ طول پڑھیں کیونکہ مد لازم مد بدل سے قوی ہے۔ وقفاً حمزہ کے لئے تین وجہیں ہیں (۱) ہمزہ کی تسہیل (۲) ہمزہ کا یائے مضمومہ سے ابدال جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ سے مُسْتَهْزِيُوْنَ (۳) ہمزہ کی حرکت زا کو دیکر ہمزہ کو حذف کر کے پڑھنا جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ سے مُسْتَهْزُوْنَ وَيَمُدُّهُمْ طُغْيَانِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے طُغْيَانِهِمْ میں دوری علی کے لئے امالہ ہے۔ اُولٰٓئِكَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ الْهُدٰى میں حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ اور ورش کے لئے تقلیل بالخلف ہے۔ تِجَارَتُهُمْ ۔ مَثَلُهُمْ میں صلہ ظاہر

https://alislami.net

ہے فَلَمَّآ اَضَآ ءَتْ میں مد منفصل ومد متصل ظاہر ہے۔ بِنُوْ رِ هِمْ وَ تَرَكَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ لَا يُبْصِرُوْنَ میں ورش کے لئے را باریک ہوگی۔ فَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے

فِیٓ اٰذَا نِهِمْ کے فِیْ میں مد منفصل ظاہر ہے اٰذَا نِهِم میں ورش کے لئے تثلیث اٰذَا نِهِم کے اٰذَا میں دوری علی کے لئے امالہ اور اٰذَانِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے

بِالْكٰفِرِيْنَ میں بصری اور دوری علی کے لئے امالہ اور ورش کے لئے تقلیل ہے۔ اَبْصَارَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ كُلَّمَآ اَضَآ ءَ لَهُمْ میں مد منفصل ومد متصل ومیم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ فِيهِ میں مکی کے لئے صلہ ہے وَاِذَآ اَظْلَمَ میں مد منفصل ظاہر ہے اَظْلَمَ میں ورش کے لئے لام پُر ہے عَلَيْهِمْ میں قالون ومکی کے لئے صلہ ظاہر ہے ہا حمزہ کے لئے مضموم ہوگی شَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے اور اسمیں ابن ذکوان اور حمزہ کے لئے امالہ ہے لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ میں با کا با میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور میم جمع کا قالون ومکی کے لئے صلہ ظاہر ہے۔ وَاَبْصَارِ هِمْ میں ورش کے لئے صرف تقلیل اور بصری اور دوری علی کے لئے امالہ ہے اور میم کا صلہ قالون ومکی کے لئے ظاہر ہے شَیْءٍ میں ورش کے لئے توسط وطول دو وجہیں ہیں خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ يٰٓاَيُّهَا میں مد منفصل ظاہر ہے۔ خَلَقَكُمْ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر اور قالون ومکی کا صلہ ظاہر ہے۔ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ میں قالون ومکی کے لئے صلہ ظاہر ہے۔ اَلَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور میم کا صلہ ظاہر ہے فِرَاشاً وَّ السَّمَآءَ میں ورش کے لئے را باریک تنوین کا واو میں خلف کے لئے ادغام تام السَّمَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ بِنَآءً وَّ اَنْزَلَ میں وصلاً خلف کے لئے ادغام تام ہے وقفاً صرف حمزہ کے لئے تسہیل قصر وطول کے ساتھ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ دونوں کلموں میں مد متصل ظاہر ہے

رِزْقاً لَّكُمْ وصلاً قالون۔ مکی کے لئے صلہ ہے۔ اَنْدَاداً وَّ اَنْتُمْ خلف کے لئے ادغام تام اَنْتُمْ وكُنْتُمْ میں قالون۔ مکی کا صلہ ہے۔ فَأْتُوْا میں ورش وسوسی ابدال کرتے ہیں۔ شُهَدَآءَ كُمْ میں مد متصل ظاہر ہے۔ كُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ كُنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے وَ الْحِجَارَةُ وقفاً کسائی کے لئے امالہ بالحرکت ہے لِلْكٰفِرِيْنَ میں بصری۔ دوری علی کے لئے امالہ ورش کے لئے تقلیل بلا خلف ہے اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے اَنَّ لَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ الْاَنْهَارُ میں ورش کے لئے نقل خلف کے لئے بلا خلف خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے

https://alislami.net

وقفاً حمزہ کے لئے سکتہ ونقل ہے وَلَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے فِيهَآ اَزْ وَاجٌ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ مُطَهَّرَةٌ وَّهُمْ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے وَهُمْ میں قالون کی کے لئے صلہ ظاہر ہے۔ لَا يَسْتَحْيِ اَنْ يَّضْرِبَ میں کی ۔سوسی کے لئے قصر بلا خلف قالون دوری بصری کے لئے قصر۔ توسط۔ شامی۔ عاصم کسائی کے لئے صرف توسط ورش۔ حمزہ کے لئے طول اَنْ يَّضْرِبَ میں خلف کے لئے ادغام تام۔ مِنْ رَّبِّهِمْ میں صلہ ظاہر ہے مَا ذَآ اَرَادَ اللّٰهُ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ كَثِيرًا دونوں جگہ ورش کے لئے را باریک ہے وصلاً خلف کے لئے ادغام تام ہے بِهٖٓ اِلَّا مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ تینوں میں مد منفصل ظاہر ہے۔ اَنْ يُّوْصَلَ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے ورش کے لئے لام پُر ہے فِي الْاَرْضِ میں ورش کے لئے نقل خلف کے لئے بلا خلف خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ اُولٰٓئِكَ میں مد متصل ظاہر ہے اَلْخٰسِرُوْنَ میں ورش کے لئے را باریک ہے كُنْتُمْ اَمْوَاتًا میں قالون کے لئے صلہ بالخلف ورش۔ کی کے لئے بلا خلف صلہ کی حالت ورش کے لئے طول قالون کے لئے قصر توسط کی کے لئے قصر ہوگا۔

فَاَحْيَاكُمْ میں ورش کے لئے تقلیل۔ کسائی کے لئے امالہ وصلاً صلہ ظاہر ہے وقفاً حمزہ کے لئے تحقیق اور تسہیل دونوں وجہیں ہیں۔ يُمِيْتُكُمْ وَيُحْيِيْكُمْ میں صلہ ظاہر ہے اِلَيْهِ میں کی کے لئے صلہ ہے لَكُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ فِي الْاَرْضِ میں ورش کے لئے نقل خلف بلا خلف خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ اِسْتَوٰٓى اِلَى میں مد منفصل ظاہر ہے اِسْتَوٰى میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل حمزہ کسائی کے لئے امالہ ہے۔

اَلسَّمَآءِ میں مد متصل ظاہر ہے۔ فَسَوّٰهُنَّ میں ورش بالخلف تقلیل حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں۔ وَهُوَ قالون۔ بصری۔ کسائی ہا کو ساکن بقیہ قراء ہا مضموم پڑھتے ہیں۔ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ میں لام کا را میں سوسی ادغام کرتے ہیں۔ لِلْمَلٰٓئِكَةِ میں مد متصل ظاہر ہے۔ فِي الْاَرْضِ میں ورش نقل خلف بلا خلف خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ خَلِيْفَةً میں کسائی وقفاً امالہ بالحرکت کرتے ہیں قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ مَنْ يُّفْسِدُ میں خلف ادغام تام کرتے بقیہ قراء ادغام ناقص۔ اَلدِّمَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے وقفاً حمزہ اور ہشام الف سے ابدال قصر تغیر کے بنا پر مد مد جا یعنی حمزہ کے لئے طول اور ہشام کے لئے توسط ہوگا۔ نَحْنُ نُسَبِّحُ میں سوسی کے لئے ادغام ہے اور لَكَ قَالَ میں بھی ادغام ہوگا۔ اِنِّيٓ اَعْلَمُ میں نافع۔ کی۔ بصری یا مفتوح پڑھتے لہذا انکے لئے مد نہ ہوگا بقیہ قراء یا کو ساکن پڑھتے ہیں لہذا شامی۔ عاصم۔ کسائی کے لئے توسط اور حمزہ کے لئے طول

https://alislami.net

ہوگا۔ اَعْلَمُ مَا میں سوسی ادغام کرتے ہیں۔ اٰدَمَ میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ الاَسْمَآءَ میں ورش کے لئے نقل خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں اور اسمیں مد متصل ظاہر ہے یعنی ورش حمزہ طول بقیہ قراء توسط کرتے ہیں۔ عَرَضَهُمْ میں قالون بالخلف کی بلا خلف صلہ کرتے ہیں اَلْمَلٰٓئِكَةِ۔ بِاَسْمَآءِ دونوں میں مد متصل ظاہر ہے

اَنْۢبِـُٔوْنِیْ میں ورش تثلیث کرتے ہیں۔ ھٰٓؤُلَآءِ اِنْ کے ھٰٓؤُ میں مد منفصل لَآءِ میں مد متصل ظاہر ہے اسمیں دو ہمزے دو کلموں میں واقع ہیں لہذا ہمزتین فی کلمتین کا قاعدہ جاری کیا جائیگا قالون و بزی کے لئے پہلے ہمزہ میں تسہیل مع القصر والتوسط اور ورش وقنبل کے لئے دوسرے ہمزہ میں تسہیل اور ہمزہ کا ابدال یائے ساکنہ سے (اس صورت میں مد لازم ہوگا) اور ورش کے لئے تیسری صورت ہمزہ کو یائے مختلسہ مکسورہ پڑھیں گے اور بصری کے لئے پہلے ہمزہ کا اسقاط ہے اس صورت میں قصر توسط ہوگا بقیہ قراء کے لئے دونوں ہمزے کی تحقیق ہے۔

**فائدہ**۔ اختلاس و روم کا فرق حرکت کے دو حصے ادا کرنے اور ایک حصہ چھپانے کو اختلاس کہتے ہیں روم میں ایک حصہ کو ادا کرنے اور دو حصے چھپانے کو کہتے ہیں اختلاس تینوں حرکتوں میں ہوتا ہے روم مضموم و مکسور میں ہوتا ہے۔

**تنبیہ** دو ہمزے ایک کلمہ میں یا دو کلموں میں واقع ہوں تو جمع الجمع کی صورتوں میں بہت سی وجہیں نکلیں گی لہذا اسکو غور کرکے اور استاذ کے مدد سے اجراء کریں تاکہ غلط وجہیں نہ نکلیں۔

كُنْتُمْ میں قالون بالخلف کی بلا خلف صلہ کرتے ہیں۔ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَآ اِنَّكَ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ يٰٓاٰدَمُ میں مد منفصل ظاہر ہے اٰدَمَ میں ورش کے لئے تثلیث ہوگی۔ اَنْۢبِئْهُمْ دونوں جگہ سوسی کے لئے ابدال نہ ہوگا (مستثنیٰ ہے) بِاَسْمَآئِهِمْ میں دونوں جگہ مد متصل ظاہر ہے۔ وقفاً حمزہ کے لئے پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ میں تسہیل مع القصر والطول دوسری وجہ پہلے ہمزہ کا ابدال یائے مفتوحہ سے اور دوسرے ہمزہ میں تسہیل مع القصر والطول (قصر تغیر کی وجہ سے طول مذھباً) فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ میں مد منفصل ظاہر ہے اَلَمْ اَقُلْ میں ورش کے لئے نقل خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا لَكُمْ اِنِّیْ میں قالون بالخلف ورش۔ کی بلا

https://alislami.net

خلف صلہ کرتے ہیں صلہ کی حالت میں قالون کے لئے قصر وتوسط۔ ورش کیلئے طول۔ مکی کے لئے قصر ہوگا۔ اِنِّیۡ اَعۡلَمُ میں نافع۔ مکی۔ بصری یا کو فتحہ پڑھتے ہیں اس صورت میں مدنہ ہوگا بقیہ قراء یا کو ساکن پڑھتے ہیں تو اس صورت میں شامی عاصم کسائی کے لئے توسط اور حمزہ کے لئے طول ہوگا وَالۡاَرۡضِ میں ورش کیلئے نقل خلف کے لئے سکتہ اور خلاد کے لئے ترک سکتہ وسکتہ ہوگا۔ اَعۡلَمُ مَا سوسی کے لئے ادغام کبیر ہوگا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ میں مد متصل ظاہر ہے لِاٰدَمَ میں ورش کے لئے تثلیث ہوگی۔ فَسَجَدُوۡٓا اِلَّا میں مد منفصل ظاہر ہے۔ اَبٰی میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہوگا اَلۡکٰفِرِیۡنَ میں ورش کیلئے تقلیل بلا خلف بصری اور دوری علی کے لئے امالہ ہے

یٰاٰدَمُ کے یاٰ میں مد منفصل اٰ میں مد بدل ظاہر ہے۔ حَیۡثُ شِئۡتُمَا میں ثا کا شین میں ادغام کبیر اور شِئۡتُمَا میں ہمزہ کا یا سے ابدال سوسی کے لئے ہے (وقفاً حمزہ کے لئے ابدال ہے) فَاَزَلَّهُمَا میں حمزہ زا کے بعد الف اور زا مخفف فَاَزَالَهُمَا پڑھتے ہیں فِیۡهِ میں مکی کے لئے صلہ ہے۔ بَعۡضُکُمۡ میں صلہ ظاہر ہے۔ عَدُوٌّ وَّ لَکُمۡ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ لَکُمۡ میں صلہ ظاہر ہے۔ فِی الۡاَرۡضِ میں ورش کے لئے نقل خلف کیلئے بلا خلف خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے مُسۡتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰی میں خلف کے لئے ادغام تام متاعٌ اِلٰی میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّهٖ کَلِمٰتٍ فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ میں ورش کے لئے تر بع یعنی فتح کی حالت میں اٰدَمُ میں قصر اور طول اور تقلیل کی حالت میں اٰدَمُ میں توسط اور طول ہوگا۔ اور اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّهٖ کَلِمٰتٍ کو خلف مرتب کے ساتھ پڑھیں گے یعنی اٰدَمُ کے ساتھ کَلِمٰتٍ کو پڑھا جائے گا (پوری عبارت پڑھی جائے گی) ابن کثیر اٰدَمُ کو نصب کَلِمٰتٌ کو رفع پڑھتے ہیں باقی قراء اٰدَمُ کو رفع کَلِمٰتٍ کو نصب پڑھتے ہیں جمع مونث سالم کو حالت نصبی میں کسرہ (زیر) سے پڑھیں گے۔

عَلَیۡهِ میں مکی کے لئے صلہ ہے۔ اِنَّهٗ هُوَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے یَاۡتِیَنَّکُمۡ مِّنِّیۡ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال (با الف) اور میم میں قالون بالخلف مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں هُدَایَ میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور دوری علی کے لئے امالہ ہے عَلَیۡهِمۡ میں حمزہ ہا کو ضمہ سے اور میم میں قالون بالخلف مکی بلا خلف صلہ کرتے ہے بِاٰیٰتِنَآ میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ اُولٰٓئِکَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ النَّارِ میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور بصری اور دوری علی کے لئے امالہ ہے هُمۡ میں صلہ ظاہر ہے۔ یٰبَنِیۡٓ اِسۡرَآءِیۡلَ میں

https://alislami.net

مد منفصل اور مد متصل ظاہر ہے اِسْرَائِيْل میں ورش کے لئے تثلیث نہیں ہے مستثنیٰ ہے۔ اَلَّتِیْ اَنْعَمْتُ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ عَلَیْکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ بِعَھْدِیْ اُوْفِ میں مد منفصل ظاہر ہے اُوْفِ میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ کُمْ میں صلہ ظاہر ہے اٰمِنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے بِمَا اَنْزَلْتُ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ مَعَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔

وَلَا تَکُوْنُوْٓا اَوَّلَ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ بِاٰیٰتِیْ میں ورش کے لئے تثلیث ہے قَلِیْلاً وَّ اِیَّایَ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ اَنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ اَلصَّلٰوۃَ میں ورش کے لئے تغلیظ ہے (لام پر ہوگا)

وَاٰتُوا میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ اَتَاْمُرُوْنَ میں ورش وسوسی کے لئے ابدال ہے اَنْفُسَکُمْ وَاَنْتُمْ میں قالون کے لئے بالخلف مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے۔ وَالصَّلٰوۃ ورش کے لئے لام پُر ہے لَکَبِیْرَۃٌ اِلَّا میں ورش کے لئے را باریک اور نقل ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اَنَّھُمْ. رَبِّھِمْ. وَاَنَّھُمْ تینوں میں میم کا صلہ ظاہر ہے اِلَیْہِ میں مکی کے لئے ہا میں صلہ ہے۔ وَاَنَّھُمْ اِلَیْہِ میں قالون کے لئے بالخلف صلہ ہے صلہ کی حالت میں قصر اور توسط ہے ورش کے لئے بھی بلا خلف صلہ ہے انکے لئے طول ہوگا مکی کے لئے بھی بلا خلف صلہ ہے انکے لئے صرف قصر ہوگا۔ یٰبَنِیْٓ اسرائیل میں مد منفصل اور مد متصل ظاہر ہے اسرائیل میں تثلیث نہیں ہے مستثنیٰ ہے۔ اور را بھی پُر ہوگی۔ اَلَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ میں مد منفصل ظاہر ہے۔

عَلَیْکُمْ. فَضَّلْتُکُمْ میں قالون کے لئے بالخلف۔ مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے۔ شَیْئاً وَّ لَا میں ورش کے لئے توسط اور طول خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے خلف ادغام تام بقیہ قراء ناقص کرتے ہیں۔ وَلَا یُقْبَلُ میں مکی بصری تا بقیہ یا پڑھتے ہیں، یُؤْخَذُ میں ورش اور سوسی وصلاً وقفاً ابدال بالواو کرتے ہیں حمزہ وقفاً۔ ھُمْ میں صلہ ظاہر ہے اِذْ نَجَّیْنٰکُمْ میں صلہ ظاہر ہے مِنْ اٰلِ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث اور خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہے۔

یَسُوْمُوْنَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے سُوْٓءَ میں مد متصل ظاہر ہے اَبْنَآءَکُمْ میں مد متصل اور صلہ ظاہر ہے یَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَکُمْ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور مد متصل اور صلہ بھی ظاہر ہے اور وقف کی حالت میں حمزہ کے لئے تسہیل قصر اور طول کے ساتھ ہے ذٰلِکُمْ و بَلَآءٌ میں صلہ اور مد متصل ظاہر ہے۔ رَبِّکُمْ. فَاَنْجَیْنٰکُمْ میں صلہ ظاہر ہے وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ میں مد منفصل ظاہر ہے اٰل میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ وَاَنْتُمْ میں

https://alislami.net

صلہ ظاہر وَ اِذْ وٰعَدْنَا میں بصری وَعَدْنَا حذف الف کے ساتھ اور بقیہ قراء الف کے اثبات کے ساتھ ورش حفص پڑھتے ہیں۔ مُوْسٰٓی اَرْبَعِیْنَ میں ورش کے لئے بالخلف بصری کے بلا خلف تقلیل ہے حمزہ اور کسائی کے لئے امالہ ہے اور اسمیں مد منفصل ظاہر ہے۔ اِتَّخَذْتُمُ میں ذال کا تا میں مکی وحفص کے لئے اظہار باقی قراء کے لئے ادغام ہے وَاَنْتُمْ . عَنْکُمْ میں صلہ ظاہر ہے مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ میں سوسی کے لئے ادغام ہے وَ اِذْ اٰتَیْنَا میں ورش کے لئے نقل کی حالت میں تثلیث ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ لَعَلَّکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ قَالَ مُوْسٰی میں ورش کے لئے بالخلف اور بصری کے لئے بلا خلف تقلیل ہے اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ ہے۔ اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ میں قالون بالخلف مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں ہمزہ قطعی والے ہیں ورش بھی صلہ کرتے ہیں اس صورت میں قالون کے لئے صلہ کی حالت میں قصر اور توسط اور ورش کے لئے طول اور مکی کے لئے صرف قصر ہوگا۔ خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا۔ ظَلَمْتُمْ میں ورش کے لئے لام پُر ہوگا۔ فَتُوْبُوْٓا اِلٰی میں مد منفصل ظاہر ہے بَارِئِکُمْ دونوں میں دوری بصری کے لئے ہمزہ کو سکون اور اختلاس ہے اور سوسی کے لئے صرف سکون بقیہ قراء کے لئے مکسور ہے اور دوری علی کے لئے امالہ ہوگا وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل ہوگی اور وصلا قالون کے لئے بالخلف اور مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہوگا فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ ذٰلِکُمْ میں مد منفصل اور صلہ ظاہر ہے۔ خَیْرٌ میں ورش کے لئے را باریک ہوگی لَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے عَلَیْکُمْ اِنَّهٗ هُوَ میں قالون کے لئے بالخلف اور ورش مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہوگا اِنَّهٗ هُوَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے صلہ کی حالت میں مد ظاہر ہے۔ وَ اِذْ قُلْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے یٰمُوْسٰی میں ورش بالخلف بصری بلا خلف تقلیل کرتے ہیں اور حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ میں ورش سوسی کے لئے ہمزہ کا ابدال بالواو ہوگا اور سوسی کے لئے نون کا ادغام کبیر ہوگا۔ نَرَی اللّٰهَ میں وصلاً سوسی کے لئے بالخلف امالہ بالحرکت ہوگا وَاَنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے بَعَثْنٰکُمْ . مَوْتِکُمْ لَعَلَّکُمْ میں صلہ ظاہر ہے وَظَلَّلْنَا میں ورش کے لئے لام پُر ہے والسَّلْوٰی میں ورش کے لئے بالخلف بصری کے لئے بلا خلف تقلیل ہے اور حمزہ اور کسائی کے لئے امالہ ہے۔ رَزَقْنٰکُمْ میں وصلاً صلہ ظاہر ہے۔ وَمَا ظَلَمُوْنَا میں ورش کے ... لام پُر ہے کَانُوْٓا اَنْفُسَکُمْ میں مد منفصل اور صلہ ظاہر ہے۔ حَیْثُ شِئْتُمْ میں سوسی کے لئے ہمزہ کا ابدال بالیا اور ادغام کبیر ہے اور اسمیں صلہ ظاہر ہے

رَغَدًا وَّادْخُلُوْا . سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا میں خلف کے لئے ادغام تام ہے نَغْفِرْ لَکُمْ کو نافع یُغْفَرْ بالیا

https://alislami.net

اورشامی نَغْفِرْ بالتابقیہ قراء نَغْفِرْ بالنون پڑھتے ہیں اور را کالام میں دوری بصری بالخلف سوسی بلا خلف ادغام صغیر کرتے ہیں لَكُمْ میں صلہ ظاہر ہے خَطٰيٰكُمْ کے ورش بالخلف تقلیل اور کسائی امالہ بلا خلف کرتے ہیں یا کے الف میں میم جمع میں صلہ ظاہر ہے دونوں ظَلَمُوْا میں ورش کے لئے لام پُر ہے غَيْرَ کی را ورش کے لئے باریک ہے۔ قِيْلَ لَهُمْ میں ہشام وکسائی اشمام کرتے ہیں سوسی لام کالام میں ادغام کبیر کرتے ہیں اور میم میں صلہ ظاہر ہے۔ اَلسَّمَآءِ میں مد متصل ظاہر ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى میں ورش بالخلف تقلیل کرتے ہیں اور حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں مُوْسٰى میں ورش بالخلف بصری بلا خلف تقلیل کرتے ہیں اور حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں۔ وَاِذْ قُلْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے يٰمُوْسٰى ابھی گذرا نَصْبِرَ میں ورش را کو باریک پڑھتے ہیں۔ طَعَامٍ وَّاحِدٍ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ اِلْاَرْضِ میں ورش کے لئے نقل خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ وَقِثَّآئِهَا میں مد متصل ظاہر ہے اَدْنٰى میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ ہے خَيْرٌ میں ورش کے لئے را باریک ہے۔ مِصْرًا کی را ورش کے لئے بھی پُر ہوگی۔ (ماقبل حرف صاد کی وجہ سے)

لَكُمْ مَا سَاَلْتُمْ میں میم کا صلہ ظاہر ہے وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل ہے عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ میں بصری کے لئے ہا میم دونوں مکسور ہے اور حمزہ کسائی کے لئے دونوں مضموم ہے بقیہ قراء کے لئے مثل حفص یعنی ہا مکسور میم مضموم ہے وَالْمَسْكَنَةُ میں وقفاً کسائی امالہ بالحرکت کرتے ہیں۔ وَبَآءُوْ میں ورش۔ حمزہ کے لئے طول بقیہ قراء کے لئے توسط ہے اور ءُوْ میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ بِاَنَّهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ بِاٰيٰتِ میں ورش کے لئے مد بدل میں تثلیث ہے اَلنَّبِيّٖنَ میں نافع پہلی یا مخفف اسکے بعد ہمزہ تو اس صورت میں مد متصل اور مد بدل ہو جائیگا لہذا قالون کے لئے مد متصل میں توسط اور ورش کے لئے طول مع التثلیث ہے بقیہ قراء مثل حفص پڑھتے ہیں اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ وَالنَّصٰرٰى میں ورش کے لئے بلا خلف تقلیل بصری۔ حمزہ کسائی کے لئے امالہ ہے۔ وَالصّٰبِئِيْنَ میں نافع کے لئے ہمزہ محذوف ہے اس وجہ سے ورش کے لئے تثلیث بھی نہیں ہوگی مَنْ اٰمَنَ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا اَلْاٰخِرِ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث اور خلف کے لئے بلا خلف خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا را بھی قراء کے لئے باریک ہوگی ۔فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ قالون کے لئے بالخلف ورش اور مکی کے لئے بلا خلف صلہ اس صورت میں مد منفصل ظاہر ہے اور

https://alislami.net

خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ اَجْرُ هُمْ . رَبِّهِمْ . عَلَيْهِمْ . وَلَا هُمْ میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے البتہ عَلَيْهِمْ کی ہا کو حمزہ مضموم پڑھتے ہیں۔

وَاِذْ اَخَذْ نَا میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے مِنْهَا فَكُمْ میں صلہ ظاہر ہے مَا اٰتَيْكُمْ میں مد منفصل ظاہر اور مد بدل میں ورش کے لئے تثلیث ہے اور میم کا صلہ ظاہر ہے۔ بِقُوَّةٍ وَّ اذْكُرُوْا میں خلف ادغام تام کرتے ہیں فیہ میں مکی کے لئے صلہ ہے لَعَلَّكُمْ میں صلہ ظاہر ہے مِنْ م بَعْدِ ذٰلِكَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہوگا عَلَيْكُمْ لَكُمْ میں میم کا صلہ ظاہر ہے مِنْكُمْ. لَهُمْ میں بھی صلہ ظاہر ہے قِرَدَةً میں ورش کے لئے را باریک ہے۔ خٰسِئِيْنَ میں وصلا ورش کے لئے تثلیث ہوگی وقفا حمزہ کے لئے دو وجہیں تسہیل اور حذف اور ورش کے لئے مد عارض کی وجہ سے وقفا تثلیث نہ ہوگی مُوْسٰى میں ورش کے لئے بالخلف بصری کے لئے بلا خلف تقلیل ہے اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ لِقَوْمِهٖ اِنَّ میں مد منفصل ظاہر ہے يَاْمُرُكُمْ اَنْ ورش اور سوسی ہمزہ ساکن میں ابدال کرتے ہیں دوری بصری کے لئے را ساکن ہے اور دوسری وجہ اختلاس ہے سوسی کے لئے صرف ساکن ہی ہے میم جمع قالون کے لئے بالخلف اور ورش و مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے اس صورت میں مد منفصل ظاہر ہے۔ بَقَرَةً میں وقفا کسائی کے لئے امالہ بالحرکت ہے قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُ نَا میں مد منفصل ظاہر ہے هُزُوًا میں حفص واو سے بقیہ قراء ہمزہ سے پڑھتے ہیں حمزہ زا ساکن پڑھتے ہیں وقفا انکے لئے دو وجہیں ہونگی نقل اور ہمزہ کا واو سے ابدال جیسا کہ پہلے بیان کر چکا ہوں اَنْ اَكُوْ نَ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔

فَارِضٌ وَّلَا میں خلف کیلئے ادغام تام ہے مَا تُؤْ مَرُوْ نَ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال اور حمزہ کے لئے وقفا ابدال ہے۔ صَفْرَآءُ میں مد متصل اور وَ اِنَّا اِنْ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ شَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے اور ابن ذکوان اور حمزہ امالہ کرتے ہیں تُثِيْرُ میں ورش کے لئے را باریک ہے اَلْاَرْضَ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے اَلْئٰنَ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث ہے اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ جِئْتَ میں سوسی کے لئے ابدال ہے۔ اِذْ قَتَلْتُمْ فَادّٰرَءْتُمْ مَا كُنْتُمْ تینوں میں صلہ ظاہر ہے ہمزہ ساکنہ کا سوسی کے لئے ابدال ہے۔ اِضْرِبُوْهُ میں مکی کے لئے صلہ ہے۔ الْمَوْتٰى میں ورش کے لئے بالخلف اور بصری کیلئے بلا خلف تقلیل ہے اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ میں میم جمع کا صلہ قالون کے لئے بالخلف ورش اور مکی کے لئے بلا خلف ہے اور خلف کے لئے

https://alislami.net

بالخلف سکتہ ہوگا اٰیتِہٖ میں ورش کے لئے تثلیث ہوگی۔ لَعَلَّكُمْ میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے فَلَوْ بِكُمْ میں صلہ ظاہر ہے مِن م بَعْدِ ذٰلِكَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے فَهِيَ میں قالون۔ بصری کسائی ہا کو ساکن بقیہ مکسور پڑھتے ہیں۔ اَوْ اَشَدُّ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ قَسْوَةً میں کسائی امالہ بالحرکت کرتے ہیں وقفاً مِنْهُ الْاَنْهَارُ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے اَلْمَآءُ میں مد متصل ظاہر ہے اور وقفاً حمزہ کے لئے مثل اَلسُّفَهَآءُ ہے۔ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ کو کمی یائے بقیہ قراء تا پڑھتے ہیں۔ اَنْ يُّؤْمِنُوْا میں خلف کے لئے ادغام تام ہے اور ورش اور سوسی کے لئے ابدال واوے ہے۔ لَكُمْ مِنْهُمْ. وَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ عَقَلُوْهُ میں مکی کے لئے صلہ ہے۔ اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ قَالُوْٓا اٰمَنَّا میں مد منفصل ظاہر ہے اور ورش کے لئے تثلیث ہے

بَعْضُهُمْ اِلٰى میں قالون کے لئے بالخلف اور ورش مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے اس صورت میں مد منفصل ظاہر ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ میں مد منفصل اور صلہ دونوں ظاہر ہے عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ میں صلہ ظاہر ہے رَبِّكُمْ اَفَلَا میں قالون اور ورش مکی کے لئے صلہ ظاہر ہے اس صورت میں مد منفصل بھی ظاہر ہے خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ يَعْلَمُ مَا سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ يُسِرُّوْنَ میں ورش کے لئے را باریک ہے مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ میں قالون و ورش و مکی کا صلہ ظاہر ہے خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا اِلَّآ اَمَانِيَّ میں مد منفصل ظاہر ہے اِنْ هُمْ اِلَّا میں بھی صلہ اور اس صورت میں مد منفصل ظاہر ہے۔ اَلْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر اور قالون مکی کا صلہ ظاہر ہے دونوں لَهُمْ. لَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے مَعْدُوْدَةً وقفاً کسائی کے لئے امالہ بالحرکت ہے۔ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ میں ورش کے لئے نقل خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اور ذال تا میں مکی وحفص اظہار بقیہ قراء ادغام صغیر کرتے ہیں فَلَنْ يُّخْلِفَ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں عَهْدَهٗٓ اَمْ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ بَلٰى میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ ہے۔ سَيِّئَةً وَّ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں خَطِيْٓئَتُهٗ کو نافع جمع یعنی خَطِيْٓئٰتُهٗ پڑھتے ہیں اس صورت میں قالون توسط اور ورش طول مع التثلیث کریں گے فَاُولٰٓئِكَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ النَّارِ میں ورش کے لئے بلا خلف تقلیل بصری اور دوری علی کے لئے امالہ ہوگا۔ اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔

https://alislami.net

اُولٰئِک میں مد متصل ظاہر ہے۔ اَلْجَنَّۃِ میں وقفاً کسائی کیلئے امالہ بالحرکت ہے ھُمْ میں صلہ ظاہر ہے
وَاِذْ اَخَذْنَا میں ورش کیلئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اِسْرَآئِیْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ مد متصل ظاہر ہے
ورش کے لئے نہ تثلیث اور نہ را باریک ہے لام کا لام میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور لَا تَعْبُدُوْنَ کو مکی حمزہ
کسائی یا سے بقیہ قراء تا سے پڑھتے ہیں اِحْسَانًاوَّ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں۔ اَلْقُرْبٰی میں ورش کے
لئے بلاخلف تقلیل بصری۔ حمزہ، کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ وَالْیَتٰمٰی میں ورش بالخلف تقلیل اور حمزہ۔
کسائی بلاخلف امالہ کرتے ہیں۔ لِلنَّاسِ میں دوری بصری کے لئے امالہ کبریٰ ہے حُسْنًا کو حمزہ کسائی حَسَنًاوَّ
یعنی سین کو مفتوح پڑھتے ہیں اور خلف ادغام تام کرتے ہیں اَلصَّلٰوۃَ میں ورش کے لئے لام پُر ہے وَاٰتُوا میں
ورش کیلئے تثلیث ہے۔ تَوَلَّیْتُمْ اِلَّا قالون بالخلف ورش و مکی بلاخلف صلہ کرتے ہیں صلہ کی صورت میں مد
منفصل ظاہر ہے۔ مِنْکُمْ. اَنْتُمْ. مِیْثَاقَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے دِمَآءَکُمْ میں مد متصل ظاہر ہے اور صلہ بھی
۔اَنْفُسَکُمْ. دِیَارِکُمْ. اَقْرَرْتُمْ. اَنْتُمْ. دِیَارِھِمْ میں تمام میم جمع میں صلہ ظاہر ہے دِیَارِکُمْ. دِیَارِھِمْ میں
ورش بلاخلف تقلیل اور بصری اور دوری علی امالہ کبریٰ کرتے ہیں تَظٰھَرُوْنَ میں نافع۔ مکی بصری۔ شامی کے لئے
ظا مشدد ہے بقیہ قراء کے لئے ظا مخفف ہے عَلَیْھِمْ میں حمزہ کے لئے ہا مضموم ہے بقیہ قراء کے لئے ہا مکسور ہے
اور اسمیں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے بِالْاِثْمِ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بلاخلف اور خلاد کے لئے بالخلف
سکتہ ہے۔ وَاِنْ یَّاْتُوْکُمْ اُسٰرٰی میں ورش و سوسی کے لئے ہمزہ ساکنہ کا الف سے ابدال اور میم جمع میں قالون
بالخلف ورش و مکی بلاخلف صلہ کرتے ہیں اس صورت میں مد منفصل ظاہر ہے اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں
اُسٰرٰی کو حمزہ اَسْرٰی پڑھتے ہیں ورش کے لئے تقلیل اور بصری۔ حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔
تُفٰدُوْھُمْ کو مکی۔ بصری۔ شامی۔ حمزہ تا مفتوح فا ساکن بغیر الف تَفْدُوْھُمْ پڑھتے ہیں بقیہ قراء مثل حفص تُفٰدُوْ
ھُمْ پڑھتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ وَھُوَ میں قالون۔ بصری۔ کسائی ہا کو ساکن پڑھتے ہیں بقیہ قراء ہا
مضموم پڑھتے ہیں عَلَیْکُمْ اِخْرَاجُھُمْ دونوں میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے اور خلف پہلے میم میں بالخلف سکتہ
کرتے ہیں اور ورش کے لئے را باریک ہے۔ اَفَتُؤْمِنُوْنَ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال بالواو ہے۔
جَزَآءُ میں مد متصل ظاہر ہے مَنْ یَّفْعَلُ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے مِنْکُمْ اِلَّا میں قالون ورش و مکی کا صلہ
وصلی حالت میں مد منفصل ظاہر ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ اَلدُّنْیَا میں ورش کے لئے بالخلف اور

https://alislami.net

بصری کے لئے بلا خلف تقلیل ہے اور حمزہ اور کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے اِلَیٰٓ اَشَدِّ میں مد منفصل ظاہر ہے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ کو نافع۔مکی۔شعبہ تا سے بقیہ قراء یا سے پڑھتے ہیں

اُولٰٓئِکَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ بِالْاٰخِرَةِ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث ہے اور راباریک ہے۔خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔هُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔وَلَقَدْ اٰتَیْنَا میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث ہے خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔وَاٰیَدْنٰهُ میں مکی کے لئے ہا میں صلہ ہے اَلْقُدُسِ میں مکی کے لئے دال ساکن ہے بقیہ قراء کے لئے مضموم ہے۔جَآءَکُمْ میں مد متصل اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے اور ابن ذکوان اور حمزہ کے لئے امالہ کبریٰ ہے امالہ کی صورت میں بھی ابن ذکوان کے لئے توسط اور حمزہ کے لئے طول ہوگا لَا تَهْوٰیٓ اَنْفُسُکُمُ اسْتَکْبَرْتُمْ میں مد منفصل ظاہر ہے ورش کے لئے بالخلف تقلیل ہے اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ ہے۔ پہلے میم جمع میں کسی لئے صلہ نہیں ہے دوسری میم میں قالون کے لئے بالخلف اور مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے کَذَّبْتُمْ میں بھی صلہ ظاہر ہے اور بِکُفْرِهِمْ میں بھی صلہ ظاہر ہے۔مَا یُؤْمِنُوْنَ میں ورش اور بصری کے لئے ہمزہ کا واو سے ابدال ہے۔جَآءَهُمْ دونوں جگہ میں مد متصل اور صلہ ظاہر ہے اور ابن ذکوان اور حمزہ کے لئے امالہ کبریٰ ہے مَعَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔اَلْکٰفِرِیْنَ میں ورش کے لئے صرف تقلیل ہے اور بصری اور دوری علی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔بِئْسَمَا میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال بالیا ہے۔بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ یَّکْفُرُوْا میں مد منفصل صلہ قالون ورش و مکی کے لئے ظاہر ہے اس صورت میں مد منفصل بھی ظاہر ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ میم جمع میں اور نون میں ادغام تام بلا خلف ہے۔بِمَآ اَنْزَلَ میں مد منفصل ظاہر ہے۔بَغْیًا اَنْ یُّنَزِّلَ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اور نون میں خلف کے لئے ادغام تام ہے یُنَزِّلَ میں مکی۔بصری کے لئے نون ساکن اور زا مخفف ہے بقیہ قراء کے لئے نون مفتوح اور زا مشدد ہے۔مَنْ یَّشَآءُ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے اور مد متصل ظاہر۔فَبَآءُوْ میں مد متصل ظاہر ہے اور ورش کے لئے تثلیث ہے۔لہذا ورش کے لئے طول مع التثلیث پڑھیں گے وَلِلْکٰفِرِیْنَ میں ورش کے لئے صرف تقلیل اور بصری اور دوری علی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔قِیْلَ لَهُمْ میں ہشام اور کسائی کے لئے اشمام (بالحرکت) ہے اور سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔اٰمِنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہے بِمَآ اَنْزَلَ. بِمَا اُنْزِلَ۔ میں مد منفصل ظاہر ہے۔قَالُوْٓا نُؤْمِنُ میں مد منفصل ظاہر ہے اور ورش و سوسی کے لئے ہمزہ کا واو مدہ سے ابدال

https://alislami.net

ہے وَرِئَاءً میں مد متصل ظاہر ہے اور وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل مع الطول والقصر ہے وَهُوَ میں قالون بصری۔ کسائی کے لئے ہا ساکن ہے بقیہ قراء کے لئے ہا مضموم ہے مَعَهُمْ میں میم کا صلہ ظاہر ہے۔ اَنبِیَاءَ میں نافع یا کی جگہ ہمزہ پڑھتے ہیں تو اس صورت میں ورش کے لئے تثلیث نہیں ہوگی کیونکہ مد بدل سے مد متصل قوی ہے لہذا ورش کے لئے صرف طول ہی ہوگا بقیہ قراء یا پڑھتے ہیں اس صورت میں بھی مد متصل ظاہر ہے۔ کُنتُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ مُؤْمِنِيْنَ میں ورش۔ سوسی کے لئے ہمزہ کا واو سے ابدال ہے وقفاً حمزہ کے لئے بھی ابدال ہے۔ وَلَقَدْ جَاءَكُمْ میں بصری۔ ہشام۔ حمزہ۔ کسائی کے لئے دال کا جیم میں ادغام ہے۔ اور ابن ذکوان حمزہ کے لئے امالہ کبریٰ ہے اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ مُوْسیٰ میں ورش کے لئے تقلیل بالخلف ہے اور بصری کے لئے بلا خلف تقلیل اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ ہے بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ میں تا کا تا میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ اتَّخَذْتُمْ میں ذال کا تا میں مکی۔ حفص کے لئے اظہار ہے اور بقیہ قراء کے لئے ادغام ہے۔ میم جمع میں کسی کے لئے صلہ نہیں ہے (مابعد ساکن کی وجہ سے) اَنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ وَاِذْاَخَذْنَا میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ مِيْثَاقَكُمْ میں صلہ ظاہر ہے (اسمیں سوسی کے لئے ادغام کبیر نہیں ہے ماقبل ساکن کی وجہ سے) مَآ اٰتَيْنٰكُمْ میں مد منفصل اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے اور مد بدل میں ورش کے لئے تثلیث ہے۔ بِقُوَّةٍ وَّ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ میں بصری ہا اور میم جمع دونوں کو مکسور اور حمزہ کسائی دونوں کو مضموم اور بقیہ ہا کو مکسور اور میم کو مضموم پڑھتے ہیں۔ بِكُفْرِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ بِئْسَمَا میں ورش اور سوسی کے لئے ہمزہ کا یا ساکنہ سے ابدال ہے يَاْمُرُكُمْ میں ہمزہ کا الف سے ورش۔ سوسی کے لئے ہے اور دوری بصری را کو ساکن اور اختلاس سے اور سوسی صرف ساکن پڑھتے ہیں اور بقیہ قراء را کو مضموم پڑھتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ اِيْمَانُكُمْ اِنْ۔ ورش کے لئے تثلیث ہے۔ میم جمع میں قالون بالخلف ورش و مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں صلہ کی حالت میں ورش طول اور قالون قصر و توسط اور مکی صرف قصر کرتے ہیں اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ كُنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ مُؤْمِنِيْنَ میں ورش و سوسی کے لئے ابدال ہے اور حمزہ وقفاً ابدال کرتے ہیں۔ قُلْ اِنْ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ اَلْاٰخِرَةُ میں ورش کے لئے نقل اور را باریک اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے اَلنَّاسِ میں دونوں جگہ دوری بصری امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔ كُنْتُمْ میں صلہ ظاہر ہے وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ میں خلف ادغام تام اور ہائے ضمیر میں مکی صلہ کرتے ہیں قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

https://alislami.net

میں ورش نقل کرتے ہیں اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ میں ورش مکی بلا خلف اور قالون بالخلف صلہ کرتے اس وقت مد منفصل کا قاعدہ جاری ہوگا اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ حَيٰوةٍ وَ هُمْ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ سَنَةٍ اَنْ يُعَمَّرَ میں سَنَةٍ میں وقفاً کسائی امالہ بالحرکت کرتے ہیں اور وصلاً ورش نقل اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں اَنْ يُعَمَّرَ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں۔ بَصِيْرٌ میں وصلاً ورش را کو باریک پڑھتے ہیں اور وقفاً تمام قراء باریک پڑھتے ہیں۔

لِجِبْرِيْلَ میں دونوں جگہ بلکہ پورے قرآن میں ہر جگہ چار قراء تیں ہیں نافع۔ بصری۔ شامی اور حفص جیم اور را دونوں کو مکسور بغیر ہمزہ کے لِجِبْرِيْلَ پڑھتے ہیں مکی جیم کو مفتوح اور را کو مکسور بغیر ہمزہ کے لِجَبْرِيْلَ پڑھتے ہیں اور شعبہ جیم اور را کو مفتوح یا کو ہمزہ سے لِجَبْرَئِلَ پڑھتے ہیں اور حمزہ۔ کسائی بالکل اسی طرح مگر ہمزہ کے بعد یا مدہ زیادہ کرکے لِجَبْرَئِيْلَ پڑھتے ہیں۔ يَدَيْهِ میں مکی صلہ کرتے ہیں۔ وَهُدًى وَّ بُشْرٰى میں خلف ادغام اور بُشْرٰى میں بلا خلف تقلیل اور بصری۔ حمزہ۔ کسائی امالہ کبریٰ کرتے ہیں لِلْمُؤْمِنِيْنَ میں ورش سوسی وصلاً وقفاً اور حمزہ صرف وقفاً ابدال کرتے ہیں۔ مِيْكٰلَ میں اس جگہ اور پورے قرآن میں ہر جگہ تین قراءتیں ہیں نافع الف کے بعد ہمزہ زیادہ کرکے مِيْكَآئِلَ پڑھتے ہیں اس وقت مد متصل ہو جائیگا لہذا قالون کے لئے توسط اور ورش کے لئے طول ہوگا اور مکی۔ شامی حمزہ اور کسائی ہمزہ کے بعد یا مدہ زیادہ کرکے مِيْكَآئِيْلَ پڑھتے ہیں اسمیں بھی مد متصل کا قاعدہ جاری ہوگا لہذا مکی۔ شامی۔ کسائی کے لئے توسط اور حمزہ کے لئے طول ہوگا۔ لِلْكٰفِرِيْنَ میں ورش بلا خلف تقلیل اور بصری۔ دوری علی امالہ کرتے ہیں۔ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَا اِلَيْكَ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اور اسکے بعد مد منفصل ظاہر ہے اٰيٰتٍ میں ورش کے لئے تثلیث ہے بَيِّنٰتٍ وَّ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے بِهَا اِلَّا میں مد منفصل ظاہر ہے مِنْهُمْ میں صلہ ظاہر ہے بَلْ اَكْثَرُهُمْ میں ورش نقل کرتے ہیں اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے لَا يُؤْمِنُوْنَ میں ورش اور سوسی ابدال کرتے ہیں جَآءَهُمْ کے مد متصل میں قالون۔ مکی۔ بصری۔ شامی۔ عاصم۔ کسائی توسط اور ورش حمزہ طول کرتے ہیں اور ابن ذکوان اور حمزہ امالہ کبریٰ کرتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے مَعَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ اُوْتُوا میں ورش تثلیث کرتے ہیں۔ وَرَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے۔

ظُهُوْرِهِمْ. كَاَنَّهُمْ میں صلہ ظاہر ہے لٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ میں شامی۔ حمزہ۔ کسائی نون کو مخفف وصلاً

https://alislami.net

مکسور اور دوسرے نون کو مرفوع لٰکِنِ الشَّیٰطِیْنُ پڑھتے ہیں باقی قراء نون کو مشدد وصلاً مفتوح اور دوسرے نون کو منصوب لٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ پڑھتے ہیں۔ اَلسِّحْرَ میں ورش وصلاً باریک پڑھتے ہیں وقفاً سبھی قراء باریک پڑھتے ہیں۔ وَمَا هُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا میں دونوں جگہ ورش نقل کرتے ہیں اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ مَا یَضُرُّ هُمْ۔ وَلَا یَنْفَعُهُمْ میں دونوں جگہ میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ اِشْتَرٰىهُ میں ورش بلا خلف تقلیل اور بصری حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں اور ہائے ضمیر میں مکی صلہ کرتے ہیں۔ فِی الْاٰخِرَةِ میں ورش نقل اور را باریک اور خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں لَبِئْسَ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال ہے اور وقفاً حمزہ کے لئے بھی ابدال ہے۔ بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ میں مد منفصل اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے پہلے نقل ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے اور میم جمع میں قالون کے لئے بالخلف صلہ اور ورش اور مکی کے لئے بلا خلف صلہ ہے اس صورت میں مد منفصل کا قاعدہ جاری ہوگا قالون توسط اور قصر ورش صرف طول مکی صرف قصر کرتے ہیں اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا اور مد بدل میں ورش کے لئے تثلیث ہوگی۔ خَیْرٌ کی را وصلاً ورش کے لئے باریک اور وقفاً سبھی قراء کے لئے باریک ہوگی یٰٓاَیُّهَا میں مد منفصل ظاہر ہے اٰمَنُوْا میں ورش کے لئے تثلیث ہوگی۔ لِلْکٰفِرِیْنَ میں ورش کے لئے صرف تقلیل اور بصری اور دوری علی کے لئے امالہ کبریٰ ہوگا۔ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ مِنْ اَهْلِ میں ورش نقل اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں اَنْ یُّنَزَّلَ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں اور مکی بصری نون کو ساکن اور زا کو مخفف یُنْزِلَ پڑھتے ہیں باقی قراء نون کو فتحہ اور زا کو مشدد یُنَزِّلَ پڑھتے ہیں۔ عَلَیْکُمْ۔ رَبِّکُمْ میں صلہ ظاہر ہے مَنْ یَّشَآءُ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں اور مد متصل کا اختلاف ظاہر ہے وقفاً حمزہ۔ ہشام مثل اَلسُّفَهَآءُ کے مخفف کرتے ہیں۔ مَا نَنْسَخْ میں شامی نون کو پیش اور سین کو زیر نُنْسِخْ پڑھتے ہیں باقی قراء مثل حفص پڑھتے ہیں مِنْ اٰیَةٍ اَوْ میں دونوں جگہ ورش نقل کرتے پہلی جگہ مع التثلیث کریں گے اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں اَوْ نُنْسِهَا میں مکی۔ بصری نون اور سین کو مفتوح اور سین کے بعد ہمزہ ساکنہ زیادہ کرکے اَوْ نَنْسَأْهَا پڑھتے ہیں اس صورت میں سوسی ابدال نہیں کریں گے جزم کی بنا پر باقی قراء مثل حفص پڑھتے ہیں نَاْتِ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال ہے۔ مِنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا اَلَمْ میں دونوں جگہ مد منفصل ظاہر ہے اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے شَیْءٍ میں ورش توسط اور طول کرتے ہیں خلف بلا خلف خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ وَالْاَرْضِ میں ورش نقل اور خلف بلا خلف اور خلاد

https://alislami.net

بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ لَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيرٍ دونوں جگہ خلف ادغام تام کرتے ہیں رُسُوْلَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ مُوسیٰ میں ورش بالخلف اور بصری بلا خلف تقلیل کرتے ہیں اور حمزہ۔ کسائی امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں بِالْاِيْمَانِ میں ورش نقل تثلیث کے ساتھ اور خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ فَقَدْ ضَلَّ میں۔ ورش۔ بصری۔ شامی۔ حمزہ۔ کسائی ادغام کرتے ہیں بقیہ قراء اظہار کرتے ہیں سَوَآءَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ کَثِيْرٌ میں ورش را کو باریک وقفاً بھی قراء کے لئے باریک پڑھیں گے مِنْ اَهْلِ میں ورش نقل اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ يَرُدُّوْنَکُمْ میں صلہ ظاہر ہے اِيْمَانِکُمْ میں ورش تثلیث کرتے ہیں قالون بالخلف مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں۔ اَنْفُسِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے تَبَيَّنَ لَهُمُ میں سوسی کے لئے نون کا لام میں ادغام کبیر ہے اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے يَاْتِيَ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال ہے۔ بِاَمْرِهٖ میں وقفاً حمزہ کے لئے ابدال بالیا اور تحقیق ہے یعنی ابدال بالخلف ہے۔ شَيْءٍ میں ورش توسط اور طول کرتے ہیں اور خلف بلا خلف خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ اَلصَّلٰوۃَ میں ورش لام کو پُر پڑھتے ہیں۔ وَاٰتُوا میں ورش تثلیث کرتے ہیں۔ لِاَنْفُسِکُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ تَجِدُوْهُ میں مکی صلہ کرتے ہیں لَنْ يَّدْخُلَ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں۔ هُوْدًا اَوْ میں ورش نقل کرتے ہیں اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں ۔ نَصٰرٰی میں ورش صرف تقلیل اور بصری حمزہ۔ کسائی امالہ کبریٰ کرتے ہیں اَمَانِيُّهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ بُرْهَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ میں پہلے میم جمع میں قالون۔ مکی کے ساتھ ورش بھی صلہ کرتے ہیں اس صورت میں مد منفصل کا قاعدہ جاری ہوگا دوسرے میں قالون بالخلف مکی بلا خلف صلہ کرتے ہیں بَلٰی میں ورش بالخلف تقلیل اور حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں مَنْ اَسْلَمَ میں ورش نقل خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں وَهُوَ میں قالون۔ بصری۔ کسائی ہا کو ساکن بقیہ قراء ضمہ پڑھتے ہیں فَلَهٗ اَجْرُهٗ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ عَلَيْهِمْ میں حمزہ ہا کو پیش باقی قاری زیر پڑھتے ہیں اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ وَلَا هُمْ میں صلہ ظاہر ہے اَلنَّصٰرٰی دونوں جگہ ورش بلا خلف تقلیل اور بصری حمزہ کسائی امالہ کرتے ہیں شَيْءٍ دونوں جگہ ورش توسط وطول اور خلف بلا خلف خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ وصلاً خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ وَهُمْ میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے کَذٰلِکَ قَالَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے قَوْلِهِمْ میں صلہ ظاہر ہے یَحْکُمُ بَيْنَهُمْ میں سوسی کے لئے اخفا ہوگا اور میم کا صلہ ظاہر ہے۔ فِيْهِ میں مکی صلہ کرتے ہیں۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ میں ورش کے لئے نقل اور لام پُر ہے اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہے

https://alislami.net

اور سوسی کے لئے میم کا میم میں ادغام کبیر ہے اَنْ یَذَّکَّرَ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے وَسَعٰی میں ورش بالخلف تقلیل اور حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں۔ اُولٰئِکَ میں مد متصل ظاہر ہے لَهُم تینوں جگہ صلہ ظاہر ہے۔ پہلے میں ورش بھی صلہ کرتے ہیں اس وقت مد منفصل کا قاعدہ جاری ہوگا اور خلف بالخلف سکتہ کرتے ہیں۔ اَنْ یَدْخُلُوْهَآ اِلَّا میں خلف کے لئے ادغام تام ہے هَآ اِلَّا میں مد منفصل ظاہر ہے۔ خَآئِفِیْنَ میں مد متصل ظاہر ہے اور وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل مع القصر والطول ہے اَلدُّنْیَا میں ورش بالخلف بصری بلا خلف تقلیل حمزہ۔ کسائی امالہ کرتے ہیں خِزْیٌ وَّ میں خلف ادغام تام کرتے ہیں فِي الْاٰخِرَةِ میں ورش کے لئے نقل اور را کو باریک پڑھتے ہیں اور خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں وَقَالُوا میں دونوں جگہ شامی بغیر واو کے صرف قَالُوْا پڑھتے بقیہ قراء واو کے ساتھ پڑھتے ہیں وَالْاَرْضِ میں ورش نقل اور خلف بلا خلف اور خلاد بالخلف سکتہ کرتے ہیں وَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا میں ورش کے لئے بالخلف تقلیل اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ ہے اور اسمیں مد منفصل ظاہر ہے یَقُوْلُ لَهٗ میں سوسی ادغام کبیر کرتے ہیں فَیَکُوْنُ میں شامی کے لئے نون مفتوح ہے بقیہ قراء کے لئے مضموم تَاْتِیْنَآ اٰیَةٌ میں ورش وسوسی ابدال کرتے ہیں اور مد منفصل اور مد بدل ظاہر ہے وقفاً کسائی کے لئے امالہ بالحرکت ہے۔ کَذٰلِکَ قَالَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے مِنْ قَبْلِهِمْ۔ قَوْلِهِمْ۔ قُلُوْبُهُمْ میں صلہ ظاہر ہے۔ اَلْاٰیٰتِ میں ورش کے لئے نقل مع التثلیث اور خلف بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ لِقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ میں مد منفصل ظاہر ہے بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا وَّلَا دونوں جگہ ورش کے لئے را باریک اور خلف کے لئے ادغام تام ہے وَلَا تُسْئَلُ میں نافع کے لئے تا مفتوح اور لام ساکن لَا تَسْئَلْ ہے عَنْ اَصْحٰبِ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہے لَنْ تَرْضٰی ورش کے لئے تقلیل بالخلف اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ اَلنَّصٰرٰی میں ورش کے لئے تقلیل بلا خلف اور بصری۔ حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے مِلَّتَهُمْ میں صلہ ظاہر ہے قُلْ اِنَّ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہے اللّٰهِ هُوَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ اَلْهُدٰی میں ورش کے لئے تقلیل بالخلف اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ اَهْوَآءَهُمْ میں مد متصل اور میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ جَآءَکَ میں مد متصل ظاہر ہے اور ابن ذکوان اور حمزہ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ اَلْعِلْمِ مَالَکَ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا میں دونوں جگہ ادغام تام ہے۔ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ میں ورش کے لئے تثلیث ہے میم جمع

https://alislami.net

میں کسی کے لئے صلہ نہیں ہے۔ بِہٖ وَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ پہلے میں وصلاً مد منفصل ظاہر ہے دوسرے میں مد متصل ظاہر ہے یُؤْمِنُوْنَ میں ورش۔ سوسی کے لئے ابدال ہے۔ وَمَنْ یَّکْفُرْ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ فَاُولٰٓئِکَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ اَلْخٰسِرُوْنَ میں ورش کے لئے را باریک ہے۔ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ میں پہلے مد منفصل اور دوسرے میں مد متصل ظاہر ہے اور اس جگہ مد بدل میں تثلیث نہیں ہے۔ (یہ کلمہ مستثنیٰ ہے) اَلَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ میں مد منفصل ظاہر ہے عَلَیْکُمْ۔ فَضَّلْتُکُمْ میں دونوں جگہ میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ شَیْئًا وَّلَا میں ورش کے لئے توسط۔ طول اور خلف کے لئے بلا خلف سکتہ اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے اور خلف کے لئے ادغام تام بھی ہے۔ وَلَا یُقْبَلُ میں فرشی اختلاف نہیں ہے مستثنیٰ ہے عَدْلٌ وَّلَا میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ شَفَاعَةٌ وَّلَا میں خلف کے لئے ادغام تام ہے وَلَا ھُمْ میں میم کا صلہ ظاہر اِبْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ میں ورش کے لئے تقلیل بالخلف اور حمزہ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے اور مد منفصل ظاہر ہے اِبْرٰھٖمَ میں (سورہ بقرہ میں ہر جگہ کل پندرہ جگہ ہے) ابن ذکوان بالخلف اور ہشام کے لئے بلا خلف ہا کو زبر اور اسکے بعد الف اِبْرٰھَامَ پڑھتے ہیں بقیہ قراء مثل حفص پڑھتے ہیں تفصیلاً فروش میں ہے فَاَتَمَّھُنَّ میں حمزہ کے لئے وقفاً تسہیل اور تحقیق یعنی تسہیل بالخلف ہے۔ لِلنَّاسِ میں دوری بصری کے لئے امالہ ہے۔ قَالَ لَا دونوں میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ میں حفص حمزہ یا کو ساکن اور بقیہ قراء یا کو مفتوح پڑھتے ہیں (نوٹ وصلاً اجتماع ساکنین کی وجہ یا سے گر جائیگی حفص اور حمزہ کے علاوہ قراء کے لئے یا مفتوح ہونے کی وجہ سے یا پڑھی جائیگی) وَاِذْ جَعَلْنَا میں ذال کا جیم میں بصری۔ ہشام کے لئے ادغام ہے۔ لِلنَّاسِ میں دوری بصری کے لئے امالہ کبریٰ ہے وَاَمْنًا میں وقفاً حمزہ کے لئے تسہیل بالخلف ہے وصلاً خلف کے لئے ادغام تام ہے اِبْرٰھٖمَ مُصَلًّی میں سوسی کے لئے میم کا میم میں ادغام کبیر ہے اور وقفاً ورش کے لئے تقلیل بالخلف اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے (تقلیل کی حالت میں ورش کے لئے لام باریک اور فتح کی حالت میں لام پُر ہے) وصلاً خلف کیلئے ادغام تام ہے وَعَھِدْنَآ اِلٰٓی اِبْرٰھٖمَ میں دونوں جگہ مد منفصل ظاہر ہے۔ بَیْتِیَ میں نافع۔ ہشام حفص یا کو مفتوح پڑھتے ہیں بقیہ قراء یا کو ساکن پڑھتے ہیں۔ لِلطَّآئِفِیْنَ میں مد متصل ظاہر ہے۔ ھٰذَا اٰمِنًا وَّ میں ورش کے لئے تثلیث کے ساتھ نقل ہے اور خلف کے لئے بالخلاف سکتہ ہے اور اسکے بعد خلف کے لئے ادغام تام ہے مَنْ اٰمَنَ میں ورش کے لئے تثلیث نقل کے ساتھ اور خلف کے لئے بالخلاف سکتہ ہے۔ مِنْھُمْ میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ اٰلْاٰخِرِ میں ورش کے لئے نقل مع

https://alislami.net

الشکیث اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے۔ فَـأُمَتِّعُهٗ میں شامی میم کو ساکن اور تا کو مخفف پڑھتے ہیں بقیہ قراء مثل حفص اَضْـطَرُّهٗۤ اِلٰی میں مد منفصل ظاہر ہے اَلـنَّـارِ میں ورش کے لئے تقلیل بلا خلف اور بصری۔ دوری علی کیلئے امالہ کبریٰ ہے وَبِئْسَ میں ورش اور سوسی کے لئے ابدال ہے۔ اِسْمٰعِیْلُ رَبَّنَا میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ مِنَّا میں وصلا مد منفصل ظاہر ہے ذُرِّیَّتِنَآ اُمَّةً میں مد منفصل ظاہر ہے۔ وَاَرِنَا میں مکی۔ سوسی کے لئے را ساکن اور دوری بصری کیلئے اختلاس ہے بقیہ قراء کے لئے کسرہ کاملہ ہے۔ عَلَیْنَآ اِنَّکَ میں مد منفصل ظاہر ہے مِنْهُمْ میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے عَلَیْهِمْ اٰیٰتِکَ میں میم جمع کا صلہ ظاہر اسمیں ورش بھی صلہ مع الطول کریں گے اسکے بعد مد بدل میں تثلیث بھی ہے۔ اور حمزہ ہا کو پیش پڑھتے ہیں اور خلف کے لئے بالخلف سکتہ ہوگا۔ مَنْ یَّرْغَبُ میں خلف کیلئے ادغام تام ہے اِصْـطَفَیْنٰهُ میں مکی کے لئے صلہ ہے فِی الدُّنْیَا میں ورش کیلئے بالخلف بصری کے لئے بلا خلف تقلیل اور حمزہ کسائی کیلئے امالہ کبریٰ ہے اَلْاٰخِـرَةِ میں ورش کے لئے نقل ہے اور را باریک اور خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف سکتہ ہے قَالَ لَهٗ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے رَبُّـهٗۤ اَسْلِمْ میں مد منفصل ظاہر ہے۔ وَوَصّٰی میں نافع۔ شامی دونوں واو کے بیچ ہمزہ مفتوحہ زیادہ کر کے دوسرے ہمزہ کو ساکن اور صاد کو مخفف وَاَوْصٰـی پڑھتے ہیں بقیہ قراء مثل حفص کے اور ورش کے لئے اسمیں تقلیل بالخلف اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ میں مد منفصل ظاہر ہے اور ہشام ہا کے بعد الف پڑھتے ہیں اور میم کا با میں سوسی کے لئے ادغام کبیر نہیں ہے بلکہ اخفا ہے۔ اِصْـطَفٰی میں ورش کے لئے تقلیل بالخلف ہے اور حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ۔ وَاَنْتُمْ. وَکُنْتُمْ دونوں میں میم جمع صلہ ظاہر ہے شُهَدَآءَ اِذْ میں مد متصل ظاہر ہے اور ہمزتین میں نافع۔ مکی۔ بصری کے لئے دوسرے ہمزہ میں تسہیل ہے۔ قَالَ لِبَنِیْهِ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر اور مکی کے لئے صلہ ہے اٰبَآئِکَ میں ورش کے لئے تثلیث اور اسکے بعد مد متصل ظاہر ہے اِلٰهًا وَّ میں دونوں جگہ خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ نَحْنُ لَهٗ میں سوسی کے لئے ادغام کبیر ہے۔ وَلَکُمْ مَا کَسَبْتُمْ دونوں میں میم جمع کا صلہ ظاہر ہے۔ هُوْدًا اَوْ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے سکتہ بالخلف ہے۔ نَصٰرٰی میں ورش کے لئے تقلیل بلا خلف ہے اور بصری۔ حمزہ۔ کسائی کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔ حَنِیْفًا وَّ میں خلف کے لئے ادغام تام ہے۔ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا میں مد منفصل ظاہر ہے اسکے بعد ورش کے لئے تثلیث ہے۔ وَمَآ اُنْزِلَ میں منفصل ظاہر ہے اِلٰی میں منفصل ظاہر ہے وَالْاَسْبَاطِ میں ورش کے لئے نقل اور خلف کے لئے بلا

https://alislami.net

